CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat



طبِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

اور جدید سائنس

1

ڈاکٹر خالد غزنوی

ادبی دنیا ۵۱۰ مٹیا محل جامع مسجد دہلی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

طبِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

بجواب

اور جدید سائنس

ڈاکٹر خالد غزنوی

ادبی دنیا، ۵۱۰، مٹیا محل، دہلی ۱۱۰۰۰۶

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

(جملہ حقوق محفوظ)

نام کتاب ـــــــ طب نبوی اور جدید سائنس

مصنف ـــــــ ڈاکٹر خالد غزنوی

ناشر ـــــــ ادبی دنیا دہلی ۶

تحقیق و تدوین ـــــــ سید ابراھیم غزنوی

سالِ اشاعت ـــــــ 2005

تعداد ـــــــ ایک ہزار

مطبع ـــــــ

قیمت ـــــــ =/90 روپے

ادبی دُنیا۔ ۵۱۰، مٹیا محل دہلی ۶

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مندرجات

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱	پیش لفظ	۵
۲	دیباچہ	۸
۳	الحمد للہ	۱۱
۴	محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک طبیب حاذق	۱۴
۵	انجیر ـــــ تین	۲۱ FICUS CARICA
۶	بہی ـــــ سفرجل	۳۸ AEGLE MARMELOS
۷	تربوز ـــــ البطیخ	۵۰ CITRULUS LANATUS
۸	جو ـــــ شعیر	۵۵ HORDEUM VULGARE
۹	حب الرشاد ـــــ الثفا	۶۹ LEPIDIUM SATIVUM
۱۰	حنا ـــــ حنا	۷۹ LAWSONIA ALBA
۱۱	ذیرہ ـــــ ذیرہ	۸۷ ACORUS CALAMUS
۱۲	زیتون ـــــ زیتون	۹۲ OLEA EUROPEA
۱۳	سرکہ ـــــ الخل	۱۱۲ VINEGAR
۱۴	سرمہ ـــــ اثمد	۱۲۵ ANTIMONY
۱۵	سنا کی ـــــ سنا	۱۳۳ CASSIA AUGUSTIFOLIA
۱۶	شہد ـــــ عسل	۱۴۶ MEL
۱۷	صعتر ـــــ صعتر	۱۹۸ THYMUS SERPYLUM
۱۸	قسط ـــــ قسط البحری	۲۰۴ SAUSSAUREA LAPPA
۱۹	کاسنی ـــــ ہندبا	۲۲۱ CICHORIUM INTYBUS
۲۰	کلونجی ـــــ حبۃ السوداء	۲۳۰ NIGELLA SATIVUM

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

۲۱	کھجور ——— تمر، بلح طیب	PHOENIX DACTYLIFERA	۲۲۷
۲۲	کھنبی ——— سن	AGARICUS CAPESTRIS	۲۶۱
۲۳	گوگل ——— کندر	BLASMEN DRON MUKUL	۲۸۱
۲۴	لوبان ——— لیبان	STYRAX BENZOIN	۲۸۷
۲۵	لہسن ——— ثوم	ALIUNI SATIVUNI	۲۹۳
۲۶	مرکل ——— مر	BALAMENDRON MYRRH	۳۱۴
۲۷	مرزنجوش ——— مرزنجوش	ORIGANIUM MARJORANA	۳۱۹
۲۸	منقہ ——— زبیب	VITIS VINIFERA	۳۳۳
۲۹	میتی ——— حلبہ	TRIGONELA GRACECUE FOENUM	۳۳۵
۳۰	ورس ——— ورس	MEMECYLON TINCTURA	۳۳۹

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

طبِ نبوی کو دنیائے اسلام کا ایک مقدس موضوع فکر و مطالعہ ہے۔ اہلِ اسلام نے ہر دور میں طبِ نبوی سے استفادہ کیا ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ مختلف ادوار اسلامی میں میدان ہائے طب و سائنس میں جو پیش قدمیاں ہوئی ہیں اور مفکرین اور ماہرین سائنس نے جو اقدامات کیے ہیں وہ لازماً تعلیماتِ قرآن سے متاثر اور اس کے آئینہ دار رہے ہیں۔ نباتات کے میدان میں مسلمان علماءِ طب نے محیر العقول انکشافات اور اکتشافات کیے ہیں۔ اور ان کا ثبوت وہ سب کتب نباتات ہیں کہ جو دست برد زمانہ سے فی رہی ہیں اور زیر مطالعہ آچکی ہیں جبکہ ہنوز لاتعداد کتب نباتات فقط کتب خانوں کی زینت بنی ہوئی ہیں یا غفلتوں کی بنا پر خوراک دیمک ان کا مقدر بنا ہے۔ علاج امراض کے لیے نباتات کے استعمال کو زبردست اہمیت حاصل رہی ہے۔ اس اہمیت کی وجہ یقیناً وہ نظام قدرت و فطرت ہے کہ جو اس سرزمین پر ہر سو کارفرما ہے۔ کون ہے کہ جو اس حقیقت سے انکار کرے کہ جس خطۂ زمین پر جو حالات ہوتے ہیں وہاں جو امراض وجود ظہور میں آتے ہیں قدرت فیاض نے اور فطرت نباض نے ان کے علاج کے لیے اس خطۂ ارض میں اس مناسبت سے نباتات کو وجود بخشا ہے۔ قدرت کا یہ نظام کل بھی برسرِ عمل تھا اور آج بھی ہے۔

میدانِ طب کے اکابر رجال حقیقت آشنا تھے اور رموز قدرت کے شناس تھے۔ شفا بخشی کے باب میں نباتات ہی ان کی توجہ کا اہم مرکز رہے اور جب وہ تعلیماتِ اسلامی سے پوری سرشاری کے بعد اور مبادیات طب سے شناسائی کے بعد خدمتِ خلق میں مصروف ہوئے تو انھوں نے فکر و علاج بالنباتات کو ایک خطِ طرز مرتب و استوار کیا کہ جو اہمیت کے اعتبار سے آج بھی واجب التسلیم ہیں اور عصری سائنس بھی اکابر طب کے ان انکشافات اور اکتشافات کی نفی نہیں کرتی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

افسوس کہ تیرگی مغرب نے اور زندگی عصر حاضر نے آج کی دنیائے اسلام کے معالجے طب کو مرکز گریز بنا دیا اور وہ خود بھی آواز مغرب سے ایسے مرعوب ہوئے کہ پشت در شتہ ہائے علمی کے ناقد بن گئے پھر یہ تنقید تنقیص میں بدل گئی۔ بایں ہمہ آج بھی پختہ ایمان ماہرین طب اور راسخ العقیدہ مسلم معالجے سائنس نے طب نبوی پر اپنی توجہات کو بہ ہمہ جہت مرکوز رکھا ہے اور علاج بالنباتات کا سلسلہ غیر منقطع رہا حتیٰ کہ اب مغرب کو بھی بے نبی کا احساس ہوا ہے اور انسان کو محض مضغۂ گوشت قرار دینے والے مغربین اس نتیجے پر پہنچ گئے ہیں کہ طب کو آغوش فطرت سے باہر نہیں جانا چاہیے اور انسان کو روح و مادہ کا ایک اشرف وجود سمجھ کر اس کے ساتھ معاملہ کرنا چاہیے۔ جسم انسانی کی فہم نے ان کو بالآخر اس نتیجے پر پہنچا دیا ہے کہ شافی مطلق ذات باری تعالیٰ ہے۔ معالج کی حیثیت صرف یہ ہے کہ وہ اپنے محدود علم و عقل کی بنا پر جسم انسانی کو برائے شفا جن دواؤں سے روشناس کراتا ہے بسا اوقات حدود علم نہیں ہوتا کہ ان کی شفا بخشی کا راز کیا ہے۔ اس لیے ایک حقیقت پسند سائنس دان یہ سمجھتا ہے کہ شفا دہی اس کا مقام نہیں ہے!

طب نبوی پر مشرق و مغرب دونوں جگہ ماہرین نے علمی پیش رفت کی ہے اور عصری سائنس کو بھی رہنما بنایا ہے۔ متعدد کتابیں عالم وجود میں آئی ہیں اور بیداری مسلم کے ساتھ ساتھ اس میدان میں سائنسی پیش رفتیں ہو رہی ہیں۔ جامعہ کراچی میں محترمی جناب ڈاکٹر عطاء الرحمٰن صاحب کلوننجی پر کام کر رہے ہیں جس کا طب نبوی سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ ان کی تحقیق یہ ہے کہ کلوننجی میں جو اقلاتیڈٹے ہیں وہ اپنی خاصیت میں لاثانی ہیں۔

ڈاکٹر خالد غزنوی طب عصری کے حامل ہیں اور اس حیثیت سے وہ پاکستان میں پہلے معالج ہیں کہ جنہوں نے بہ ہمہ خلوص و فہم طب نبوی کو اپنا رہنما بنایا ہے اور اپنے معالجات کو طب نبوی کے دائرے سے باہر نہیں جانے دیا ہے۔ اب تک وہ اٹھائیس نباتات طب نبوی پر عملی اور علمی اعتبارات سے کام کر چکے ہیں اور ان نباتات کے افعال و خواص پر سیر حاصل معلومات حاصل کر چکے ہیں۔ انھوں نے اس میدان تحقیق میں عصری کیمیا کو بھی رہنما بنایا ہے اور ان نباتات پر عصری تحقیقات کا مطالعہ کر کے نیا مواد بنایا ہے۔

ڈاکٹر خالد غزنوی نے ایک اچھے انسان اور ایک دردمند معالج کی حیثیت سے تحقیق و تدقیق کے اس میدان میں اپنے مشاہدات و تجربات سائنسی اور طبی مسلمات کے ساتھ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

پیش کرنے کا شرف حاصل کیا ہے۔ ان کی یہ تحقیق کئی اعتبارات سے لائق تعریف و تبریک اور سزاوار تحسین ہے۔ لیکن اس کی ایک نمایاں اہمیت یہ ہے کہ معالجین کے لیے اس سے رہنما اصول ملتے ہیں۔ اب ہسپتالوں میں ان نباتات طب نبوی سے معالجات میں استفادہ ممکن ہو گیا ہے اور سائنس دانوں کو اب وہ میٹریل مل گیا ہے کہ وہ آگے بڑھ کر فارماکولوجی کے میدان میں کل کے لیے اقدامات مزید کریں۔

حکیم محمد سعید

۲۰ مئی ۱۹۸۷ء

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دیباچہ

○

صحت مند زندگی گزارنے کی سب سے آسان ترکیب اسلام کو دل سے قبول کرلینا ہے۔ کیونکہ یہ ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے جس پر عمل کرنے والا ہمیشہ تندرست رہتا ہے۔ جس نے اپنے جسم اور دانتوں کو دن میں کم از کم پندرہ دفعہ دھونا ہو اور ہفتے میں ایک مرتبہ نہانا۔ کھانے پینے کی چیزوں کو ڈھانپ کر رکھنا ہو۔ صاف پانی استعمال کرنا ہو۔ رات کا کھانا جلد اور ضرور کھا کر چہل قدمی کرنے والا کسی شدید بیماری میں مبتلا ہی نہیں ہوتا۔ مسلمان بسیار خور نہیں ہوتا۔ اس لیے وہ چکنائی کی زیادتی اور پیٹ کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ توانائی کے یہ گُر جنہیں آج جدید سائنس اتنی اہمیت دے رہی ہے ہادیٔ برحق نے چودہ سو سال پہلے بتائے۔ وہ پہلے طبیب تھے جنہوں نے دل کے دورہ کی تشخیص کی اور دق کو پلوری کا باعث قرار دیا۔ مریض کو بھوکا رکھنے سے منع کیا اور بیماریوں سے بچاؤ کے لیے جسم کی اپنی قوتِ مدافعت کو اہمیت دی۔

نفسیات کے مغربی ماہرین کو اسلام میں حلال اور حرام کے مسئلہ پر سخت اعتراض ہے جب کوئی مسلمان جشکا یا سؤر کا گوشت کھانے سے انکار کرتا ہے تو وہ اس عمل کو PSYCHOLOGICAL TABOO سے تعبیر کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ بات علمی نقطۂ نظر سے غلط ہے۔ قرآن مجید نے "آیہ حرمت" میں مردار۔ خون۔ سؤر کے گوشت ـــــ ان جانوروں کے گوشت سے منع کیا ہے جو بلندی سے گرے ہوں۔ ٹکرائے ہوں۔ لاٹھی سے مجروح کیے گئے ہوں یا درندوں نے پھاڑا ہو۔ یہ تمام گوشت انسانی صحت کے لیے مضر ہیں۔ سؤر کو وہ تمام بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں جو انسانوں کو ہوتی ہیں۔ اسے دل کے دورہ سے ہیضہ تک ہوتا ہے۔ اس لیے یہ دوسروں میں بیماریاں پھیلانے اور اپنے کھانے والوں کو بیمار کرنے کی استعداد دوسرے جانوروں سے زیادہ رکھتا ہے۔ اس کا گوشت کھانے والے خون کی نالیوں اور جوڑوں کی بیماریوں میں دوسروں کی نسبت زیادہ مبتلا ہوتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گندگی کھانے والے حلال جانور کے گوشت اور دودھ کو بھی حرام کیا ہے۔ یہ بھی خالص صحت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection of Adv. Showkat

کا مسئلہ ہے اور مسلمانوں کو اس رہبری پر بجا طور پر فخر کرنے کا حق حاصل ہے۔

یہ بات حال ہی میں معلوم ہوئی ہے کہ خسرہ۔ دق، چیچک۔ کالی کھانسی مریض کی سانس سے پھیلتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صورتِ حال کو محسوس فرمایا اور مریض سے بات کرتے وقت ایک میٹر کا فاصلہ رکھنا ضروری قرار دیا ہے اور مریضوں کو ہدایت فرمائی ہے کہ وہ کھانستے اور چھینکتے وقت منہ کے آگے کپڑا یا رومال رکھیں۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ جراثیم دوسروں تک نہ جا سکیں گے۔

قرآن مجید نے فرمایا ہے کہ ہم نے نبی کو حلم اور حکمت سکھا دی ہے۔ کسی چیز کا علم اس بنانے والے سے زیادہ اور کون جان سکتا ہے؟ پھر خدا تو ویسے بھی علیم اور حکیم ہے۔ جس نے اس سے براہِ راست سیکھا اس کی قابلیت کا کوئی کنارہ نہ ہوگا۔

انہوں نے اپنے ارشادات میں انسانی صحت کے کسی بھی پہلو کو فراموش نہیں کیا۔ وہ صحت مند زندگی گزارنے کے اسلوب سکھانے کے بعد جب وبائی امراض کی روک تھام پر آئے تو تاریخ طب میں قرنطینہ کو ایجاد کر گئے۔ انہوں نے بیماریوں سے بچاؤ کا مکمل اور قابلِ عمل نظام مرحمت فرمایا۔ جب وہ مریض کی سمت آئے تو نگہداشت اور اس کی ہیجانی کیفیت سے غذا تک بتا گئے۔

طب کے بارے میں ارشاداتِ نبویؐ کو علیحدہ کرنے کی کوششیں دوسری صدی ہجری سے جاری ہیں۔ آئمہ اور محدثین نے اس باب میں قابلِ قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ مگر مشکل یہ رہی کہ ان حضرات کے پاس طب کا باقاعدہ علم نہ تھا۔ اس لیے یہ طب نبویؐ کو قابلِ عمل صورت میں پیش کرنے سے قاصر رہے۔ آج کا معالج جسم انسانی سے مکمل واقفیت پانے کے لیے حلم الامراض اور حلم الادویہ سیکھتا ہے اور اس کے بعد وہ علاج کرنے کے قابل ہوتا ہے۔ یہ ادویہ نبویہ کے ناموں سے تو آگاہ تھے مگر ان کی ماہیت، کیمسٹری، اثرات اور فوائد سے آشنا نہ تھے۔ اس لیے ہمارا یہ اہم قومی ورثہ کتب خانوں کی زینت بنا رہا۔ حضور اکرمؐ کا اپنا ارشاد ہے کہ دوائی کا اثر اس وقت ہوتا ہے جب اس کے اثرات بیماری کی ماہیت کے مطابق ہوں۔ لوگ دوائی کے اثر اور طریقہ عمل سے واقف نہ تھے۔ اب ڈاکٹر خالد غزنوی نے اس کمی کو پورا کر کے پوری مسلمان قوم پر احسان کر دیا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات احادیث کی دو سو سے زیادہ کتابوں میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بکھرے ہوئے ہیں ان تمام میں سے متعلقہ احکام کی تلاش۔ ان کی تدوین پھر ان کی سائنسی حیثیت کا پتہ چلانا کوئی آسان کام نہ تھا۔ مگر میں دیکھتا رہا کہ میرے دوست ڈاکٹر خالد غزنوی نے ایک ایک دوائی کے بارے میں معلومات اکٹھی کرنے کے لیے ڈاکٹروں سے لے کر حکماء تک اور سائنس دانوں سے غذائی ماہرین تک کئی کئی دن صرف کیے۔ انہوں نے جس محبت، محنت اور عشق رسالت سے اسے جمع کیا ہے میں اس پر ان کو مبارک دیتا ہوں اور میں یہ بات پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ان کی یہ کتاب پوری دنیا کے لیے اسلامی علم طب کا عظیم شاہکار ہونے کے علاوہ ہمارے اپنے ملک کی سربلندی کا باعث ہو گی کہ پاکستان میں کیسا کیسا جوہر قابل موجود ہے۔

میں ڈاکٹر غزنوی کا مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے اس کا دیباچہ لکھنے کی عزت دے کہ اس کار خیر میں شرکت کا موقع فراہم کیا۔

افتخار احمد

پرنسپل

کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج۔ لاہور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

الحمد للہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تندرستی کی بقا اور بیماریوں کے علاج کے بارے میں بڑی اہمیت کی لازوال ہدایات فرمائی ہیں۔ محدثین نے "کتاب الطب" کے عنوان سے حدیث کی ہر کتاب میں علیحدہ ابواب مزین کیے ہیں۔ عبدالملک بن حبیب اندلسیؒ نے امراض کے متعلق ارشاداتِ نبویؐ کو "الطب النبویؐ" کے نام سے دوسری صدی ہجری میں علیحدہ مرتب کیا۔ ان کے بعد امام شافعیؒ کے شاگرد محمد بن ابوبکرؒ ابن السنی اور ان کے ہمعصر محدث ابونعیمؒ اصفہانی ہیں جنہوں نے تیسری صدی کے اواخر میں طب نبوی کے ایسے مجموعے مرتب کیے جن کی اکثر روایات انہوں نے راویوں سے خود حاصل کیں۔ آئمہ اہل بیت میں علیؒ بن موسیٰؒ رضا اور امام کاظمؒ بن جعفر صادقؒ نے اسی موضوع پر رسائل لکھ کر شہرتِ دوام پائی۔ چوتھی صدی میں محمد بن عبداللہؒ فتوح الحمیدی۔ عبدالحق الاشبیلیؒ۔ حافظ السخاویؒ اور حبیبؒ نیشاپوری نے طب نبوی کے مجموعے اپنی ذاتی کوششوں سے مرتب کیے مگر ناقدری عالم سے یہ سارے مجموعے اب ناپید ہیں۔ البتہ ان کے حوالے اس زمانے کی دوسری کتابوں میں ملتے ہیں۔

ساتویں سے نویں صدی ہجری کے دوران ابی جعفرؒ المستغفری۔ ضیاء الدینؒ المقدسی۔ السید مصطفےٰؒ للتیفاشی۔ شمس الدینؒ البعلی۔ کمال ابن طرخانؒ۔ محمد بن احمد ذہبیؒ۔ محمد بن ابوبکر ابن القیمؒ۔ جلال الدینؒ سیوطیؒ اور عبدالرزاق بن مصطفےٰ الانطاکی نے ارشاداتِ نبوی کے گلدستے بنائے۔ الحمد للہ کہ ان سب کی کاوشیں اب زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر موجودہ دور میں موجود ہیں۔ البتہ ابن القیمؒ کا مجموعہ سب سے ضخیم۔ ثقہ اور قبول ہے۔ انہوں نے اپنے عنوانات کا انتخاب بڑی محبت اور خلوص سے کیا ہے۔ جیسے کہ

"تحفۃ صلی اللہ علیہ وسلم فی علاج المفئود"

محمد احمد ذہبیؒ کا مجموعہ بھی اچھا ہے۔ مگر وہ درجنوں ایسی دواؤں کا تذکرہ کر گئے جن کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم یا اصحابہ کرام تک ان کے پاس کوئی سند نہیں۔ انہوں نے کچھ علاج اپنی جانب سے شامل کیے ہیں جن کی افادیت محلِ نظر ہے۔ السیوطیؒ نے طب روحانی کے معاملہ میں ذاتی مشاہدات کو زیادہ شامل کیا ہے اور "الطب النبوی" برائے نام ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Courtesy: Adv. Showkat

حلب کی لائبریری میں بعنوان "الاطعمۃ المخطوطۃ الطب النبوی" فی منافع الماکولات" ایک مفید اور قابلِ قدر تالیف ہے۔ جمال الدین بن داؤد کی طب نبوی کی صرف ایک جلد استنبول کی لائبریری میں ہے۔ کتاب مختصر مگر مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ ان بزرگانِ کرام پر اپنی رحمتیں نازل کرے کہ انہوں نے ہمیں سچائی اور حقیقت کا راستہ دکھایا۔ مگر سائنسی علوم میں سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ ان میں روزانہ نئے مشاہدات ہوتے ہیں۔ اگر ان پر نظرِ ثانی نہ ہو تو ان کی افادیت ختم ہو جاتی ہے، علم الادویہ میں نئے انکشافات۔ ادویہ کی کیمیاوی نوعیت کا اظہار ایسی چیزیں تھیں جن کا ادویہ نبویہ میں اضافہ ضروری تھا۔ دواؤں کے اثر کو جانچنے کے لیے اب کچھ آلات بھی موجود ہیں۔ بھارت میں ان پر تحقیقی کام ہو رہا ہے۔ جس میں بہت سی ادویہ نبویہ بھی آگئی ہیں۔ حالات کا تقاضا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مفید طب کو جدید علوم کی روشنی میں مرتب کیا جائے۔ قدیم میں طباعت موجود نہ تھی اس لیے طب نبوی کے کسی بھی مجموعہ میں مکمل احادیث موجود نہیں۔ اس امر کی ضرورت بھی تھی کہ ہر دوائی کے متعلق ارشاداتِ باری اور ارشاداتِ نبوی کو بھی شامل کر دیا جائے۔ ارشاداتِ گرامی کو کتبِ احادیث سے دوبارہ تلاش کیا گیا۔ کوئی مدرسہ یا لائبریری ایسی نہیں جہاں پر احادیث یا علم الادویہ کی تمام کتابیں موجود ہوں۔ اس لیے ان کو جگہ جگہ تلاش کرنا اور ان علوم کے ماہرین کی شفقت سے استفادہ کرنا ضروری ہو گیا۔ حدیث کی معدوم کتابوں از قسم۔ عراقی۔ ابن السنی۔ ابو نعیم۔ ابن عساکر کے تمام حوالے "کنز العمال" فی سنن والاقوال" سے لیے گئے ہیں۔

عذرِ تالیف کے بارے میں مجھے جو کچھ کہنا تھا وہ محترم حکیم محمد سعید اور پرنسپل افتخار احمد صاحبان فرما گئے۔ میں ان حضرات کی مشاورت اور مساعدت کے لیے شکر گزار ہوں۔

علمائے کرام میں مولانا عطاء اللہ حنیف مرحوم، مولانا عبدالمنان عمر، حافظ عبدالرشید پروفیسر عبدالقیوم بٹ، مفتی محمد حسین نعیمی، حافظ سلیم تابانی صاحبان نے اپنا الطاف مسلسل جاری رکھا ڈاکٹر محمد طاہر القادری اور ڈاکٹر اسرار احمد صاحبان نے حوصلہ افزائی فرمائی۔ اور پیر سید محمد کرم شاہ صاحب الازہری نے طب نبوی کا موضوع اپنے گرامی جریدہ سے شروع کروایا۔

پاکستان کونسل برائے سائنسی امور لاہور کے ڈائرکٹر ڈاکٹر سید فرخ شاہ اور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ڈاکٹر حنیف چوہدری، خالد لطیف شیخ، ڈاکٹر صلاح الدین، ڈاکٹر سرور چوہدری اور ڈاکٹر بیگم سرور چوہدری نے ادویہ کی کیمسٹری میں ساتھ دیا جناب عطاالرحمان غنی نے کھجور کی ماہیت عطا کی۔

Collection Of Adv. Gate Showkat

گورنمنٹ پبلک انالسٹ، محمد عبدالباری اور شہزادہ نصیر احمد نے بھارتی کتابیں مستعار دیں۔ پبلک انالسٹ پیر عارف شاہ اور محمد اسحاق غوری اور ان کا سارا عملہ اشیاء خوردنی کی کیمسٹری مہیا کرنے میں لگا رہا۔

ملک بشیر احمد نے چھانگا مانگا سے تجزیہ کے لیے عمدہ شہد کے درجنوں نمونے دیئے۔

اطباء کرام میں حکیم عبیدالرحمان خان شریفی اور بیگم امت الطیف طاہرہ نے ادویہ کی تحقیق میں رہبری کے ساتھ دامے درمے بھی معاونت فرمائی۔

حکومت پاکستان کی کونسل برائے طب کے صدر میاں منیر نبی خاں نے اپنے علم الادویہ کے علم کو بڑی فیاضی کے ساتھ عطا کیا اور کتاب کی پذیرائی میں اپنے فاضل اراکین کونسل کی معیت میں مہربانیاں فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ ان تمام اصحاب کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے مجھ پر شفقت اور طب نبوی سے محبت کی بدولت اپنے تمام ذرائع میری تحویل میں لگا دیئے اور ایسے کرم فرماؤں کے خلوص نے مجھے حوصلہ دیا ہے کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ علاج کے ذریعہ جسم کی تمام بیماریوں پر اگلی کتاب مکمل کروں۔ انشاء اللہ یہ جلد آجائیگی۔

اس کتاب میں ہومیوپیتھی کا حصہ جناب خالد مسعود قریشی اور ڈاکٹر بشیر احمد قصوری کی محبت کا مظاہرہ ہے۔

کتاب کی طباعت اور نظر ثانی جناب مولوی محمد اکرام اور فیصل صاحبان کی محبت ہے۔

فضل محمود مفتی نے بڑے خلوص سے نظر ثانی کی اور تمام انگریزی نام اپنے ہاتھ سے لکھے

مجھے طب نبوی کی صلاحیت مہیا کرنے میں میرے والدین کی اسلام سے محبت ہی اصل سبب تھا۔ انہوں نے مجھے سائنس پڑھانے کے ساتھ اس وقت کے جید علماء کو آمادہ کیا کہ وہ مجھے علم دین سے بے بہرہ نہ رہنے دیں۔ شیخ الحدیث مولانا نیک محمدؒ اور مولانا محمد حسینؒ ہزاریؒ نے خود تکلیف اٹھا کر بھی احادیث کی تعلیم دی۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے۔ آمین۔

حیدر روڈ۔ کرشن نگر
لاہور

خالد غزنوی

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

حلب کی لائبریری میں عبدالرزاق الانطاکی کا مخطوطہ "الطب النبوی فی منافع الماکولات" ایک مفید اور قابلِ قدر تالیف ہے۔ جمال الدین بن داؤد کی طب نبوی کی صرف ایک جلد استنبول کی لائبریری میں ہے۔ کتاب مختصر مگر مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ ان بزرگانِ کرام پر اپنی رحمتیں نازل کرے کہ انہوں نے ہمیں سچائی اور حقیقت کا راستہ دکھایا۔ مگر سائنسی علوم میں سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ ان میں روزانہ نئے مشاہدات ہوتے ہیں۔ اگر ان پر نظرِ ثانی نہ ہو تو ان کی افادیت ختم ہو جاتی ہے۔ علم الادویہ میں نئے انکشافات۔ ادویہ کی کیمیاوی نوعیت کا اظہار ایسی چیزیں تھیں جن کا ادویہ نبویہ میں اضافہ ضروری تھا۔ دواؤں کے اثر کو جانچنے کے لیے اب کچھ آلات بھی موجود ہیں۔ بھارت میں ان پر تحقیقی کام ہو رہا ہے۔ جس میں بہت سی ادویہ نبویہ بھی آگئی ہیں۔ حالات کا تقاضا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مفید طب کو جدید علوم کی روشنی میں مرتب کیا جائے۔ زمانہ قدیم میں طباعت موجود نہ تھی اس لیے طب نبوی کے کسی بھی مجموعہ میں مکمل احادیث موجود نہیں۔ اس امر کی ضرورت بھی تھی کہ ہر دوائی کے متعلق ارشاداتِ باری اور ارشاداتِ نبوی کو بھی شامل کر دیا جائے۔ ارشاداتِ گرامی کو کتبِ احادیث سے دوبارہ تلاش کیا گیا۔ کوئی مدرسہ یا لائبریری ایسی نہیں جہاں پر احادیث یا علم الادویہ کی تمام کتابیں موجود ہوں۔ اس لیے ان کو جگہ جگہ تلاش کرنا اور ان علوم کے ماہرین کی شفقت سے استفادہ کرنا ضروری ہو گیا۔ حدیث کی معدوم کتابوں از قسم۔ عراقی۔ ابن السنی۔ ابو نعیم۔ ابن عساکر کے تمام حوالے "کنز العمال فی سنن والاقوال" سے لیے گئے ہیں۔

عذرِ تالیف کے بارے میں مجھے جو کچھ کہنا تھا وہ محترم حکیم محمد سعید اور پرنسپل افتخار احمد صاحبان فرما گئے۔ میں ان حضرات کی مشاورت اور مساعدت کے لیے شکر گزار ہوں۔

علمائے کرام میں مولانا عطاء اللہ حنیف مرحوم، مولانا عبدالمنان عمر، حافظ عبدالرشید پروفیسر عبدالقیوم بٹ، مفتی محمد حسین نعیمی، حافظ سلیم تابانی صاحبان نے اپنا الطاف مسلسل جاری رکھا ڈاکٹر محمد طاہر القادری اور ڈاکٹر اسرار احمد صاحبان نے حوصلہ افزائی فرمائی۔ اور پیر سید محمد کرم شاہ صاحب الازہری نے طب نبوی کا موضوع اپنے گرامی جریدہ سے شروع کروایا۔

پاکستان کونسل برائے سائنسی امور لاہور کے ڈائرکٹر ڈاکٹر سید فرخ شاہ اور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ڈاکٹر حنیف چوہدری، خالد لطیف شیخ، ڈاکٹر صلاح الدین، ڈاکٹر سرور چوہدری اور ڈاکٹر بیگم سرور چوہدری نے ادویہ کی کیمسٹری میں ساتھ دیا جناب عطاالرحمان غنی نے کھجور کی ماہیت عطا کی۔

گورنمنٹ پبلک انالسٹ، محمد عبدالباری اور شہزادہ نصیر احمد نے بھارتی کتابیں مستعار دیں۔

پبلک انالسٹ پیر عارف شاہ اور محمد اسحاق غوری اور ان کا سارا عملہ اشیاء خوردنی کی کیمسٹری مہیا کرنے میں لگا رہا۔

ملک بشیر احمد نے چھانگا مانگا سے تجزیہ کے لیے عمدہ شہد کے درجنوں نمونے دیئے۔

اطباء کرام میں حکیم عبیدالرحمان خان شریفی اور بیگم امت الطیف طاہرہ نے ادویہ کی تحقیق میں رہبری کے ساتھ دامے درمے بھی معاونت فرمائی۔

حکومت پاکستان کی کونسل برائے طب کے صدر میاں منیر نبی خاں نے اپنے علم الادویہ کے علم کو بڑی فیاضی کے ساتھ عطا کیا اور کتاب کی پذیرائی میں اپنے فاضل اراکین کونسل کی معیت میں مہربانیاں فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ ان تمام اصحاب کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے مجھ پر شفقت اور طب نبوی سے محبت کی بدولت اپنے تمام ذرائع میری تحویل میں لگا دیئے اور ایسے کرم فرماؤں کے خلوص نے مجھے حوصلہ دیا ہے کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ علاج کے ذریعہ جسم کی تمام بیماریوں پر اگلی کتاب مکمل کروں۔ انشاء اللہ یہ جلد آجائیگی۔

اس کتاب میں ہومیوپیتھی کا حصہ جناب خالد مسعود قریشی اور ڈاکٹر بشیر احمد قصوری کی محبت کا مظاہرہ ہے۔

کتاب کی طباعت اور نظر ثانی جناب مولوی محمد اکرام اور فیصل صاحبان کی محبت ہے۔

فضل محمود مفتی نے بڑے خلوص سے نظر ثانی کی اور تمام انگریزی نام اپنے ہاتھ سے لکھے

مجھے طب نبوی کی صلاحیت مہیا کرنے میں میرے والدین کی اسلام سے محبت ہی اصل سبب تھا۔ انہوں نے مجھے سائنس پڑھانے کے ساتھ اس وقت کے جید علماء کو آمادہ کیا کہ وہ مجھے علم دین سے بے بہرہ نہ رہنے دیں۔ شیخ الحدیث مولانا نیک محمدؒ اور مولانا محمد حسینؒ ہزاریؒ نے خود تکلیف اٹھا کر بھی احادیث کی تعلیم دی۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے۔ آمین۔

حیدر روڈ، کرشن نگر
لاہور

خالد غزنوی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ایک طبیب حاذق

انسان جب زمین پر آباد کیا گیا تو اسے وہاں پر رہنے کا سلیقہ سکھانے اور سہولتوں سے فائدہ اٹھانے کا طریقہ سکھانے کے لیے تاریخ کے ہر دور میں رسول آئے۔ یہ لوگوں کو اچھی زندگی گزارنے کا اسلوب سکھاتے تھے جن میں سے ایک صحت مند رہنا بھی رہا ہے۔ تندرستی کو قائم رکھنے اور کھوئی ہوئی صحت کو واپس لانے کی ذمہ داری ایک روحانی علم سمجھا جاتا رہا ہے اور تاریخ کے ہر دور اور ہر مذہب میں علاج کرنے والے مذہبی پیشوا نظر آتے ہیں۔ مصر قدیم میں معبدوں کے پروہت علاج کرتے تھے۔ شاستروں کے مطابق علاج کا علم برہما کو تھا اس نے انسانوں کے فائدے کے لیے بھاردواج اور اس کے بعد اسنی کمار کو ایک لاکھ اشلوک یاد کروا دیتے تاکہ وہ لوگوں کا بھلا کر سکیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام علم الادویہ کے بانی تھے۔ کیونکہ جب وہ چلتے تھے تو ہر درخت اور پتھر ان سے مخاطب ہو کر اپنا نام اور فائدہ بتاتا تھا۔ وہ ان کو لکھ لیا کرتے تھے اور اس طرح علم الادویہ پر پہلی کتاب معرض وجود میں آئی۔

قرآن مجید نے حکمت کے علم کی اہمیت پر ارشاد فرمایا۔

ومن یؤتی الحکمت فقد اوتی خیراً کثیراً۔ (البقرہ۔ ۲۶۹)

(ہم جسے حکمت سکھاتے ہیں اسے لوگوں کی بھلائی کا بہت بڑا ذریعہ عطا کر دیا گیا)

اور بھلائی کا یہ ذریعہ جب ایک برگزیدہ بندے لقمان کو عطا ہوا ہوا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ولقد اتینا لقمان الحکمت ان اشکر للہ۔

(لقمان۔ ۱۰)

(ہم نے جب لقمان کو حکمت کا علم عطا کیا تو اس علیہ پر اس کو کہ شکرہ (جب ہو گیا)

لقمان کو حکمت کا علم ایسا شاندار ملا کہ لوگ آج بھی اپنے آپ کو طب میں لقمان کہلوانا فخر کی بات جانتے ہیں۔ ان کی یہ شہرت اتنی قابلِ رشک تھی کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے لوگوں کی بھلائی کے لیے خدا کا پہلا گھر بنایا تو اس خدمت گزاری کے بعد اپنے پروردگار سے جن عنایات کے لیے معروض ہوئے وہ دلچسپی سے خالی نہیں۔

ربنا وابعث فیھم رسولا منھم یتلو علیھم آیاتک ویعلمھم الکتاب والحکمت ویزکیھم، انک انت العزیز الحکیم۔ (البقرہ۔ ۱۲۹)

(اے ہمارے پالنے والے ان لوگوں میں انہی میں سے اپنا ایک رسول مبعوث فرما یہ رسول ان کو تمہاری آیات سنائے۔ ان کو تمہاری کتاب کا علم سکھائے حکمت سکھائے اور پاکیزہ کرے۔ کیونکہ تو ہی سب سے بڑائی والا اور حکمت والا ہے)

کتاب اور آیات سے بالواسطہ مراد یہ ہے کہ اس پر اپنی کتاب نازل فرما حضرت ابراہیم کے خلوص، محنت اور ایمان کی قدر افزائی میں اللہ نے ان کی پوری کی پوری دعا قبول فرمائی۔ اسی شہر میں وہاں کے رہنے والوں میں سے عبدالمطلب کے گھرانے میں عبداللہ کے بیٹے کو نبوت عطا ہوئی۔ ان کے ذریعہ خدا کی بسوط کتاب نازل ہوئی۔ جسے انہوں نے لوگوں کو سمجھایا اور اس کے ساتھ ہی ان کو حکمت کا علم مرحمت ہوا۔ اس علم اور آسمانی ہدایات کے ساتھ انہوں نے لوگوں کو پاکیزگی سکھائی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا اور حکمت والا ہے۔ اس نے ان عنایات کے عطا کی بات قرآن مجید میں یوں واضح کی۔

وانزل اللہ علیک الکتاب والحکمت وعلمک مالم تکن تعلم، وکان فضل اللہ علیک عظیما۔ (النساء: ۱۱۳)

(ہم نے تم پر اپنی کتاب اور حکمت اتاری اور ہر وہ علم سکھا دیا جو تمہیں پہلے نہ آتا تھا۔ اور یہ اللہ کا تم پر بہت بڑا فضل ہے)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اس آیت نے یہ واضح کر دیا کہ وہ ابتدا میں اگر تعلیم یافتہ نہ تھے تو اب وہ جملہ علوم و فنون میں پوری طرح مستند کر دیئے گئے ہیں۔ یہ بات طے ہے کہ خدا کو ہر چیز کا علم ہے اور اس کی صفات میں شفا دینے والا اور حکمت والا شامل ہے۔ وہ کہ جو علیم حکیم شافی اور اعلیٰ ہے اگر کسی کو یہ علوم خود سکھائے تو پھر اس کے علم اور حکمت میں کمی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ان کی اس صلاحیت پر امام محمد بن ابوبکر ابن القیم رح لکھتے ہیں۔

"علم طب ایک قیاس ہے۔ معالج گمان کرتا ہے کہ مریض کو فلاں بیماری ہے۔ اور اس کے لیے فلاں دوائی مناسب ہوگی۔ وہ ان میں سے کسی چیز کے بارے میں بھی یقین سے نہیں کہہ سکتا۔

اس کے مقابلے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا علم طب اور ان کے معالجات قطعی اور یقینی ہیں۔ کیونکہ ان کے علم کا دارومدار وحی الٰہی پر مبنی ہے جس میں کسی غلطی اور ناکامی کا کوئی امکان نہیں۔" (زاد المعاد)

انہوں نے علم الشفا کے بارے میں سب سے پہلا اصول جو مرحمت فرمایا اسے حضرت ابی رمثہ رض ان کی زبان گرامی سے یوں ارشاد فرماتے ہیں۔

انت الرفیق واللہ الطبیب (مسند احمد)

(تمہارا کام مریض کو اطمینان دلانا ہے۔ طبیب اللہ خود ہے)

یہ ارشاد قرآن مجید کے اس ارشاد کی تفسیر میں ہے۔

واذا مرضت فھو یشفین (الشعراء)

اس کے بعد انہوں نے علم العلاج کا اہم ترین اصول عطا کیا جسے حضرت جابر بن عبداللہ رض بیان کرتے ہیں۔

واذا اصیب الدواء الداء برأ باذن اللہ (مسلم)

(جب دوائی کے اثرات بیماری کی ماہیت سے مطابقت رکھیں تو اس وقت اللہ کے حکم سے شفا ہوتی ہے)

یہ ایک اہم انکشاف ہے کہ علم الامراض اور علم الادویہ کو باقاعدہ جانے بغیر نسخہ نہ لکھا جائے کیونکہ مرض کی کیفیت سمجھے بغیر دوائی کے اثرات کی مطابقت ممکن نہ ہو سکے گی۔ اس کے معنی یہ بھی ہیں کہ وہ طب کا علم [illegible] اجازت نہ دیتے تھے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

حضرت عمرو بن شعیبؓ اپنے والد اور دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من تطبب ولم یعلم منه طبٌ قبل ذالك فهو ضامن

(ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

جبکہ انہی سے یہ روایت دوسرے الفاظ میں اس طرح سے ہے۔

من تطبب ولم یکن بالطب من قبل فاذا اصاب نفسا فما دونها فهو ضامن (ابن السنی۔ ابونعیم)

(جس کسی نے طب کیا کہ وہ علم طب سے اس سے پہلے مستند نہ تھا اور اس سے کسی کو تکلیف ہوئی یا اس سے کم تو وہ اپنے ہر فعل کا ذمہ دار ہوگا۔)

مفسرین کا کہنا ہے کہ مریض کو اگر کسی عطائی معالج سے نقصان ہو تو یہ قابل مواخذہ تو ضرور ہے مگر اس کے ساتھ کسی مریض کی مدت علالت یا اذیت میں اپنے علاج کی وجہ سے اضافہ کرنے یا مستند معالج کے پاس جانے سے روکنے پر بھی عطائی کو سزا ہو سکتی ہے۔

مسلمانوں کے لیے اسلامی طرز معاشرت کے مطابق زندگی گزارنے کے اصول جاری کئے گئے تو ان میں سے ہر ایک صحت مند زندگی گزارنے کی سمت ایک قدم ہے۔ ہاتھوں پیروں اور منہ کو دن میں کم از کم پندرہ مرتبہ وضو کی صورت میں اچھی طرح صاف کرنے والا متعدی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ جب کسی شخص کے پیٹ میں کیڑے ہوں یا تپ محرقہ کا پرانا مریض ہو تو بیت الخلاء سے واپسی پر اس کے ہاتھوں کو یہ کیڑے اور جراثیم چپک جاتے ہیں۔ جب وہ اپنا ہاتھ اپنی یا لوگوں کی کھانے پینے کی چیزوں کو لگاتا ہے تو بیماری کے پھیلاؤ کا باعث بنتا ہے۔ اسے علم طب میں CARRIER کہتے ہیں۔ حال ہی میں نیویارک میں پرانے تپ محرقہ کے ایک مریض کی دوکان سے آئس کریم کھانے والے ۳۹ بچے اس بیماری میں مبتلا ہوئے۔ انہوں نے اس کا حل یوں کیا کہ مسلمانوں کو طہارت سکھائی۔ پھر فرمایا کہ استنجا میں دایاں ہاتھ ہرگز استعمال نہ ہو اور کھانے میں بایاں استعمال میں نہ آئے۔ ناخن کاٹ کر رکھے جائیں۔ پانی کے ذخیروں کے قریب اور سایہ دار مقامات پر رفع حاجت نہ کی جائے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection of Advocate Showkat

صبح کا ناشتہ جلد کرنا بات کا کھانا ضرور اور عمدہ کھانا اور اس کے بعد چہل قدمی بسیار خوری کی ممانعت تندرستی کی بقا کے لیے ان کے اہم کمالات ہیں۔

جب وہ امراض کی براہِ راست روک تھام کے مسئلے کو لیتے ہیں تو ہدایات واضح اور آسان دیتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

کلم المجذوم، بینک وبینہ قدر رمح او رمحین۔
(ابن السنی۔ ابونعیم)
(جب تم کسی کوڑھی سے بات کرو تو اپنے اور اس کے درمیان ایک سے دو نیزے کے برابر فاصلہ رکھا کرو)

یہ ایک جدید سائنسی انکشاف ہے کہ مریض جب بات کرتا ہے تو اس منہ سے نکلنے والی سانس میں بیماری کے جراثیم ہوتے ہیں جو کہ مخاطب کی ناک یا منہ کے راستے داخل ہو کر اسے بیمار کر سکتے ہیں۔ تپ دق۔ خسرہ۔ کالی کھانسی۔ سعال۔ چیچک۔ کن پیڑے اور کوڑھ اسی صورت میں پھیلتے ہیں۔ اس عمل کو DROPLET INFECTION کہتے ہیں۔ کوڑھ والا یہ ارشادِ نبوی اگر توجہ میں رہے تو اتنی بیماریوں سے بچاؤ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے بیماریوں کے باعث متعین کیے۔ حضرت ابو ہریرہؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔

المعدۃ حوض البدن والعروق
الیہا واردۃ، فاذا صحت المعدۃ صدرت العروق
بالصحۃ واذا فسدت المعدۃ صدرت العروق
بالسقم۔ (بیہقی)

(معدہ کی مثال ایک حوض کی طرح ہے۔ جس میں سے نالیاں چاروں طرف جاتی ہوں۔ اگر معدہ تندرست ہو تو رگیں تندرستی لے کر جاتی ہیں اور اگر معدہ خراب ہو تو رگیں بیماری لے کر جاتی ہیں)

ایک دوسری روایت میں فرمایا۔

ان المعدۃ بیت الداء

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اگر خوراک ٹھیک سے ہضم نہ ہو یا آنتوں سے جذب ہو کر جزو بدن نہ بنے تو جسم کی مدافعت ماند پڑ جاتی ہے۔ دوسرے الفاظ میں جسم ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔ جبکہ بسیار خوری نالیوں پر چربی کی تہوں، موٹاپا، دل کی بیماریوں، گنٹھیا، گردوں کی خرابیوں اور ذیابیطس کا باعث بنتی ہے حضرت ابی الدرداءؓ۔ انسؓ بن مالک۔ حضرت علیؓ حضرت ابی رہیلؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اصل کل داء البرد ـــ

(دارقطنی، ابن السنی، ابونعیم، ابن عساکر، عقیلی)

(ہر بیماری کی اصل وجہ جسم کی ٹھنڈک ہے)

گردوں کی بیماریاں ہمارے آجکل کے ڈاکٹروں کے لیے مصیبت کا باعث بنی ہوئی ہیں۔ اس ضمن میں ساری کوششیں اب تک بیکار جا چکی ہیں۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان الخاصرۃ عرق الکلیۃ اذا تحرک اذی صاحبھا

فداوھا بالماء المحرق والعسل ـ (ابوداؤد)

(گردے کی جان اس کی PELVIS میں ہے۔ اگر اس میں سوزش ہو جائے تو یہ گردے والے کے لیے بڑی اذیت کا باعث ہوتی ہے۔ اس کا علاج ابلے پانی اور شہد سے کرو۔)

بیسویں صدی کے وسط تک دل اور گردہ کی بیماریوں۔ نفخ۔ کھانسی اور زکام کے علاوہ نمونیہ کی بہترین دوائی برانڈی سمجھی جاتی رہی ہے۔ جب طارق بن سویدؓ نے سرکار دو عالم سے انگوروں کی شراب سے علاج کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا۔

"یہ دوائی تو نہیں۔ بیماری ہے۔"

اب علم الامراض کے ماہرین کہتے ہیں کہ برانڈی جسم کے دفاعی نظام کو مفلوج کرتی ہے۔ اسے پینے کے بعد پھیپھڑوں میں حفاظتی اقدام مفلوج ہو جاتے ہیں۔ دماغ کے خلیے مستقل طور پر ضائع ہو جاتے ہیں اور جگر تباہ ہو جاتا ہے۔ اسی اصول کے تحت حضرت ابوہریرہؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد بیان کرتے ہیں۔

نھی عن الدواء الخبیث ۔ (ترمذی، ابوداؤد، احمد)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

(انہوں نے حضرت اسماء کو ادویہ کے استعمال سے منع فرمایا)

انہوں نے ایک مرتبہ لونڈیوں کی سوزش میں مبتلا ایک بچے کو دیکھا حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ اس کا گلا دبا کر کھٹنے والی تھیں۔ وہ اس غیر سائنسی علاج سے کبیدہ خاطر ہوئے اور فرمایا۔

لا تعذب الصبیان بالغمز۔ وعلیکم بالقسط۔ (ابن ماجہ)

(بچوں کو ایسے طریقوں سے عذاب نہ دو۔ بجائے تمہارے لیے قسط موجود ہے)

حضرت ام قیس بنت محصن رضؓ روایت فرماتی ہیں کہ جب انہوں نے بچے کو پانی میں گھس کر قسط پلائی تو وہ تندرست ہوگیا۔ انہوں نے قرار دیا کہ پلوریسی تپ دق کی قسم ہے اور اس کا علاج کیا جائے۔ حضرت زید بن ارقم رضؓ روایت کرتے ہیں۔

امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نتداوی

فات الجنب بالقسط البحری والزیت۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

دوسری روایات میں اسی غرض سے ورس بھی تجویز فرمائی۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کے پہلے طبیب ہیں جنہوں نے دل کے دورہ کی نہ صرف کہ تشخیص کی بلکہ علاج بھی کیا جبکہ ایسا مؤثر علاج آج بھی ممکن نہیں۔ انہوں نے آلات تناسل کے سرطان سے بچاؤ کے لیے ختنہ جاری کیا۔ دل اور گردوں کی بیماری سے پیدا ہونے والی سارے جسم کی سوجن کا علاج کیا۔ بواسیر کا ادویہ سے علاج کیا۔ پیٹ سے پانی نکالنے کا آپریشن ایجاد کیا۔ دنیائے طب کو آئندہ سے لے کر ورس تک چالیس ایسی ادویہ مرحمت فرمائیں جن کے ذیلی اثرات نہیں جس نے ان سے طب کا علم سیکھ لیا اس کو کسی بھی علاج میں کبھی ناکامی نہ ہوگی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

انجیر — تین

FIGS

FICUS CARICA

انجیر بنیادی طور پر مشرقِ وسطیٰ اور ایشیائے کوچک کا پھل ہے۔ اگرچہ اب یہ ہندوستان میں بھی پایا جاتا ہے مگر مسلمانوں کی ہند میں آمد سے پہلے اس کا سراغ نہیں ملتا۔ اس لیے یقین کیا جاتا ہے کہ عرب سے آنے والے مسلمان اطبا یا ایشیائے کوچک سے آنے والے منگول اور مغل اسے یہاں لائے چھ سو سال گزر جانے کے باوجود ہند میں اس کی اتنی کاشت نہیں ہوتی کہ مقامی ضروریات کو پورا کر سکے ایک تحقیق کے مطابق اس کا پودا سب سے پہلے سمرنا میں ملتا تھا اور وہاں سے مختلف ممالک میں لایا گیا۔ اس کی پیدائش کے مشہور مراکز ترکی۔ اطالیہ۔ سپین۔ پرتگال۔ ایران۔ فلسطین۔ شام۔ لبنان ہیں پاکستان میں چترال اور ہنزہ کے علاقے ہیں۔ چترال کے درخت سال میں دو مرتبہ پھل دیتے ہیں۔ ان کی انجیر بڑی اور سفید ہوتی ہے جبکہ دوسرے مقامات کا پھل نیلگوں ہوتا ہے۔

مفسرین کا خیال ہے کہ زمین پر انسان کی آمد کے بعد اس کی افادیت کے لئے سب سے پہلا درخت جو معرضِ وجود میں آیا وہ انجیر کا تھا۔ ایک کہانی یہ بھی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہا السلام نے اپنی ستر پوشی کے لیے انجیر کے پتے استعمال کئے۔

پھلوں میں یہ سب سے نازک پھل ہے۔ پکنے کے بعد پیڑ سے اپنے آپ گر جاتا ہے اور اسے اگلے دن تک محفوظ کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ لوگوں نے اس کو فریج میں رکھ کر دیکھا مگر شام تک پھٹ کر ٹپکنے لگتا ہے۔ اس کے استعمال کی بہترین صورت اسے خشک کرنا ہے۔ انجیر کو خشک کرنے کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

عمل کے دوران اسے جراثیم سے پاک کرنے کے لئے گندھک کی دھونی دیتے ہیں اور آخر میں نمک کے پانی میں ڈبوتے ہیں تاکہ سوکھنے کے باوجود نرم اور ملائم رہے کیونکہ نمک بھی محفوظ کرنے والی ادویہ میں شامل ہے۔

انجیر کے درخت کی چھال۔ پتے اور دودھ ادویہ میں استعمال ہوتے ہیں۔ عام لوگ اس کی علاجی اہمیت سے اتنے آگاہ نہیں جتنا کہ وہ اسے بطور پھل اور وہ بھی موسم سرما میں جانتے ہیں۔ علم نباتات کی رو سے انجیر کا جس تخلیقی خاندان سے تعلق ہے اسی کنبہ سے بڑ۔ پیپل اور گولر بھی ہیں۔ ان میں سے ہر ایک معالجاتی دنیا میں اپنی اہمیت رکھتا ہے۔ اطباء قدیم کے یہاں انجیر کا استعمال عہد رسالتؐ کے بعد سے شروع ہوتا ہے۔ البتہ اطبائے یونان میں بقراط نے اس کا سرسری سا ذکر کیا ہے اور توریت میں فصل کے طور پر مذکور ہے۔

اس کی دو اہم قسمیں دستیاب ہیں۔ وہ جسے لوگ باقاعدہ کاشت کرتے ہیں بستانی کہلاتی ہے۔ دوسری خود رو جنگلی کہلاتی ہے۔ جنگلی حجم میں چھوٹی اور ذائقہ میں اتنی لذیذ نہیں ہوتی۔ جبکہ بستانی میں کاشت کاروں نے مختلف تجربات سے متعدد قسمیں پیدا کر لی ہیں۔

قرآن مجید کا ارشاد

انجیر کا ذکر قرآن مجید میں صرف ایک ہی جگہ ہے۔ مگر بھرپور ہے۔

والتین والزیتون۔ وطور سینین۔
وھذا البلد الامین۔ لقد خلقنا
الانسان فی احسن تقویم۔ (التین۔ ۴-۱)

(قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی۔ اور طور سینا کی اور اس دارالامن شہر کی کہ انسان کو ایک بہترین ترتیب سے تخلیق کیا گیا)۔

حضرت براءؓ بن عازب روایت فرماتے ہیں کہ سفر کے دوران کی نمازوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک رکعت میں سورۃ التین ضرور تلاوت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

فرماتے تھے۔ امام مالکؒ کی تحقیقات کے مطابق۔

عن براءؓ بن عازب انه قال صلیت
مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العشاء
فقرا فیھا بالتین والزیتون ـــ

(موطا امام مالکؒ)

امام مالکؒ کا خیال ہے کہ تلاوت میں اس کی پسندیدگی سورہ کے صوتی اثرات کی وجہ سے تھی۔ جبکہ اس کے معانی کی اہمیت کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ مفسرین کے ایک گروہ کا خیال ہے کہ یہ سورۃ تاریخ کے مختلف ادوار کی نشان دہی کرتی ہے۔ انجیر سے مراد وہ وقت ہے جب انسان زمین پر آباد ہوا اور اسے تن ڈھانپنے کے لئے انجیر کے پتے استعمال کرنے پڑتے۔ دوسرا اہم مرحلہ اس وقت آیا جب طوفان نوح میں پوری آبادی سوائے مومنین کے غرق ہوگئی۔ حضرت نوح علیہ السلام اپنی امت کو لے کر کشتی میں کئی دن سفر کرتے رہے انہوں نے ایک روز فاختہ کو ہدایت کی کہ وہ پانی کے اوپر پرواز کرے سیلاب کی صورتِ حال کا جائزہ لے۔ فاختہ جب لوٹ کر آئی تو اس کی چونچ میں زیتون کی ڈالی تھی۔ اس سے نتیجہ نکالا گیا کہ پانی اتنا اُتر گیا ہے کہ پودے ننگے ہوگئے ہیں اور اسی روز سے ہی محاورہ میں فاختہ اور زیتون کی شاخ امن اور سلامتی کے نشان قرار پا گئے۔

حافظ اسماعیل ابن کثیرؒ نے تحقیق کی ہے کہ انجیر سے مراد دمشق اور اس کا پہاڑ ہے۔ جبکہ انہی نے عبداللہؓ بن عباس کی ایک روایت بیان کی ہے کہ انجیر سے مراد حضرت نوح علیہ السلام کی وہ مسجد ہے جو جودی پہاڑ پر بنائی گئی۔ مجاہد بھی اسی مسجد کو انجیر سے استعارہ قرار دیتے ہیں۔ جبکہ قتادہؓ زیتون سے مراد بیت المقدس کی مسجدِ اقصیٰ لیتے ہیں۔ مجاہدؒ اور عکرمہ اس سے خالص زیتون کا پھل مراد لیتے ہیں۔ جبکہ طورِ سینین سے دیگر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اشارات کے علاوہ کوہ طور پر وہ جھاڑیاں بھی مراد ہیں جن میں روشنی دیکھی گئی تھی۔ اور یہ جھاڑیاں سنا کی تھیں۔ انہی جھاڑیوں کی بہتات کی وجہ سے پہاڑ کا نام سنا کی جھاڑیوں والا یعنی سینا پڑ گیا۔

تفسیری اشارات کے علی الرغم اگر سیدھی بات دیکھیں تو اللہ تعالیٰ نے انجیر کو اتنی اہمیت عطا فرمائی کہ اس کی قسم کھائی۔ جس کا واضح مطلب یہی ہے کہ اس کے فوائد کا کوئی شمار نہیں۔

ارشاداتِ نبوی ؐ

حضرت ابو الدرداءؓ روایت فرماتے ہیں۔

اھدی الی النبی صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
طبق من تین، فقال: کلوا. واکل منہ
وقال: لو قلت: ان فاکھۃ نزلت
من الجنۃ، قلت ھذہ. لان فاکۃ
الجنۃ بلا عجم. فکلوا منھا: فانھا تقطع
البواسیر، وتنفع من النقرس"

(ابن ابوبکر الجوزی۔ الطب النبوی)

(نبی صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کی خدمت میں کہیں سے انجیر سے بھرا ہوا تھال آیا۔ انہوں نے ہمیں فرمایا کہ "کھاؤ"! ہم نے اس میں سے کھایا اور پھر ارشاد فرمایا۔ "اگر کوئی کہے کہ کوئی پھل جنت سے زمین پر آسکتا ہے تو میں کہوں گا کہ یہی وہ ہے۔ کیونکہ بلاشبہ۔ جنت کا میوہ ہے۔ اس میں سے کھاؤ کہ یہ بواسیر کو ختم کر دیتی ہے اور گنٹھیا (جوڑوں کے درد میں مفید ہے)

اسی حدیث کو امام محمد بن احمد ذہبیؒ نے بھی تقریباً انہی الفاظ میں بیان کیا ہے۔ مگر حدیث کا ماخذ بیان نہیں کیا جبکہ کنز العمال میں علاؤ الدین الہندیؒ نے یہی روایت معمولی ردوبدل کے ساتھ اس صورت میں حضرت ابوذرؓ سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بیان کی ہے ۔

کلوا التین فلو قلت ان فاکھۃ نزلت
من الجنۃ قلت ھذہ ۔ لان فاکھۃ الجنۃ
لا عجم فیھا ۔ فکلوھا فانھا تقطع البواسیر
وتنفع من النقرس ۔

(الدیلمی ۔ ابن السنی ۔ ابونعیم)

یہی حدیث حضرت ابوذرؓ کے حوالہ سے کنزالعمال میں مسند فردوس دیلمی کے ذریعہ سے دوسری جگہ بیان کرتے ہوئے "تقطع البواسیر" کی جگہ "یذہب بالبواسیر" کی تبدیلی کی ہے ۔

اگر یہ روایت صرف ایک ہی کتاب میں ایک ہی ذریعہ سے ملتی تو محدثین کرام کے اصول کے مطابق ثقاہت پر شبہ کیا جا سکتا تھا ۔ مگر دو مختلف راوی اور کم از کم تین مجموعوں میں اسے بیان کرتے ہوئے نظر آتے ہیں روایات کا یہ تواتر اس پر یقین دلانے کے لئے کافی سے زیادہ ہے ۔

روایت پر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ انجیروں سے بھرا ہوا تھال حضورؐ میں موجود ہے ۔ انجیر مدینہ منورہ میں نہیں ہوتی اور نہ ہی مکہ میں اس کی زراعت ہوتی ہے ۔ البتہ طائف میں ہوتی ہوگی ۔ تھال ناگہاں ظاہر ہوتا ہے ۔ پھر ارشادِ گرامی اس کی اہمیت کے بارے میں صادر ہوتا ہے اور اگر جنت سے کوئی پھل زمین پر آسکتا ہے تو یہی ہے ۔ پھر فرمایا کہ بلاشبہ یہ جنت کا پھل ہے ۔"

انجیر کو بطور پھل اللہ تعالیٰ نے اہمیت دی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسے جنت سے آیا ہوا میوہ قرار دینے کے بعد ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ بواسیر کو ختم کر دیتی ہے ۔ علمی لحاظ سے یہ ایک بڑا اعلان ہے جو عام طور پر علم طب میں فاضل اطباء بڑی مشکل سے کرتے ہیں ۔ مگر جوڑوں کے درد میں اس کو صرف مفید قرار دیا ۔ ۔ ۔ یہ امور انجیر سے فوائد حاصل کرنے کے سلسلہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

میں پوری توجہ اور اہمیت کے طلبگار ہیں۔

کتبِ مقدسہ میں انجیر کی اہمیت

توریت اور انجیل میں انجیر کا ذکر مختلف مقامات پر ۹۴ مرتبہ آیا ہے۔

... تب درختوں نے انجیر کے درخت سے کہا کہ
تو آ اور ہم پر سلطنت کر۔ پر انجیر کے درخت نے کہا
کیا میں اپنی مٹھاس اور اچھے اچھے پھلوں کو چھوڑ کر
درختوں پر حکمرانی کرنے جاؤں؟ —

(قضاۃ - ۱۱ - ۱۰ : ۹)

اسی ضمن میں زیتون اور انجیر کا ذکر پھر ملتا ہے۔

انجیر کے درختوں میں ہرے انجیر پکنے لگے۔
اور تاکیں پھٹنے لگیں۔
ان کی مہک پھیل رہی ہے۔

(غزل الغزلات ۲ : ۱۳)

یرمیاہ کو جب شاہ بابل اسیر کر کے لے گیا تو اسے خداوند کا جلال نظر آیا اور گفتگو کی جو تفصیل اس نے بیان کی اس میں مثال کے لیے انجیر کا پھل استعمال ہوا۔ اچھے انجیر کی مثال نیک لوگوں سے دی گئی اور ٹوکرے میں خراب انجیروں سے مراد نافرمان لوگ تھے جن سے سایۂ ابزدی اٹھ جائیگا۔

.... تب ہر آدمی اپنی تاک اور اپنے انجیر کے درخت
کے نیچے بیٹھے گا اور ان کو کوئی نہ ڈرائے گا۔

(میکاہ - ۴ : ۴)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معیت میں ان کے حواریوں میں سے
مرقس اپنے ایک سفر کی روئیداد بیان کرتا ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adoycate Showkat

... دور سے انجیر کا ایک درخت جس میں
پتے تھے۔ دیکھ کر گیا شاید اس میں کچھ ہے۔ مگر
جب اس کے پاس پہنچا تو پتوں کے سوا کچھ نہ پایا۔
کیونکہ انجیر کا موسم نہ تھا۔

(مرقس، ۱۳ — ۱۱)

محدثین کے مشاہدات :۔ حافظ ابن قیمؒ لکھتے ہیں کہ انجیر ارض حجاز اور مدینہ میں نہیں ہوتی بلکہ اس علاقہ میں عام پھل صرف کھجور ہی ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے کتاب جلیل میں اس کی قسم کھائی ہے۔

اور یہ اس امر کی بلاشبہ دلالت کرتا ہے کہ اس سے حاصل ہونے والے افادات اور منافع بے شمار ہیں اس کی بہترین قسم سفید ہے۔ یہ گردہ اور مثانہ سے پتھری کو حل کر کے نکال سکتی ہے یہ بہترین غذا ہے اور زہروں کے اثرات سے بچاتی ہے۔ حلق کی سوزش۔ سینہ کے بوجھ۔ پھیپھڑوں کی سوجن میں مفید ہے۔ جگر اور تلی کو صاف کرتی ہے۔ بلغم کو پتلا کر کے نکالتی ہے جسم کو بہترین غذا مہیا کرتی ہے۔

جالینوس نے کہا ہے کہ انجیر کے ساتھ جوز اور بادام ملا کر کھائے جائیں تو یہ خطرناک زہروں سے محفوظ رکھ سکتی ہے۔

اس کا گودا بخار کے دوران مریض کے منہ کو خشک ہونے نہیں دیتا۔ نمکین بلغم کو پتلا کر کے نکالتی ہے۔ اس لحاظ سے چھاتی کی پرانی سوزشوں میں مفید ہے۔ جگر اور مرارہ میں اٹکے ہوئے پرانے سدّوں کو نکالتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کی سوزشوں کے لیے مفید ہے۔

انجیر کو نہار منہ کھانا عجیب و غریب فوائد کا حامل ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ آنتوں کے بند کھولتی ہے۔ پیٹ سے ہوا کو نکالتی ہے۔ اس کے ساتھ اگر بادام بھی کھائے جائیں تو پیٹ کی اکثر بیماریاں دور بھاگتی ہیں۔ فوائد کے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection of Advocate Showkat

لحاظ سے انجیر شہتوت سے بھی کہیں اس سے افضل ہے۔ کیونکہ توت معدے کو خراب کرتا ہے۔

امام محمد بن احمد ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ انجیر میں تمام دوسرے پھلوں کی نسبت بہتر غذائیت موجود ہے۔ یہ پیاس کو بجھاتی اور آنتوں کو نرم کرتی ہے۔ بلغم کو نکالتی ہے۔ پرانی بلغمی کھانسی میں مفید ہے۔ پیشاب آور ہے۔ آنتوں سے قولنج اور سدوں کو دور کرتی ہے۔ اسے نہار منہ کھانا عجیب وغریب فوائد کا باعث ہوتا ہے۔ کیونکہ اس سے آنتوں کی غلاظت نکل جاتی ہے اور ان کا فعل اعتدال پر آجاتا ہے۔ اگر ایسے میں اخروٹ، جوز اور بادام ہوں تو اور بہتر ہے۔

ان فوائد کا موازنہ کریں تو ہر جگہ یہ یکساں ہی شکل میں مذکور ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ فائدے واقعی موجود ہیں۔

کیمیاوی ساخت :۔ انجیر کی کیمیاوی ساخت موسم کے مطابق مختلف ہوتی ہے۔ فروری کے ابتدائی دنوں میں رطوبت زیادہ ہوتی ہے جبکہ اس ماہ کے آخر میں رطوبت کم ہوتی ہے۔ اپریل کی فصل میں رطوبت اور زیادہ ہوتی ہے۔ جبکہ یہ کچی انجیر میں اور زیادہ ہوتی ہے۔ موازنہ کچھ یوں ہے۔

نمی	گل جانیوالی مٹھاس REDUCING SUGARS	کل مٹھاس
بازار کی عام انجیر اپریل میں ۶۳ء۱۸ سے ۸۷ء۴ فیصدی	۵۴٪ - ۲۹	۱۸ء۶۰ - ۱ء۳۱٪
درخت پر پکی ہوئی تیار انجیر ۴۷ء۰۰	۵۵ء۷۳	۵۹ء۴۵٪
کچی انجیر ۸۷ء۸	+ ۷ء۹۱	۸ء۷۶٪
درآمدہ خشک انجیر ۱۹ء۴۵	۲۴ء۰۷	۴۶ء۳۰

(ان کی عمدہ ترین قسم سمرنا سے آتی ہے۔)

انجیر کی اس عام حیثیت میں اہم بات یہ ہے کہ اسکی مٹھاس دو قسم

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کی ہے۔ ایک قسم وہ جو مٹھاس ہونے کے باوجود دوسری مٹھاسوں کو گلا سکتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جسم میں جانے کے بعد وہاں پر موجود زائد مٹھاس کو حل کر کے اسے اذیت رسانی سے باز رکھ سکتی ہے۔ دوسرے الفاظ میں ذیابیطس کے مریضوں کے لیے مفید ہے۔ جوں جوں انجیر درخت پر پکتی ہے اس میں مٹھاس کم ہونے لگتی ہے۔

اس میں موجود کیمیاوی اجزاء کا تناسب یوں ہے۔

لحمیات، نشاستہ حدت کے حرارے، سوڈیم، پوٹاسیم، کیلسیم، مگنیشیم

۱٫۵، ۱۵٫۰، ۶۶، ۲۴۲۶، ۲۸۸، ۸۰۰۵، ۲۶۲۰

فولاد، تانبہ، فاسفوس، گندھک، کلورین

۱٫۱۸، ۰٫۰۷، ۲۶، ۲۲۰۹، ۱٫۷

ایک سو گرام خشک انجیر میں عام کیمیات کا یہ تناسب اسے ایک قابل اعتماد غذا بنا دیتا ہے۔ اس میں کھجور کی طرح سوڈیم کی مقدار کم اور پوٹاسیم زیادہ ہے۔ ایک سو گرام کے جلنے سے حرارت کے ۶۶ حرارے حاصل ہوتے ہیں۔ حراروں کی یہ مقدار عام خیال کی نفی کرتی ہے کہ کھجور یا انجیر تاثیر کے لحاظ سے گرم ہوتے ہیں۔ وٹامین ل۔ ج کافی مقدار میں موجود ہیں۔ جبکہ ب اور د معمولی مقدار میں ہوتے ہیں۔

خوراک کو ہضم کرنے والے جوہروں کی تینوں اقسام یعنی نشاستہ کو ہضم کرنے والے۔ لحمیات کو ہضم کرنے والے PROTEOSE اور چکنائی کو ہضم کرنے والے LIPASE ایک عمدہ تناسب میں پائے جاتے ہیں اس کے علاوہ بھی ہے ان اجزاء کی موجودگی انجیر کو ہر طرح کی خوراک کو ہضم کرنے کے لیے بہترین مددگار بنا دیتی ہے۔ اہم عناصر ترکیبی میں ایمونائی ترشے CRAVIN جوہر P-TYROSIN ALBUMIN شامل ہیں۔ اس میں گلوکوس۔ چکنائی۔ گوند۔ اور معدنی نمک۔ جبکہ انجیر کا اپنا یا درخت کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

دودھ میں لحمیات کو ہضم کرنے والا جوہر PEPTONISIN FERMENT پایا
Collection Of Adovcate Showkat
جاتا ہے۔ حال ہی میں کیمیا دانوں نے اس میں ایک جوہر BROMELAIN
دریافت کیا ہے۔ جو بلغم کو پتلا کر کے نکالتا اور التہابی سوزشیں کم کرتا ہے۔ یہ
جوہر اس کے علاوہ انناس اور پپیتہ میں بھی ملتا ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات:۔ بھارتی حکومت کے طبّی شعبہ کی تحقیقات
کے مطابق یہ ملین ہے۔ مدر البول ہے۔ اس لیے پرانی قبض۔ دمہ۔ کھانسی اور رنگ
نکھارنے کے لیے مفید ہے۔ پرانی قبض کے لیے روزانہ پانچ دانے کھانے چاہئیں۔
جبکہ موٹاپا کم کرنے کے لیے تین دانے بھی کافی ہیں۔ اطبار نے چیچک کے علاج
میں بھی انجیر کا ذکر کیا ہے چیچک یا دوسری متعدی بیماریوں میں انجیر چونکہ جسم
کی قوت مدافعت بڑھاتی ہے اور سوزشوں کی ورم کو کم کرتی ہے اس لیے سوزش
خواہ کوئی بھی ہو انجیر کے استعمال کا جواز موجود ہے۔

طب یونانی کے مشہور نسخہ سفوف برص کا جزو عامل انجیر ہے۔ پوست انجیر
کو عرق گلاب میں کھرل کر کے برص کے داغوں پر لگایا جاتا ہے۔ جبکہ ادھ چھٹانک
انجیر اس کے ساتھ کھانے کو بھی دی جاتی ہے۔

حکیم نجم الغنی خاں نے اسے ملین۔ ریاح کو تحلیل کرنے والا قرار دیا ہے۔
یہ جگر اور تلی کو قوت دیتا ہے۔ ورم کو دور کرتا ہے۔ سینہ کے درد کو نافع ہے مرگی۔
فالج۔ خفقان اور دمہ میں مفید ہے۔ زیادہ مقدار میں دست آور ہے۔ سدے
دور کرتا ہے۔ بادام اور اخروٹ ملا کر کھانا زیادہ مفید ہے۔ بواسیر کو مٹاتا ہے۔
گردوں کے دبلے پن کو دور کرتی ہے۔

ابن زہر نے لکھا ہے کہ بادام اور سداب کے پتوں کے ساتھ انجیر کھانے والا
زہروں کے اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔ (ابن القیم نے یہی بیان جالینوس سے
منسوب کیا ہے)۔ ایک دوسرے نسخہ کے مطابق انجیر اور کلونجی نہار منہ کھانے
سے اس دن زہروں کا اثر نہیں ہوتا۔ افلیتون۔ جو کا آٹا اور انجیر ملا کر دینے سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

متعدد دماغی امراض میں فائدہ ہوتا ہے۔ میتھی کے بیج۔ انجیر اور پانی کو پکا کر خوب گاڑھا کر لیں۔ اس میں شہد ملا کر کھانسی کی شدت کم ہو جاتی ہے اور دمہ میں مفید ہے۔ مغنی پیاس میں مفید ہے۔

انجیر کھانے سے حیض کے خون میں اضافہ ہوتا ہے اور دودھ زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ وید کہتے ہیں کہ انجیر کھانے سے چہرے پر نکھار آتا ہے۔ باؤ گولہ کو نافع ہے۔ اور حواس خمسہ کو قوت دیتی ہے۔ اس کے گودے کو شکر اور سرکہ کے ساتھ پیس کر بچوں کو چٹانے سے زخرے کا ورم اتر جاتا ہے۔ اس کے کھانے سے کمر کا درد جاتا رہتا ہے۔

انجیر کے درخت کے دودھ میں روئی بھگو کر دانت کے سوراخ میں رکھیں تو درد مٹ جاتا ہے۔ انجیر کے جوشاندہ سے کلی کرنے سے مسوڑھوں اور گلے کی سوزش کم ہوتی ہے۔ اس کے دودھ میں جو کا آٹا گوندھ کر برص پر لگانے سے اس کا بڑھنا رک جاتا ہے۔ چہرے کے داغوں پر بھی اس کا لگانا مفید ہے۔ اس کے درخت کی چھال کی راکھ کو سرکہ میں حل کر کے ماتھے پر لگانے سے سر درد جاتا رہتا ہے۔ سوکھے انجیر کو پانی میں پیس کر اس کو پھوڑے یا پھٹوں کی اکڑن والی جگہ پر لیپ کریں تو پھٹوں کی اکڑن جاتی رہتی ہے۔ اسی طرح کا لیپ جوڑوں کے دردوں میں بھی مفید ہے۔

جدید مشاہدات: ۔ ندکارنی نے انجیر کے فوائد کا خلاصہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ یہ بھوک لگانے والی سکون آور۔ دافع سوزش اور ورم۔ ملین جسم کو ٹھنڈک پہنچانے والی اور مخرج بلغم ہے انجیر کے دودھ میں غذا کو ہضم کرنے والے جوہر PAPAINE کی مانند ہوتے ہیں۔ یہ غذا میں موجود نشاستہ کو منٹوں میں ہضم کر دیتے ہیں۔ ان فوائد کے ساتھ ساتھ ان میں بڑی عمدہ غذائیت بھی موجود ہے۔

گردوں۔ مثانہ اور پیشاب کی نالی کے اسباب کا لمبا قصہ ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بلکہ ماہرین ابھی تک اس امر پر متفق نہیں کہ ان کا اصل سبب کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ پتہ کی پتھری یا اس میں سوزش عموماً طور پر ایسی خواتین کو ہوتی ہے جن کی عمر چالیس سال سے زائد۔ موٹی۔ بدہضمی میں ہمیشہ مبتلا اور بچوں والی ہوتی ہیں۔ جسے انگریزی میں FAT-FLATULENT-FERTILE-FEM-ALE-FORTY جس خاتون میں یہ پانچوں چیزیں ہوں اور وہ پیٹ درد اور بدہضمی کی شکایت لے کر آئے ڈاکٹر اسے عام طور پر التہاب مرارہ یا CHOLECYSTITIS تشخیص کرتے ہیں۔ اگرچہ پتہ کی سوزش ختم کرنے اور اس سے صفرا کے اخراج کو بڑھانے کے لیے متعدد ادویہ موجود ہیں مگر ایسا کوئی واقعہ دوستوں کے علم میں بھی نہیں جہاں کسی مریضہ کو مستقل فائدہ ہوا ہو۔ پتہ کی سوزش کا صرف ایک علاج ہے اور وہ یہ کہ اسے اپریشن کر کے نکال دیا جائے۔ اور اس کے بعد بدہضمی ایک دوسری صورت میں عمر بھر کی رفیق بنتی ہے۔ گردوں میں پتھری یا جوڑوں کے درد کا اصل باعث جسم میں OXALATES & URATES کی زیادتی ہے یہ کیمیاوی نمک بدہضمی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں اور اخراج کے دوران گردوں میں رک کر وہاں پتھری بنا دیتے ہیں۔ اس غرض کے لیے پہلے یقیم سائٹریٹ LITHIUM CITRATE ایجاد ہوا۔ جسے لوگ گھول کر فروٹ سالٹ کی مانند پیتے تھے۔ اب انگلستان کی ویلکم کمپنی نے ZYLORIC گولیاں تیار کی ہیں جن کے کھانے سے یوریٹ اور آکسیلیٹ خارج ہوتے ہیں۔ اس علاج کے دوران مریض کو گوشت۔ انڈا۔ کلیجی گردے۔ مغز۔ چاول ساگ اور ٹماٹر کھانے سے منع کر دیا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ نمکیات ان غذاؤں میں ہوتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ نمکیات جب پیشاب کے راستہ خارج ہوتے ہیں تو ان کی سفیدی علیحدہ نظر آتی ہے۔ اس سفیدی کو ان پڑھ معالج اور اشتہاری حکیموں نے جریان کا نام دیا ہے۔ حالانکہ اس دہشت ناک تشخیص کی اصلیت مریض کا پیشاب ٹیسٹ کر کے معلوم کی جا سکتی ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

پتہ کی خرابیوں اور گردہ کی پتھری کے علاج میں یوریٹ نکالنے کے متعدد ذریعے اختیار کئے جاتے ہیں مگر ایک اہم بات رہ جاتی ہے وہ یہ کہ عمل انہضام کو ایسا درست کیا جائے کہ آکسلیٹ اور یوریٹ پیدا ہی نہ ہوں۔ یہ مقصد کسی جدید دوائی سے پورا نہیں ہو سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے جب انجیر کی قسم کھائی تو پھر اس کے اثرات کے لیے شاندار ہونا ضروری ہو جاتا ہے۔ انجیر وہ منفرد دوائی ہے جو ہاضمہ کو ٹھیک کر کے صحیح نتیجہ پیدا کرتی ہے۔ انجیر گردوں اور پتہ سے پتھری کو حل کر کے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

ایک خاتون کو پتہ کی پرانی سوزش تھی ایکسرے پر متعدد پتھریاں پائی گئیں بطور ڈاکٹر اسے اپریشن کا مشورہ دیا گیا۔ وہ درد سے مرنے کو تیار تھی مگر اپریشن کی دہشت کو برداشت کرنے کو تیار نہ تھی۔ اس مجبوری کے لیے کچھ کرنا ضروری ٹھہرا۔ چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کلونجی کو ہر مرض کی شفا قرار دیا ہے۔ اس لیے کاسنی اور کلونجی کا مرکب کھانے کو صبح نہار منہ چھ دانے خشک انجیر کھانے کو کہا گیا۔ دو ماہ کے اندر نہ صرف کہ پتھریاں نکل گئیں بلکہ سوزش جاتی رہی۔ علامات کے ختم ہونے کے ایک ماہ بعد کے ایکسرے سے پتہ مکمل طور پر صحت مند پایا گیا۔

یہ اتفاق نہیں بلکہ حقیقت ہے کہ انجیر بلاشبہ خوراک کو مکمل ہضم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ درد جہاں پر بھی ہو اسے دور کرتی ہے۔ جھلیوں کی جلن کو رفع کرتی ہے۔ اور پیٹ کو چھوٹا کرتی ہے۔ بھارتی ماہرین بھی متفق ہیں کہ انجیر پتھری کو حل کر سکتی ہے۔

ندکانی تجویز کرتا ہے تازہ انجیروں کو رات شبنم میں رکھ کر کسی مٹھاس اور باداموں کے ساتھ اگر صبح نہار منہ کھایا جائے تو یہ منہ کے زخموں۔ زبان کی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

جلن اور جسم کی حدّت کو پندرہ دن میں ٹھیک کر دیتی ہے۔ حالانکہ یہی نسخہ ہمارے محدثین کرام پچھلے تیرہ سو سال سے بیان کرتے آئے ہیں۔

انجیر اور بواسیر :۔ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے انجیر کے فوائد میں دو اہم ارشادات فرمائے ہیں۔

یہ بواسیر کو ختم کر دیتی ہے۔

جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔

اسماعیل جرجانی اور ابن البیطار وہ طبیب ہیں جنہوں نے خون کی نالیوں پر انجیر کے اثرات کی وضاحت کی ہے۔ اگرچہ بوعلی سینا نے بھی اس قسم کا ذکر کیا ہے مگر وہ اس باب میں واضح بات نہیں کہتا۔ بواسیر کے تین اہم اسباب ہیں۔ پرانی قبض۔ تبخیر معدہ اور کرسی نشینی۔ ان چیزوں سے مقعد کے آس پاس کی اندرونی اور بیرونی وریدوں میں خون کا ٹھہراؤ ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ رگیں پھول کر مسّوں کی صورت میں باہر نکل آتی ہیں یا اندر کی طرف رہتی ہیں۔ بعض لوگوں کی بواسیر بیک وقت اندرونی اور بیرونی دونوں ہوتی ہے۔ فضلے کی نالی پر جب دباؤ پڑتا ہے تو اس کے ساتھ خون کی نالیوں میں بھی دباؤ بڑھتا ہے۔ چونکہ یہ پہلے ہی پھولی ہوتی ہیں۔ اس لئے پھٹ جاتی ہیں اور ان سے خون بہنے لگتا ہے۔ یہ عمل عام طور پر بیت الخلاء میں اجابت کے دوران ہوتا ہے۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ اسلام نے حوائج ضروریات سے فراغت کے بعد ہم کو پانی سے طہارت کی ہدایت کی ہے۔ اس طہارت کے نتیجہ میں خون جلد بند ہو جاتا ہے اور عام طور پر اس زخم پر نہ تو سوزش ہوتی ہے اور نہ ہی پھوڑا بنتا ہے۔ کیونکہ زخم دن میں کئی بار دھل جاتا ہے۔ اسلام پر عمل کرنا تندرست زندگی گذارنے کا بہترین طریقہ ہے۔ ان تمام مسائل کا ایک آسان حل انجیر ہے۔ انجیر پیٹ میں تبخیر ہونے ہی نہیں دیتی۔ انجیر قبض کو توڑ دیتی ہے۔ انجیر خون کی نالیوں سے سدے نکالتی ہے اور ان کی دیواروں کو صحت مند

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

بناتی ہے۔ ہم نے اسلامک کانفرنس برائے طب کے لئے اس مسئلہ پر طویل عرصہ تحقیقات کی۔ نتائج کے مطابق ایک لمبا عرصہ انجیر کھانے کے بعد بواسیر کے مسّے خشک ہوتے ہیں عام طور پر یہ عرصہ چار ماہ سے دس ماہ تک محیط ہوتا ہے۔ جن لوگوں کو تکلیف زیادہ ہو ان کو صبح نہار منہ شہد کے شربت کے ساتھ پانچ سے چھ دانے خشک انجیر بتائے گئے۔ جس کی تکلیف کم تھی اور بدہضمی زیادہ ان کو کھانے سے آدھ گھنٹہ پہلے انجیر کھلائی گئی اور جن کو صرف پیٹ میں بوجھ ہوتا تھا۔ ان کو کھانے کے بعد انجیر کھانی ہوتی۔ حافظ ابن القیمؒ نے حدیث شریف کی تشریح میں بڑا خوبصورت فقرا کہا۔

"انجیر کو نہار منہ کھانے کی تاثیر عجیب و غریب ہے۔"

انجیر پرانی قبض کا بہترین علاج ہے۔ اس کے گودے میں پایا جانے والا دودھ مُلیّن ہے۔ اور اس میں پائے جانے والے چھوٹے چھوٹے دانے پیٹ کے حموضات میں پھول کر آنتوں میں حرکات پیدا کرنے کا باعث ہوتے ہیں۔ پرانی قبض کے مریض اگر کچھ دن باقاعدہ انجیر کھائیں اور بیت الخلاء جانے کا باقاعدہ وقت مقرر کریں تو یہ تکلیف ہمیشہ کے لیے رخصت ہو سکتی ہے۔

انجیر میں خوراک کو ہضم کرنے والے عناصر کی ترکیب نہایت عمدہ ہے۔ جن لوگوں کی آنتوں میں ہمیشہ سڑاند رہتی ہے ان کے لیے اس سے بہتر کوئی دوائی موجود نہیں۔ اس کی فعالیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ اگر اسے پیس کر یا گھوٹ کر کچے گوشت پر لیپ کر دیا جائے تو یہ گوشت دو گھنٹوں میں اتنا گل جاتا ہے کہ اسے انگلیوں سے توڑا جا سکتا ہے۔

انجیر خون کی نالیوں میں جمی ہوئی غلاظتوں کو نکال سکتی ہے۔ اور اس کی اسی افادیت کو حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بواسیر میں پھولی ہوئی رگوں کی اصلاح کے لیے استعمال فرمایا۔ اکثر اوقات بلڈ پریشر میں زیادتی خون کی نالیوں میں موٹائی آجانے سے ہوتی ہے۔ انجیر اس کا بہترین حل ہے کیونکہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection of Advocate Showkat

یہ جسم سے چربی کو گلاکہ بھی نکال سکتی ہے۔ بڑھاپے میں جب خون کی نالیاں تنگ ہوجاتی ہیں اور دماغ میں خون کی قلت مریض کو نیم بیہوش یا مخبوط الحواس بنا دیتی ہے۔ اعضاء میں بھی فالج کی سی کیفیت ہوتی ہے۔ اس بیماری میں انجیر اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ مریض ایک کثیر مقدار پانچ چھ مہینے مسلسل استعمال کرے۔

گردوں کے فیل ہوجانے کے متعدد اسباب ہیں۔ اس میں مرض کی اندرونی صورت یہ ہوتی ہے کہ خون کی نالیوں میں تنگی کی وجہ سے گردوں کی کارگزاری متاثر ہوتی ہے۔ یہی کیفیت پیشاب میں کمی اور بلڈ پریشر میں زیادتی کا باعث بن جاتی ہے۔ ان حالات میں اگر زندگی کو اتنی مہلت مل سکی کہ کچھ مدت انجیر کھائی جا سکے تو اللہ کے فضل سے وہ بیماری جس میں گردے اگر تبدیل نہ ہوسکیں تو موت یقینی ہے شفایابی پر منتج ہوتی ہے۔

خون کی نالیوں کی موٹائی کے علاوہ وہ حالات جب کسی وجہ سے شریانوں یا وریدوں کے اندر خون جم جائے انجیر عجیب فوائد کی حامل ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کیفیت میں جب یہ دل میں ہو تو کھجور کی گٹھلی اور کھجور میں مرحمت فرمائی ہیں۔ جس کی تفصیل کھجور کے عنوان میں موجود ہے۔ لیکن ایسے مریضوں کو کچھ مدت کھجور دینے کے بعد وقفہ دیا گیا۔ اس وقفہ میں انجیر دی گئی۔ نتیجہ بہت بہتر رہا۔ خیال یہ تھا کہ ایک ہی وقت میں کھجور اور انجیر ملا کر دیئے جائیں مگر ابن القیم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک روایت منسوب کی ہے جس کے مطابق انجیر اور کھجور کو جمع کرنے کی ممانعت فرمائی گئی۔ اس راہنمائی کی وجہ سے دونوں یکجا تو نہ کئے جاسکے البتہ نہار منہ کھجور کی گٹھلیاں دینے کے بعد عصر کے وقت بعض مریضوں کو انجیریں دی گئیں۔ فوائد کسی ایک کے استعمال سے بہت بہتر ہے۔

خشک انجیر کو توے پر جلا کر دانتوں پر اس راکھ کا منجن کیا جائے تو دانتوں سے رنگ اور میل کے داغ اتر جاتے ہیں۔ بسور پھوڑوں کی سوزش کے لیے جتنے بھی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

منجن بنائے جاتے ہیں اگر ان میں انجیر کی راکھ شامل کر لی جائے تو فائدہ زیادہ جلد اور اچھا ہوتا ہے۔

انجیر کے تازہ پھل سے نچوڑ کر دودھ نکال کر اگر مسوں WARTZ پر لگایا جائے تو وہ گر جاتے ہیں۔ اس کے پتوں کو کوٹ کر پھوڑوں کو پکانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

بہی ـــــ سفرجل

QUINCE/AEGLE MARMELOS

یہ سیب کی شکل کا پھل ہے۔ جو جنگلوں میں خود رو بھی ہے اور کاشت بھی کیا جاتا ہے۔ ہندی میں اسے بیل۔ بل۔ فارسی میں شُل انگریزی میں QUINCE کہتے ہیں۔ سنسکرت میں اس کے نام کے معنی وسعت کی دیوی ہیں۔ ہندی دیومالا کے مطابق یہ پھل زرخیزی۔ وسعت رزق اور فارغ البالی کی علامت ہے۔ اسے بھگوان شو کا پرتو قرار دے کر ہندو اس کی پوجا کرتے ہیں اور مندروں میں پوجا کے دوران اس کی موجودگی باعث برکت خیال کی جاتی ہے۔

یہ پھل دنیا کے اکثر ممالک کے پہاڑی علاقوں میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ بھارت میں آسام جنوبی ہند۔ بنگال اس کے بڑے مسکن ہیں۔ جب کہ پاکستان میں آزاد کشمیر۔ مری۔ سوات اور مردان کے علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ مگر اب اس کے درخت ناپید ہوتے جا رہے کیونکہ لوگوں کو اس کا صحیح مصرف معلوم نہیں رہا۔ پھل کی منڈیوں میں عام طور پر ستمبر۔ اکتوبر کے دوران یہ پھل ملتا ہے۔ جب پک جائے تو لذیذ مگر جاپانی پھل کی طرح قابض ہوتا ہے۔ اس کا درخت چار میٹر کے قریب بلند ہوتا ہے اور اس کے تمام حصے دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔ بعض اطبا اسے بیلگری کے نام سے جانتے ہیں۔

احادیث نبوی ﷺ

حضرت طلحہ رضؓ بن عبید اللہ روایت فرماتے ہیں۔

دخلت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم! وبیدہ سفرجلة، فقال: دونکھا یا طلحة؛ فانھا تجم الفواد

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اسی ارشادِ گرامی کو النسائی نے انہی کے الفاظ میں دوسری صورت میں بیان کیا ہے۔

اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ وھو فی جماعۃ من اصحابہ، وبیدہ سفرجلۃ یقلبھا۔ فلما جلست الیہ: دحابھا الیّ، ثم قال: دونکھا ابا ذر؛ فانھا تشد القلب، و یطیب النفس وتذھب بطخاء الصدر۔

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ اس وقت اپنے اصحاب کی مجلس میں تھے۔ ان کے ہاتھ میں سفرجل تھا جس سے وہ کھیل رہے تھے۔ جب میں بیٹھ گیا تو انہوں نے اسے میری طرف کر کے فرمایا: "اے ابا ذر! یہ دل کو طاقت دیتا ہے۔ سانس کو خوشبودار بناتا ہے اور سینہ سے بوجھ کو اتار دیتا ہے)۔

حضرت جابر رضؓ بن عبداللہ روایت فرماتے۔ نبی صلی اللہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا السفرجل فانہ یجلی من الفواد و یذھب بطخاء الصدر۔ (ابن السنی۔ ابو نعیم)

(سفرجل کھاؤ کیونکہ وہ دل کے دورے کو ٹھیک کر کے سینہ سے بوجھ اتار دیتا ہے)

حضرت انس رضؓ بن مالک روایت فرماتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اکل السفرجل یذھب بطخاء القلب

("القاس" فی امالیہ۔ حوالہ کنز العمال)

(سفرجل کھانے سے دل پر سے بوجھ اتر جاتا ہے۔)

انہی سے سفرجل کھانے کے صحیح وقت کی نشان دہی یوں ملتی ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کلوا السفرجل علی الریق

(سفرجل کو نہار منہ کھانا چاہیئے۔)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا السفرجل، فانہ یجلی عن الفواد، وما بعث اللہ نبیاً من الانبیاء الا واطعمہ من سفرجل الجنۃ، فزید فی قوتہ قوۃ اربعین رجلاً" (ابن ماجہ)

(سفرجل کھاؤ کہ دل کے دورے کو دور کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایسا کوئی نبی نہیں مامور فرمایا جسے جنت کا سفرجل نہ کھلایا ہو۔ کیونکہ یہ فرد کی قوت کو چالیس افراد کے برابر کر دیتا ہے)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اطعموا حبالاکم السفرجل، یجم الفواد، ویحسن الولد (ذہبی ج)

(اپنی حاملہ عورتوں کو سفرجل کھلایا کرو۔ کیونکہ یہ دل کی بیماریوں کو ٹھیک کرتا ہے اور لڑکے کو حسین بناتا ہے۔)

کنز العمال فی سنن والاقوال نے سفرجل کے بارے میں اس حدیث کا حوالہ دیا ہے۔

عوف بن مالک روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا السفرجل فانہ یجم الفواد ویشجع القلب (مسند فردوس)

(سفرجل کھاؤ کہ یہ دل کے دورے کو ٹھیک کرتا اور دل کو مضبوط کرتا ہے)

یہی ارشادات طبرانی اور مستدرک الحاکم اور بیہقی نے دیگر ذرائع سے بیان کئے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سفرجل کے طبی کمالات کے قائل تھے۔ انہوں نے اسے نہار منہ کھانے کی ہدایت کی اور دل کی مختلف بیماریوں کے لئے اسے اکسیر قرار دیا۔

محدثین کے مشاہدات

احادیث میں فوائد کے سلسلہ میں دو اہم اشارات نظر آتے ہیں۔ "تجم الفواد"۔ اور "الطخاء"۔ اس کی تشریح میں محدث ابوعبید کہتے ہیں کہ جیسے آسمان پر ابر آتے ہیں اور پردہ پڑجاتا ہے اسی طرح الطخاء دل کی وہ کیفیت ہے جس میں دل کے پردے دھندلے ہوجاتے ہیں اور ان پر پانی پڑجاتا ہے۔

عام طور پر فواد کے معنی دل کا دورہ ہے۔ جو کے دلیا کے فوائد میں حضرت عائشہؓ کی روایات میں فواد کا لفظ اکثر جگہ استعمال ہوا جس کا عمومی مفہوم دل پر بوجھ یا دورہ ہی سمجھ میں آتا ہے۔

جب یہ لفظ "تجم الفواد" کی صورت میں سفرجل کے بارے میں مذکور ہوا تو حافظ ابن القیمؒ اس کی تشریح میں کہتے ہیں کہ یہ دل میں سدّوں کو نکالنا اس کی نالیوں سے رکاوٹ کو دور کرنا اور انہیں وسیع کرنا ہے۔ اس سے دل کی وہ کیفیت بھی مراد ہیں جب وہاں پر پانی اکٹھا ہو کہ اس کی کارگزاری کو متاثر کرے۔ محمد احمد ذہبیؒ بھی تجم الفواد کو خون کی نالیوں اور دل کے اپنے مشمولات کی تقویت اور توسیع قرار دیتا ہے۔

ان حضرات نے یہ مشاہدات اس وقت کئے جب لوگ اس امر سے بھی ٹھیک سے آگاہ نہ تھے کہ دل کو کونسی بیماریاں لاحق ہوسکتی ہیں۔ تاریخ طب میں دل کے دورے کی پہلی تشخیص ابوداؤد کی روایت کے مطابق سعدؓ بن ابی وقاص کی بیماری میں نہ صرف کی گئی بلکہ مریض کا چند دنوں میں مکمل علاج بھی کیا گیا۔

ان احادیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے دل کے دورے کے علاوہ دوسری بیماریوں کے بارے میں اظہارِ خیال فرماتے ہوئے ان کیفیات اور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

علامات کا ذکر فرمایا جن کے بارے میں علم الامراض کے ماہرین کو بیسویں صدی کے نصف کے قریب جاکر واقفیت ہوئی۔ ابن قیمؒ نے جن علامات کا ذکر کیا ہے وہ CARDIAC INFARCTION کے علاوہ PERICADITIS اور ENDOCARDITIS کا ایک مکمل بیان ہے۔ دل کے مریضوں کو جب کبھی دورہ پڑتا ہے تو اس کی ابتدا چھاتی میں بوجھ کی کیفیت سے ہوتی ہے اور اس غرض کے لیے مریضوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ISORDIL یا ANGISED کی گولی ہمہ وقت پاس رکھیں۔ جیسے ہی بوجھ محسوس ہو زبان کے نیچے گولی رکھ لیں۔ مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسی صورتِ حال کا بہتر علاج یہ فرماتے ہیں کہ گولیاں کھانے کی بجائے بھی جیسا لذیذ پھل کھا لیا جائے۔

سیٹھا سفرجل ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ جبکہ کھٹا قابض ہے۔ معدہ کے لیے مقوی اور مصلح ہے۔ پیاس کو کم کرتا ہے۔ قے کو روکتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔ نفث الدم اور پیٹ کے السر میں مفید ہے۔ ہیضہ کا بہترین علاج ہے۔ جبکہ اس کی جڑوں کا جوشاندہ یا پتوں کا عرق بھی اپنے فوائد میں تقریباً ایسے ہی ہیں۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور اگر کھانے کے بعد کھایا جائے تو پیٹ سے بوجھ کو اتار دیتا ہے۔ محدثین کے بیان کے مطابق اسے کھانے سے پہلے کھانا زیادہ مفید ہے۔

تازہ سفرجل یا اس کا گودہ طبی ضروریات کے لئے کافی ہیں۔ لیکن اس کو بھون کر یا بھوننے کے بعد شہد کے ساتھ ملا کر کھایا جائے تو زیادہ مفید ہوتا ہے۔ شہد اس کی قولنج پیدا کرنے کی مضرت کو دور کر دیتا ہے۔

یہ سانس سے گھٹن کو دور کر کے اسے خوشبودار بناتا ہے۔ فرہیؒ کے مشورہ کے مطابق اگر اس کے ساتھ عنبر بھی شامل کر لیا جائے تو افادیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے کھانے سے پیشاب کی سوزش میں کمی آتی ہے۔ اسے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کھانے سے جسم کے اکثر مقامات کے ورم تحلیل ہو جاتے ہیں۔ خاص طور پر وہ کیفیات جن میں رطوبت بھی ہو۔ اس غرض کے لیے اسے بھون کر گرم ریت کے ساتھ ملا کر مقامی طور پر لیپ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس کے بیج حلق کی سوزش کو رفع کرتے ہیں اور سانس کی گھٹن دور کرتے ہیں۔ اس کا شہد میں مربہ بہترین غذا اور دوا ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات

استادانِ فن نے اس کے جملہ اثرات کو امراض بطن تک محدود رکھا ہے۔ ہر طبیب نے امراضِ ہضم میں اس کے اثرات کو مختلف اطراف سے دیکھ کر ان کی تعریف کی ہے۔

بہی خون پیدا کرتی ہے۔ قے کو دور کرتی ہے۔ پیاس بجھاتی ہے۔ معدے کو طاقت دیتی ہے دل اور جگر کو تقویت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ اس کو بھون کر کھانے سے جن کو بھوک نہ لگتی ہو لگنے لگتی ہے۔ جگر کے سدے کھولتی ہے۔ جن عورتوں کو مٹی کھانے کی عادت ہوتی ہے اگر وہ بہی کھائیں تو مٹی کھانے کی عادت جاتی رہتی ہے۔ پکی ہوئی بہی کھانے سے خوراک جلد ہضم ہو جاتی ہے۔ بعض اطبار نے لکھا ہے کہ زیادہ بہی کھانے سے جذام پیدا ہو جاتا ہے (یہ بات قطعاً غلط ہے۔ کیونکہ جذام ایک متعدی بیماری ہے جو جراثیم کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے بہی یا کسی اور چیز کے کھانے سے کبھی پیدا نہیں ہو سکتی۔) زیادہ کھانے سے ہچکی آتی ہے۔ رعشہ، پیچش اور قولنج پیدا ہوتا ہے۔ ایسے میں پورا پھل کھانے کی بجائے اگر اس کا عرق نکال کر پی لیا جائے۔ قوت زیادہ دیتی ہے۔ مگر قبض پیدا کرتی۔

اس کو بھون کر کھانے سے پرانے دست بند ہو جاتے ہیں۔ عام خوراک تین سے چھ ماشہ ہے۔ اس کا پانی پینے سے حاملہ عورت کے پیٹ کے اندر جنین کو صحت حاصل ہوتی ہے۔ شہد کے ساتھ بھون کر کھانے سے دست

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

علامات کا ذکر فرمایا جن کے بارے میں علم الامراض کے ماہرین کو بیسویں صدی کے نصف کے قریب جاکر واقفیت ہوئی۔ ابن قیمؒ نے جن علامات کا ذکر کیا ہے وہ PERICADITIS اور CARDIAC INFARCTION کے علاوہ ENDOCARDITIS کا ایک مکمل بیان ہے۔ دل کے مریضوں کو جب کبھی دورہ پڑتا ہے تو اس کی ابتدا چھاتی میں بوجھ کی کیفیت سے ہوتی ہے اور اس غرض کے لیے مریضوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ISORDIL یا ANGISED کی گولی ہمہ وقت پاس رکھیں۔ جیسے ہی بوجھ محسوس ہو زبان کے نیچے گولی رکھ لیں۔ مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسی صورتِ حال کا بہتر علاج یہ فرماتے ہیں کہ گولیاں کھانے کی بجائے بہی جیسا لذیذ پھل کھا لیا جائے۔

سیٹھا سفرجل ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ جبکہ کھٹا قابض ہے۔ معدہ کے لیے مقوی اور مصلح ہے۔ پیاس کو کم کرتا ہے۔ قے کو روکتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔ نفث الدم اور پیٹ کے السر میں مفید ہے۔ ہیضہ کا بہترین علاج ہے۔ جبکہ اس کی جڑوں کا جوشاندہ یا پتوں کا عرق بھی اپنے فوائد میں تقریباً ایسے ہی ہیں۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور اگر کھانے کے بعد کھایا جائے تو پیٹ سے بوجھ کو اتار دیتا ہے۔ محدثین کے بیان کے مطابق اسے کھانے سے پہلے کھانا زیادہ مفید ہے۔

تازہ سفرجل یا اس کا گودہ طبی ضروریات کے لئے کافی ہیں۔ لیکن اس کو بھون کر یا بھونے کے بعد شہد کے ساتھ ملا کر کھایا جائے تو زیادہ مفید ہوتا ہے۔ شہد اس کی قولنج پیدا کرنے کی مضرت کو دور کر دیتا ہے۔

یہ سانس سے گھٹن کو دور کر کے اسے خوشبودار بناتا ہے۔ ذہبیؒ کے مشورہ کے مطابق اگر اس کے ساتھ عنبر بھی شامل کر لیا جائے تو افادیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اسے کھانے سے پتہ کی شورش میں کمی آتی ہے۔ اسے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کھانے سے جسم کے اکثر مقامات کے ورم تحلیل ہو جاتے ہیں۔ خاص طور پر وہ کیفیات جن میں رطوبت بھی ہو۔ اس غرض کے لیے اسے بھون کر گرم ریت کے ساتھ ملا کر مقامی طور پر لیپ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس کے بیج حلق کی سوزش کو رفع کرتے ہیں اور سانس کی گھٹن دور کرتے ہیں۔ اس کا شہد میں مربہ بہترین غذا اور دوا ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات

استادانِ فن نے اس کے جملہ اثرات کو امراض بطن تک محدود رکھا ہے۔ ہر طبیب نے امراضِ ہضم میں اس کے اثرات کو مختلف اطراف سے دیکھ کر ان کی تعریف کی ہے۔

بہی خون پیدا کرتی ہے۔ قے کو دور کرتی ہے۔ پیاس بجھاتی ہے۔ معدے کو طاقت دیتی ہے دل اور جگر کو تقویت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ اس کو بھون کر کھانے سے جن کو بھوک نہ لگتی ہو لگنے لگتی ہے۔ جگر کے سدے کھولتی ہے جن عورتوں کو مٹی کھانے کی عادت ہوتی ہے اگر وہ بہی کھائیں تو مٹی کھانے کی عادت جاتی رہتی ہے۔ پکی ہوئی بہی کھانے سے خوراک جلد ہضم ہو جاتی ہے۔ بعض اطبار نے لکھا ہے کہ زیادہ بہی کھانے سے جذام پیدا ہو جاتا ہے (یہ بات قطعاً غلط ہے۔ کیونکہ جذام ایک متعدی بیماری ہے جو جراثیم کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے بہی یا کسی اور چیز کے کھانے سے کبھی پیدا نہیں ہو سکتی۔) زیادہ کھانے سے ہچکی آتی ہے۔ رعشہ، پیچش اور قولنج پیدا ہوتا ہے۔ ایسے میں پورا پھل کھانے کی بجائے اگر اس کا عرق نکال کر پی لیا جائے۔ قوت زیادہ دیتی ہے۔ مگر قبض پیدا کرتی۔

اس کو بھون کر کھانے سے پرانے دست بند ہو جاتے ہیں۔ عام خوراک تین سے چھ ماشہ ہے۔ اس کا پانی پینے سے حاملہ عورت کے پیٹ کے اندر جنین کو صحت حاصل ہوتی ہے۔ شہد کے ساتھ بھون کر کھانے سے دست

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بند ہوتے ہیں مگر قبض پیدا نہیں کرتی۔ اس کا پینا یا حقنہ پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔

بہی دانہ کا لعاب، شکر ملا کر دینے سے بھی پیشاب کی جلن جاتی رہتی ہے۔ بہی کا مربہ یا شربت منیات کے نشہ کو زائل کرنے میں بہترین ہے۔ منہ کی بدبو جاتی رہتی ہے۔

ویدک طب میں اس کا پانی قے اور پیاس کو کم کرنے کے لئے دیا جاتا ہے اور اس کا لیپ جلے ہوئے زخموں کے لیے مفید قرار دیا گیا ہے۔

گیلانی نے اس کے درخت کے تمام حصوں کو قابض قرار دیا ہے۔ اس کی رائے میں بہی کے جتنے بھی مضر اثرات ہیں اس کے ساتھ شہد ملا کر دینے سے ختم ہو جاتے ہیں۔

اس کے درخت کا گوند پانی میں گھول کر چیونٹیوں کے اور پسوؤں کے بلوں پر چھڑک دیں تو وہ تمام مر جاتے ہیں۔

اطبا نے بہی یا اس کے پھولوں کو روغن زیتون میں ڈال کر اکیس روز دھوپ میں رکھنے کے بعد اس کا روغن بھی تیار کیا ہے۔ اسے ابالنے کے بعد امراض بطن میں جلن قروح اور سدد کو کھولنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

بہی کے رُب اور شربت کے اثرات بھی بہی کی مانند ہیں۔ اگرچہ یہ خوش ذائقہ ہوتے ہیں مگر ان کا فائدہ خالص پھل کی نسبت کم ہوتا ہے۔

بہی دانہ کا لعاب کھانسی کی شدت کو کم کرتا ہے۔ سانس کی نالیوں کو کھولتا ہے اگر کسی اور دوائی کی وجہ سے پیٹ میں جلن ہو یا اس کے استعمال کے بعد ایسا ہونے کا اندیشہ ہو تو یہ لعاب اس سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس سے منہ اور گلے کے چھالے مندمل ہو جاتے ہیں۔ ویدک طب میں جڑ کا جوشاندہ دماغی امراض میں۔ سوزش والے مقامات پر پتوں کا لیپ۔ پھل کا عرق نجار۔ اختلاج قلب میں۔ بھارت کی قدیم ترین دوائی ہے

کیمیاوی ماہیت! - پھل کے اہم اجزاء کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ یہ ٹینک ایڈ پیکٹین۔ اور لیسدار مادے ہیں۔ اس پھل میں ایک جزو عامل MARMELOSIN نام کا پایا جاتا ہے۔ بیجوں کو پیس کر اگر ان کا جوہر ایتھر کے ساتھ نکالا جائے تو ان سے زرد رنگ کا ایک فرازی تیل برآمد ہوتا ہے جسے ایک ماشہ کی مقدار میں اگر کسی کو خالص

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

پلائیں تو اسہال ہو جاتے ہیں۔ بعض ماہرین نے پھل میں ایک لیسدار مادہ کو بھی معلوم کیا ہے جو اپنی ماہیت کے لحاظ سے BALSAM OF PERU سے ملتا جلتا ہے۔ اسی لیسدار چیز کو بعض لوگ روغن بلسان قرار دیتے ہیں۔

اس کے جزو عامل مارمیلوسین کی مقدار عام طور پر ۰.۳۷ فیصدی کے قریب ہوتی ہے مگر یہ آب و ہوا اور زمین کی زرخیزی سے متاثر بھی ہو سکتی ہے۔ جیسے کہ بنگال اور آسام میں پیدا ہونے والے پھلوں میں یہ جوہر پنجاب سے پانچ گنا زیادہ ہوتا ہے۔ یہ زیادہ تر پھل کے مرکزی میٹھے گودے میں ہوتا ہے۔ اس کی ۰.۵ گرام کی مقدار بھی پیشاب اور دست آور ہے۔ نیند لاتا ہے۔ مگر زیادہ مقدار میں دل کی رفتار کو کم کرتا ہے۔

بہار اور اڑیسہ کے درختوں کی چھال سے کوکو کی شکل کا ایک جوہر FAGARINE حاصل ہوا ہے۔ اس کے علاوہ چیٹرجی نے اس سے COUMARIN-UMBILIFERONE اور SKIMMIANINE-MARMINE الکلائیڈ حاصل کئے ہیں۔

پھل سے حاصل ہونے والے فرازی روغن کے اجزاء میں عام شحمی ترشوں کے علاوہ جراثیم کش صلاحیت پائی۔ اس کے بیجوں میں گلوبولین پائی جاتی ہے۔ اور اس کے پتوں اور شاخوں سے دوسری اقسام کے تیل حاصل ہوتے ہیں جن میں سے ایک کی ساخت سنگترے کے تیل کی مانند ہے۔ اس لئے یہ تیل یا پتے اور شاخیں جلا کر کیڑوں مکوڑوں کو بھگانے کا کام لیا جا سکتا ہے۔

اطبا جدید کے مشاہدات

آیورویدک کے ماہرین کے نسخہ "داسا" کا ایک جزو ہے۔ آجکل یورپ میں بہی کا جوس بڑا مقبول ہے۔ QUINCE JUICE اور QUINCE SQUASH کے نام سے بکنے والا یہ مشروب مفرح۔ مقوی کبد اور پیاس کی شدت کو کم کرنے والا قرار دیا گیا ہے۔

اس کا پھل خشک کر کے محفوظ کیا جا سکتا ہے۔ جو کہ قابض اور پرانی پیچش میں بہت مفید ہے۔ یہ نسخہ بچوں کے دستوں میں خاص طور پر مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اور کریم تجویز کی گئی ہے۔ یہ دونوں چیزیں اسہال کی شدت میں اضافہ کر سکتی ہیں۔ کھانڈ کی وجہ سے جراثیم کو افزائش کے بہتر مواقع ملتے ہیں جبکہ کریم کی چکنائی وہاں پر سٹراند اور گیس پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے۔ اسی نسخہ کو جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کی روشنی میں مرتب کیا گیا تو ہر قسم کی پیچش پر مؤثر ہو گیا۔

پہلے نسخوں میں شہد کی آمیزش سے ان کا ذائقہ بھی درست ہو گیا اور تاثیر بہتر ہو گئی۔ جبکہ شربت میں کھانڈ کی جگہ شہد ملانے سے یہ فائدہ مند دوائی بن گئی۔

بھارتی حکومت کے طب یونانی کی ترویج کے ادارہ نے بھی کو تین صورتوں میں استعمال کی سفارش کی ہے۔ غالباً یہ بھی کرنل چوپڑا سے متاثر ہیں۔

۱۔ مغز بیلگرامی کو تازہ پانی میں اچھی طرح حل کر کے شکر ملائیں۔ اسہال و پیچش کے لیے ایک اچھا شربت تیار ہے۔

۲۔ کچا پھل لے کر اسے بھوبھل میں رکھیں جب سرخ ہو جائے تو نکال لیں۔ اس کا ۲۴ سے ۴۰ گرام زمانہ گودا صبح نہار منہ کھلائیں۔ مزمن اسہال میں مفید ہے۔

۳۔ خشک بیلگری کو جوشاندہ دے کر اس کا جوشاندہ اسہال کے لئے پلائیں

سفرجل کے بارے میں مغربی ممالک میں جو تحقیقات ہوئی اس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ دل۔ دماغ اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ قابض ہے۔ جریان خون کو بند کرتا ہے۔ اسہال اور پیچش میں مفید ہے اور مقوی باہ ہے۔

حذاقی نے کچا سفرجل لے کر اسے راکھ میں دبا کر اوپر آگ جلا کر سرخ کیا۔ پھر اس کا گودا نکال کر اس میں پانی میں ابالی ہوئی سونف کا جوشاندہ ملا دیا۔ انہیں اچھی طرح ملانے کے بعد چھان کر یہ شربت اسہال مزمن کے مریضوں کو دن میں چار پانچ مرتبہ چمچہ بھر دیا جاتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ کھانا پینا منع کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ دوائی خالی انتڑیوں پر پوری طرح اثر انداز ہو سکے۔

سفرجل کے گودے کو خشک کر کے اسے پانی میں ابال کر اس میں کھانڈ ملا کر اس

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کرنل چوپڑا نے بہی کے اثرات کا خلاصہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ہندوستان میں اگر مطب کرنے والے یورپی ڈاکٹروں کو بہی نے بڑا متاثر کیا۔ جب اسہال اور پیچش بخار کے بغیر ہوں تو بہی دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔ ان کی مسلسل تعریف کی وجہ سے بہی کو برٹش فارماکوپیا میں بطور مسلمہ دوائی کے شامل کر لیا گیا۔ اس زمانے میں بہی کو ان تین صورتوں میں استعمال کیا جاتا تھا۔

۱۔ تازہ کچے پھل کو ابال کر اس کا جوشاندہ دن میں کئی بار پلایا جائے۔

۲۔ کچے پھل کو خشک کر کے اس کے جوشاندہ کا ایک بڑا چمچہ دن میں کئی بار۔

۳۔ پھل کا گودا نکال کر اس کو خشک کر کے ہوا سے محفوظ ڈبوں میں رکھا جائے۔ اس سفوف کا آدھا چھوٹا چمچہ دن میں دو سے تین بار۔

برطانوی ماہرین کے مشاہدہ کے مطابق بہی کا پیچش کی ایمیبائی قسم پر کوئی اثر نہیں۔ بلکہ یہ شدید اسہال میں بھی اتنی مفید نہیں۔ مگر پرانی پیچش اور اسہال مزمن میں کمال کی چیز ہے۔ ان کے نزدیک یہ اثر اس لیدار مادہ کی وجہ سے ہے جو بہی میں پایا جاتا ہے۔ بہی سے پیچش اور اسہال کا علاج کرنے سے پاخانہ میں آنے والے لیدار مواد آہستہ آہستہ کم ہونے لگتے ہیں۔ بار بار کی حاجت میں کمی آنے لگتی ہے۔ اور شفا ہو جاتی ہے۔

بھارتی ماہرین نے آنتوں پر اس کے اثرات کا تفصیلی مطالعہ کیا ہے۔ ان کے مشاہدات کے مطابق بہی سے جراثیمی پیچش BACILLARY DYSENTRY میں یقینی فائدہ ہوتا ہے۔ ان کی صراحت کے مطابق ایسے مریضوں کو ساتھ میں قبض بھی ہوتا ہے۔ جو آنتوں کی سوزش کو ختم نہیں ہونے دیتا۔ ایسی صورت میں بہی کا شربت زیادہ مفید ہوتا ہے۔ شربت بنانے کے لئے پکے ہوئے پھل کو ململ کے کپڑے میں مسل کر نچوڑتے ہیں جس سے بیج اور چھلکے چھن کر باہر ہو جاتے ہیں۔ پھر اس میں کھانڈ ملا کر دیتے ہیں۔ اس کو لذیذ بنانے کے لئے دہی یا کریم بھی شامل کی جا سکتی ہے۔

ان تمام نسخوں میں دوائی کے ساتھ [illegible] شربت بنانے میں کھانڈ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مشربت کے تین چائے چمچے دن میں چار مرتبہ دینے سے ہیضہ اور اسہال میں فائدہ ہوتا ہے۔ ہیضہ اور اسہال سے صحت یابی کے بعد سفرجل کا گودا ناشتہ میں کھانا تندرستی کے لئے مفید اور ہیضہ کی وبا کے دنوں میں بیماری سے حفاظت کرتا ہے۔ خشک پھل کا گودا ایک ماشہ نہار منہ پیچش میں اکسیر ہے۔ اس سے زیادہ مقدار دیں تو قے آسکتی ہے۔ تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ بیماری اگر پرانی ہو تو خشک پھل کا سفوف زیادہ مفید ہوتا ہے جبکہ نئی بیماری میں شربت یا جوشاندہ مفید ہوتے ہیں۔ سفوف دینے سے ایبائی پیچش میں تدریج صحت ہو جاتی ہے۔

اسطوائی بیماریوں کے علاج میں عالمی شہرت رکھنے والے ڈاکٹر میسنس باہر نے سفرجل کو پیچش۔ اسہال اور آنتوں کے زخموں کی مختلف قسموں میں اکسیر قرار دیا ہے۔ بھارتی ماہرین اور ویدوں نے بیگری کو اجوائن۔ کتھ۔ ادرک۔ پوست انار۔ سپاری آم کی گٹھلی کے مغز کے ساتھ مختلف صورتوں میں ملا کر متعدد نسخے ترتیب دیئے ہیں جن میں ہر ایک عمومی طور پر پیچش اور آنتوں کی سوزش کے بارے میں ہے۔

سفرجل کے درخت کی چھال۔ جڑوں کی چھال اور پتوں کا جوشاندہ دماغی امراض خاص طور پر مالیخولیا۔ مراق۔ اور ہسٹریا میں مفید قرار دیا گیا ہے۔ اسی جوشاندہ کے استعمال سے اختلاج قلب کو بھی فائدہ بتایا جاتا ہے۔

بنگال میں سفرجل کی جڑوں کا جوشاندہ تیسرے اور چوتھے کے بخار۔ (ملیریا) کے لیے ایک مشہور دوائی ہے۔ اس کے پتوں کو کوٹ کر مرہم سوزش والے حصوں پر لگانے سے فوری سکون میسر آتا ہے۔

بہی کا مربہ

ابن القیم رحمہ نے بہی کی بہترین قسم اس کا مربہ قرار دیا ہے۔ یہ بات ٹھیک بھی ہے۔ کیونکہ پھل سال میں صرف دو ماہ ملتا ہے۔ اس لئے اگر بہی کا مربہ بنا لیا جائے تو وہ سارا سال کام دے سکتا ہے۔ مربہ کی ایک شکل تو وہ ہے جو عام طور پر بازار میں ملتی ہے۔ یہاں بہی کو کھانڈ کے ساتھ پکا کر یہ تیار کرتے ہیں۔ مگر اس عمل کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دوران پھل کو نرم کرنے کے لئے جس پانی میں پکایا جاتا ہے۔ وہ پانی پھینک دیتے ہیں۔
ان کی تحقیقات کے مطابق بہی پھل کو دھو کر چھلکا اتارے بغیر اس کی چھوٹی چھوٹی قاشیں بنالی جائیں۔ ان قاشوں کو پانی میں ڈال کر اچھی طرح پکایا جائے جب یہ نرم ہو جائیں تو اس پانی میں شہد ملا کر پھر پکائیں۔ جب اس کی مربہ کی مانند تار بندھ جائے تو اسے اتار کر کسی اُبلے ہوئے برتن میں ڈال دیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ ارشادِ گرامی جو حضرت انس رضؓ کی وساطت سے میسر آیا کے مطابق اسے نہار منہ کھایا جائے۔ یہ مربہ دل کے مریضوں کے علاوہ آنتوں میں السر۔ الہتاب۔ پرانی کھانسی۔ دمہ۔ دل کے پھیلاؤ اور پرانی پیچش کے مریضوں کو دیا گیا۔ اکثر اوقات مربہ کی چند قاشوں اور شربت کے دو تین چمچوں کے علاوہ مریض کو کسی قسم کی کوئی اور دوا نہ دی گئی اور وہ فضلِ الٰہی کی بدولت اتنے میں ہی ٹھیک ہو گیا۔

محدثین نے بہی کے استعمال میں "تحفۃ الفواد" کے ترجمہ میں دل کی جھلیوں کی جس سوزش کا تذکرہ کیا ہے۔ اس میں بہی کا گودا اسکھا کر سفوف کر کے چھوٹا چمچہ۔ صبح۔ شام بشہد کے شربت کے ساتھ کھانا زیادہ مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تربُوز ــــ البطیخ WATERMELON

CITRULLUS LANATUS

عربی میں بطیخ تربوز کو کہتے آئے ہیں۔ محدثین نے بطیخ کو تربوز قرار دیا ہے۔ مگر آجکل کی عربی میں یہ گڑبڑ ہوگیا ہے۔ عرب میں بطیخ خربوزہ کو کہا جاتا ہے اور تربوز کو جب جب کہتے ہیں۔ حجازیوں نے ان دونوں عربی کے اور الفاظ میں بھی مشکل پیدا کردی ہے جیسے کہ لبن۔ پرانی عربی میں لبن دودھ کو کہتے آئے ہیں۔ آجکل دہی کو لبن اور دودھ کو حلیب کہا جاتا ہے البتہ بعض لوگ صراحت کے بدنظر دہی کو "لبن حامض" کہتے ہیں۔

تربوز دنیا کے اکثر گرم ملکوں میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ کے ہر ملک میں پایا جاتا ہے۔ ہندوپاکستان میں بھی عام ملتا ہے۔ امریکی ریاست کیلی فورینا کا تربوز اپنی سرخی اور حلاوت میں مشہور ہے۔ کہتے ہیں کہ ریتیلے علاقوں کا تربوز زیادہ میٹھا ہوتا ہے۔ نجد۔ حجاز کے بعض علاقوں کا تربوز واقعی بڑا لذیذ ہوتا ہے۔ مگر حجاز میں خلیجی علاقوں سے درآمد ہوئے تربوز اتنے عمدہ نہیں ہوتے۔ دنیا میں اس وقت پاکستان کے ضلع سکھر کے علاقہ گڑھی یٰسین کے تربوز ذائقہ اور حجم میں بہترین مانے جاتے ہیں۔

تربوز کی عمدگی اس کے گودے کی سرخی اور مٹھاس پر قرار دی جاتی ہے ملاوٹ کے اس دور میں دیکھا گیا ہے کہ پھل فروش سرخ منگ میں سکرین ملا کر تربوزوں میں انجکشن لگا کر ان کو مصنوعی طور پر سرخ اور میٹھا کر لیتے ہیں۔

بنیادی طور پر یہ افریقہ کا پھل ہے جو سیاحوں کی بدولت دنیا بھر میں مقبول ہوگیا آجکل پاکستان میں چین کے درآمدی بیج سے چھوٹے حجم کے ایسے تربوز کثرت سے پیدا ہو رہے ہیں جو لذیذ بھی ہیں۔ پھل وزنی ہونے وجہ سے اس کی بیل زمین پر رینگنے والا ہے۔ بیج بونے سے چار ماہ میں پھل پک کر تیار ہو جاتا ہے۔ کچے ہوئے پھل کی پہچان میں کہا جاتا ہے کہ اگر اس

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

پر ہلکا ہاتھ ماریں تو جواب میں مدھم آواز اس کی علامت ہے

ماہرین زراعت نے اس کے حجم اور چھلکے کے بیرونی رنگ کی مناسبت سے اس کی کئی قسمیں بیان کی ہیں جن کے نام علاقہ میں مختلف ہیں۔ اس کا اوپر کا چھلکا تقریباً دو سنٹی میٹر موٹا ہوتا ہے۔ اندر نرم گودا جس میں کافی تعداد میں سخت چھلکے والے بیج پائے جاتے ہیں۔ پھل جلد خراب نہیں ہوتا۔ اگر اسے ٹھنڈے اور خشک کمرے میں رکھا جائے تو مکمل اور ذائقہ ۲۰-۱۵ دن تک قائم رہتے ہیں۔

ارشاداتِ نبویؐ

محدثین کی اکثریت تربوز کے بارے میں صرف ایک حدیث کو ثقہ قرار دیتی ہے۔ حضرت سہل بن سعدؓ الساعدی روایت فرماتے ہیں۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یاکل الرطب بالبطیخ

(ابن ماجہ۔ ترمذی)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم تازہ پکی ہوئی کھجوروں کے ساتھ تربوز کھایا کرتے تھے

اس حدیث کے الفاظ میں سنن ابوداؤد میں یہ اضافہ ملتا ہے۔

ویقول یکسر حرہ ھذا ببرد ھذا وبرد ھذا بحر ھذا

(اور فرمایا کرتے تھے کہ اس کی گرمی کو اس کی ٹھنڈک مار دیتی ہے اور اس کی ٹھنڈک کو اس کو گرمی مار دیتی ہے۔)

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

البطیخ طعام وشراب وریحان یغسل المثانۃ وینظف البطن، ویکسر ماء الظہر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ویعین علی الجماع، وینقی البشرة ویقطع
الابدة۔ (مسند فردوس۔ الرافعی
کتاب البطیخ ابو عمر)

تربوز کھانا بھی ہے اور مشروب بھی ریحان کے ساتھ۔ یہ مثانہ کو دھو کر صاف کر دیتا ہے۔ پیٹ کو صاف کرتا ہے۔ کمرے سے پانی نکال دیتا ہے۔ باہ میں اضافہ کرتا ہے۔ چہرے کو نکھارتا ہے اور جسم سے ٹھنڈک کو ختم کرتا ہے)

ذہبیؒ نے یہ روایت اسی طرح بیان کی ہے۔ جبکہ کنز العمل نے حدیث کی ابتداء

"فی البطیخ عشر خصال"

سے شروع کیا ہے۔ باقی عبارت وہی ہے۔ البتہ تربوز کے ساتھ ریحان کا تذکرہ نہیں۔ عمات بنی صلی اللہ علیہ وسلم ان سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے فرمایا۔

البطیخ قبل الطعام یغسل البطن غسلاً
ویذھب بالداء اصلا۔

(ابن عساکر)

(کھانے سے پہلے تربوز کھانے سے پیٹ دھل کر صاف ہو جاتا ہے اور یہ بیماریوں کو نکال دیتا ہے)

ابن عساکر اس حدیث کے سلسلہ کو یقینی قرار نہیں دیتا اور ابن القیم اس عبارت کو اطبا کا قول بیان کرتے ہیں۔

محدثین کے مشاہدات

اکثر محدثین نے بیان کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پھلوں میں انگور اور تربوز بہت پسند تھے اور وہ انہیں شوق سے کھایا کرتے تھے۔

تربوز کا ہر حصہ مدر البول ہے۔ جلد سفم ہوتا ہے۔ گردہ اور مثانہ سے پتھری کو

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

نکالتا ہے۔ معدہ سے غلاظت کو نکال کر پیٹ کو صاف کرتا ہے۔ بخار کے مریضوں کو اسے سرکہ کی سکنجبین کے ساتھ دینا مفید رہتا ہے۔ اور سوء ہضم میں ادرک یا سونٹھ ملا کر دینے سے اور مفید ہو جاتا ہے۔ اسے کھانے سے چہرے کے ورم اتر جاتے ہیں اور رنگت صاف ہو جاتی ہے۔ ابو محمد الغسانی کی عادت تھی کہ وہ جب بھی تربوز کھانے لگتے تو کاٹنے سے پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کر لیتے اور تربوز ہمیشہ میٹھا نکلتا۔

کچھ لوگوں نے اسے کھیرے اور ککڑی سے زیادہ مفید قرار دیا ہے۔ اگر کسی کو جسم میں ٹھنڈک محسوس ہوتی ہو تو وہ اسے ادرک کے ساتھ کھائے۔ یہاں پر ٹھنڈک سے مراد جسم کی قوت مدافعت میں کمی ہے۔ روایات سے پتہ چلتا ہے کہ اسے کھانے سے جسم میں بیماریوں کا مقابلہ کرنے کی استعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔

کیمیاوی ماہیت

تربوز کے پکنے کی اہم علامت یہ ہے کہ بیل کے ساتھ جوڑنے والی شاخ ڈنڈی سے خشک ہو کر سوکھ جاتی ہے اس کے کیمیاوی اجزاء میں زیادہ تر پروٹین۔ اور ایک جوہر سٹرولین بیان کئے جاتے ہیں۔ بعض لوگوں نے اس میں سے ایک تیل بھی نکالا ہے۔ اس تیل کے علاوہ تربوز میں تمام وٹامین معقول مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ ایک تندرست شخص کو روزانہ تین ملی گرام وٹامین ب کی ضرورت ہوتی ہے جبکہ ایک سو گرام میں یہ وٹامین تیس ملی گرام ہوتی ہے۔ اسی طرح وٹامین ب مرکب کے دوسرے تمام اجزاء اور وٹامین ل اور ج بھی پائے جاتے ہیں۔ اس میں فولاد کی قابل ہضم شکل ملتی ہے۔ آنتوں کی جلن کو رفع کرنے والے جوہروں کے علاوہ اس میں اسہال کو روکنے والے عناصر بھی ملتے ہیں۔ اس میں پانی جانے والی مٹھاس پکنے سے بڑھتی ہے اور اس کا استعمال ذیابیطس کے مریضوں کے لئے نقصان دہ نہیں ہوتا۔ اس کے جوہر بھوک لگاتے ہیں۔

جدید مشاہدات

بنیادی طور پر تربوز مفرح۔ پیشاب آور۔ پیٹ سے جلن اور سوزش کو رفع کرنے والا۔ غذائیات سے بھرپور ہے۔ اس کے بیج پیٹ سے کیڑے نکالتے ہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اس کا جوس پیاس کو بجھاتا ہے۔ اس کے جوس میں کھانڈ اور زیرہ ملا کر گردہ مثانہ اور پیشاب کی نالی کی سوزشوں میں دینا مفید ہے۔ یہ نخمہ جگر کی سوزش اور یرقان میں بھی مفید ہے۔ تربوز کھانے سے معدہ اور آنتوں کے زخم مندمل ہو جاتے ہیں۔ اس میں بھی کی طرح PECTIN کی موجودگی اسے اسہال اور پیچش میں بھی مفید بنا دیتی ہے۔ سندھ میں پایا جانے والا جنگلی تربوز "کہ بت" کڑوا ہوتا ہے مگر وہ بھوک بڑھاتا اور قبض میں مفید ہے۔ حکیم صفی الدین نے اسے مسکن حرارت۔ مدر البول قرار دیا ہے۔ کثرت صفرا اور پیاس کی زیادتی۔ سوزشِ معدہ۔ پیشاب کی نالیوں کی سوزش۔ خشونت حلق۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری اور تپ محرقہ میں مفید بیان کیا ہے۔ اس میں غذائی عناصر کی مقدار اسے جسم کے لیے مقوی بلکہ وزن کو بڑھانے والا بنا دیتی ہے۔ اس غرض کے لئے آب تربوز کے علاوہ اس کے تخم کا شیرہ بھی کار آمد ہے۔ تربوز سے ایک مشہور یونانی دوائی معوق آب تربوز والا تیار کی جاتی ہے۔ اس کے بیجوں سے ایک روغن بھی حاصل کیا جاتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

جَو ـــــ شعیر

HORDEUM VULGARE

جو خودرنی اجناس میں سے ایک عام چیز ہے جو ایک گندم سے پہلے تیار ہوتے ہیں۔ گندم کے کھیتوں میں جو بھی پائے جاتے ہیں۔ عربی اور فارسی میں انہیں شعیر سنسکرت میں "باوا" اور انگریزی میں BARLEY کہتے ہیں۔ اگرچہ یہ کاشت کیے جاتے ہیں مگر اس کی خودرو قسم بھی پائی جاتی ہے۔

جو کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جو بہت پسند تھے۔ ان کی ذاتِ گرامی کے ساتھ ان کا واسطہ بطور روٹی۔ بطور دلیہ اور بطور ستو احادیث سے پتہ چلتا ہے۔

جو کی روٹی

عہد رسالت میں عام طور پر لوگ جو کی روٹی کھاتے تھے یا گندم اور جو ملا کر روٹی پکائی جاتی تھی۔ بلکہ گیہوں کی روٹی تقریباً تک مجدور تھی۔

مسجد نبوی کے دروازے پر ایک خاتون چقندر کی جڑیں اور ثابت جو ملا کر ان کی شب دیگ پکا کر نمازِ جمعہ کے بعد بیچنے آیا کرتی تھیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ پکوان ایسا پسند تھا کہ لوگ جمعہ والے دن کا انتظار کیا کرتے تھے۔

حضرت ام المنذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ تشریف لائے ہمارے یہاں کھجور کے لٹکے ہوئے خوشے موجود تھے وہ ان کی خدمت میں پیش کئے گئے۔ اس میں سے دونوں نے تناول فرمایا۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ تھوڑے کھا چکے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روک دیا اور فرمایا کہ تم ابھی بیماری سے اٹھے اور کمزور ہو مزید مت کھاؤ۔ اس کے بعد

Digitized By eGangotri

ثالث نجلت لھم سلقاً والشعیر فقال النبی

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

B

صلی اللہ علیہ وسلم یا علی من هذا
ناصب فانه اوفق لك ۔

(ابن ماجہ۔ مسند احمد۔ ترمذی)

(اس خاتون نے ان کے لیے جو اور چقندر تیار کیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے علیؓ کو کہا کہ تم اس میں سے کھاؤ کہ یہ تمہارے لیے بہتر ہے)

اس واقعہ میں حضرت علیؓ بیماری سے اٹھے تھے اور ان کی کمزوری کو دور کرنا ضروری تھا۔ جس کے لیے جو کی روٹی اور چقندر کو بہترین غذا قرار دیا۔

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک درزی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی اور اس نے جو کی روٹی کے ساتھ کدو گوشت پکایا۔ حضورؐ بڑی محبت کے ساتھ سالن سے کدو کے ٹکڑے تلاش کر کے تناول فرماتے رہے۔

(بخاری۔ مسلم)

عن یوسفؓ بن عبداللہ بن سلام
قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخذ کسرة
من خبز الشعیر فوضع علیها تمرة فقال هذه
ادام هذه و اکل

(ابوداؤد)

(یوسف بن عبداللہ بن سلامؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے جو کی روٹی کا ٹکڑا لیا اس کے اوپر کھجور رکھی اور فرمایا کہ یہ اس کا سالن ہے۔ اور کھالیا)

جو کا دلیا

جو کوٹ کر انہیں دودھ میں پکانے کے بعد مٹھاس کے لیے۔ اس میں شہد ڈالا جاتا تھا۔ اسے تلبینہ کہتے ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان فرماتی ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اذا اخذ احدا من اهله الدعك امر بالحساء من
الشعير فصنع، ثم امرهم فحسوا منه، ثم يقول
انه ليرتو فؤاد الحزين ويسو فؤاد السقيم
كما تسرو احدكن الوسخ بالماء عن
وجهها

(ابن ماجہ)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل خانہ میں سے جب کوئی بیمار ہوتا تھا تو حکم ہوتا تھا کہ اس کے لیے جو کا دلیا تیار کیا جائے۔ پھر فرماتے تھے کہ بیمار کے دل سے غم کو اتار دیتا ہے اور اس کی کمزوری کو یوں اتار دیتا ہے جیسے کہ تم میں سے کوئی اپنے چہرے کو پانی سے دھو کر اس سے غلاظت اتار دیتا ہے)۔

اسی متلے پر حضرت عائشہ رضؓ کی ایک روایت میں اسی واقعہ میں اضافہ یہ ہوا کہ جب بیمار کے لیے دلیا پکایا جاتا تھا تو دلیا کہ ہنڈیا اس وقت تک چولہے پر چڑھی رہتی تھی جب تک کہ وہ یا تو تندرست ہو جاتے یا فوت ہو جاتے

اس سے معلوم ہوا کہ گرم گرم دلیا مریض کو مسلسل اور بار بار دینا اس کی کمزوری کو دور کرتا ہے اور اس کے جسم میں بیماری کا مقابلہ کرنے کی استعداد پیدا کرتا ہے۔

عن عائشه انها كانت تامر بالتلبينة
وتقول هو البغيض النافع

(بخاری)

(حضرت عائشہ بیمار کے لیے تلبینہ تیار کرنے کا حکم دیا کرتی تھیں۔ اور کہتی تھیں کہ اگرچہ بیمار اس کو ناپسند کرتا ہے لیکن وہ اس کے لیے از حد مفید ہے)

پریشانی اور تھکن کے لیے بھی تلبینہ کا ارشاد ملتا ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ فرماتی ہیں۔

انها كانت اذا مات الميت من

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اهلها. فاجتمع لذلك النساء ثم تفرقن
الا اهلها وخاصتها امرت ببرمة من
تلبينة فطبخت. ثم وضع ثريد. فصبت التلبينة
عليها. ثم قالت كلن منها فانی سمعت
النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول التلبینة
مجمة لفواد المریض تذهب ببعض
الحزن۔

{ بخاری۔ مسلم۔ ترمذی
النسائی۔ مسند احمد }

(جب حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کے گھرانے میں کوئی وفات ہوتی اور دن بھر افسوس کرنے والی عورتیں آتی رہتیں۔ جب باہر کے لوگ چلے جاتے اور گھر کے افراد اور خاص خاص لوگ رہ جاتے تو وہ تلبینہ تیار کرنے کا حکم دیتیں۔ پھر ثرید تیار کیا جاتا۔ تلبینہ کی ہنڈیا کو ثرید کے اوپر ڈال دیتے۔ اور کہا کرتی تھیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ یہ مریض کے دل کے جملہ عوارض کا علاج ہے اور دل سے غم کو اُتار دیتا ہے)

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کی ایک اور روایت میں جب کوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی کمی کی شکایت کرتا تو آپ اسے تلبینہ کھانے کا حکم دیتے اور فرماتے کہ اس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے یہ تمہارے پیٹوں سے غلاظت کو اسطرح اتار دیتا ہے جس طرح کہ تم میں سے کوئی اپنے چہرے کو پانی سے دھو کر صاف کر لیتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی زندگی میں سب سے پسند کھانا ثرید تھا اور اس کے بعد مریض کے لئے انہیں تلبینہ سے بہتر کوئی چیز پسند نہ تھی۔ اس میں جو کے فوائد کے ساتھ ساتھ شہد کی افادیت بھی شامل ہو جاتی تھی۔ گو وہ اسے گرم گرم کھانے۔ بار بار کھانے اور خالی پیٹ کھانے کو زیادہ پسند کرتے تھے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ستّو

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ستّو بہت پسند تھے۔ یوں تو عرب میں ستّو گندم سے بھی بنائے جاتے تھے مگر ان کو جو سے بنے ہوئے ستّو پسند تھے۔ غزواتِ نبویؐ میں ایک جنگ "غزوۃ السویق" کے نام سے مشہور ہے۔ جنگِ اُحد کے فوراً بعد ابی سفیان ۲۰۰ آدمی لے کر اس غرض کے لئے مدینہ آیا کہ وہ مقامی یہودیوں کی امداد سے مسلمانوں پر شب خون مارے گا۔ یہودی ابھی تذبذب میں تھے کہ دشمن کی آمد کی اطلاع بارگاہِ نبویؐ میں ہوئی۔ حضورؐ اپنے لشکر کے ساتھ سوار ہو کر ان کے مقابلہ کو نکلے تو دشمن مقابلہ کے بغیر بھاگ گیا۔ مارے دہشت کے وہ اپنا سامان حتّٰی کہ راستے کا کھانا بھی چھوڑ گئے۔ یہ کھانا ستوؤں کے تھیلوں پر مشتمل تھا۔ اس طرح مسلمانوں کے ہاتھ ستوؤں کی ایک مقدار آئی اور یہ جنگ اسی مناسبت سے "جنگِ سویق" کہلائی۔

فتح خیبر کے موقع پر نبی صلّی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کے ساتھ نکاح فرمایا۔ اگلے روز حضرت انس بن مالک کو ہدایت فرمائی کہ وہ لوگوں کو صفیہ کے ولیمہ کی دعوت پر بلا لائیں۔ ترمذی اور ابن ماجہ کی روایات کے مطابق ولیمہ میں کھجوریں اور ستّو تھے۔ بخاری کی روایت کے مطابق ستو۔ کھجور اور گھی سے حلوہ بنا کر مہمانوں کی تواضع کی گئی۔

النسائیؒ اور مسند احمد بن حنبلؒ کی روایات بھی نبی صلّی علیہ وسلم نے روزہ کھولنے میں اکثر ستوؤں کا شربت نوش فرمایا۔ ابو داؤد کی ایک روایت میں نبیذ کے مقابلے میں کسی نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو طعنہ دیا کہ ان کے چہیتے بھانجے لوگوں کو شہد، ستو اور دودھ پلاتے ہیں۔

عن ابی بردۃ قال قدمت المدینۃ
فلقیني عبد اللہ بن سلام فقال لی انطلق الی
المنزل فاسقیك فی قدح شرب فیہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصلی فی
مسجد صلی فیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم،
فانطلقت معہ فاسقانی سویقا وأطعمنی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تمرا وصلیت فی مسجدہ۔

(بخاری)

(ابو) بردہ کہتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ میں داخل ہوا تو میری ملاقات حضرت عبداللہ بن سلام رضؓ سے ہوئی۔ انہوں نے مجھے اپنے پاس اترنے کی دعوت دے کر فرمایا کہ میں تمہیں اس پیالہ میں پلاؤنگا جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے پیا اور اس مسجد میں نماز پڑھواؤنگا جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے نماز پڑھی۔ پس میں ان کے پاس اتر گیا اور انہوں نے مجھے ستو اور کھجور کھلائے۔ اور میں نے اِن کی مسجد میں نماز پڑھی۔

اسی حدیث کو مختصر صورت میں بھی بخاری ہی نے سعید بن بردہ سے بیان کیا ہے جنہوں نے اسے اپنے والد محترم سے روایت کیا ہے۔

اتیت المدینۃ فلقیت عبداللہ بن سلام رضؓ فقال الا تجی فاطعمک سویقا و تمر۔

ستو پینے کے بارے میں النسائی۔ ابوداؤد۔ بخاری۔ ابن ماجہ۔ ترمذی اور احمد بن حنبل رحؒ نے اکیس احادیث بیان کی ہیں جبکہ ستو ان کے علاوہ دوسری احادیث میں بھی مذکور ہیں۔

جنگ کے دوران مجاہدین کا راشن ستو اور کھجور پر مشتمل رہا ہے۔ اور اس غذا سے ان کو اتنی تقویت حاصل ہوئی تھی کہ وہ سفر کی صعوبتیں برداشت کرنے کے علاوہ دشمن سے مقابلہ میں جسمانی برتری ثابت کرتے تھے۔ دن بھر کے روزہ کی کمزوری کو رفع کرنے کے لئے افطاری کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے ہمیشہ ستو پسند فرمائے۔

محدثین کے مشاہدات

جو کھانے سے قوت حاصل ہوتی ہے۔ شاید یہی مشاہدہ تھا جسے علامہ اقبال نے اپنے ایک شعر میں بیان کیا ہے۔

ہے جہاں میں نان شعیر پر
مدار قوتِ حیدری

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

جو جسمانی کمزوری کے علاوہ کھانسی اور حلق کی سوزش کے لئے مفید ہیں۔ معدہ کی سوزش کو ختم کرتے ہیں جسم سے غلاظتوں کا اخراج کرتے ہیں۔ پیشاب آور ہیں۔ پیاس کو تسکین دیتے ہیں۔ ابن القیمؒ نے جو کے پانی کو پکانے کا جو نسخہ بیان کیا ہے۔ اس کے مطابق جو کے ان سے پانچ گنا پانی ان میں ڈالا جائے پھر انہیں اتنا پکایا جائے کہ پانی دودھیا ہو جائے اور اس کی مقدار میں کم از کم ایک چوتھائی کی کمی آجائے .... (اس غرض کے لئے اگر ثابت جو استعمال کرنے کی بجائے جو کا دلیہ استعمال کیا جائے تو جو سے حاصل ہونے والے فوائد اور زیادہ ہو جائیں گے)۔

یہ امر صریح ہے کہ پکنے کے بعد جو کا پانی فوری اثر کر کے طبیعت کو بشاش بناتا جسم کو کمزوری کا مقابلہ کرنے کے لئے غذا مہیا کرتا ہے۔ اگر اسے گرم گرم پیا جائے تو اس کا اثر فوری شروع ہو کر جسم میں حرارت پیدا کرتا۔ مریض کے چہرے پر شگفتگی لاتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کے فوائد میں دو اہم باتیں ارشاد فرماتی ہیں۔

- مریض کے دل سے بوجھ کو اتار دیتا ہے۔
- غم اور فکر سے نجات دیتا ہے۔

کیمیاوی ساخت

برطانوی محقق چرچ نے جو کا ان الفاظ میں کیمیاوی تجزیہ بیان کیا ہے۔

ALBUMINOIDS	۱۱٫۵
STARCH	۷۰
FAT	۱٫۳
FIBRE	۲٫۶
ASH	۲٫۱
WATER	۱۲٫۵

LEUCOSIN-GLUTEN اس میں چکنائی تیل کی مرکب صورت میں نیمیات

SILICIC -PAUMATIC نائٹروجن کے کیمیاوی مرکب ——— کی شکل میں ALBUMI

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

HYPOXANTHINES اور انکے علاوہ PHOSPHORIC-LAUKIC ACIDS

بھی ملتے ہیں۔ نشاستہ خوردنی اجناس کا لازمی حصہ ہے۔ نشاستہ کے وہ دانے جو گندم میں پائے جاتے ہیں جو سے بڑے ہوتے ہیں۔

برٹش فارما کوپیا نے جو سے MALT EXTRACT تیار کرنے کا مشورہ دیا ہے جس میں لحمیات کی مقدار چار فیصدی۔ نشاستہ اور شکر کو ہضم کرنے والے جوہر اور وٹامن پائے جاتے ہیں۔ عام حالات میں مالٹ ایکسٹریکٹ بدمزہ دوائیوں خاص طور پر مچھلی کے تیل کے ذائقہ کی اصلاح کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر برٹش فارما کوپیا کی تعریف کے مطابق یہ بذاتِ خود بھی توانائی کا ذریعہ ہے۔

بعض کیمیا دانوں نے جو میں سنکھیا کی موجودگی کا ذکر کیا ہے۔ ندکارنی نے حکومت اترپردیش کے حوالہ سے جو میں سنکھیا کی مقدار ایک ہزار گرام میں پچاس ملی گرام بیان کی ہے۔ جبکہ برطانوی معیار سے دس لاکھ میں اس کا زیادہ سے زیادہ ایک حصہ ہو سکتا ہے۔

کتب مقدسہ میں جو کا ذکر۔

توریت۔ زبور اور انجیل میں جو کا ذکر اکیس مرتبہ آیا۔ جن سے ان کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔

..... اگر کوئی شخص اپنے موروثی کھیت کا کوئی حصہ خداوند کے لئے مقدس قرار دے تو قیمت کا اندازہ کرتے وقت یہ دیکھنا کہ اس میں کتنا بیج بویا جائیگا۔ جتنی زمین میں ایک خومر کے وزن کے برابر جو بو سکیں اس کی قیمت چاندی کی پچاس مثقال ہو۔ (احبار ۱۶:۲۷ : ۲۷)

وحی میں مذکور اچھی چیزوں کا ایک تذکرہ توریت میں ان کے فوائد کے ساتھ یوں مذکور ہے۔

..... وہ ایسا ملک ہے جہاں گیہوں اور جو اور انگور اور انجیر کے درخت اور انار ہوتے ہیں۔ وہ ایسا ملک ہے جہاں روغن دار زیتون اور شہد بھی ہے۔ اس ملک میں روٹی تجھ کو بافراط ملے گی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اور تجھ کو کسی چیز کی کمی نہ ہوگی کیونکہ اس ملک کے پتھر بھی لوہا ہیں

(استثناء ۔ ۸ : ۷ ۔ ۹)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے حواریوں میں عام خوراک جو کی روٹی اور مچھلی تھی۔ ان کے اجتماعی کھانے کی روئیداد انجیل مقدس میں یوں مذکور ہے۔

..... یہاں ایک لڑکا ہے جس کے پاس جو کی پانچ روٹیاں اور دو مچھلیاں ہیں۔ مگر یہ اتنے لوگوں میں کیا ہیں؟

..... چنانچہ انہوں نے جمع کیا اور جو کی پانچ روٹیوں کے ٹکڑوں سے جو کھانے والوں سے بچ رہے تھے بارہ ٹوکریاں بھریں۔

(یوحنات ۔ ۶ : ۹/۱۳)

اسی حزقی ایل میں بھی جو کہ روٹیوں اور ان کو پکانے کے ساتھ مختلف دالوں کا ذکر ملتا ہے۔ مگر اہم تذکرہ پہلی روایت کا ہے جس میں وہ تمام چیزیں آگئیں جن کا قرآن مجید اور بارگاہ نبوت سے بطور اچھی چیزوں کے ذکر ہوا۔ اس کے بعد ان کے فوائد کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا گیا کہ اس ملک میں جہاں یہ چیزیں ہیں پتھر بھی فولاد کی طرح مضبوط ہو جاتے ہیں۔ پھر وہ انسان جو ان چیزوں کو کھائیگا کیسے کمزور رہ سکتا ہے۔

اطباء قدیم کے مشاہدات

جو کہ بارے میں حکماء قدیم نے بڑے اہم تجربے کئے ہیں۔ بوعلی سینا نے لکھا کہ جو کھانے سے خون پیدا ہوتا ہے وہ معتدل۔ صالح اور کم گاڑھا ہوتا ہے۔ فردوس الحکمت میں لکھا ہے کہ جو کو اس کے وزن سے پندرہ گنا پانی میں اتنی دیر تک آگ پر پکایا جائے کہ تہائی حصہ اڑ جائے۔ یہ پانی جسم کی تقریباً ایک سو بیماریوں میں مفید ہے۔ شمس الدین تبریزی اسے فوائد کے لحاظ سے گندم سے کم تر درجہ دیتا ہے۔ گو وہ گندم سے فضیلت دیتا ہے کہ جسم کی گرمی اور تپش کو کم کرتا ہے

ویدک طب میں اسے بھاری پن کو کم کرنے والا۔ چہرے کو نکھارنے والا پیٹ کو کم کرنے والا قرار دیا جاتا ہے۔ بدن کو مضبوط کرتا ہے۔ پٹھے مجلد ہم ہو جاتے ہیں اس لئے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کمزوری اور بدہضمی کے مریضوں کے لئے غذا اور دوا ہے۔ وید اسے بھوک بڑھانے کا باعث مانتے ہیں۔ پیٹ سے ہوا نکالنا اور ملین ہے۔ اس کا گرم پانی پینے سے گلے کی سوزش میں کمی آتی ہے۔

اس کا حریرہ قابض دواؤں کے ساتھ دست روکتا ہے۔ جو کا آٹا گوندھ کر اس میں چھاچھ ملا کر پینے سے صفراوی قے۔ پیاس کی شدت اور معدہ کی سوزش میں فائدہ ہوتا ہے۔

اطبا نے اعصابی دردوں۔ اورام۔ سوزشوں اور خارش کی مختلف اقسام میں جو کے استعمال کی مفید بتایا ہے۔ جو کا آٹا سرکہ میں گوندھ کر ہر قسم کی خارش میں لگانا مفید ہے۔ سر کی پھپھوندی کو دور کرتا ہے۔ جو کے آٹے کو شہد کے پانی میں گوندھ کر لیپ کریں تو بلغمی اورام تحلیل ہوتے ہیں۔ سفرجل (بہی) کا چھلکا اتار کر اسے جو اور سرکہ کے ساتھ پیس کر جوڑوں کے درد اور اعصابی دردوں پر لگانا نفع آور ہے۔ جو کے ساتھ تخم خیارین پیس کر پوری۔ پستان کے درد پر لگانا مفید ہے۔

جو اور گیہوں کی بھوسی کو پانی میں ابال کر اس پانی سے کلیاں کریں تو دانت کا درد جاتا رہتا ہے۔

جدید تحقیقات

اپنے افعال اور اثر کے لحاظ سے جو مقوی غذا۔ مقامی طور پر قابض اور تپش کو مقامی طور پر تسکین دینے والے ہیں۔

انگریزی جو کے چار بڑے چمچے (۲½ اونس) چار سیر پانی میں اتنی دیر پکاتے جائیں کہ پانی نصف رہ جائے۔ یہ پانی بخاروں کی تپش۔ پیشاب کی جلن۔ مثانہ کے ناسور کی جلن اور آنتوں کی سوزش میں مفید ہونے کے علاوہ غذائی کمی میں بھی مددگار ہے۔ اس پانی میں دودھ اور کھانڈ ملاتے جا سکتے ہیں۔ بعض لوگ اس میں لیموں نچوڑ لیتے ہیں۔ اگر لیموں ڈالا جائے تو پھر دودھ شامل نہ کیا جائے۔ اس نسخے کا موازنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نسخے سے کریں تو اس کی افادیت میں اضافہ کی اچھی راہ نکل آتی ہے۔ حضورؐ کے نسخہ میں جو کا دلیا دودھ اور شہد میں پکایا جاتا ہے۔ اسی ترتیب سے جو ابال کر ان میں شہد ملا کر دیا جائے تو اس میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

غذائیت بھی بڑھے گی اور مقامی طور پر زیادہ سکون آور ہوگی۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔

ان الخاصرة عرق الكليه اذا تحرك

اذى صاحبها فداوها بالماء المحرق

والعسل۔

(ابوداؤد، مستدرک الحاکم۔ الحارث، ابونعیم)

(گردے کا مرکز اس کی جان ہے۔ اگر اس میں سوزش ہو جائے تو جس کا گردہ ہے اسے بڑی اذیت ہوتی ہے۔ اس کا علاج اُبلے ہوئے پانی میں شہد ملا کر دینے سے کرو)

پانی کو ابالتے وقت اگر اس میں جو بھی شامل کر لیں تو فوائد سہ گنا ہو جائیں گے۔ یہ لذیذ شربت گردوں کی ہمہ اقسام کی سوزشوں۔ مثانہ کی سوزش اور معدہ کے السر میں کسی بھی دوائی سے زیادہ مفید اور فوری طور پر مؤثر پایا گیا۔

بھارتی ماہرین نے زچہ کے دستوں میں جو کے ساتھ مسور کی دال کو ابال کر یا یخنی میں جو ڈال کر دینا کمزوری کے لئے بھی مفید بیان کیا ہے۔ انہوں نے معدہ۔ آنتوں اور گلے کی سوزش کے لئے یہ نسخہ بڑا مجرب بیان کیا۔

انجیر خشک (توڑ کر)	۲ ½ اونس
منقہ "	۲ ½ اونس
سفوف ملٹھی	۲ چمچے (دو)
جو کا پانی	۲ سیر
سادہ پانی	۱ سیر

جب یہ پانی پکنے پر آدھا رہ جائے تو اتار کر چھان لیں۔ آدھ پیالی چائے والی گرم دی جائے۔ یہ نسخہ ایک تاریخی نسخے سے حاصل کیا معلوم ہوتا ہے۔ مکہ معظمہ میں جب حضرت سعدؓ بن ابی وقاص بیمار ہوئے تو ان کے لئے حکیم حارث بن کلدہ نے ایک فریقہ تجویز کیا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

جس نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ کے بعد اس طرح تیار کیا گیا۔

انجیر خشک۔ ملٹھی۔ میتھرے۔ شہد۔ پانی

یہ فریقہ مریض کو نہار منہ گرم گرم پلایا جاتا ہے۔ بھارتی ماہرین کے نسخہ میں جو کی آمیزش ہے جبکہ اس نسخہ میں میتھرے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انجیر اور منقہ کو بیک وقت دینے سے منع فرمایا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ بھارتی نسخہ میں اکثر مریضوں کو اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔

باہر کا دودھ پینے والے بچوں کو اگر دودھ میں جو کا پانی ملا کر دیا جائے تو ان کی آنتیں زیادہ تنومند رہتی ہیں۔ گردہ۔ مثانہ اور پیشاب کی نالی کی سوزش میں بھارتی ماہرین جو کے پانی میں صمغ عربی (کیکر کی گوند) کا سفوف بھی شامل کرتے ہیں جس سے جلن کو جلد آرام آجاتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نسخہ کے مطابق اگر جو کے پانی میں شہد ملا کر دیا جائے تو اس کے فوائد زیادہ بہتر ہوتے ہیں۔ اسی نسخہ میں ہم نے تو ارشادِ نبویؐ کی تعمیل میں منقہ شامل کیا۔ فائدہ خوب رہا۔ اگر اس کے ساتھ کیکر کی گوند بھی شامل کریں تو فائدہ زیادہ بہتر ہو جائیگا۔

بمبئی کے ماہر غذا ڈاکٹر ہریرا کی تحقیقات کے مطابق یورپ سے آنے والے PEARL BARLEY کی نسبت دیسی جو تازہ ہونے کی وجہ سے زیادہ بہتر ہوتے ہیں۔ جو کے دانہ اور چھلکے کے درمیان وٹامین ب کی خاصی مقدار موجود ہوتی ہے۔ اگر جو کو دھو کر چھلکا اتارا جائے اور اس کے بعد اسے چمکانے کے لئے چمڑے کے رولروں سے پالش کیا جائے تو اس عمل سے وٹامین ب۔ ضائع ہو جاتی ہے۔ پاکستان کے شمال مغربی صوبہ کے جو غذائیت کے اعتبار سے ولایتی جو سے زیادہ صحت مند اور مفید ہوتے ہیں۔

ندکارنی نے جسمانی کمزوری اور خاص طور پر بخاروں کے بعد جو کا ایک مرکب پڈنگ کی صورت تیار کرنے کا نسخہ بیان کیا ہے۔ جو کے باریک آٹے کے چار بڑے چمچوں میں ابلا ہوا دودھ آہستہ آہستہ ملا کر لٹی سی بنا لیں۔ اس کے اوپر ابلے ہوئے گرم دودھ کے چائے والے چار پیالے ڈالکر پلائے جائیں۔ پھر اس میں تھوڑا سا مکھن ملائیں۔ ایک بڑا چمچہ کھانڈ ملائیں۔ پھر اس میں سنگترے یا [illegible] کے چھلکے باریک کاٹ [illegible] دوسرے برتن میں دو انڈے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

توڑکر انہیں بلونی یا چمچہ سے اتنا ہلائیں کہ جھاگ جھاگ ہو جائیں۔ ان انڈوں کو دودھ اور جو والے برتن میں ملاکر یہ سارا مرکب کیک بنانے والی بھٹی یا OVEN میں ملاکر ڈیڑھ گھنٹہ ہلکی آنچ پر پکائیں۔ بعض لوگ اس کے ذائقہ کو سنوارنے کے لیے تھوڑا سا سنگترے کا جوس بھی ملا لیتے ہیں۔ یہ پڈنگ بڑی مفید بنائی جاتی ہے۔ اس طویل نسخہ کے مقابلے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تلبینہ کا نسخہ دیکھئے کہ کتنے ہوئے جو میں پانی ڈال کر اسے ابال کر نرم کریں۔ یہ حسب ضرورت دودھ اور شہد ملا لیں۔ تلبینہ یا پڈنگ تیار۔ ؟

قدیم یونان میں جب اولمپک کھیلیں شروع ہوتیں تو کھلاڑیوں میں توانائی کو پیدا کرنے کے لئے جو خاص خوراکیں تجویز کی گئیں ان میں جو کی روٹی زیادہ اہم تھی۔

برٹش فارماکوپیا نے جو کو بھگو کر پھر اس سے کونپلیں نکال کر زیادہ پھوٹے ہوئے جو سے ایک مرکب MALT EXTRACT تیار کرنے کا نسخہ بتایا۔ یہ مالٹ ایکسٹریکٹ کمزوری میں مفید ہے۔ اس میں غذا کو ہضم کرنے والے جوہر اور وٹامن پائے جاتے ہیں

برٹش فارماکوپیا نے اس مالٹ ایکسٹرکٹ کو بدمزہ ادویہ خاص طور پر مچھلی کے تیل میں ملاکر اس کے ذائقہ کے اصلاح کا مشورہ دیا ہے۔ حال ہی میں ایک پاکستانی ادارہ نے اسی مالٹ ایکسٹریکٹ سے سرکہ تیار کیا ہے۔ اس میں سرکہ کے جملہ فوائد کے ساتھ ساتھ جو کی غذائیت اور مالٹ ایکسٹریکٹ کے ہاضم اثرات شامل ہیں۔

حکومت بمبئی کے محکمہ زراعت نے جو کے آٹے سے گولے بنا کر ان کو پکانے کے بعد اضافہ خوراک کے طور پر استعمال کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ اور اسی محکمہ نے قرار دیا ہے کہ گھوڑوں اور مویشیوں کے لئے جو کا بھوسہ ایک اچھی خوراک ہے مگر اس کی افادیت گندم سے کم ہے۔ اس کے برعکس پنجاب میں گھوڑوں کی خوراک میں مکئی اور جوی کو تجربات سے زیادہ افضل پایا گیا ہے۔

شراب اور جو

جو کے پانی میں خمیر اٹھا کر اس میں ہاپس کے پھول ڈال کر بیئر شراب تیار کی جاتی ہے۔ جس میں الکحل کی مقدار ۸ سے ۴ فیصدی کے درمیان ہوتی ہے۔ یہ مشروب انگلستان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

جرمنی اور سکنڈے نیویا میں موسم سرما کے دوران بھی بڑی رغبت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ انہی ممالک میں بعض ناخواندہ علماء کی رائے میں جو کا وہ پانی جس میں معمولی خمیر اٹھا ہو استعمال کرنا حرام نہیں۔ کیونکہ اس کی معمولی مقدار سے سکر کی کیفیت پیدا نہیں ہوتی۔ اس مشروب کو جب باقاعدہ کشید کیا جائے تو اس سے وسکی تیار ہوتی ہے جو کہ تیز ترین اور منشی سڑابوں میں سرفہرست ہے۔

الکحل والے تمام مشروبات کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بنیادی اصول یہ ہے کہ (ان کی مقدار خواہ تھوڑی ہو یا زیادہ مطلقاً حرام ہے)

الکحل اور منشیات میں کسی بیماری سے کوئی شفا نہیں۔ ان کی معمولی مقدار جگر۔ دماغ اور گردوں کو خراب کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔ اس لئے ان کو کسی بھی صورت میں دوا قرار دینا طبی نقطہ نظر سے درست نہیں۔

جدید مشاہدات :- احادیث میں جو کے فوائد کی روشنی میں معدہ اور آنتوں کے السر کے مریضوں کو صبح کے ناشتہ میں سرکارِ دو عالمؐ کے عظیم نسخہ کے مطابق تلبینہ دیا گیا۔ السر کا ہر مریض دو سے تین ماہ میں تندرست ہو گیا۔ ایک خاتون کو علامات کے ختم ہونے پر یقین نہ آیا تو وہ مزید معائنوں کے لئے امریکہ گئیں۔ وہاں پر انہیں بتایا گیا کہ معدہ اور آنتیں مکمل طور پر ٹھیک ہو چکے ہیں۔ جبکہ بہترین علاج کے ذریعہ یہ مقام دو سال سے کم عرصہ میں نہیں آتا۔

پیشاب میں خون اور پیپ کے مریضوں میں وجہ جو کوئی بھی ہو مناسب علاج کے ساتھ جو کا پانی اگر شہد ڈال کر پلایا جائے تو یہ تکلیف پندرہ روز میں ختم ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات یہی طریقہ پتھری نکالنے کا باعث بھی ہوا۔

پرانی قبض کے لئے جو کے دلیا سے بہتر اور محفوظ کوئی دوائی دیکھی نہ گئی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

حب الرشاد۔ الثفا WATER CRESS

LEPIDIUM SATIVUM

حب الرشاد ایک قدیم دوائی ہے جس کا ذکر پرانی کتابوں میں مختلف ناموں سے ملتا ہے۔ محدثین نے اسے حرف کا نام دیا ہے۔ جبکہ احادیث میں اسے الثفا کا نام میسر ہے یہ ادھ میٹر سے کم بلندی کی جھاڑیاں ہیں جو سارے ایشاء میں کاشت کی جاتی ہے۔ اس کے پتوں کو کھانے میں سلاد کے طور پر شوق سے کھایا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اس پودے کا اصل وطن حبشہ ہے۔ جہاں سے لوگ اسے فوائد کی بنا پر ایشیائی ملکوں میں لے آئے۔ اس کے پتوں کا جوشاندہ بڑے شوق سے پیا جاتا ہے۔ عرب میں ان سوکھے ہوئے پتوں کو "الشیح" کہتے ہیں۔ افغانستان کی الشیح زیادہ خوشبودار ہوتی ہے۔ مزار شریف کے علاقہ میں پائے جانے والی یہ گھاس قہوہ میں استعمال ہوتی ہے۔ آجکل پاکستان کے بازاروں میں افغان قہوہ کے نام سے بڑی مقبول ہو رہی ہے۔ جس کی زیادہ وجہ اس کی الائچی کی مانند خوشبو ہے۔ یوروپ میں اسے GARDEN CRESS کہتے ہیں۔

ان جھاڑیوں کو پھلیاں لگتی ہیں۔ جن میں گلابی رنگ کے چھوٹے چھوٹے بیج ہوتے ہیں۔ ان بیجوں کو حب الرشاد یا ہالیوں یا حرف کہتے ہیں۔ بعض اطباء نے اسے جرجیر بھی قرار دیا ہے۔ ماہرین نباتات نے جس جرجیر اور الثفا کو دو مختلف چیزیں قرار دیا ہے۔ جرجیر اصل میں ERUCA SATIVA ہے جسے سفید سرسوں بھی کہتے ہیں اور یہ السی کی اقسام میں سے ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محمد احمد ذہبیؒ نے ایک روایت منسوب کی ہے۔

Digitized By eGangotri

"الجرجیر بقلة خبیثة"، کانی اراھا

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تنبت فی النار" (الطب النبوی)

(جو جبیر ایک اذیت دینے والی نباتات ہے۔ مجھے ایسے لگتا ہے۔ جیسے کہ یہ آگ سے پیدا ہوتی ہے)۔

احادیث میں حب الرشاد کی تعریف کی گئی ہے۔ جبکہ جوجبیر کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ ان دو چیزوں سے بھی دونوں کا علیحدہ ہونا واضح ہو جاتا ہے۔

ارشاداتِ نبویؐ

حضرت عبداللہ بن جعفرؓ اور حضرت ابان بن صالح بن انسؓ روایت کرتے ہیں کہ رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بخروا بیوتکم بالیشم والمر والصعتر۔

(بیہقی شعب الایمان)

(اپنے گھروں میں حب الرشاد۔ مر اور صعتر سے دھونی دیتے رہا کرو)۔

اسی مؤلف نے عبداللہ بن جعفر سے ایک اور روایت نقل کی ہے۔ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بخروا بیوتکم باللبان والیشم

(بیہقی شعب الایمان)

(اپنے گھروں میں لوبان اور حب الرشاد کی دھونی دیتے رہا کرو)

حضرت ابوہریرہؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

علیکم بالشفاء ؛ فان اللہ جعل فیہ شفاء من کل داء (ابن السنی۔ ابو نعیم)

تمہارے پاس الشفاء موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری سے شفاء رکھی ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ماذا فی الامرین من الشفاء ؟ الشفاء والصبر۔ (ابوداؤد)

کیا تم نہیں جانتے کہ کن دو کاموں میں شفا ہے۔ الشفا اور صبر میں۔

(یہی روایت حضرت قیس بن رافع القینی سے بھی مذکور ہے)

محدث ابو عبیدؒ کہتے ہیں کہ الشفا سے مراد حرف ہے۔ محمد احمد ذہبی اسی تحقیق کو ابو عبداللہ سے بھی منسوب کرتے ہیں۔ ابو حنیفہ دینوری الشفا کی تشریح میں بیان کرتے ہیں۔

"ھذا ھو: الحب الذی یتداوی بہ؛ وھو: الشفاء، الذی جاء فیہ الحبز عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم؛ ونباتہ یقال لہ: الحرف، وتسمیہ العامۃ: حبّ الرشاد"۔

(یہ وہ بیج ہیں جن سے لوگ علاج کرتے ہیں۔ اسے الشفا کہتے ہیں۔ یہ وہی ہے جس کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ یہ وہ نباتات ہیں جسے حرف کہتے ہیں۔ اور عوام الناس میں حب الرشاد کے نام سے مشہور ہے)

اطبار قدیم میں سے سب ہی نے الشفا کو حرف اور حب الرشاد قرار دیا ہے۔ طب نبوی کے متقدمین میں محمد بن ابوبکر ابن القیم اور محمد احمد ذہبی نے بھی اسے حرف کے عنوان سے بیان کیا ہے۔ محققین جدید میں ندکارنی نے حرف کو حب الرشاد قرار دیا ہے۔ البتہ کرنل چوپڑا نے حرف کا تذکرہ نہیں کیا۔

صبر سے مراد مصبر ہے۔ جس کی تائید میں ابوداؤد نے حضرت ام سلمہؓ سے روایت بیان کی۔

"دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

حین توفی ابو سلمة قد جعلت الی صبرًا
فقال؛ ماذا یا ام سلمة ؟ فقلت؛ انما ھو
صبر یا رسول اللہ، لیس فیہ طیب۔ قال؛
انہ یشب الوجہ ؛ فلا تجعلیہ الا باللیل۔
وینھی عن النھار۔

(ابو سلمہؓ کی وفات کے بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو انہوں نے صبر میرے سامنے رکھا اور پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی کہ یہ صبر ہے اور اس میں خوشبو نہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ چہرے کو نکھارتا ہے۔ لیکن اسے رات کے علاوہ نہ لگانا۔ انہوں نے اسے دن کو لگانے سے منع کیا ہے۔

محدثین کے مشاہدات

اس کی دھونی کیڑوں مکوڑوں کو ہلاک کر دیتی ہے اسے شہد میں ملا کر اگر پیٹ پر لیپ کیا جائے تو طحال کے ورم کو دور کرتی ہے۔ اس کا جوشاندہ سر میں ڈالنے سے گرتے بال رک جاتے ہیں۔ اسے جو کے آٹے میں ملا کر سرکہ میں حل کر کے کسی چوٹ یا ورم پر لیپ کیا جائے تو پھٹوں کی اکڑن اور عرق النساء کو دور کرتی ہے۔ اسے پانی میں گھول کر پھنسیوں پر لگایا جائے تو وہ بیٹھ جاتی ہیں۔ اسی طرح یہ کمر اور جوڑوں کے درد میں بھی مفید ہے۔ اگر اسے جلا کر برص پر لگایا بلکہ ساتھ پلایا بھی جائے تو اسے دور کرتا ہے۔ پھلبہری کے علاوہ اس کا لگانا چھیپ میں بھی مفید ہے۔

جالینوس کے حوالہ سے ابن القیمؒ کہتے ہیں کہ یہ رائی کی مانند ہے اس کے فوائد بھی تقریباً ایک جیسے ہیں۔ یہ طبیعت کی ٹھنڈک کو دور کرتی ہے۔ اور پیٹ سے چھوٹے بڑے تمام کیڑے نکال دیتی ہے۔ قوتِ باہ میں اضافہ کے ساتھ قلی کی ورم کو کم کرتی ہے اسے مہندی کے پتوں کے ساتھ پکا کر پیا جائے تو سینہ کے اندر جمی ہوئی بلغم کو

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

اکھاڑ کر نکال دیتی ہے۔ اسی جوشاندہ کو پینے سے کیڑوں کے کاٹے کی زہر اتر جاتی ہے۔ اس کا کھانا بھوک بڑھاتا ہے۔ دمہ کے دورہ کو کم کرتا ہے۔ سانس کی نالیوں کو کھولتا ہے پھیپھڑوں کو صاف کرتا اور پیٹوں کی اکڑن کو دور کرتا ہے۔ اس کے پینے کے بعد بلغم پتلی ہو کر نکل آتی ہے۔ اگر حیض کا خون کم آرہا ہو تو اس کو بڑھا دیتی ہے۔

حب الرشاد کا جوشاندہ گرم گرم پینے سے قبض دور ہوتی ہے۔ پیٹ سے ریاح نکل جاتے ہیں اور قولنج کی دردوں کو دور کر دیتی ہے۔ اس کے گرم پانی سے کلیاں کرنے سے سوڑھوں کی سوجن جاتی رہتی ہے اور یہ پانی اگر سر میں ڈالا جائے تو سر سے پھپھوندی اور بغہ نکل جاتے ہیں۔

کیمیاوی ماہیت

حب الرشاد کے بیجوں میں ایک گاڑھا بناتاتی تیل ہوتا ہے اور دوسرا فراری یعنی VOLATILE OIL ہوتا ہے۔ اس کے عناصر ترکیبی ہیں کوبالٹ ایوڈین۔ فاسفورس۔ پوٹاسیم اور گندھک کے علاوہ کئی ایک معدنی نمک اور وٹامین پائے جاتے ہیں۔ اس میں لیسدار مادّے اور کڑوے عناصر بھی شامل ہیں۔ اس میں لحمیات کا سراغ بھی ملا ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات

بھارت کے صوبہ اتر پردیش اور پنجاب میں اسے ابیول کہتے ہیں۔ اس کے سو تولہ بیجوں سے ۷، ۵ تولہ تیل نکل سکتا ہے۔ اگرچہ یہ خود رو بھی ہوتی ہے لیکن دیدک طب کی بھوت چکتسا اور "تالیف شریف" میں مزروعہ قسم کو فوائد کے لحاظ سے بہتر قرار دیا گیا ہے۔

اس کا لیپ چہرے سے داغ دھبے اتار دیتا ہے۔ بغلوں کی بو کو رفع کرتا ہے اور داد اور چھیپ میں مفید ہے۔

ان بیجوں کو انڈے کی زردی کے ساتھ کھانے سے جسم فربہ ہو جاتا ہے۔ یہ بیج مقوی باہ ہیں۔ بچے والی عورتوں کے دودھ میں اضافہ کرتے ہیں۔ بعض اطبار نے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اس کے بیجوں کو دودھ میں ابال کر پلانے سے عورتوں کے دودھ میں اضافہ کی نشان دہی کی ہے۔ ویدوں نے ان کو مصفی خون قرار دیا ہے۔

اس کے بیج پیس کر کھانے یا ان کا جوشاندہ پینے سے سینہ میں رکی ہوئی بلغم نکل جاتی ہے۔ سردی کی وجہ سے جو بھی عارضہ ہو دور ہو جاتا ہے۔ معدہ کا درد رفع ہو جاتا ہے۔ معدہ میں قوت آجاتی ہے۔ حاملہ عورت کو یہ جوشاندہ دینا نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ اس کے جوشاندہ سے زکام رفع ہو جاتا ہے۔ یہ ہلکی اور ملیّن ہے مگر آنول کے دستوں کو روکتی ہے۔ اورام کو تحلیل کرتی ہے۔ اس کا پینا سوزش اور کھجلی کے اثرات کو دور کرتا ہے۔ اندامِ نہانی اور بغلوں سے آنے والی بدبو کو ٹھیک کر دیتا ہے۔

اس کی ٹہنیوں کا جوشاندہ پینے سے سوکھی کھانسی اور دمہ کو فائدہ ہوتا ہے۔ اس کے شربت سے بواسیر میں بہنے والا خون رک جاتا ہے۔

حب الرشاد کا جوشاندہ بنانے کی ثقہ ترکیب یہ ہے کہ اس کے دو تولہ بیج نیم کوب کر کے اس کے ساتھ نیم کوب پونے چار ماشہ ملٹھی شامل کر لی جائے۔ پھر ساڑھے بارہ چھٹانک پانی میں ڈال کر برتن کو پوری طرح گل حکمت کر دیا جائے۔ اس طرح دس منٹ پکانے کے بعد اتار کر چھان لیں۔

جدید مشاہدات

بھارتی حکومت کے محکمہ طب کی سرکاری کتاب میں اسے منفث بلغم۔ مشتہی۔ مدر بول و مدر حیض اور محرک باہ قرار دیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے اسے سعال۔ دمہ۔ ضعف ہضم۔ ضعف اشتہا۔ ضعف باہ۔ احتباس بول۔ پیشاب کی کمی اور حیض کی کمی میں مفید قرار دیا گیا ہے۔

: اسے چھیپ اور برص پر لگانا مفید ہے۔ اس کے پتے پیشاب اور دودھ لاتے ہیں۔

بھاؤ پرکاش کے نسخہ کے مطابق اس کے بیجوں کو پانی کی اٹھ گنا مقدار میں ادھ گھنٹہ ابال کر اس پانی کے دو بڑے چمچے اس وقت تک دیتے رہیں جب تک کہ ہچکی دور نہ ہو جائے۔ بیج پیس کر ان میں کھانڈ ملا کر اسہال اور بدہضمی میں مفید ہے۔ بھارت میں عام کمزوری

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ے لئے اسے کھانڈ ملا کر گھی میں بھون کر سردی کے موسم میں بطور مقوی استعمال کرتے ہیں۔
حب الرشاد کو دودھ میں پکا کر اس کی فرنی سی بنالی جاتی ہے۔ اس کو کھانے سے دودھ
میں اضافہ ہوتا ہے جسمانی درد میں ٹھیک ہوجاتی ہیں۔ سیلان الرحم میں فائدہ ہوتا ہے۔
اطباء کے نزدیک یہ فرنی مادہ منویہ کو گاڑھا کرتی ہے۔ جبکہ ایک برطانوی محقق
BELLEW نے مشاہدہ کیا ہے کہ دودھ میں حب الرشاد ملا کر پکا کر دینے سے حاملہ عورت
کو استقاط ہو سکتا ہے۔ اس لئے یہ دوائی حاملہ عورتوں کو نہ دی جائے۔

تازہ پتوں میں حیاتین "ج" کافی مقدار میں ہوتی ہے۔ اتر پردیش کے لوگ اس کے
ساتھ گندم۔ جائفل۔ جلوتری۔ الائچی خورد اور زعفران دودھ میں پکا کر برفی کی طرح کی
ڈلیاں بنالیتے ہیں جن کو سردی کے موسم میں ضعف باہ اور رحم کو ٹھنڈک سے محفوظ
رکھنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

بیرونی استعمال میں لیموں کے عرق کے ساتھ حب الرشاد کا سفوف اورام کو
دور کرنے میں مفید ہے۔ جرمنی کے ڈاکٹر HONIG-BERGER نے اسے دمہ میں
مفید پایا۔

سعودی عرب میں ایشح کا قہوہ دوا کے طور پر بڑا مقبول ہے۔ اگر کسی کے پیٹ میں
درد ہو۔ یہ درد خواہ کسی وجہ سے بھی ہو اسے ایشح کا قہوہ پلایا جاتا ہے۔ عجیب بات یہ کہ
درد منٹوں میں جاتا رہتا ہے۔

حب الرشاد کو مر اور صعتر کے ساتھ کوئلوں پر ڈال کر کمروں میں جب دھونی
دی گئی تو ہر قسم کے کیڑے مکوڑے ہلاک ہوگئے۔ بازار میں ملنے والی تمام کرم کش ادویہ
سے یہ نسخہ زیادہ مفید اور محفوظ ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

HENNA حنا ـــ حنا

LAWSONIA ALBA

مہندی کا پودا دو میٹر کے قریب بلند اور ہندو پاکستان میں ہر جگہ پایا جاتا ہے۔ اسے عام طور پر گھروں اور کھیتوں کے اردگرد باڑ لگانے کے لئے لگایا جاتا ہے۔ رات کو خوشبو دیتا ہے۔ بھارت میں فرید آباد اور پاکستان میں بھیرہ اور حیدر آباد کی مہندی زیادہ مقبول ہے۔ اس پودے کے پتے۔ شاخیں اور پھول دوا اور زیبائش کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

ارشاداتِ نبوی ؐ

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضؓ روایت فرماتی ہیں

کان لا یصیب رسول اللہ قرحۃ ولا شوکۃ الا وضع علیھا الحناء۔

(ترمذی۔ مسند احمد)

سلمہ نام کی مناسبت سے یہ بات مختلف کتابوں میں سلمہ رضؓ جو کہ ام رافع اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خادمہ تھیں، سے بھی مروی بتایا گیا ہے

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زندگی میں نہ تو ایسا کوئی زخم ہوا اور نہ ہی کانٹا چبھا جس پر مہندی نہ لگائی گئی ہو۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما شکا الیہ احد وجعا فی راسہ، الا قال: احتجم، ولا شکا الیہ وجعا فی رجلیہ؛ الا قال لہ: اختضب بالحناء۔

(بخاری۔ ابوداؤد)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب بھی کوئی سر درد کی شکایت لے کر آیا تو آپ نے اسے پچھنے لگوانے کی ہدایت فرمائی۔ اور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

جس نے پیروں میں درد کی شکایت کی اسے مہندی لگانے کا مشورہ دیا گیا)

ایک دوسری روایت میں سر درد کے لئے بھی مہندی تجویز فرمائی گئی۔

حضرت ابو ہریرہؓ روایت فرماتے ہیں۔

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان الیہود والنصاریٰ لایصبغون فخالفوھم۔

(مسلم۔ بخاری)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہودی اور عیسائی خضاب نہیں کرتے۔ تم ان کی مخالفت کرو)

دوسرے راویوں کے ذریعہ یہی ارشاد نسائی اور ترمذی نے بیان کیا ہے۔

عثمان بن عبد اللہ ابن موہب بیان کرتے ہیں۔

ارسلنی اھلی الیٰ ام سلمۃ بقدح من ماء و قبض اسرائیل ثلث اصابع من قصۃ فیہ شعرٌ من شعر النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان اذا اصاب الانسان عین او شیٔ بعث الیھا محضبہ فاطلعت فی الجلجل فرایت شعراتٍ حمرًا۔ (بخاری)

میرے گھر والوں نے مجھے پانی کا پیالہ دے کر ام المؤمنین سلمہؓ کے پاس بھیجا۔ (اس حدیث کے راوی اسرائیل نے اپنی تین انگلیاں بند کر کے کہا کہ یہ پیالہ چاندی کا تھا) اس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں میں سے چند بال تھے۔ اگر کسی کو نظر لگ جاتی یا کوئی اور تکلیف ہوتی تو وہ پیالہ میں پانی ام سلمہ کو روانہ کرتا۔ جس میں وہ پیالی ڈبو دیتی تھیں) میں نے جھکے میں جھانک کر دیکھا کہ وہ چند سرخ سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

یہ حدیث دوسرے واسطوں سے بخاری اور دوسرے محدثین نے تواتر سے نقل کی۔

ابو سلمہ بن عبدالرحمان سے روایت ہے کہ عبدالرحمان بن الاسود یغوث ان کا ہم جلیس تھا۔ اس کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔ ایک روز صبح آیا تو بالوں پر سرخ خضاب (مہندی) لگی تھی۔ لوگوں نے اس کی تعریف کی تو بتایا کہ میری ماں عائشہ رضؓ زوجۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی لونڈی نخیلہ کے ہاتھ قسم دے کر حکم دیا کہ میں اپنے بال رنگوں۔ اور فرمایا کہ ابوبکر صدیق رضؓ بھی خضاب لگایا کرتے تھے۔

(موطا امام مالک رحؒ)

بخاری اور ترمذی میں حضرت انس رضؓ بن مالک کی روایات سے پتہ چلتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک میں سفید بالوں کی تعداد بیس سے کم تھی۔ اس گنتی میں ترمذی کے پاس جابر رضؓ کی اضافی شہادت بھی موجود ہے۔

عبداللہ رضؓ بن عمر بھی ان کے ہمنوا ہیں۔

سئل ابو هريرة هل خضب رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال نعم۔ (ترمذی)

(ابوہریرہ رضؓ سے کسی نے پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خضاب لگایا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا۔ ہاں۔)

بشیر رضؓ بن خصاصیہ کی بیگم جہضمہ رضؓ روایت کرتی ہیں۔

رایت رسول الله صلى الله عليه وسلم يخرج من بيته ينفض رأسه وقد اغتسل وبراسه ردغ أو قال ردغ من حناء۔ (ترمذی)

(میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھر سے نکلتے دیکھا۔ وہ غسل کر کے تشریف لا رہے تھے اس لئے اپنے سر کو جھاڑ رہے تھے آپ کے سر پہ مہندی کا رنگ نظر آ رہا تھا)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

عبداللہ بن عبدالرحمٰن۔ عمرو بن عاصم اور حماد بن سلمہ نے امام عیسیٰ ترمذی کی روایت کے مطابق انس رضؓ بن مالک کے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بال دیکھے جن پر خضاب لگا ہوا تھا۔

واثلہ رضؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

علیکم بالحناء فانہ ینور وجوھکم ویطہر قلوبکم ویزید فی الجماع وھو شاھد فی القبر (ابن عساکر)

(تمہارے پاس مہندی موجود ہے۔ یہ تمہارے سروں کو پرنور بناتی ہے تمہارے دلوں کو پاک کرتی ہے۔ قوتِ باہ میں اضافہ کرتی ہے اور قبر میں تمہاری گواہ ہوگی۔)

ابی رافع رضؓ روایت فرماتے ہیں۔

کنت عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ مسح یدہ علی رأسہ ثم قال: علیکم بسید الخضاب الحناء، یطیب البشرہ، ویزید فی الجماع (ابونعیم)

(میں بارگاہِ رسالت میں حاضر تھا۔ حضورِ اکرم ﷺ نے اپنا ہاتھ سر پر پھیرتے ہوئے فرمایا تمہارے لئے تمام خضابوں کی سردار مہندی ہے۔ جو کہ چہرے کو نکھارتی ہے اور قوتِ باہ میں اضافہ کرتی ہے)

حضرت انس رضؓ بن مالک روایت کرتے ہیں۔

اخضبوا بالحناء فانہ یزید فی شبابکم وجمالکم ونکاحکم۔ (ابونعیم)

(مہندی کا خضاب لگاؤ کہ یہ جوانی کو بڑھاتی حسن میں اضافہ کرتی اور باہ کو بڑھاتی ہے۔)

حضرت ابوذر غفاری رضؓ روایت فرماتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان احسن ما غیرتم بہ الشیب الحناء والکتم، ویکرہ السعاد۔ (ابونعیم ابن ماجہ)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

(بڑھاپے کو بدلنے کی بہترین ترکیب مہندی اور وسمہ ہیں۔ مگر انہوں نے سیاہ رنگ سے نفرت فرمائی)

کتم کے پتے زیتون کی مانند ہوتے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ مہندی اور کتم کا خضاب لگایا کرتے تھے۔ (بخاری مسلم) مسلم کی روایت کے مطابق جب حضرت ابوبکرؓ کے والد قحافہ فتح مکہ والے دن دربار رسالت میں حاضر ہوئے تو ان کی سفید داڑھی دیکھ کر حضور اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ ان کو مہندی اور وسمہ لگایا جائے۔ مگر اس سے وہ وسمہ مراد نہیں جو ہمارے یہاں عام طور پر ملتا ہے۔ جس سے بالوں کا رنگ بالکل سیاہ ہو جاتا ہے۔ کتم کا ایک حصہ تین گنا مہندی میں ملا کر خضاب لگایا جاتے تو مہندی کی سُرخی گہرے بادامی رنگ میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

مہندی کے بارے میں ایک غلط فہمی

کریمہ بنت ھمام رضؓ روایت فرماتی ہیں۔

ان امراۃ سالت عائشۃ رضؓ عن خضاب الحناء فقالت لا باس۔ ولکنی اکرھہ کان حبیبی یکرہُ ریحہ۔ (ابوداؤد النسائی)

(ایک عورت نے حضرت عائشہ رضؓ سے مہندی کا خضاب لگانے کے بارے میں پوچھا: انہوں نے کہا کوئی مضائقہ نہیں لیکن میں اسے اس لئے پسند نہیں کرتی کہ میرے محبوب (نبی صلی اللہ علیہ وسلم) کو اس کی بُو ناپسند تھی)۔

علامہ شبلی نعمانی رحؒ نے اس حدیث کو سند بنا کر مہندی لگانے کو ناپسندیدہ قرار دیا۔ جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مہندی لگانا متعدد احادیث سے ثابت ہے حضرت عائشہ رضؓ ہی سے روایت ہے۔

قالت اومت امراۃ من وراء ستر بیدھا کتاب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقبض النبی ﷺ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

صلی اللہ علیہ وسلم یدہٗ فقال ما ادری ایدرجل او ید
امراۃ قالت بل امراۃ قال لو کنت امراۃ لغیرت
اظفارک یعنی بالحناء۔ (ابوداؤد۔ النسائی)

(ایک عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پردہ کے پیچھے سے خط دینے لگی
انہوں نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور فرمایا میں نہیں جانتا کہ یہ ہاتھ مرد کا ہے یا
عورت کا۔ اس نے کہا کہ عورت کا۔ فرمایا کہ اگر تو عورت ہے تو پھر کم از کم
اپنے ناخن ہی مہندی سے رنگ لیتی۔)

انہی دو کتابوں سے یہ حدیث اس امر کا ثبوت ہے کہ کریمہ بنت حمام ؓ والی حدیث مشتبہ ہے۔

کتب مقدسہ؟۔

مہندی زمانہ قبل از تاریخ سے مستعمل ہے۔ مصر قدیم میں اسے مقبولیت
حاصل تھی۔ مصری عورتیں چونا ملا کر اُلٹے ہاتھوں اور بالوں پر لگاتی تھیں۔ معبدوں میں
لوبان۔ اور دوسرے اجزاء کے ساتھ مہندی ملا کر خوشبو کے لئے جلائی جاتی تھی۔ ماہرین
مصریات کا خیال ہے کہ آرائش جمال کے علاوہ مہندی کا استعمال برکت حاصل کرنے کے لئے
بھی کیا جاتا تھا۔ فراعین مصر مہندی کو پسند کرتے تھے۔ وہ خود مہندی لگاتے تھے مہندی
میں رنگے کپڑے استعمال کرتے تھے۔ اپنی خواتین کے جسم سے مہندی کی خوشبو پسند کرتے تھے
اور مرنے کے بعد اپنے مقابر میں مہندی کے پتے خوشبو اور کیڑوں مکوڑوں کو دور رکھنے کے
لئے استعمال کرتے تھے۔ جب قدیم مقبروں کو اب کھودا لگیا تو اکثر بادشاہوں کے کفن مہندی
سے رنگے ہوئے ملے اور یہ رنگائی ان پتوں سے علاوہ تھی جو تابوتوں میں رکھے گئے تھے۔

یہودی علماء کو مہندی کا رنگ اور خوشبو ناپسند تھے۔ اس لئے جب بنی اسرائیل
دریائے نیل کے کنارے پہنچے تو ان علماء نے خواتین کو مہندی لگانے سے روک دیا۔ یہی
کیفیت عیسائی علماء کی رہی ہے۔ ان کی مہندی سے نفرت انہیں بڑھاپے میں خضاب لگانے
سے مانع رہی ہے۔ حالانکہ حضرت عیسیٰ ؑ کی کلیسائی تصویروں میں ان کی زلفوں اور داڑھی پر
مہندی کا رنگ غالب معلوم ہوتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اسی پس منظر کے پیشِ نظر پیغمبرِ اسلامؐ نے فرمایا مہندی لگا کر یہودیوں اور عیسائیوں کی مخالفت کرو۔

یونانی حکماء مہندی سے واقف تھے۔ بقراط نے کروما نام کی جس نباتات کا ذکر کیا ہے اطباء نے اسے مہندی قرار دیا ہے۔ کنگ جیمس نے جب توریت اور انجیل کا ترجمہ کیا تو مہندی کے لئے کیمفائر کا لفظ استعمال کیا جبکہ یونانی زبان میں اسے کپرس کہا جاتا ہے۔

مہندی کو ہندو مذہب۔ جین مت اور بدھ عقائد میں اہمیت رہی ہے۔ مندروں میں جلائے جانی والی خوشبوؤں میں مہندی ملائی جاتی رہی ہے۔ دلہن کے ہاتھوں کو مہندی اور بعض خواتین، سہاگ کی مانگ بھرنے میں سیندور کے ساتھ مہندی بھی ملاتی رہی ہیں۔ قدیم سنسکرت کتابوں میں مہندی کا ذکر اتنی اہمیت کے ساتھ ملتا ہے کہ دلہن کے سر پر سونے کے ساتھ مہندی کے پتوں کا حاشیہ لگا کر امراء اپنی بیٹیوں کو تاج پہناتے تھے۔

توریت مقدس میں مہندی کا ذکر متعدد مقامات پر آتا ہے۔

میرا محبوب میرے لئے عین جدی کے انگورستان سے مہندی کے پھولوں کا گچھا ہے۔ (غزل الغزلات ب ۱ - ۱۵ - ۱۴)

دوسری جگہ اسی کتاب میں مذکور ہوا۔

تیرے باغ کے پودے لذیذ میوہ دار انار ہیں۔ مہندی اور سنبل بھی ہیں۔ (ب ۴ - ۱۳)

کیمیاوی ساخت

اس کے پتوں میں ۱۵ - ۱۲ فیصدی رنگ ہوتا ہے۔ جو کیمیاوی صنعت میں HENNA DYE کے نام سے مستعمل ہے۔ اس میں پیلے رنگ کی ایک گوند پائی جاتی ہے جو کہ الکحل اور ایتھر میں حل پذیر ہے۔ مقامی طور پر قابض ٹینک ایسڈ کی قسم HANNO-TANNIC ACID پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک GLU-COSIDE بھی موجود ہے۔

اس کی کیمیاوی ساخت کی روشنی میں درخت کے اجزاء کے عمل کو کیمیا دانوں نے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

یوں تخصیص کیا ہے۔ درخت کی چھال مقامی طور پر قابض۔ مسکن اور مفرح ہے۔ جبکہ اس کے پتے دافع تعفن۔ بدبو کو مارنے والے۔ محرک ہیں۔ مہندی کے پھول ٹھنڈک پیدا کرنے اور خواب آور ہیں۔ اس کی جڑیں چھال کی مانند ہیں۔ جبکہ اس کے بیج دافع تعفن ہیں۔

محدثین کے مشاہدات

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے مہندی کی بار بار تعریف اور امام بخاریؒ کی جانب سے کتاب التاریخ کی اس روایت

ما من شجرۃ احب الی اللہ من الحناء

اللہ کے نزدیک درختوں میں سب سے پیارا مہندی کا پودا ہے

کے بعد محدثین نے پوری توجہ اور اہمیت دی۔ اصحابؓ اور تابعین میں ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ ابو عبیدہؓ۔ محمد ابن الحنیفہؒ۔ محمد ابن سیرینؒ۔ اپنے بال مہندی سے رنگتے تھے۔

محدث عبد اللطیفؒ بغدادی کہتے ہیں کہ اس کا آتشی رنگ دل پسند ہوتا ہے۔ اس کا رنگ اور خوشبو محرک اعصاب ہیں۔ اس کے لگانے سے اعصاب کو تحریک ہوتی ہے۔ عبد اللطیف کا یہ مشاہدہ محض خیال آرائی نہیں بلکہ جدید نفسیات میں مختلف رنگوں اور خوشبوؤں کے بصری اور ذہنی اثرات کے بارے میں خاصی تحقیق ہوئی ہے۔ اور اب یہ بات ثابت ہے کہ خوشبو اور رنگ اعصاب اور باہ کو تحریک دینے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ اس کے لگانے سے ناخنوں کا پھٹنا ٹھیک ہو جاتا ہے۔

محمد احمد ذہبیؒ بیان کرتے ہیں کہ کسی بھی زخم کے علاج کا بنیادی اصول یہ ہے کہ اس میں موجود رطوبت نکل جائے مزید پیدا نہ ہو اور اس میں تندرست گوشت پیدا ہو کر شگاف کو بھر دے۔ مہندی کے اثرات میں یہ تینوں صفات بدرجہ اتم موجود ہیں۔ مہندی کے پتے رات پانی میں بھگو کر صبح نچوڑ کر ان کا دس شکر ملا کر اگر چالیس دن لگاتار پیا جائے تو یہ نہ صرف کہ جذام کا علاج ہے بلکہ زخموں کو مندمل کر دے گا۔

حافظ ابن القیم اپنے تجربات میں بیان کرتے ہیں کہ یہ آگ سے جلے ہوئے کا بہترین علاج ہے۔ اس کو پانی میں ملا کر اگر غرارے کے جائیں تو منہ اور زبان کے تمام زخموں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اور منہ پک جانے میں از حد مفید ہے۔ اس کا لیپ گرم پھوڑوں اور سوزشوں کو کم کرتا اور اور اگر پھوڑے میں پیپ نہ پڑ گئی ہو تو اسے مندمل کر دیتا ہے۔ اگر اس میں گرم کر کے موم اور گلاب کا تیل ملا کر سینے کے اطراف اور کمر درد والے مقام پر لیپ کریں تو درد جاتا رہتا ہے۔

یہ حقیقت مجرب اور آزمودہ ہے کہ چیچک کے مریض کے پیروں کے تلوؤں پر اگر مہندی صبح شام لگائی جائے تو اس کی آنکھیں بیماری سے محفوظ رہتی ہیں اور چیچک کے آبلے جلد خشک ہو جاتے ہیں۔

اگر اس کے پتے گرم کپڑوں میں رکھے جائیں تو ان کو کیڑا نہیں کھاتا۔ اس کی ایک عجیب صفت یہ ہے کہ اس کا خسانده شکر ملا کر اگر چالیس دن پیا جائے تو ابتدائی جذام ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس جوس کے ساتھ مریض کو مرغی کا گوشت کھانا چاہیئے۔

مہندی کو اگر ناخنوں پر باقاعدہ لگایا جائے تو ان کو چمکدار اور خوبصورت بناتی ہے۔ پیروں پر لگانے سے ان کی جلد نرم ہوتی اور ٹانگوں کی پھنسیاں مندمل ہو جاتی ہیں۔ وہ ناخن جو چوٹ لگنے سے سیاہ پڑ جائے یا پھپھوندی لگ جانے سے متورم ہو جائے اس پر مہندی لگانے سے نیا ناخن صاف اور خوبصورت نکلتا ہے۔ اس غرض کے لئے ہمارے تجربہ کے مطابق اگر محلول میں تھوڑا سا سرکہ ملا لیں تو فائدہ جلد حاصل ہو جاتا ہے۔

اطبائے قدیم کے مشاہدات

چینی طریقہ علاج میں مہندی کا ذکر پہلی مرتبہ شاہ کیا سنگ KIA TSUNG کی مرتبہ کتاب الادویہ میں بطور مقوی ملتا ہے۔ اطباء یونان اس کے قدردان تھے جالینوس نے مہندی کا لیپ لگا کر چیچک کے مریضوں کی آنکھیں بچانے کا نسخہ بیان کیا ہے۔ مصر، بھارت، مشرقِ وسطیٰ اور اندلس میں اسے اہمیت حاصل تھی۔ یورپ میں اس کا پہلا ذکر برٹش فارماکوپیا کی پہلی اشاعت میں ملتا ہے۔ جن کے مطابق اس کے تازہ پتے کوٹ کر معدہ کے السر اور پیچش کے لئے مفید بتائے گئے۔

ابن زہر کہتا ہے کہ ناخن اگر ٹیڑھا ہو جائے تو مہندی کے پتے پیس کر مکھن میں ملا کر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

لگانے سے ٹھیک ہوجاتا ہے۔ آگ سے جلے ہوئے پر اس کا پیس کر لگانا مفید ہے۔ مہندی کو روغن زیتون میں ملا کر لگانے سے سر کی پھنسیاں ٹھیک ہوجاتی ہیں۔

حکیم کبیر الدین نے مہندی کو مصفی خون قرار دیا ہے۔ مسیح الملک حکیم جمیل خان نے کثرتِ حیض کی ایک ایسی مریضہ کو جس کا خون پورا مہینہ جاری رہتا تھا کو مہندی اور پھٹکری پیس کر دی۔ یہ مرکب پانی میں حل کر کے اس کی ہتھیلیوں پر لیپ کیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ جریان خون دس منٹ میں بند ہوگیا۔ پھوڑے پھنسیوں کے لئے خانمان شریفی کے اطبا نے مہندی کا جوشاندہ پینے میں اور اس کا لیپ لگانے میں تجویز کر کے اچھے نتائج حاصل کئے ہیں۔

مہندی کا پھول سونگھنے سے گرمی سے ہونے والا سر درد جاتا رہتا ہے۔ مہندی کے پھولوں کو کسی روغن یا روغن زیتون میں ملا کر دھوپ میں رکھ کر ہلکی آنچ پر پکا کر مہندی کا تیل تیار کیا جاتا ہے۔ جس کی مالش سے پٹھوں کی اکڑن جاتی رہتی ہے۔

مہندی کے پتوں کو پانی میں رات بھر بھگو کر صبح اس کا پانی شکر ملا کر یرقان کے مریض کو دینا مفید ہے۔ اسی پانی کے پینے سے بڑھی ہوئی تلی بھی کم ہوجاتی ہے۔

جدید مشاہدات

اطبار قدیم اور محدثین نے مہندی کے مقامی استعمال سے جن فوائد کا ذکر کیا ہے۔ جدید تحقیق سے ان میں سے ہر بات ثابت ہوگئی ہے۔

مہندی میں رنگ کی موجودگی سے لوگوں نے خضاب کا کام لینے کی کوشش اس لئے بھی زیادہ کی ہے کہ دورِ حاضر میں ملنے والے خضابوں میں پایا جانے والا رنگ کثرتِ استعمال سے جلد کا سرطان پیدا کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ ایک نسخہ کے مطابق مہندی کے پتوں کو صابون کے پانی میں حل کر کے سر پر لگائیں تو بال سیاہی مائل ہوجاتے ہیں۔ قدیم مشاہدات میں مہندی کے ساتھ سنا رکی کے پتے پیس کر سر پر لگانا بہترین خضاب ہے۔

بھارتی ماہرین نے حال ہی میں خضاب کے لئے مہندی میں چائے کی پتی اور کافی ملا کر اسے کھانڈ ڈال کر ابالا اور اس میں ریشم کے کپڑے کو لمبے عرصے تک لیموں کا عرق یا سرکہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ملاکر استعمال کرنے کی تلقین کی ہے۔ یہ نسخہ بلاشبہ مفید۔ ارزاں اور محفوظ ہے۔ اس نسخہ میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ مہندی اور سرکہ گرتے بالوں کا علاج بھی ہیں اور ان کے لگانے سے سر سے سیکری (بضہ) بھی ختم ہو جاتی ہے۔

ہم نے مہندی کے ساتھ حب الرشاد۔ حلبہ۔ اور سنا کی ملاکر اسے سرکہ میں جوش دے کر سر کی پھنسیوں اور بضہ میں نہایت عمدہ نتائج کے ساتھ آزمایا ہے۔ یہ نسخہ جسم میں کسی جگہ بھی پھپھوندی کے لئے مفید ہے۔ خاص طور پر ناخنوں کی FUNGUS INFECTION جہاں کسی بھی دوائی کا آسانی سے مؤثر ہونا ثابت نہیں۔ یہ لوشن بہترین پایا گیا۔ ۱۹۵۹ء میں ایک بھارتی سائنسدان لطیف نے NEPHTHA QUINONE کے خاندان کا ایک مرکب اس سے علیحدہ کیا ہے۔ کرنل چوپڑا بیان کرتے ہیں مہندی بہترین مصفی خون ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے بڑھی ہوئی تلی کم ہو جاتی ہے۔

برطانوی سائنسدان جونز نے مہندی کے پتوں کے جوشاندہ کو پیٹ کے السر میں مفید پایا۔ اس امر کی تصدیق امریکی محقق ہنری سے بھی میسر ہے۔

مہندی کا جوشاندہ جریان میں مفید پایا گیا۔ اس کے علاوہ مثانہ میں گرمی اور جلن کو بھی فائدہ ہوا۔ دورِ حاضر کے اطباء جریان کو پرانی تعریف کے مطابق بیماری نہیں مانتے۔ ان کی تحقیقات کے مطابق پیشاب میں آنے والی سفید رطوبت عام طور پر ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے آنے والے معدنی نمک ہوتے ہیں۔ مہندی کے جوشاندہ سے ان میں فائدہ کا مطلب یہ ہوا کہ مہندی نے آنتوں میں بھی اپنی قوت شفا کا مظاہرہ کیا۔

مریض کے تکیہ میں اگر مہندی کے پتے بھر دیئے جائیں تو اسے جلد اور اچھی نیند آتی ہے۔ مہندی کے پھولوں اور پتوں سے نکالا ہوا تیل یا ان کا جوشاندہ کوڑھ کی ابتدائی صورت میں مفید پایا گیا ہے۔ اسی قسم کا تیل یہودیوں کی عبادت گاہوں میں جلایا جاتا تھا اور اب وہ اپنے مُردوں کو سڑاند سے بچانے کے لئے جسم پر اس تیل کی مالش کرتے ہیں۔

یمنی الملک حکیم جمیل والا تجربہ بھارتی سائنسدانوں نے بھی کیا ہے۔ وہ کثرتِ جیض کے علاوہ اندرونی کی سوزش اور ریاح دیا میں بھی مہندی کا پھول یا پتہ نافع اور اس کا جوشاندہ پلاتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ذریرہ ـــــ ذریرہ

ACORUS CALAMUS

یہ ایک نیم آبی پودہ ہے جو بنیادی طور پر یورپ اور امریکہ میں ہوتا تھا۔ مگر اب ہندوستان میں بھی دریاؤں۔ ندی نالوں اور ایسے آبی ذخیروں کے کنارے ہونے ہے جہاں بارش زیادہ ہوتی ہے۔ پاکستان میں یہ کاغان اور ہنزہ کے علاقہ میں ملتا ہے۔ جبکہ ترکی میں اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ اسے طبِ یونانی میں وچ ترکی کا نام دیا گیا ہے۔ اس کے ترکی نام کا بگاڑ ہی لاطینی میں اکورس بن گیا۔

یہ ایک خوشبودار پودا ہے۔ جس کی جڑیں زیادہ خوشبودار ہوتی ہیں۔ قد اس کا ایک فٹ سے کم۔ ذائقہ میں تلخ اور رنگت میں سفیدی مائل ہوتا ہے۔ "فارسی میں اسے" "اگر ترکی" عربی میں ذریرہ سنسکرت میں اگرا گرنتھی اور انگریزی میں SWEET FLAG کہتے ہیں۔ ہندی اور اردو نام باچھ کو بگاڑ کر بچھ یا وچھ ہیں۔

اطبا یونان اس سے آشنا تھے اور قدیم عربی کتب میں اسے قصب الذیرہ کے نام سے بیان کیا گیا ہے۔ عربی سے اردو میں ترجمہ کے دوران نام کا مغالطہ دوسری صورت اختیار کر گیا اور قصب الذیرہ سے مراد چرائتہ سے لیا گیا۔ چنانچہ جوارش جالینوس کے اصل نسخہ میں جہاں قصب الذیرہ مذکور تھا لوگوں نے چرائتہ شیریں ڈال کر نسخہ میں افادیت کو کم کر دیا۔ حالانکہ یہاں ذریرہ ہونا چاہیئے تھا۔

ارشاداتِ نبویؐ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم خوشبو کو پسند فرماتے تھے اور عام طور پر اس غرض کے لئے کستوری زیادہ مقبول تھی۔ ان کے ذاتی استعمال کے سرمہ میں بھی کستوری شامل ہوتی تھی اس لئے وہ "اثمد المروح" کہلاتا تھا۔ مگر حجۃ الوداع کے اہم موقعہ پر احرام باندھنے کے بعد درآمدی خوشبو کا استعمال فرمایا۔ حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت فرماتی ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

طیبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدی بذریرۃ،
فی حجۃ الوداع، للحل والاحرام

(بخاری۔ مسلم)

(میں نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام اور داڑھی پر ذریرہ کی خوشبو لگائی۔)

دوسری روایات سے پتہ چلتا ہے کہ ان کو پسا ہوا ذریرہ جسم اور احرام پر جب لگایا گیا تو اس کے سفیدی مائل ذروں کی چمک سر کی مانگ میں نظر آ رہی تھی۔

اس وقت تک لوگوں میں خوشبو کا تصور دھونی دینے کی حد تک تھا۔ یوروپ میں خوشبو کو جو مقبولیت میسر آئی وہ بنیادی طور پر عیسائی راہبوں کی وجہ سے تھی۔ چونکہ وہ برسوں نہاتے نہ تھے۔ اس لئے ان کے جسم سے بدبو آتی تھی۔ اس بدبو کو روکنے کے لئے ان کے یہاں خوشبو کا رواج ہوا جس کی اب تک کی تمام اقسام یوڈی کولون پر مبنی ہیں۔ کیمسٹری کے اصول پر جب بھی کوئی ترشہ کسی الکحل سے ملایا جاتا ہے تو ایک خوشبودار مرکب بن جاتا ہے۔ جدید ترین خوشبوئیں بھی اسی اصول پر مبنی ہیں۔ جن میں ایک نئی اضافت خوشبو کا سفوف ہے بغلوں اور رانوں کے درمیان مسلسل پسینہ۔ زیادہ گرم کپڑوں کے استعمال اور غلاظت کی وجہ سے آنے والی بدبو کو کم کرنے کے لئے خوشبو کی ایک جامد قسم SOLID EAU DE COLOGNE کے نام سے اب مروجہ ہوئی ہے۔ مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تمام دریافتوں سے پہلے ذریرہ کے سفوف کو خشک خوشبو کی صورت میں استعمال کر کے اس مضمون میں ایک نئے راستہ کا سراغ بتایا۔ بلکہ وہ کثیر الفوائد ہوئی تھی

وہ جب بھی کسی چیز کو استعمال فرماتے تھے وہ صرف ایک ہی مقصد کے لئے نہ ہوتی تھی۔ بلکہ وہ کثیر الفوائد ہوئی تھی۔ جیسے کہ زیتون کا تیل۔ کلونجی۔ قسط۔ شہد اور اب ذریرہ۔ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہما میں سے ایک محترمہ نے روایت فرمائی ہے۔

دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔
وقد خرج فی اصبعی بثرۃ۔ فقال: عندک ذریرۃ؟

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

قلت: نعم. قال ضعيها عليها. وقال: قولي:
اللهم مصغر الكبير، ومكبر الصغير، صغر ما بي "
(ابن السني، مستدرک الحاکم)

میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ میری انگلی پر پھنسی نکلی ہوئی تھی۔ انہوں نے پوچھا کہ کیا تیرے پاس ذریرہ ہے؟ میں نے کہا۔ ہاں! انہوں نے فرمایا کہ اس پھنسی پر ذریرہ لگاؤ اور یہ دُعا پڑھو۔ "اے اللہ تو بڑوں کو چھوٹا کرتا ہے اور چھوٹوں کو بڑا۔ میرے جو نکلا ہے تو اس کو چھوٹا کر دے"

محدثین کے مشاہدات:

انہوں نے بتایا ہے کہ ذریرہ ایک ہندوستانی دوا ہے جو تاثیر میں گرم اور مقامی طور پر قابض ہے۔ سوزش کی وجہ سے پیدا ہونے والی سوجن میں مفید ہے۔ معدہ، جگر اور آنتوں کی سوزش کو دور کرتی ہے۔ جگر کی اصلاح کر کے پیٹ میں بھرے ہوئے پانی کو نکالتی ہے۔ مدر البول ہے۔ دل کو طاقت دیتی ہے۔ اس کی خوشبو دل میں خوشی لاتی اور طبیعت سے تکدر کو دور کرتی ہے۔

کیمیاوی تجزیہ:

بنیادی طور پر اس میں ایک تیل۔ نشاستہ۔ گلوکوسائیڈ اور کیلامین پائے جاتے ہیں۔ کیلامین آنتوں کو سکون دیتا ہے اور سوزش کو رفع کر کے اسہال میں کمی لاتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔ تھوڑا سا لعاب بھی پایا جاتا ہے۔ اس میں روغن فرازی کی مقدار ایک فیصدی کے قریب ہوتی ہے۔ مگر جڑوں اور ان کی گانٹھوں میں اس تیل کی مقدار تین فیصدی سے زائد ہوتی ہے۔

اس کا روغنِ فرازی ایک پیچیدہ مرکب ہے۔ جس میں گاڑھے تیلوں والے اجزاء کے ساتھ لونگ کے تیل کا عنصر بھی موجود ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک جزوِ حال ACORETIN بھی پایا جاتا ہے۔ جو ذاتقہ میں تلخ لیکن جراثیم کش ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اطبائے قدیم کے مشاہدات :

یہ اورام کو تحلیل کرتا ہے۔ برص اور بہق میں اس کا لگانا مفید ہے۔ اس کا پانی ابال کر کلیاں کی جائیں تو مسوڑھوں کی سوجن کی وجہ سے ہونے والا دانت درد ختم ہو جاتا ہے۔ اس کی جڑوں کو چبانے سے دانت درد کو فائدہ کے علاوہ پیٹ کا درد اور نفخ جاتے رہتے ہیں۔ اس کو اونی کپڑوں میں رکھیں تو ان کو کیڑا نہیں لگتا۔ اس کو مرسوں کے ساتھ پیس کر دکھتے جوڑوں پر لیپ کرنے سے ان کا درد اور ورم جاتے رہتے ہیں۔ بچوں کے پیٹ پر باچھ کا لیپ کرنے سے پیٹ کا درد جاتا رہتا ہے۔ ایک دوسرے ویدک نسخہ کے مطابق باچھ کو جلا کر اس کی راکھ کو ناریل کے تیل میں ملا کر بچے کے پیٹ پر ملنے سے پیٹ کا درد جاتا رہتا ہے۔

باچھ کا جوشاندہ شہد ملا کر پینے سے پیٹ کی تمام تکالیف ختم ہو جاتی ہیں۔ اس کا تازہ عصارہ آنکھوں میں ڈالنے سے نزول الماء میں فائدہ ہوتا ہے۔

باچھ کا جوشاندہ دستوں میں فائدہ دیتا ہے۔ اگر ابالتے وقت تھوڑی سی ملٹھی شامل کر لی جائے تو خشک کھانسی میں مفید ہے۔ شہد کے ساتھ اس کا سفوف بچوں کو چٹانے سے وہ جلد باتیں کرنے لگتے ہیں۔ اس کے پینے سے حافظہ کی قوت میں اضافہ ہوتا ہے اور تشنج میں مفید ہے۔

مدر البول اور مدر حیض دوا کی وجہ سے حیض کی قلت کو دور کرتا ہے اور گردوں میں سوزش کی وجہ سے اگر پیشاب میں کمی آگئی ہو تو اسے دور کرتا ہے۔ اس کا یہی اثر استسقاء کو کم کرتا ہے۔ اس کا مربہ فالج اور مرگی میں مفید ہے۔

دمہ کا دورہ ختم کرنے کے لئے پہلی خوراک ایک ماشہ دینے کے بعد ہر تین گھنٹے کے بعد پانچ رتی دینے سے سانس کی گھٹن ختم ہو جاتی ہے۔

جالینوس نے باچھ کی جڑ کو اس کا مفید ترین حصہ قرار دیا ہے اور اس کی رائے کو اب کیمیاوی تجزیہ سے تائید میسر ہے۔ کیونکہ باقی پودے کی نسبت جڑوں میں روغن فراری کی مقدار تین گنا سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔ اس کے شواہد کے مطابق یہ بھوک بڑھانی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اور عقل و فہم میں اضافہ کرتی ہے۔ اس کو بھنی ہوئی ہینگ کے ساتھ دینے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔

باچھ کا سفوف شہد میں ملا کر چٹانے سے مرگی جاتی رہتی ہے۔ یہی نسخہ بچوں کے گلے کی سوزش میں مفید ہے۔ باچھ کو زیادہ مقدار میں قے لانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ یہ اکثر زہروں اور خاص طور پر جمال گوٹہ کا تریاق ہے۔

جدید مشاہدات

حکومتِ ہند کے شعبہ طب یونانی کی تحقیقات کے مطابق یہ ہاضم۔ کاسر الریاح۔ مدر بول۔ قاتل کرم شکم ہے۔ مقوی ہونے کی وجہ سے اعصابی امراض۔ فالج۔ نسیان۔ لقوہ۔ تشنج۔ مرگی اور ہسٹریا میں مفید ہے۔ رازی کی مشہور دوا معجون ملیتہ کے اجزاء میں باچھ بھی شامل تھی جسے وہ لقوہ اور فالج کے لئے بڑے اعتماد سے دیا کرتا تھا۔

ندکارنی اور چوپڑانے اسے محرکِ اعصاب۔ مخرش معدہ اور قے آور قرار دیا ہے۔

باچھ کا تیس گرین سفوف کھانے سے قے ہونے لگتی ہے۔ یہ قولنج کو رفع کرتی۔ سدوں کو کھولتی۔ مخرج بلغم۔ مقوی معدہ اور دافع عفونت ہے۔ اعصاب پر مسکن اثر کی وجہ سے منوّم ہے۔ ویدک تحقیقات میں اسے جنون میں بھی دیا جاتا ہے۔

ایک حصہ سفوف کو دس گنا پانی میں ابال کر جوشاندہ بناتے ہیں اگر ۱۰ گرین سفوف لیا جائے تو اس کے جوشاندہ کے دو بڑے چمچے دن میں تین سے چار مرتبہ دیئے جاتے ہیں۔ اعصابی دردوں کے علاوہ اس مقدار نے تیسرے دن چڑھنے والے ملیریا بخار میں بھی فائدہ دیا ہے۔ جوشاندہ میں ملٹھی کی چٹکی ملا دینے سے سانس کی نالیوں کو کھولتی اور بلغم کا اخراج کرتی ہے۔

اس کی جڑ بیس بھوڑی مقدار میں چبانے سے منہ میں گرمی محسوس ہوتی ہے اور تھوک نکلتی ہے۔ اس کا استعمال زہروں اور خاص طور پر سانپ کی زہر کا تریاق ہے۔ دباؤں کے دوران اسے کوٹنے سے شفی پایا جا سکتا ہے۔

اسکا لیپ جوڑوں کے دردوں میں مفید ہے۔ اس کی راکھ ناریل کے تیل یا کسر کے تیل میں ملا کر پیٹ پر ملنے سے قولنج دور ہوتا ہے۔ چھاتی پر لیپ کرنے سے بچوں کا درد اور اینٹھن جاتے رہتے ہیں۔

چھوٹے بچوں کو جڑوں کی راکھ کے تین گرین پرانے اسہال میں مفید ہیں۔ اجوائن اور باچھ کا سفوف مفلوج حصوں پر مالش کے لئے مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

زیتون ---- زیتون OLIVE

OLEUM OLIVIAE OLEUM EUROPAE

زیتون کا درخت تین میٹر کے قریب اونچا ہوتا ہے۔ چمکدار پتوں کے علاوہ اس میں سیر کی شکل کا ایک پھل لگتا ہے جس کا رنگ اودا اور جامنی مائل بظاہر کسیلا اور چمکدار ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ درخت ایشیائے کوچک۔ فلسطین۔ بحیرہ روم کے خطہ۔ یونان۔ پرتگال۔ سپین ترکی۔ اٹلی۔ شمالی افریقہ۔ الجزائر۔ ٹیونس۔ امریکہ میں کیلی فورنیا۔ میکسیکو۔ پیرو اور آسٹریلیا کے جنوبی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ زیتون کا تیل بطور صنعت اور برآمد کے فرانس۔ اٹلی۔ سپین ترکی۔ الجزائر۔ تیونس اور یونان سے آتا ہے۔ حال ہی میں بلوچستان سے بھی زیتون کا تیل ڈبوں میں برآمد کیا گیا ہے۔

مفسرین کی تحقیقات کے مطابق زیتون کا درخت تاریخ کا قدیم ترین پودا ہے طوفانِ نوح کے اختتام پر پانی اترنے کے بعد زمین پر جو سب سے پہلی چیز نمایاں ہوئی وہ زیتون کا درخت تھا۔ اس زیتون کا درخت سیاست میں امن اور سلامتی کا نشان بن گیا ہے۔ فلسطینی رہنما محمد عبدالرؤف یاسر عرفات نے جب اقوامِ متحدہ کے اجلاس سے خطاب کیا تو سب سے پہلی بات یہ کہی۔

"میں آپ کے پاس زیتون کی ڈالی لے کر آیا ہوں۔"

اس سے مفہوم یہ لیا گیا کہ وہ اقوامِ متحدہ میں امن اور سلامتی کا پیغام لے کر آئے ہیں۔ مصرِ قدیم میں بھی زیتون کا تیل کھانے۔ پکانے بلکہ اشیاء کو محفوظ کرنے جسم پر لگانے اور علاج میں استعمال ہوتا تھا۔ مصری مقابر سے برآمد ہونے والی اشیاء میں زیتون کے تیل سے بھرے ہوئے برتن بھی شامل ہیں۔ توریت میں تیل ملنے کا ذکر ملتا ہے۔

زیتون کا پھل غذائیت سے بھرپور ہے۔ مگر اپنے ذائقہ کی وجہ سے پھل کی صورت میں زیادہ مقبول نہیں۔ اس کے [illegible] ترکی میں بہت لوگ یہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

پھل خالص صورت میں اور یورپ میں اس کا اچار بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ یونان سے زیتون کا اچار سرکہ میں آتا ہے اور مغربی ممالک میں بڑی مقبولیت رکھتا ہے۔ سعودی عرب کے پہلے فرمانروا جلالۃ الملک عبدالعزیز ابن سعود مغفور کا ناشتہ کھجور۔ اونٹنی کا بغیر تلمذہ زیتون اور اونٹنی کے دودھ پر مشتمل ہوتا تھا۔ اسی لئے وہ جب تک زندہ رہے اپنی توانائی میں ضرب المثل تھے۔ اس کی زیادہ تر شہرت پھل سے برآمد ہونے والے تیل سے ہے۔ ڈبوں میں فروخت ہونے والی سارڈین اور دوسری مچھلیاں محفوظ رکھنے کے لئے زیتون کے تیل میں رکھ کر پیک ہوتی ہیں۔ اس تیل کی منفرد خصوصیت یہ ہے کہ بوتل خواہ کھلی بھی رہے اس پر چیونٹیاں نہیں آتیں اور جب اسے دیئے میں جلایا جاتا ہے تو یہ دوسرے تیلوں کی طرح دھواں نہیں دیتا۔

قرآن مجید نے زیتون اور اس کے تیل کا بار بار ذکر کر کے شہرت دوام عطا کی ہے۔

والنخل والزرع مختلفا اکلہ والزیتون
والرمان متشابھا وغیر متشابھا۔
کلوا من ثمرہ اذا اثمر و۔ (۱۴۱۔ م۔ الانعام۔ ۶)

(۔۔۔ اور کھجور اور مزروعات جن کے ذائقے ایک دوسرے
سے مختلف ہیں اور زیتون اور انار جن کی شکلیں ایک دوسرے سے ملتی ہیں اور وہ جن کی شکلیں نہیں ملتیں۔ تم اس کے پھلوں کو اس وقت خوب کھاؤ جب وہ پک جائیں۔ مگر ضائع نہ کرو۔

وجنات من اعناب والزیتون والرمان
متشبھا وغیر متشابہ: انظروا الی ثمرہ
اذا اثمر و ینعہ ان فی ذالکم لایت لقوم یومنون۔
(۹۹۔ ک۔ الانعام۔ ۶)

(اس نے آسمان سے جو پانی برسایا اس کا کرشمہ تمہارے باغات ہیں۔ جن میں انگور۔ زیتون۔ انار اور دوسرے پھل لگتے ہیں۔ ان پھلوں میں دلچسپی کی بات یہ ہے کہ ان کی ہیئت ایک دوسرے سے مشابہت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

رکھتے بھی ہیں اور نہیں بھی رکھتے۔ پھر پھلوں کی طرف دیکھو کہ وہ (جب پھول کی کونپل سے پھل بننے تک) کس طرح پک جاتے ہیں۔ عالم نباتات کے ان اعمال میں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے لئے جو اس کی قدرت پر ایمان رکھتے ہیں۔ بڑی اہمیت والی نشانیاں رکھ دی ہیں۔)

هو الذی انزل من السماء ماء لکم منه شراب ومنه شجر فیه تسیمون۔ ینبت لکم به الزرع والزیتون والنخیل والاعناب ومن کل الثمرات ان فی ذالک لاٰیة لقوم یتفکرون۔ (۱۱۔ ث۔ النحل۔ ۱۶)

(یہ وہی خدا ہے کہ جو آسمان سے پانی برساتا ہے۔ اس پانی کو کو انسان پیتے ہیں اور اسی پانی سے درخت اگتے ہیں جن پر تم اپنے جانور چراتے ہو۔ اسی پانی سے وہ تمہارے کھیتوں کو اگاتا ہے اور زیتون اور کھجور اور انگور اور دوسرے پھل اگتے ہیں۔ ——— ——— وہ لوگ جو فکر و دانش رکھتے ہیں ان کے لئے اس عمل میں بہت سی مفید نشانیاں پنہاں کر دی گئی ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اس عمل پر غور کرنے والوں کو

یوقد من شجرة مبارکة زیتونة لا شرقیة ولا غربیة یکاد زیتها یضیٓ ولو لم تمسسه نار۔ (النور ۳۵)

(اللہ تعالیٰ اپنے نور کی مثال میں ایک ایسے چراغ کو بیان کرتے ہیں جس کے اوپر قندیل چڑھی ہو۔ چراغ کی روشنی سے یہ قندیل ستاروں کی مانند چمکتی ہے۔ اس چراغ کو روشنی کے لئے توانائی زیتون کے مبارک درخت کے تیل سے حاصل ہوتی ہے۔ زیتون کے تیل والا یہ درخت نہ تو مشرق میں ہے اور نہ مغرب میں۔ قریب ہے کہ یہ تیل اپنے آپ ہی روشنی دینے لگے اور اس عمل کے لئے خواہ اسے شعلہ نہ بھی لگایا گیا ہو)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اس سے مراد درخت ایسی صورت میں استادہ ہے کہ سورج کی روشنی طلوع سے غروب تک اس پر کھل کر پڑتی ہے اور پھر ایک ایسا تیل پیدا کرتا ہے۔ جو پاک صاف اور چمکدار ہوتا ہے۔

والتین والزیتون ۔ وطور سینین وھذا البلد الامین ۔ (اک ۔ التین ۔ ۹۵)

(قسم ہے انجیر کی اور قسم ہے زیتون کی اور قسم ہے طور سینا کی اور قسم ہے اس امن والے شہر کی)

(اس آیت کی تفسیر انجیر کے عنوان کے ساتھ بیان کی جا چکی ہے)

فواکہ فانشانا لکم بہ جنٰت من نخیل واعناب لکم فیھا فواکہ کثیرۃ ومنھا تاکلون ۔ وشجرۃ تخرج من طور سینآء تنبت بالدھن وصبغ للاکلین

(مؤمنون)

(اور پھر تم ایسے باغ اگاؤ گے جن میں کھجور ۔ اور انگور کے علاوہ دوسرے پھل ہونگے ۔ اور یہ پھل تم رغبت سے کھاتے ہو ۔ اور طور پہاڑ کے علاقہ میں وہ درخت ہے جس سے وہ تیل نکلتا ہے جو تمہاری روٹی کے ساتھ سالن کا کام دیتا ہے ۔)

ان آیات میں غور طلب نکات یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے زیتون کے درخت کو ایک مبارک یعنی برکت والا درخت قرار دیا ۔ اس کے پھل کو اہمیت عطا فرمائی ۔ پھر لوگوں کو متوجہ کیا کہ زیتون ۔ کھجور ۔ انار ۔ اور انگور میں فوائد کے خزانے بھرے پڑے ہیں ۔ بشرطیکہ تم ان کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرو ۔ سورۃ الانعام کی دونوں آیات غور و فکر کے لئے تازیانہ کی حیثیت رکھتی ہیں ۔ بات اس سے شروع ہوئی کہ آسمان سے پانی برستا ہے جس میں پینے کے ساتھ ساتھ جانوروں اور زراعت کے لئے اہمیت ہے اور اہمیت کے اسی تسلسل میں زیتون کا ذکر آیا اور اس کے ساتھ ہی دوسرے پھل بھی مذکور ہوئے کھجور ۔ انگور اور انار لذیذ میوے ہیں ۔ اگر کوئی ان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کی جانب متوجہ نہ بھی کرو تب بھی لوگ ان کو خوشی خوشی کھاتے ہیں۔ مگر زیتون کا ذائقہ ایسا نہیں کہ کوئی اس سے رغبت محسوس کرے۔ تو ظاہر ہے کہ اُس کی جانب بار بار متوجہ کروانے کی ضرورت اور اس کے فوائد کے بارے میں روشنی دکھانے کا مقصد یہ ہے کہ یہ پھل ذائقہ کے لئے نہیں فوائد کے لئے ہے۔ اس بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایک جگہ اس کی نشان دہی کرکے فرمایا کہ یہ ستر بیماری کی دوا ہے۔ اب اس میں دلچسپی لے کر فائدہ اٹھانا ہمارا کام ہے۔

کتب مقدسہ

قرآن مجید نے مطلع کیا ہے کہ زیتون کا پھل ایک مبارک درخت سے ہے۔ اس کے بابرکت ہونے کی وجہ سے ابتدائے آفرینش میں خداوند کی بارگاہ میں جو قربانیاں پیش کی جاتی تھیں ان پر زیتون کا تیل لگانا ضروری تھی۔

طوفان نوح کا سلسلہ ختم ہونے کی اطلاع بھی زیتون کی ڈالی سے میسر آئی۔

..... اور وہ کبوتری شام کے وقت اس کے پاس لوٹ آئی۔ اور دیکھا تو زیتون کی ایک تازہ پتی اس کی چونچ میں تھی۔ تب نوح نے معلوم کیا کہ پانی زمین سے کم ہوگیا۔

پیدائش۔ (۱۲-۱۱ : ۸)

یہاں پر ترجمہ کی غلطی سے کبوتری مذکور ہے جبکہ اصل کے مفہوم سے اڑنے والا پرندہ فاختہ تھی۔

..... اپنے انگور اور زیتون کے باغ سے بھی ایسا ہی کرنا۔

(خروج۔ ۱۱ : ۲۳)

یہاں پر مختلف فصلوں کی زراعت اور اس سے فوائد کا تذکرہ ہے جن میں خصوصی ذکر زیتون اور انگور کا کیا گیا۔

..... وہ ایسا ملک ہے جہاں گندم اور جو اور انگور اور انجیر کے درخت اور انار ہوتے ہیں۔ وہ ایسا ملک ہے جہاں روغن دار زیتون اور شہد بھی ہے۔ اس ملک میں روٹی تجھ کو بافراط ملے گی اور تجھ کو کسی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

چیز کی کمی نہ ہوگی۔

یہ ایک مثالی ملک کی نوید ہے جو بنی اسرائیل کو نیک و پاک رہنے کی صورت میں دیا جانے والا تھا۔ بشرطیکہ وہ وہاں جاکر غرور سے اترانے نہ لگیں۔ دوسرے الفاظ میں انہیں زمین پر جنت کا مثیل مہیا کیا جارہا تھا کیونکہ قرآن مجید نے جنت کی صفات میں بھی یہی چیزیں گنوائی ہیں۔

بنی اسرائیل نے ان نعمتوں کو پانے کے بعد اپنی ناشکری کا سلسلہ ترک نہ کیا تھا تو پھر ان کی اہم فصلوں کے نقصان کی صورت یہ بتائی گئی۔

تیری سب حدود میں زیتون کے درخت لگے ہونگے۔ پر تو ان کا تیل نہیں لگانے پائے گا۔ کیونکہ تیرے زیتون کے درختوں کا پھل چھڑ جائیگا۔

(استثنا۔ ۲۸: ۴۰-۴۱)

لیکن میں تو خداوند کے گھر میں زیتون کے ہرے درخت کی مانند ہوں۔ میرا توکل ابدالاباد خدا کی شفقت پر ہے۔

(زبور۔ ۵۲: ۸)

خداوند نے خوش میوہ ہرا زیتون تیرا نام رکھا ہے۔

(یرمیاہ۔ ۱۱: ۱۶)

بنی اسرائیل کو ایک اچھی زندگی کی نوید دیتے ہوئے فرمایا گیا۔

... بیابان میں دیودار اور ببول اور آس اور زیتون کے درخت لگاؤنگا۔

(یسعیاہ ۱۹-۴۱)

انجیل مقدس یعقوب عام حظ زیتون ہی کی مثال لیتے ہوئے ہے۔

"اے میرے بھائیو! کیا انجیر کے درخت میں زیتون اور انگور میں انجیر پیدا ہو سکتے ہیں؟ اسی طرح کھاری چشمہ سے میٹھا پانی نہیں نکل سکتا۔ (یعقوب ۱۲: ۳)

ارشاداتِ نبوی ص

Digitized By eGangotri

قرآن مجید نے زیتون کا بار بار ذکر فرمایا۔ جہاں کسی اچھی فصل

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کا تذکرہ ہوا زیتون ضرور شامل ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے جب اپنے نور کو مثال دے کر واضح کیا تو مثال زیتون کا تیل۔ اس کی روشنی اور اس کی خوشنمائی پر منتج ہوئی۔ پھر فرمایا کہ یہ ایک مبارک درخت ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے اس درخت کو اتنی اہمیت عطا فرمائی ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہمیت کے اسباب پر بھی یقیناً روشنی ڈالی ہے۔

حضرت اسید الانصاری رضؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا الزیت وادھنوا بہ۔ فانہ من شجرۃ مبارکۃ۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ۔ دارمی)

(زیتون کے تیل کو کھاؤ اور اس سے جسم کی مالش کرو کہ یہ ایک مبارک درخت ہے۔)

یہی روایت حضرت ابو سعید الخدری سے اور مستدرک الحاکم میں ابو ہریرہ سے بھی منقول ہے۔

حضرت علقمہ بن عامرؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

علیکم بزیت الزیتون، کلوہ وادھنوا بہ، فانہ تنفع من البواسیر۔

(ابن الجوزی۔ ذہبی)

(تمہارے لئے زیتون کا تیل موجود ہے۔ اسے کھاؤ اور بدن پر مالش کرو۔ کیونکہ یہ بواسیر میں فائدہ دیتا ہے۔)

علیکم بھذہ الشجرۃ المبارکۃ زیت الزیتون۔ فتداووا بہ فانہ مصحۃ من الباسور۔

(ابن السنی۔ ابو نعیم)

(تمہارے پاس اس مبارک درخت سے زیتون کا تیل موجود ہے۔ اس سے علاج کرو کہ یہ باسور کو ٹھیک کر دیتا ہے)

یہ روایت عقبہ بن عامرؓ سے مروی ہے۔ جبکہ ذہبی نے بالائی روایت ان کے برادر مکرم علقمہ سے بیان کی اور اس میں [illegible] باسور مذکور ہے۔ باسور سے مراد

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مقعد کا زخم ہے۔

کنز العمال نے مسند عمر اور ابراھیم بن ابی ثابت کی حدیث سے روایت کی ہے کہ حضرت عمرؓ روایت کرتے ہیں۔ جبکہ بیہقی اور ابن ماجہ نے اسے حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کیا ہے۔

ایتدھنوا بالزیت وادھنوا بہ فانہ من شجرۃ مبارکۃ۔

(زیتون کے تیل سے علاج کرو۔ اسے کھاؤ اور لگاؤ۔ کیونکہ یہ ایک مبارک درخت ہے۔)

(خالد بن سعد روایت کرتے ہیں کہ میں خالب بن ابجر کے ہمراہ مدینہ آیا۔ راستے میں خالب بیمار ہوگئے۔ ان کی عیادت کو ابن ابی عتیق آئے اور بتایا کہ حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلونجی میں شفا بتائی ہے۔ ہم نے کلونجی کچھ دانے کوٹ کر زیتون کے تیل میں ملا کر ناک کی دونوں اطراف میں ٹپکایا جائے۔ ہم نے ایسا کیا تو خالب بن ابجر شفایاب ہوگئے) (ابن ماجہ۔ بخاری)

حضرت ابوہریرہؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا الزیت وادھنوا بہ، فان فیہ شفاء من سبعین داء منھا الجذام۔ (ابونعیم)

(زیتون کا تیل کھاؤ اور اسے لگاؤ کیونکہ اس میں ستر بیماریوں سے شفا ہے جن میں سے ایک کوڑھ بھی ہے۔)

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا الزیت وادھنوا بہ فانہ طیب مبارکۃ

(ابن ماجہ۔ الحاکم)

(زیتون کا تیل کھاؤ۔ اسے لگاؤ۔ کیونکہ یہ پاک صاف اور مبارک ہے)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

حضرت زید بن ارقم رضؓ روایت فرماتے ہیں۔

امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ان نتداوی ذات الجنب بالقسط البحری والزیت

(ترمذی۔ مسند احمد۔ ابن ماجہ)

(ہمیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ہم ذات الجنب (پلورسی) کا علاج قسط البحری (قسط شیریں) اور زیتون کے تیل سے کریں)

حضرت زید بن ارقم رضؓ روایت کرتے ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینعت

الزہت والورس من ذات الجنب۔

(ترمذی۔ مسند احمد۔ ابن ماجہ)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذات الجنب کے علاج میں ورس اور زیتون کے تیل کی افادیت کی تعریف فرمایا کرتے تھے)

ذات الجنب کو پرانے اطباء نے نمونیہ قرار دیا ہے۔ جبکہ نوعیت کے لحاظ سے پلورسی ہے۔ اس کی تشریح میں امام عیسیٰ ترمذی کہتے ہیں۔ قال اصحاب العلم۔ ان الذات الجنب السل۔ یعنی اصحاب علم بیان کرتے ہیں کہ ذات الجنب دراصل تپ دق ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بیسویں صدی کی تحقیقات نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ پلورسی کا عمومی سبب تپ دق ہوتا ہے یا اسے دق کی ایک قسم قرار دے سکتے ہیں۔

محمد احمد ذہبیؒ نے سند روایت کے بغیر ابن الجوزی سے روایت کیا ہے۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من ادھن بزیت لم یقربہ شیطان۔

(جس نے زیتون کے تیل کی مالش کی۔ شیطان اس کے قریب نہ جائے گا)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کیمیاوی حیثیت

زیتون کے تیل کو امریکہ کے سرکاری فارماکوپیا U.S. PHARMCOPEA میں سرکاری حیثیت حاصل ہے۔ برطانیہ کے B.P.C (BRITISH PHARMCOPEA CODEX) مطابق یہ علاج کے لئے ایک مسلمہ روائی ہے۔ ان دونوں کتابوں کے مشترکہ دو سرکاری معیار کے مطابق یہ تازہ زیتون سے نکالا ہوا تیل ہے جس کا رنگ موتیا یا سبزی مائل پیلا ہونا چاہیئے۔ اس میں کوئی خاص خوشبو نہ ہو اور عام حالات میں سیال ہو ۲۰° کے درجہ حرارت پر ایک ملی لیٹر کا وزن ۰۹۱۳ گرام کے قریب ہو (یعنی کہ پانی سے ہلکا) ۴° کے درجہ حرارت پر یہ جمنے لگتا ہے۔ ہیئت کی یہ تبدیلی اس کی فعالیت پر اثر انداز نہیں ہوتی۔

اس کے کیمیاوی اجزاء میں OLEIC ACID - PALMATIC ACID LINOLEIC ACID - STEARIC ACID - MYRISTIC ACID - GLYCERIDES شامل ہوتے ہیں۔ یہ پانی میں حل نہیں ہوتا۔ مگر الکحل۔ ایتھر۔ کلوروفارم اور بیکر بیڈ پیرافین کے ساتھ حل ہو جاتا ہے۔ برطانوی تحقیقات کے مطابق اس میں ملاوٹ کے لئے چائے کے بیجوں کا تیل اور ARACHIS OIL استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر حال ہی کی معلومات کے مطابق مراکش کے ایک شخص نے اس میں مشین گن آئیل اور امریکی تحقیقات کے مطابق پیین میں صاف کئے ہوئے سوبل آئیل کی ملاوٹ پائی گئی ہے

زیتون کا تیل پکے ہوئے پھل سے نکالا جاتا ہے۔ کچے یا گلے ہوئے پھل میں تیل کی مقدار کم ہوتی ہے۔ اگرچہ اس کے بیجوں میں بھی تیل پایا جاتا ہے مگر ان کا معیار عمدہ نہیں ہوتا۔ تیل نکالنے سے پہلے پھل کو صاف کر کے اس کا چھلکا اتار لینا ضروری ہے۔ پھل کو براہ راست مشین کے کولھو میں ڈال کر تیل کی جو قسم برآمد ہوتی ہے۔ اسے سب سے عمدہ تیل قرار دیا جاتا ہے اور اسے VIRGIN OIL کہتے ہیں۔ جبکہ پہلی کھیپ وصول کرنے کے بعد پھوک پر گرم پانی ڈال کر دوبارہ سہ بارہ کولھو میں ڈالا جاتا ہے۔ بعد میں پانی کو تیل سے علیحدہ کر لیا جاتا ہے۔ اس عمل کے دوران TANNIC OIL بھی شامل کیا جاتا ہے دوسری اور تیسری کھیپ کو TABLE OIL جبکہ پہلی کھیپ کے تیل کا رنگ سنہری اور اس میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ہلکی سی خوشبو ہوتی ہے۔ یہ تیل مدتوں خراب نہیں ہوتا۔ اگر اسے کھلا رہنے دیا جائے یا اس میں پانی پڑ جائے تو اس صورت میں اس کے اندر پھپھوندی پیدا ہو جاتی ہیں۔ دوسری تیسری کھیپ کے تیلوں کا رنگ سبزی مائل اور پہلی گھانی سے گاڑھا ہوتا ہے۔

زیتون کی ایسی اقسام بھی ہیں جن سے وزن کے حساب سے ستر فیصدی تک تیل حاصل ہو سکتا ہے۔ کیلی فورنیا میں پیدا ہونے والے پھل میں تیل کی مقدار کم ہوتی ہے۔ اب تک یقین کیا جاتا تھا کہ اس میں CHOLESTROL نہیں ہوتا مگر اب بعض قسموں سے PHYTOSTEROL برآمد ہوتی ہے جو اسی خاندان سے ہے۔

محدثین کے مشاہدات

ایک مرتبہ حضرت عمر فاروقؓ کے پاس ایک مہمان آیا۔ انہوں نے رات کے کھانے میں اسے اونٹ کی سری اور زیتون کا تیل پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں یہ تمہیں اس لئے کھلا رہا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو مبارک درخت سے قرار دیا ہے۔

قرآن مجید نے اس تیل کو جو اہمیت دی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تعریف فرمائی اس کے بعد لوگوں نے اسے متبرک تو قرار دیا مگر یہ کوشش نہیں کی کہ انہوں نے جن ستر فوائد کا تذکرہ فرمایا وہ کیا ہیں۔ انہوں نے خود ان میں سے پانچ کا ذکر فرما دیا۔ بواسیر، باسور، جلدی امراض۔ پوری اور کوڑھ۔ مگر اس سے آگے قابلِ ذکر کام نہیں ہوا۔

ابن القیمؒ کہتے ہیں کہ سرخ زیتون کا تیل سیاہی مائل سے بہتر ہوتا ہے۔ یہ طبیعت کو بحال کرتا ہے۔ چہرے کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ زہروں کے خلاف تحفظ دیتا ہے۔ پیٹ کے فعل کو اعتدال پر لاتا ہے۔ پیٹ سے کیڑے نکالتا ہے۔ بالوں کو چمکاتا اور بڑھاپے کی تکالیف اور اثرات کو کم کرتا ہے۔ زیتون کے تیل میں نمک ملا کر اگر مسوڑھوں پر ملا جائے تو یہ ان کو تقویت دیتا ہے۔ یہی نمکین مرکب آگ سے جلے ہوئے کے لئے مفید ہے۔ تیل یا زیتون کے پتوں کا پانی گھانے سے سرخ پھنسیوں پر پٹی۔ خارش میں فائدہ ہوتا ہے۔ وہ پھوڑے جن سے بدبو آتی ہو یا برانی خارش کی وجہ سے ٹھیک ہونے میں نہ آتے ہوں زیتون کے تیل سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ذہبی کی تحقیقات کے مطابق بالوں اور جسم کو مضبوط کرکے بڑھاپے کے آثار کم کرتا ہے۔
کسی بھی چکنائی اور تیل کے پینے سے پیٹ خراب ہوتا ہے۔ مگر زیتون کا تیل اس سے مستثنیٰ ہے
کیونکہ یہ تیل ہونے کے باوجود پیٹ کی بہت سی بیماریوں کے لئے مصلح ہے۔

سچی بات یہ ہے کہ زیتون کا تیل غربا کے لئے بہترین تریاق ہے۔ مگر زیتون کا وہ تیل
جو سبز اور سنہری ہو وہی مفید بھی ہے۔ سیاہی مائل رنگ کا تیل بے کار اور مضر صحت ہے۔ صحیح
تیل مقوی باہ۔ مقوی معدہ۔ اور سینے کی بیماریوں سے تحفظ مہیا کرتا ہے۔ زیتون کا ممکن
تیل آگ سے ہونے والے زخموں کے لئے اکسیر ہے۔

زیتون کے درخت کے پتوں کا رس نکال کر یا خشک ملیں تو ان کو پانی میں ابال کر ان
سے کلیاں کرنا منہ اور زبان کے زخموں کو مندمل کر دیتا ہے۔ زیتون کے پتوں کا عرق لگانے
حساسیت سے پیدا ہونے والے جلدی امراض ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

ان مشاہدات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ طب نبوی پر کام کرنے والے دو عظیم محققوں
نے اپنی اپنی کوشش سے زیتون کے جو فوائد معلوم کئے ہیں وہ ایک دوسرے کی تصدیق کرتے
ہیں۔ دونوں متفق ہیں کہ تیل مقوی۔ امراض جلد میں شفا اور مقامی طور پر آگ سے جلے کے
علاوہ پیٹ کی بیماریوں کا مکمل علاج ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات

زیتون کا پھل :- زیتون کے پھل اور پتوں کا رس
نچوڑ کر اسے اتنی دیر پکائیں کہ وہ شہد کی مانند گاڑھا ہو جائے۔ اسے کیڑے والے دانت پر
لگائیں تو کیڑا اکھڑ جاتا ہے۔ اگر اس سے کلیاں کریں تو منہ کے اندر کے زخم اور سفید داغ
(قلاع سفید) ٹھیک ہو جاتا ہے۔ مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں۔ اس میں سرکہ یا سپرٹ ملا کر سر
پر لیپ کریں تو گنج اور داء الثعلب میں مفید ہے۔ اس لیپ میں شہد ملا کر زخموں پر لگانے سے
ان کی سرخی۔ جلن اور تعفن دور ہوتے ہیں۔ اگر زخم پر چھلکا آیا ہو تو اس کے لگانے سے وہ
اتر جاتا ہے۔ بعض اطبار نے لکھا ہے کہ اس کے مسلسل لیپ سے پھنسیوں اور چیچک کے داغ
دور ہو جاتے ہیں۔ اس کی گٹھلی کو پیس کر اور پھر بیل کو لگانے سے ناخنوں کا مرض

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ٹھیک ہو جاتا ہے۔

زیتون کا اچار بھوک بڑھاتا ہے۔ زیادہ مقدار میں قبض کشا ہے۔

زیتون کے پتوں کو گھوٹ کر لگانے سے پسینہ کی شدت میں کمی آتی ہے۔ ان پتوں کا خمار چہرہ۔ داد قوبا۔ پتی اور نملہ کو نافع ہے۔ خراب اور گندے زخموں پر لگانے سے ان کی بدبو دور کر کے جلد ٹھیک کر دیتا ہے۔ جنگلی زیتون کے پتوں کا رس کان میں ڈالنے سے کان بہنے بند ہو جاتے ہیں۔ اگر اس میں شہد ملا کر گرم ٹپکائیں تو کان کی پھنسی۔ میل کی زیادتی اور اس سے پیدا ہونے والے بہرہ پن میں مفید ہے۔ پتوں کو سرکہ میں جوش دیکر کلیاں کرنے سے دانتوں کا درد جاتا رہتا ہے۔ زیتون کی لکڑی کو آگ لگا کر جلائیں تو اس سے نکلنے والا تیل پھپھوندی سے پیدا ہونے والی تمام جلدی بیماریوں۔ داد۔ چھیپ۔ چنبل۔ سر کا بفہ اور گنج کو ٹھیک کر دیتا ہے

زیتون کا تیل

جب تازہ پکے ہوئے پھل کو دبا کر نچوڑا جائے تو خالص ہونے والا تیل زیت عذب کہلاتا ہے۔ یہ سنہری رنگ کا ہوتا ہے۔ جب یہ چھ برس پرانا ہو جائے تو وہ زیت العتیق ہے۔ جو خام پھلوں سے نکالا جاتا ہے وہ زیت الانفاق ہے۔ اسے زیت الرکابی بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ فلسطین اور شام سے اونٹوں پر لاد کر عراق میں لایا جاتا تھا۔ بر علی سینا کہتا ہے کہ زیتون کا تیل جب پرانا ہو جائے تو اس کی طبیعت روغن بنفشہ کی طرح ہو جاتی ہے۔ ورنہ اسی قسم کے فوائد حاصل کرنے کے لئے تیل کو اتنا پکائیں کہ وہ شہد کی مانند گاڑھا ہو جائے۔ یہ تیل اپنے اوصاف کے لحاظ سے روغن کلونجی اور روغن بلسان سے بھی انہی فوائد میں بہتر ہے۔ وہ یہ تسلیم کرتا ہے کہ زیتون کا تیل چاہے ہزار سال پرانا بھی ہو جائے تو بھی مفید رہتا ہے۔

جو لوگ باقاعدگی سے یہ تیل سر پر لگاتے ہیں نہ تو ان کے بال گرتے ہیں اور نہ ہی جلد سفید ہوتے ہیں۔ اس کی مالش سے داد اور بھوسی زائل ہو جاتے ہیں۔ کان میں پانی پڑا ہو تو زیتون کا تیل ڈالنے سے یہ پانی نکل جاتا ہے۔ اطباء نے لکھا ہے کہ اس کی سلائی باقاعدہ آنکھ میں لگانے سے آنکھ کی سرخی مٹ جاتی ہے اور موتیا بند کو کم کرنے میں مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

زیتون کے تیل کی مالش کرنے سے اعضاء کو قوت حاصل ہوتی ہے۔ پٹھوں کا درد جاتا رہتا ہے۔ بعض طبیب اس مالش کو مرگی کے لئے بھی مفید قرار دیتے ہیں۔ وجع المفاصل اور عرق النساء کو دور کرتا ہے۔ چہرے کو بشاشت دیتا ہے۔ اسے مرہم میں شامل کرنے سے زخم جلد بھرتے ہیں۔ ناسور کو مندمل کرنے میں کوئی دوائی زیتون سے بہتر نہیں۔

اکیس تولہ جو کے پانی میں روغن زیتون ملا کر پینے سے پرانی قبض جاتی رہتی ہے۔ تیل پینے سے معدہ اور آنتوں کے اکثر امراض جاتے رہتے ہیں پیچش میں مفید ہے۔ پیٹ کے کیڑے مار دیتا ہے۔ گردہ کی پتھری توڑ کر نکال سکتا ہے۔ استسقاء میں مفید ہے۔ جسمانی کمزوری کو رفع کرتا ہے پیشاب آور ہے۔

منہ کے زخموں کو جلد مندمل کرتا ہے۔ گلے کو صاف کرتا ہے۔ زہروں کے اثرات بد دور کرنے میں مفید ہے۔ عام طور پر تیزابی زہروں کے علاج میں قلوی ادویہ دی جاتی ہیں جبکہ قلوی زہروں کا اثر زائل کرنے کے لئے تیزابی دوائیں استعمال ہوتی ہیں۔ اس لئے زہروں کے فوری علاج میں اگر زہر سے واقفیت نہ بھی ہو۔ اکثر اوقات دودھ استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر زیتون کا تیل وہ منفرد دوائی ہے جو ہر قسم کی زہروں کے اثر کو زائل کرنے کے ساتھ ساتھ آنتوں پر ان کے مضر اثرات کو ختم کرتا ہے۔ مثال کے طور پر سنکھیا کی زہر خورانی میں اندرونی علامات سے قطع نظر خرابی کا اصل ذریعہ معدہ اور آنتوں میں سوزش ہے۔ سنکھیا کھانے کے تھوڑی دیر بعد آنتوں میں خیزش کی وجہ سے اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد دستوں کیساتھ خون آنے لگتا ہے۔ خون کے بعد آنتوں میں زخم اور سوراخ ہو جاتے ہیں۔ اندرونی اثرات کے علاوہ اتنا کچھ ہی موت کا باعث ہو سکتا ہے۔ اگر ان حالات میں مریض کو زیتون کا تیل بار بار پلایا جائے تو وہ آنتوں کے زخموں کو مندمل کر دیتا ہے۔ خیزش کو ختم کرتا ہے۔ اس عمل میں اس کے ساتھ لعاب بہی دانہ بھی شامل کر لیا جائے تو فوائد میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کے یہ لاجواب اثرات مرض سنکھیا کی زہر خورانی ہی میں مفید نہیں بلکہ ہر اس زہر کا توڑ ہیں جو تیز۔ جلانے والی اور آنتوں یا گردوں میں زخم پیدا کرتی ہو جیسے کہ کنتھاریڈین -- CANTHARIDES

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اطبار نے اسے مرارہ کی پتھری میں بھی مفید قرار دیا ہے۔ پتہ کی سوزش اور پتھری کے مریضوں کو بنیادی طور پر پرہیز کرایا جاتا ہے۔ مگر روغن زیتون ان کے لئے ممنوع نہیں ہے۔ بلکہ پرانے استادوں نے مریضوں کو ڈیڑھ پاؤ تک تیل روزانہ پلا کر صفراوی نالیوں سے سدے نکالنے کا کام لیا ہے۔ بعض اوقات اسی عمل کے دوران پتھریاں بھی نکل گئیں۔

جدید مشاہدات

برطانیہ اور امریکہ کی ادویہ کی سرکاری فہرست یعنی قرابادین کے مطابق یہ ایک مؤثر دوائی ہے۔ ان کی سفارش کے مطابق یہ غذا بھی ہے اور دوا بھی۔ گردوں کے امراض جہاں نائٹروجن والی غذائیں دینا مناسب نہیں ہوتا۔ وہاں زیتون بہترین غذا ہے۔ یہ سوزش والی جگہوں کو تسکین دیتا ہے۔ آنتوں کی جلن کو کم کرتا ہے۔ پیٹ کو ملائم کرتا ہے۔ اور جب بچوں میں کئی دن اجابت نہ ہو تو اس تیل کا حقنہ کرنا آنتوں کو نرم کرنے کے ساتھ فضلہ کو تکلیف کے بغیر نکال دیتا ہے۔ اس عمل میں یہ گلیسرین سے زیادہ مفید اور مؤثر ہے۔

زیتون کا پھل کسیلا ہوتا ہے۔ پھل کا اچار بنانے کے لئے پکے ہوئے زیتون لے کر ان کو گرم نمکین پانی میں کچھ دیر بھگویا جاتا ہے۔ بعض کارخانے اس میں چونا اور راکھ بھی ملا دیتے ہیں۔ پھر تیز نمک والے خوشبودار پانی میں انہیں بوتلوں میں بند کر کے روانہ کر دیتے ہیں۔

بھارتی ماہرین طب نے اسے فالج۔ عرق النسار۔ پٹھوں اور جوڑوں کے دردوں اور کمزوری سے پیدا ہونے والے دوسرے امراض میں از حد مفید پایا ہے۔ وہ اس تیل کو کھانے اور لگانے کا مشورہ دیتے ہیں۔ بدن کی خشکی کو دور کرنے جلدی امراض مثلاً چنبل۔ خشک گنج میں مفید ہے۔ لاغر بچوں اور ضعیف اشخاص کو تیل کی مالش سے فائدہ ہوتا ہے۔ امراض بطن میں یہ تیل ہر قسم کی خراش کو دور کرتا ہے۔ معدہ اور اثنا عشری میں مفید ہے۔ ۲۵ گرام روزانہ کھانے سے پرانی قبض جاتی رہتی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زیتون کو باسور کے لئے مفید قرار دیا ہے۔ اس بیماری کے لئے مریضوں کو رات سوتے وقت دو چمچے روغن زیتون پینے کو کہا گیا۔ اور اس کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ساتھ دو چمچے برگ مہندی کو پیس کر اس میں آٹھ چمچے روغنِ زیتون ملا کر پانچ منٹ جوش دے کر مرہم تیار کر لی گئی۔ باسور کہنہ کے مریضوں کو یہ مرہم رات ہونے سے پہلے اور صبح اٹھ کر بیت الخلاء جانے سے پہلے لگانے کی ہدایت کی گئی۔ اکثر مریضوں میں اس کے علاوہ اور کوئی دوائی دینے کی ضرورت نہ پڑی۔ جن کے زخم زیادہ اور جسمانی حالت کمزور تھی ان کو تین سے چار گرام قسط شیریں کھانے کے بعد دی گئی۔ تین سے چار ماہ میں مکمل شفا ہو گئی۔ مگر آئندہ کے لئے تیل کا پینا اور قبض سے محتاط رہنا ضروری قرار دیا گیا۔

بالوں کو اگانے کے لئے کلونجی۔ حب الرشاد۔ سنا مکی۔ مہندی کو ہم وزن پیس کر چھ گنا روغنِ زیتون میں ملا کر پندرہ منٹ ہلکی آنچ پر پکایا گیا۔ پھر اسے چھان کر تیل کی صورت جب مسلسل لگایا گیا تو اس سے بال بڑھنے کی رفتار بہتر ہو گئی۔ سر کی پھنسیاں ٹھیک ہو گئیں۔ یہی تیل ایگزیما اور بغلوں کی خارش میں مفید ثابت ہوا۔ چنبل PSORIASIS ایک ایسی بیماری ہے جس کا کوئی بھی سبب معلوم نہیں۔ طب جدید میں اس کے مقامی علاج کے لئے CRYSAROBIN - ICHTYIOL - CORTISONE کے مرکبات استعمال ہوتے ہیں۔ مگر ان کوششوں کے باوجود زخموں کے چمکدار چھلکے آسانی سے اترنے میں نہیں آتے۔ اس بیماری میں قسط شیریں۔ سنا مکی اور کو ہم وزن پیس کر چار گنا روغنِ زیتون میں پکانے کے بعد لگایا گیا۔ چھلکے اتارنے میں یہ نسخہ CARTISONE کے کسی بھی مرکب سے زیادہ مفید رہا۔ ایک ڈاکٹر کے ہاتھ کی الٹی طرف پر زخم تھا۔ ماہرین امراض جلد نے اسے CHRONIC INFECTIVE ECZEMA تشخیص کیا۔ مقامی طور پر رنگ برنگی مرہموں کے ساتھ اسے جراثیم کش ادویہ کی افسوسناک مقدار میں دی جاتی ہیں۔ مسلسل علاج سے مرض کی شدت میں کمی آجاتی رہی۔ مگر دیکھنے میں وہ یوں لگتا تھا جیسے سورج مکھی کا سرخ پھول ہاتھ کے اوپر رکھ دیا گیا ہے۔ اس مریض کو قسط شیریں اور کلونجی زیتون کے تیل میں جلا کر ایک ماہ لگائی گئی۔ اندرونی استعمال کی کسی بھی دوائی کے بغیر ایگزیما ٹھیک ہو گیا۔

بوعلی سینا نے ذریرہ (باچھ) اور عرقِ گلاب کو جلے ہوئے کا بہترین علاج قرار دیا ہے۔ اس باچھ کو جب زیتون کے تیل میں مل کر جلے ہوئے زخموں پر لگایا گیا تو فائدہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

زیادہ بہتر رہا۔ چونکہ باچھ مقامی طور پر خیزش پیدا کرتی ہے۔ اس لئے ایک چمچہ باچھ کے ساتھ زیتون کے پندرہ سے بیس چمچے استعمال کئے گئے۔

امراضِ بطن

جاپان کے بعض طبی جرائد نے آنتوں کے سرطان میں روغن زیتون کو مفید قرار دیا ہے۔ مگر وہ اپنے اس بیان میں واضح نہ تھے۔ اس ضمن میں مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ میں طبی خدمت بجا لانے والے سینکڑوں ڈاکٹروں سے معلومات حاصل کی گئیں۔ ان سب کا متفقہ جواب یہ تھا کہ انہوں نے زیتون کا تیل پینے والے کسی شخص کو کبھی پیٹ کے سرطان میں مبتلا نہیں دیکھا۔ جاپانی ماہرین کا خیال ہے کہ لمبے عرصہ تک زیتون کا تیل پینے سے معدہ اور آنتوں کے سرطان ٹھیک ہو سکتے ہیں۔

معدہ اور آنتوں میں زخم کے مریضوں کو ایسے اوقات میں زیتون کا تیل دیا جب ان کا پیٹ خالی تھا۔ عام طور پر ۱۱ بجے دن اور رات سونے سے پہلے کے اوقات کو اس خوراک کے لئے منتخب کیا گیا۔ ۸ سے ۱۰ گرام تیل کی ایک خوراک سے قرح کی جان تین سے چار دن میں جاتی رہی۔ دس روز کے بعد کسی بھی مریض کو کوئی تکلیف باقی نہ تھی۔ حضرت ابو سعید الخدری رضؓ کی ایک روایت سے استفادہ کرتے ہوئے ایسے مریضوں کو نہار منہ اور عصر کے وقت شہد کی ایک معقول مقدار بھی دی گئی۔ کیونکہ آنتوں کی سوزش میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اکسیر قرار دیا ہے۔ مریضوں کی کمزوری اور علامات چند دنوں میں ختم ہو گئے۔ اکثر لوگوں کی آنتوں میں اضافی سوزش بھی تھی جس کے لئے دافع عفونت مرکب کلونجی دیا گیا۔ کلونجی نے پیٹ سے غلیظ ریاح کو فوراً نکال دیا۔ جب کبھی موسم ہوا اس کے ساتھ سفرجل (بہی کا مربہ) دیا گیا۔ یہ مربہ حافظ ابن القیمؒ کی تجویز کے مطابق شہد میں بنایا گیا تھا۔ اکثر مریضوں کو نہار منہ مربہ نے پندرہ قتلوں اور دن میں زیتون کے تیل کے علاوہ اور کوئی دوائی نہ دی گئی۔ دو ماہ کے بعد معدہ کے برقی معائنہ GASTROSCOPY کے بعد زخم مندمل پایا گیا۔ احتیاطی طور پر ہر مریض کو چھ چھ ماہ مزید تیل پینے کی ہدایت کی گئی۔ اللہ کے فضل سے یہ علاج کبھی بھی ناکام نہیں ہوا۔ جب کہ اس کے متعلق میں بدیہ علاج

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مفید رہے تو چالیس روپے روزانہ کا ہے۔ پھر اس کی افادیت بھی مشتبہ ہے اور اس کا عرصہ علاج ایک سال سے کم نہیں۔

تنجیر معدہ اور پیٹ کی جان کے لئے زیتون کے تیل سے بہتر کوئی دوائی نہیں۔

امراض تنفس

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذات الجنب میں زیتون کا تیل ارشاد فرمایا۔ اس اصول کو سامنے رکھ کر سانس کی ہر بیماری کے مبتلا کو زیتون کا تیل ضرور دیا گیا۔ دمہ کے مریضوں کو بیماری میں جب کمی آتی ہے تو آئندہ اس قسم کے حملوں سے محفوظ رکھنے کے لئے زیتون کے تیل سے بہتر دوائی میسر نہ آسکی۔

انفلوئنزا اور زکام کا طب جدید میں کوئی علاج نہیں۔ وہ لوگ جو باقاعدہ زیتون کا تیل پیتے ہیں۔ ان کو نہ تو زکام لگتا ہے۔ اور نہ ہی نمونیہ ہوتا ہے۔ اگر ان کو کبھی انفلوئنزا ہو بھی جائے تو اس کا حملہ بڑا معمولی ہوتا ہے۔ زکام اور دمہ کے دوران اضافی فائدے کے لئے ابلتے ہوئے پانی میں شہد بھی مفید ہے۔

تپ دق

حضرت زید بن ارقم رضؓ کی دونوں روایات میں ذات الجنب میں زیتون کا تیل تجویز ہوا۔ اس کیسا تھ ہی حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں زیتون کا تیل جذام میں مفید ہے۔ علم الجراثیم اور علم الامراض کے اعتبار سے کوڑھ اور تپ دق کی نوعیت ایک ہے۔ دونوں کے جراثیم ACID FAST ہوتے ہیں۔ اس لئے وہ ادویہ جو تپ دق پر موثر ہوتی ہیں۔ جذام میں بھی مفید ہوتی ہیں اور اس سے برعکس بھی درست ہے۔ اس لئے تپ دق کے مریضوں کو اس نسخہ کے مطابق قسط اور زیتون دینے کا خیال پیدا ہوا۔ زیتون کے تیل کے سلسلہ میں معلومات مجھے وران خان بہادر ڈاکٹر سعید احمد خاں سے ملنے کا موقع ملا۔ ڈاکٹر سعید صاحب پاکستان میں تپ دق کے علاج کے سبب سے بڑے سینی ٹوریم ڈائرکٹر سلع مانسہرہ کے تیس سال سپرنٹنڈنٹ رہے ہیں۔ انہوں نے اس ضمن میں عجیب تجربہ سنایا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ایک مریض کو ۱۹۳۶ء میں دق ہوگئی۔ مدراس کے مدناپلی سینی ٹوریم میں اس کی پانچ پسلیاں نکال دی گئیں۔ اس کی حالت ابھی بہتر نہ ہوئی تھی۔ تو معلوم ہوا کہ دق کا اثر آنتوں پر بھی ہوگیا ہے۔ اس زمانے کے علم کے مطابق ILEO-COECAL TUBERCULOSIS کا کوئی علاج نہ تھا۔ ڈاکٹروں نے اس مرحلہ پر اسے جواب دے دیا۔ مریض نے سارا دن رو رو کر خدا سے مناجات کی۔ خواب میں اسے زیتون کا تیل۔ الٹراوائیلٹ شعاعوں اور ایک دوائی کا اشارہ ہوا۔ دوائی تو وہ بھول گیا مگر روزانہ تین اونس تیل پینے لگا اور الٹرا وائلٹ شعاعیں لگوائیں۔

جس ہسپتال سے اسے لاعلاج قرار دیا گیا تھا۔ اسی سے وہ تین ماہ بعد تندرست ہوکر فارغ ہوا۔ وہ مریض تادم تحریر پچاسی سال کی عمر میں بھی سرخ و سفید ۱۹۸۷ء میں زندہ موجود ہے۔

اس مریض پر زیتون کے تیل کے اثرات کے مشاہدہ کے بعد ڈاکٹر سعید صاحب نے چالیس سال تک دق کے مریضوں کو علاج میں تیل ضرور دیا۔ اور ان کا کوئی مریض ضائع نہ ہوا۔

تپ دق کا جدید علاج مہنگا اور طویل ہے۔ ہر شخص کے لئے پچاس روپے روزانہ کی ادویہ اور اس کے بعد ان کے زہریلے اثرات اٹھارہ ماہ تک برداشت کرنا آسان کام نہیں۔ ان مریضوں کو ۲۵ گرام زیتون کا تیل روزانہ اور ۸ گرام روزانہ قطہ شیریں دی گئی۔ کمزوری کے لئے شہد۔ کھانسی کے لئے انجیر یا اس کا شربت اضافی طور پر دیتے گئے۔ ابتدائی درجہ کے مریض عام طور پر تین سے چار ماہ میں ٹھیک ہوگئے۔ علامات ختم ہونے اور خون کے نارمل ہونے کے بعد مریضوں کو زیتون کا تیل ایک سال تک پینے کی ہدایت کی گئی۔ چھ سال کے مشاہدہ میں کسی مریض کو دوبارہ تکلیف نہیں ہوئی۔

زکام۔ نکسیر

طب جدید میں زکام کا کوئی شافی علاج نہیں۔ ابن القیم جوزی نے زکام کے علاج میں قسط البحری کو مفید قرار دیا ہے۔ ذہبی کے مشاہدہ میں قسط کو سونگھنا بھی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

زکام میں مفید ہے۔ جبکہ ایک روایت کے مطابق مرزنجوش سونگھنے سے زکام ٹھیک ہوجاتا ہے۔ پرانے زکام میں یا ان مریضوں کو جن کو بار بار زکام ہوجاتا ہے۔ زیتون کا تیل آئندہ کے لئے محفوظ کر دیتا ہے۔ بخاری اور ابن ماجہ میں خالد بن سعد والی روایت کے مطابق ایک چمچ کلونجی کو پیس کر باؤ چمچ زیتون کے تیل میں حل کر کے اس مرکب کو پانچ منٹ ابالنے کے بعد چھان لیا گیا۔ صبح شام ناک میں ڈالنے سے نہ صرف یہ کہ پرانا زکام ٹھیک ہوا ۔۔۔ بلکہ نکسیر میں بھی ازحد مفید رہا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سرکہ — الخل

VINEGAR

سرکہ۔ گنے کا رس۔ چقندر۔ جامن۔ انگور۔ منقہ۔ میوہ۔ ناڑی۔ گندم۔ جو۔ کھانڈ کی راب اور دوسرے پھلوں سے تیار ہوتا ہے۔ یہ بنیادی طور پر کسی بھی شکر یا نشاستہ میں خمیر اٹھانے سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ تو معلوم نہیں ہو سکا کہ انسان کب سے سرکہ بنا رہا ہے۔ مگر زمانہ قدیم سے اس کا ذکر کتابوں میں موجود ہے۔ تاریخ کے ہر دور میں اسے غذا اور دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ بقراط نے مہلک بیماریوں کے علاج میں سرکہ استعمال کیا ہے۔ فرانس کے ماہر جراثیم پاسچر PASTUER نے معلوم کیا کہ نشاستہ میں خمیر جراثیم سے پیدا ہوتا ہے۔ اور سرکہ کے کیمیاوی عمل کا باعث جراثیم ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جراثیم کی ایک ایسی قسم بھی موجود ہے جو بیماریاں پیدا کرنے کی بجائے ہمارے فائدے کا کام کرتی ہے۔ ان کو دوست جراثیم کہتے ہیں۔ دوست جراثیم کی جانب سے انسانی فائدے کا یہ سفر ذکام نہیں بلکہ دودھ سے دہی بنانے یا شکر کو الکحل میں تبدیل کرنے اور جو سے الکحل بنانے کے عمل میں بھی اسی قسم کے دوست جراثیم کی کوشش شامل ہوتی ہے۔

سرکہ بنانے کے لئے عام طور پر ایسے پھل استعمال ہوتے ہیں جو گل سڑ گئے ہوں اور کوئی انہیں خریدنے پر تیار نہ ہو۔ اس طرح پھلوں کی صنعت سے متعلق کارخانے اپنے یہاں کا ردی مال ضائع کرنے کی بجائے اسے صنعت میں تبدیل کر لیتے ہیں۔ کسی بھی مٹھاس سے سرکہ بنانے کا طریقہ تقریباً وہی ہے جو شراب بنانے کا ہے۔ اکثر ہوتا ہے کہ کوئی کارخانہ شراب بنانے کے لئے خمیر تیار کرتا ہے اور یہ خمیر شراب کی بجائے سرکہ بنا دیتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے سرکہ بنانے کی کوشش میں شراب بن جائے۔ مگر یہ حادثات اب ان کارخانوں میں ہوتے ہیں جو علم کیمیا سے باقاعدہ آشنا نہیں۔ کیونکہ سائنسی طور پر عملیات کے لئے ہر قسم کے جراثیم علیحدہ کئے جا چکے ہیں اور کارخانوں میں خمیر اٹھانے کے لئے یا خمیر پر بھروسہ کرنے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کی بجائے مطلوبہ قسم کے جراثیم کی ایک خالص کیپ براہِ راست مال میں داخل کر دی جاتی ہے۔ بڑے بڑے کارخانے اب دہی بناتے وقت پرانے طریقہ سے "جاگ" نہیں لگاتے بلکہ دودھ کو دہی میں تبدیل کرنے والے جراثیم کو پانی میں حل کر کے ان کا ایک قطرہ ڈال کر من بھر دہی حاصل کر لیتے ہیں۔ بلکہ اس ترکیب سے حاصل ہونے والا دہی یقینی طور پر میٹھا ہوتا ہے۔ شکر کو سرکہ میں تبدیل کرنے والے جراثیم کو ANGUILULA ACETI کہتے ہیں۔ بعض ماہرین ان کو MYCODERMA ACETI کہتے ہیں۔

آجکل دو قسم کا سرکہ بازار میں ملتا ہے۔ ایک وہ جو پھلوں وغیرہ سے قدرتی طریقہ سے بنتا ہے۔ دوسرا وہ جو

ارشاداتِ نبویؐ

حضرت جابرؓ بن عبداللہ روایت فرماتے ہیں۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم سال اھلہ الادام۔ فقالو ما عندنا الا خلّ، فدعا بہ، وجعل یاکل بہ ویقول، نعم الادام الخلّ، نعم الادام الخلّ"۔ (صحیح مسلم۔ ابن ماجہ)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنے گھر والوں سے سالن کا پوچھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس سرکہ کے علاوہ کچھ نہیں۔ انہوں نے اسے طلب کیا اور فرمایا کہ سرکہ بہترین سالن ہے۔ سرکہ بہترین سالن ہے۔)

حضرت ام ہانیؓ روایت فرماتی ہیں۔

دخل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال اعندك شیٔ قلت لا۔ الا خبزٌ یابسٌ وخلٌ، فقال ھاتی ؛ما افقر بیتٌ من ادم فیہ خلٌ"۔ (ترمذی)

(ہمارے گھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے اور پوچھا کہ کیا تمہارے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے۔ میں نے کہا نہیں؛ البتہ باسی روٹی اور سرکہ ہے۔ فرمایا کہ اسے لاؤ۔ اگنگوکہ وہ گھر جس میں سرکہ موجود ہے۔)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت فرماتی ہیں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعم الادام الخل (ابن ماجہ)

(رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے فرمایا سرکہ بہترین سالن ہے حضرت حضرت ام سعدؓ فرماتی ہیں کہ میں حضرت عائشہؓ کے گھر میں موجود تھی اور انہوں نے فرمایا۔

ھل من غداء، قالت عندنا خبزٌ، وتمرٌ، وخلٌ۔ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، نعم الادام الخلّ اللھم بارك فی الخلّ فانّہ کان ادام الانبیاء قبلی، ولم یفقر بیت فیہ خلٌّ۔ (ابن ماجہ)

کیا تمہارے پاس کھانے کو کچھ ہے۔ انہوں نے کہا ہمارے پاس روٹی، کھجور اور سرکہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بہترین سالن سرکہ ہے" اے اللہ! تو سرکہ میں برکت ڈال کے یہ مجھ سے پہلے نبیوں کا سالن تھا۔ اور وہ گھر غریب نہ ہوگا جس

کتب مقدسہ

سرکہ ان چیزوں میں سے ہے جو زمین میں پیدا نہیں ہوتیں اور ان کو مختلف صورتوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ مگر انسان زمانہ قدیم سے سرکہ بنانے کے فن سے آشنا تھا اور دلچسپ بات یہ ہے کہ ہزاروں سال گزرنے کے بعد ترکیب میں کوئی خاص تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔ الہامی کتابوں میں اس کا ذکر بڑی کثرت سے ملتا ہے۔

.... پھر بوعز نے اس سے کھانے کے وقت کہا کہ یہاں آ اور روٹی کھا اور اپنا نوالہ سرکہ میں بھگو۔ (روت ۲ : ۱۴)

یہاں پر سرکہ روٹی کے ساتھ سالن کے طور مہمان کو خاطر داری کے لئے پیش کیا گیا۔

.... انہوں نے مجھے کھانے کو اندرائن بھی دیا اور میری پیاس بجھانے کو انہوں نے مجھے سرکہ پلایا۔ (۶۹ : ۲۱)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

یہاں سرکہ سے پیاس بجھانے والے فائدے کی سمت اشارہ ہے۔ جبکہ اندراج ناقابل قبول اور سخت کڑوا ہوتا ہے۔

جیسا دانتوں کے لئے سرکہ اور آنکھوں کے لئے دھوآں ویسا ہی کاہل اپنے بھیجنے والوں کے لئے ہے۔ (امثال ۲۶: ۱۰)

اس جگہ یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ سرکہ دانتوں کے لئے مضر بابے کار ہے۔ جو کہ درست نہیں۔ کیونکہ سرکہ یقیناً مفید ہے۔

جو کسی غمگین کے سامنے گیت گاتا ہے وہ گویا جاڑے میں کسی کے کپڑے اتارتا اور بجی پر سرکہ ڈالتا ہے (بجی سے مراد پکا ہوا دنبہ ہے تو اس پر سرکہ بعد میں ڈالنا اور پہلے اس کو گلانے میں مفید ہے۔)

(امثال۔ ۲۰: ۲۶)

حضرت مسیح علیہ السلام کے مصلوب کئے جانے کا واقعہ انجیل میں متزاد روایات کے ساتھ ہے کیونکہ قرآن نے اس کی مکمل نفی کی ہے۔ مگر وہ اپنے انداز میں بھی جب بیان کرتے ہیں تو ہر جگہ کہانی مختلف ہے۔ کیونکہ ہر راوی نے پیاس بجھانے کے لئے سرکہ ضرور بیان کیا ہے۔

..... اور فوراً ان میں سے ایک شخص دوڑا اور اسپنج لے کر سرکہ میں ڈبویا اور سرکنڈے پر رکھ کر اسے چسایا۔ (متی۔ ۴۸: ۲۷)

..... ایک نے دوڑ کر اسپنج کو سرکہ میں ڈبویا اور سرکنڈے پر رکھ کر اسے چسایا اور کہا ٹھہر جا۔ (مرقس۔ ۳۶: ۱۵)

..... سپاہیوں نے بھی پاس آکر اور سرکہ پیش کر کے اس پر ٹھٹھا مارا۔

(لوقا ۲۷-۲۶: ۲۳)

..... وہاں سرکہ سے بھرا ہوا ایک برتن رکھا تھا۔ پس انہوں نے سرکہ میں بھگوئے ہوئے اسپنج کو زوفے کی شاخ پر رکھ کر اس کے منہ سے لگایا۔

(یوحنا۔ ۳۰-۲۹: ۱۹)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ان آیات میں زوفہ اور ماندرائن کا ذکر آیا ہے۔ عرب میں اندرائن کو حنظل یعنی توبہ کہتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بدذائقہ ادویہ سے منع فرمایا۔ زوفہ مشہور دوائی ہے جس کی نباتاتی حیثیت اب بھی متعین نہیں۔

محدثین کے مشاہدات

سرکہ ٹھنڈک اور حرارت کا ایک حسین امتزاج ہے۔ یہ جسم سے غلط مادوں کو نکالتا ہے۔ اور طبیعت کو فرحت دیتا ہے۔ سرکہ معدہ کے التہاب کو دور کرتا ہے۔ جسم سے زہریلی ادویہ کے اثر کو دور کرتا ہے۔ پتہ سے صفرا کے نکلنے کی رفتار کو اعتدال پر لاتا ہے۔ جسم کے کسی حصہ میں اگر خون کو انجماد ہو جائے تو یہ اسے حل کر کے پھر سے سیال بنا دیتا ہے۔ بچے والی عورتوں کا دودھ اگر رک جائے تو سرکہ کے سیپ اور سرکہ پینے سے جاری ہو جاتا ہے۔ یہ پیاس کو بجھاتا ہے۔ پیٹ کو چھوٹا کرتا ہے۔

تلی کے بڑھنے کو روکتا ہے۔ جسم میں ورم کی پیدائش کو روکتا ہے۔ خوراک کو ہضم کرتا ہے۔ زود ہضم غذاؤں کے بوجھ سے نجات دیتا ہے۔ خون کو صاف کرتا ہے اور پھوڑے پھنسیوں کو دور کرتا ہے۔

سرکہ کو گرم کر کے اگر اس میں نمک ڈال کر پیا جائے تو یہ منہ کی غلاظت کو دور کرتا ہے۔ حلق میں تمغی۔ جلن۔ بوجھ کو دور کرتا ہے۔ گلے کی رکاوٹ کو دور کرتا۔ اور وہ لوگ جن کو سینے میں بوجھ کی کیفیت محسوس ہوتی ہے ان کو اس سے فائدہ دیتا ہے۔

گلے کے اندر ٹکنے والے کوے کی سوزش۔ حساسیت اور اس کے ٹیڑھا پن میں مفید ہے۔ گرم سرکہ کے غرارے دانت کی درد کو ٹھیک کرتے ہیں اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتے ہیں۔ گرم سرکہ کا پینا معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ جسمانی قوت میں اضافہ کرتا ہے۔ چہرے کو جاذب بناتا ہے۔ موسم گرما میں سرکہ پینا جسم کی حدت کو کم کر کے طبیعت کو مطمئن کرتا ہے۔

علامہ محمد احمد ذہبیؒ کہتے ہیں کہ سرکہ گرمی اور ٹھنڈک دونوں کی تاثیر رکھتا ہے۔ لیکن اس میں ٹھنڈک پیدا کرنے کا خاصہ زیادہ غالب ہے۔ یہ معدہ کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ عرقِ گلاب کے ساتھ سر درد میں مفید ہے۔ غذائے ہضم کرنے میں مددگار ہے۔ گرم پانی کے ساتھ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adoycate Showkat

اس کے عزارے دانت درد کو مفید ہیں۔ خواہ وہ سوزش سے ہو یا اعصابی وجوہات سے۔
سرکہ لگانے سے جوئیں مرجاتی ہیں پتی اور خارش پر اس کا لگانا مفید ہے۔ سرکہ اور گلاب کا عرق ملے ہوئے کا بہترین علاج ہیں۔ ابن القیمؒ کہتے ہیں کہ اس کا لگانا سوزشوں سے پیدا ہونے والے اورام میں انہد مفید ہے۔ حب الرشاد کے ساتھ جو کا آٹا ملا کر سرکہ میں لیپ بنا کر اعصابی دردوں اور خاص طور پر عرق النسار کے لئے لیپ کریں۔ تو انہد مفید ہے۔ میتھی کے بیج اور نسطرون پیس کر سرکہ میں لیپ بنا کر پیٹ کی سوزش میں مفید ہیں۔ یہی نسخہ ورم سے پیدا ہونے والی دردوں میں بھی مفید ہے۔

سرکہ کی کیمیاوی ہیئت

مشرقی ممالک میں سرکہ ہر اس پھل یا اناج سے بنایا جاتا ہے جس میں نشاستہ یا مٹھاس کی معقول مقدار موجود ہو۔ پھلوں میں انگور۔ گنا۔ جامن۔ چقندر۔ سیب آلو بخارا۔ آلوچہ۔ سنگترا۔ مالٹا حتیٰ کہ کھانڈ بنانے میں بچ جانے والی راب سے بھی سرکہ بنتا ہے۔ جبکہ اجناس میں جو گندم۔ مکئی۔ جوی۔ چاول اور چنوں سے سرکہ بن سکتا ہے۔
کیمیاوی طور پر سرکہ کا اصل جزو تیزاب ہے جسے سرکہ کا تیزاب یا
کہتے ہیں۔ پاکستان کے قوانین خوراک کی رو سے انسانی استعمال کے لئے تیار ہونے والے سرکہ کا کیمیاوی معیار لازمی طور پر اس طرح ہونا چاہیئے۔

تیزاب سرکہ	۳۰۷۵ فیصدی
ٹھوس اجزا	۲۰۱ ″
راکھ	۰۰۱ ″

جو سرکہ مالٹ ایکسٹریکٹ سے بنایا جائے اس میں اضافی طور پر ۰۵۰۰ گرام فاسفورس اور ۴۰۰۰ گرام فی سو گرام نائیٹروجن ہوتی ہے۔
غذائی قوانین کی رو سے سرکہ میں تانبہ۔ سنکھیا۔ سیسہ یا کسی معدنی تیزاب کا کوئی حصہ موجود نہ ہونا چاہیئے۔ سرکہ کی ساخت کو پرکھنے کا معیار یہ ہے۔

تیزاب

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

معدنی اجزا ۲.۵ فیصدی تک

فاسفیٹ ۰.۰۸ " "

نائٹروجن ۰.۰۸ " "

۱.۰۱۹

وہ سرکہ جو اجناس سے بنایا جاتا ہے اس میں سلفیٹ زیادہ ہوتے ہیں یعنی اس میں تیزابیت کا عنصر نمایاں ہوتا ہے۔ جبکہ راب کے بننے والا سرکہ کو جلائیں تو راکھ بہت کم ملتی ہے۔

سرکہ کے اجزاء اور سرکہ میں تیزاب کی موجودگی کی وجہ سے سرکہ کو جعلی طور پر بنانا بڑا آسان ہو گیا ہے۔ عام طور پر سرکہ کا تیزاب ہے کہ اس میں پانی ملا کر پانچ فیصدی تیزابیت حاصل کرنے کے بعد کھانڈ کو ملا کر اس کی کڑوی اور رنگین راکھ اس میں ڈال کر سرکہ کو رنگ اور ذائقہ دے دیتے ہیں۔ یہ بات طے ہے کہ سفید سرکہ نام کی کوئی چیز قدرتی ذریعہ سے تیار نہیں ہو سکتی۔ دنیا کے ہر ملک میں جہاں بھی سفید سرکہ فروخت ہوتا ہے وہ مصنوعی طور پر سرکہ کے تیزابیت سے تیار ہوتا ہے۔ جبکہ قدرتی اجزاء سے تیار ہونے والے سرکہ کا رنگ بھورا یا گہرا براؤن ہوتا ہے۔ اسے سفید نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان میں غذائی اجزاء کو تیار کرنے والی تمام مشہور دوکانوں

ہیں جو خالص سرکہ بناتے ہیں۔ مگر ہمارے سرکہ ساز اس بارے میں بڑے دیانت دار ہیں بوتل کے لیبل پر واضح الفاظ میں "مصنوعی بنا ہوا" یعنی ہمیشہ مرقوم ہوتا ہے۔

سرکہ سازی

وہ سرکہ جو جَو سے تیار ہوتا ہے ذرا مختلف انداز میں بنتا ہے۔ جو کے دانے توڑ کر ان کو بار بار گرم پانی سے گزارا جاتا ہے۔ اس سے نشاستہ کی پوری مقدار پانی میں حل ہو کر نکل جاتی ہے۔ اب اس پانی میں خمیر ملا کر اسے خمیر اٹھانے کے لیے لکڑی کے کنستروں میں رکھ دیتے ہیں۔ ان کو ڈھانپنے کے باوجود ان کے اطراف میں ہوا کی آمد و رفت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کے لئے سوراخ رکھے جاتے ہیں۔ اس کا خمیر اٹھنے کے بعد جب اس سے کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس نکل جاتی ہے تو کنستر کے پیندے میں لگی ہوئی ٹونٹی کے ذریعہ سرکہ نکال لیتے ہیں مگر اوپر کی تہ کو جاتا ہے۔ سرکہ سازی کے عمل دوران اس میں بعض کارخانے مالٹ ایکسٹریکٹ علیحدہ سے شامل کرتے ہیں۔ جس سے اس میں وٹامین ب کی مزید مقدار شامل ہوتی ہے۔ ذائقہ بہتر ہوتا ہے اور زیادہ مقوی بن جاتا ہے۔ اس سرکہ کو MALTED VINEGAR کہتے ہیں اور پاکستان میں بھی عام ملتا ہے۔

سرکہ بنانے کا جو طریقہ ہزاروں سال پہلے تھا آج بھی تقریباً وہی ہے۔ معدنی برتنوں میں سرکہ بنانے سے اس میں ان کی تاثیر اور ذائقہ آجاتے ہیں جو کہ ناپسندیدہ ہے۔ اس دوران امریکہ میں نیو آرلینز والوں نے ترکیب میں کچھ تبدیلی کی اور کچھ فرق فرانس والوں نے ڈالا مگر دونوں طریقے مقبولیت نہ پا سکے اور آج بھی پرانے طریقے مروج ہیں۔

سرکہ سازی کا بنیادی عمل یہ ہے کہ کسی بھی مٹھاس یا نشاستہ والے محلول میں خمیر ملا کر اس میں خمیر اٹھاتے ہیں۔ اس طرح اس میں الکحل بنتی ہے اور کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس خارج ہوتی ہے۔ اس الکحل سے جب آکسیجن ملتی ہے تو سرکہ بن جاتا ہے۔ محدود پیمانے پر سرکہ بنانے کے لئے خمیر یا YEAST POWDER اور مالٹ ایکسٹریکٹ کی بجائے سرکہ بنانے والے جراثیم کی ایک مقدار براہ راست بھی شامل کی جاسکتی ہے جیسے کہ ANGUILULA ACETI یہ جراثیم محلول کو بہت جلد سرکہ میں تبدیل کر دیں گے مگر اس کو خوشبو اور ذائقہ وہ نہ ہوگا جو خمیر سے پیدا ہوتے ہیں۔ بلکہ بعض ضائع اوپر والی سطح کو کبھی نہیں ہوتے۔ کیونکہ اس میں جراثیم کی "لاگ" ہوتی ہے۔ جسے آئندہ نیا گھان بنانے میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

یوروپ میں ملنے والا سرکہ شرابوں سے براہ راست بھی تیار کیا جاتا ہے۔ ہر خمیر کشیدہ شدہ شراب۔ یہ سرکہ بنتا ہے۔ مگر خوبی یہ ہے کہ اس میں نشہ نہیں ہوتا۔ لوگوں کو سرکہ پلانے کے بعد اس کو تیز کرنے کے لئے عمل کشید سے گزار کر دیکھا ہے۔ مگر اس میں تیزابیت زیادہ آجاتی ہے اور بہت سے فائدے نکل جاتے ہیں۔ اس لئے کشید شدہ یا DISTILLED VINEGAR خوردنی اور معالجاتی مقاصد کے لئے بہتر ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اطبا قدیم کے مشاہدات

اطبا قدیم نے سرکہ کی تاثیر اس کی کیمیاوی ہیئت کی بجائے اس کے ماخذ سے بیان کی ہے کہ سیب۔ بہی اور ناشپاتی سے بننے والا سرکہ مقوی معتدل ہے۔ جامن، انار، ٹماٹر کا سرکہ، روغن، بلغم اور صفرا کو روکتا ہے۔ پیٹ سے نفخ کو نکالتا ہے۔ جنگلی پیاز کا سرکہ آواز کو صاف کرتا ہے معدے کو قوت دیتا ہے۔ سنگ مثانہ میں مفید ہے۔ اس سے کلی کرنے سے مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں۔

حکیم غلام امام نے گڑ سے سرکہ بنانے کے لیے بارہ سیر گڑ کو ایک من پانی میں ڈال کر خمیر اٹھانے کے بعد اس میں پودینہ اذخر کشید کرنے کی ترکیب بیان کی ہے۔ انہوں نے "علاج الغربا" میں سرکہ کو بیک وقت دوا اور غذا قرار دیا ہے۔ ان کے کشید کردہ سرکہ کو "عرق نعناع" کہتے ہیں۔ اور عرق کو امراض معدہ اور بڑھی ہوئی تلی میں حکما نے اکسیر قرار دیا ہے۔

کھانے کے بعد معدہ کا فعل قوی ہو جاتا ہے۔ پیاس کی شدت کم ہو جاتی ہے۔ وہ غذائیں جو آسانی سے ہضم نہیں ہوتیں۔ اگر ان کے ساتھ سرکہ شامل کر لیا جائے تو ہضم ہو جاتی ہیں۔ پیٹ سے سدے نکالتا ہے۔ انجیر کو ہر دو روز تک سرکہ میں بھگو کر کھایا جائے تو بڑھی ہوئی تلی ٹھیک ہو جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ تلی میں سرکہ کے لیے خصوصی رغبت ہے۔ اس لیے سرکہ کی جو بھی مقدار پیٹ میں جاتی ہے۔ وہ فوراً تلی میں داخل ہو جاتی ہے۔ اس لیے وہ ادویہ جو تلی کے علاج میں دی جائیں اگر ان کے ساتھ سرکہ بھی شامل کر دیا جائے تو اثر جلد ہوتا ہے۔ منقہ اور بیج کھجور کو سرکہ کے ساتھ نہار منہ کھایا جائے تو پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔

سرکہ پینے سے شراب اور افیون کا نشہ اتر جاتا ہے۔ چونکہ سرکہ بنیادی طور پر تیزابی صفات رکھتا ہے۔ اس لیے قلوی رجحان والی زہروں کے علاج میں سرکہ دینا صحیح معنوں میں علاج بالضد ہے جیسا کہ نمک سوڈا وغیرہ۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اپیلپسی کے بعد مریض کو جو قے آتی ہے اس کو روکنے کے لیے رومال کو سرکہ میں تر کر کے مریض کے منہ پر ڈال دیا جاتا تھا۔ بیہوشی کے بعد کی متلی رک جاتی ہے۔

ویدک طب میں بھی سرکہ کا ذکر کافی ملتا ہے۔ ویدوں نے ہیضہ کے علاج میں سرکہ کو مفید قرار دیا ہے۔ ایک نسخہ کے مطابق پیاز کے ٹکڑے کاٹ کر سرکہ میں بھگو دیئے جائیں۔ ہیضہ کی وبا کے دنوں میں اس پیاز کو کھانے سے ہیضہ نہیں ہوتا۔

اطبار قدیم نے سرکہ میں پکائے ہوئے گوشت کو جسے "سکباج" کہتے ہیں کمزور جسم والوں کے لیے مضر قرار دیا ہے۔ لیکن یہ یرقان میں نافع ہے اور بھوک بڑھاتا ہے پھیپھڑوں سے نکلنے والا خون سرکہ پینے سے بند ہو جاتا ہے۔ شہد کے ساتھ سرکہ ملا کر پینے سے حیض کا درد اور کمی دور ہو جاتے ہیں۔ جسم کے اکثر مقامات سے ہونے والے اندرونی جریانِ خون میں سرکہ پلانا مفید ہوتا ہے۔

سرکہ بیک وقت ٹھنڈا بھی ہے اور گرم بھی۔ پیاس کی شدت میں سرکہ کے ساتھ پانی اور نمک ملا کر دینے سے تسکین زیادہ اچھی طرح ہوتی ہے اور یہ نسخہ سن سٹروک سے بچاؤ کے لیے بھی از حد مفید ہے۔

سرکہ کے بیرونی استعمال

بخار کی شدت کو توڑنے کے لیے مریضوں کے جسم پر پانی پھیرا جاتا ہے۔ اس کی عام ترکیب یہ ہے کہ تازہ پانی میں کپڑا بھگو کر مریض کے جسم پر پھیرتے ہیں۔ اطبار کا کہنا ہے کہ اس پانی میں اگر سرکہ ملا لیا جائے تو فائدہ زیادہ جلد ہوتا ہے۔

اپنے اثرات کے لحاظ سے سرکہ جراثیم کُش۔ دافع تعفن اور مقامی طور پر خون کی گردش میں اضافہ کرتا ہے۔ ان فوائد کی بنا پر یہ پھپھوندی سے پیدا ہونے والی تمام سوزشوں میں کمال کی چیز ہے۔ اس میں اگر کسی اور دوائی کا اضافہ نہ بھی کیا جائے تو چھپاکی اندرونی طرف کی خارش میں مفید

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ہے۔ پھپھوندی کے علاج میں سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ پھپھوندی دواؤں کی عادی ہو جاتی ہے۔ اس لیے صحیح دوائی کے چند روزہ استعمال کے بعد فائدہ ہونا رک جاتا ہے۔ بلکہ مؤثر دوائی کے استعمال کے دوران ہی مرض میں اضافہ ہونے لگتا ہے۔ ایسے میں ماہرین امراضِ جلد یہ تجویز کرتے ہیں کہ تھوڑے دنوں کے علاج کے بعد دوائی تبدیل کر دی جائے۔ انہی امراض کی بعض دواؤں سے مطلوبہ فوائد حاصل کرنے کے لیے انہیں مہینوں لگانا پڑتا ہے۔ حال ہی میں دادِ قوبا کے بارے میں ایک جرمن دوائی کے فوائد کے مشاہدات کی تفصیل جاری ہوئی ہے۔ جس کے مطابق کچھ مریض ۲۸ ماہ تک زیرِ علاج رہے۔ سرکہ وہ منفرد دوائی ہے جس کی پھپھوندی عادی نہیں ہوتی اور یہ ہر حال میں اس کے لیے مفید ہے۔ حافظ ابنِ قیمؒ کے مشاہدات کی روشنی میں پھپھوندی سے پیدا ہونے والی سوزشوں کے لیے ایک نسخہ آزمایا گیا۔

برگ مہندی، سنا کی، کلونجی ہیمقرے۔ حب الرشاد۔ قسط شیریں کو ہم وزن پیس کر اس کے ایک پیالہ میں چھ پیالہ سرکہ ملا کر اسے دس منٹ ہلکی آنچ پر ابالا گیا پھر کپڑے میں نچوڑ کر چھان کر یہ لوشن ہمہ اقسام کی پھپھوندی۔ داء الثعلب۔ لفہ میں استعمال کیا گیا۔ فوائد میں لاجواب پایا گیا۔ کسی بھی مریض کو بیس روز کے بعد مزید علاج کی ضرورت نہ رہی۔ جب مریضوں میں چھلکے تھے اور مقامی طور پر اکزان تھی ان میں اسی نسخہ کو سرکہ کی بجائے زیتون کے تیل میں اسی تناسب کے ساتھ پکایا گیا اور دوائی آمیز تیل اس وقت تک لگایا گیا جب تک چھلکے اترنہ گئے اور اکزان کم نہ ہوئی۔ اس کے بعد سرکہ والا مرکب پھر سے شروع کیا گیا۔ چونکہ ان تمام ادویہ کو اپنی افادیت کے بارے میں بارگاہِ نبوت سے سند حاصل تھی اس لیے کسی ناکامی کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔ عرق گلاب میں سرکہ ملا کر ماتھے پر لگانے سے گرمی کا سر درد جاتا رہتا ہے۔ بعض نسخوں میں روغن گل یا زیتون کا تیل بھی تجویز کیا گیا ہے۔

گرم پانی میں نمک اور سرکہ ملا کر کلیاں کرنے سے دانتوں کا درد جاتا رہتا ہے۔ یہ عمل اگر بار بار کیا جائے تو مسوڑھوں سے سوزش کو بھی دور کر دیتا ہے۔ اسی مرکب کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

غرارے کرنے سے حلق کی سوزش اور خناق میں بھی فائدہ ہوتا ہے۔ بچھو کے کاٹے پر خالص سرکہ یا سرکہ میں قسط شیریں کو حل کر کے لگانے سے درد اور زہر جاتا رہتا ہے۔ پائیوریا کے لیے مفید ہے۔

اطبار قدیم نے پتی۔ فارشت اور حساسیت میں گنے کا سرکہ پلانے اور لگانے کی سفارش کی ہے سرخ اینٹ کو آگ میں سُرخ کر کے اس پر سرکہ کے چھینٹے ڈینے سے جو دھواں نکلتا ہے وہ اسے زکام کے لیے مفید قرار دیتے ہیں۔ سرکہ میں گندھک ملا کر لیپ کرنیسے جوڑوں میں گنٹھیا کے درد کو فائدہ ہوتا ہے۔ ایک اور نسخہ کے مطابق اس میں گندھک کی بجائے میٹھا تیل ملا کر مالش کرنا بھی مفید ہوتا ہے۔ ہم نے سرکہ کے ساتھ حب الرشاد ابال کر اس میں زیتون کا تیل ملا کر جب دکھتے پٹھوں پر مالش کروائی تو ان کی اینٹھن میں بے انتہا مفید پایا۔

سر کی جلد اور بالوں کی بیماریوں کے لیے اساتذہ کے اکثر نسخے سرکہ ہی پر مبنی ہیں۔ بوعلی سینا کہتے ہیں کہ روغن گل میں ہم وزن سرکہ ملا کر خوب پلائیں۔ پھر موٹے کپڑے کے ساتھ سر کو رگڑ کر سر کے گنج پر لگائیں۔ انہی کے ایک نسخہ میں کلونجی کو توے پر جلا کر سرکہ میں حل کر کے لیپ کرنے سے گنج ٹھیک ہو جاتا ہے۔ بکری کے کھر اور بھینس کے سینگ کو جلا کر سرکہ میں حل کر کے سر پہ بار بار لگانے سے گرے ہوئے بال اُگ آتے ہیں۔ اسی مقصد کے لیے ادرک کا پانی اور سرکہ ملا کر لگانا بھی مفید ہے۔ بال اگانے کے لیے کاغذ جلا کر اس کی راکھ سرکہ میں حل کر کے لگانے کے بارے میں بھی حکمار نے ذکر کیا ہے۔ عرق النسار اور لعاب دردوں میں حب الرشاد اور جو کا آٹا سرکہ میں حل کر کے لیپ کرنا مفید ہے۔

سرکہ بطور غذا:۔

سرکہ غذا کے طور پر یا سُنّتِ نبویؐ کے مطابق سالن کی صورت میں تو مدتوں سے مستعمل ہے۔ اب اس کے دافع تعفن اثرات اور جراثیم کُش فائدے کو نئی افادیت میسر آگئی ہے۔ سرخ مرچوں کو پیس کر سرکہ میں پکا کر چینی چٹنی CHIN-ESE CHILLI SAUCE بنتی ہے۔ اس کا کمال یہ ہے کہ اگر اس کو کسی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

چیزیں ڈالیں تو مزہ کا ذائقہ بُرا نہیں لگتا ۔ انڈا اور زیتون ملا کر سرکہ کو خوب چلانے سے ——— MYONAISE ——— چٹنی بنتی ہے ۔ اسے تلے ہوئے گوشت کے قتلوں پر لگا کر کھائیں تو ذائقہ لاجواب ہو جاتا ہے ۔ ثابت ران یا گوشت کے بڑے ٹکڑوں کو پکانے سے پہلے پگھلنے لگا کر سرکہ لگایا جاتا ہے ۔ اس سے گوشت کے سخت ریشے گل جاتے ہیں ۔ چینی کھانوں کی اکثریت میں سرکہ ایک جزو لاینفک ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

سُرمہ ۔ اثمد

ANTIMONY

سرمہ ایک سیاہ رنگ کا پتھر ہے جو مصر، افریقہ، ایران اور عراق میں پایا جاتا ہے۔ ہندوستان میں یہ وزیرستان گرم کے علاقہ میں ملتا ہے۔ پاکستان میں سرمہ کا پتھر باجوڑ۔ چترال اور کوہستان کے علاقہ میں پایا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ دنیا کا بہترین سرمہ اصفہان اور چترال میں پایا جاتا ہے۔

کیمیاوی طور پر سرمہ کا پتھر "ANTIMONY" کی ترکیبی دھات (ORE) ہے۔

احادیث نبوی ؐ۔

زمانہ قدیم سے مصری عورتیں اپنی آنکھوں میں سرمہ لگا کر ان کو خوبصورت بناتی رہی ہیں۔ مگر ان کے طبی فوائد کا تاریخ طب میں پہلی مرتبہ اظہار حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی سے ہوا حضرت عبداللہ بن عباس ؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"خیر اکحلکم الاثمد۔ یجلو البصر وینبت الشعر۔"

(ابن ماجہ۔ مسند احمد۔ ترمذی۔ ابن حبان۔ الحاکم۔ الطبرانی)

(تمہارے سرمؤں میں سے بہترین اثمد ہے۔ یہ بینائی کو روشن کرتا ہے۔ اور بال اگاتا ہے)۔

یہی روایت احمد، ترمذی، الحاکم اور ذہبی نے سالم بن عبداللہ ؓ سے بھی بیان کی۔ جسے انہوں نے اپنے والد محترم سے سنا۔

حضرت بزید ؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

Digitized by eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ثلاث یزدن فی قوۃ البصر، الکحل
الاثمد والنظر الی الخضرۃ والنظر الی وجہ
الحسن" (ابوالحسن عراقی فی فوائدہ)

(تین چیزیں بینائی میں اضافہ کرتی ہیں اثمد کا سرمہ۔
سبزے کو دیکھنا، اور خوبصورت چہروں کا دیدار)

حضرت عبدالرحمان بن نعمان بن معبد رضؓ بن ھوذۃ الانصاری اپنے
والدگرامی سے روایت کرتے ہیں۔

ان الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
امر بالاثمد المروح عند النوم۔"
(ابوداؤد)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ اثمد
کا مروح سرمہ رات سوتے وقت استعمال کیا جائے)

ابوعبید اس کی تفسیر میں بتاتے ہیں کہ مروح سے مراد وہ سرمہ ہے
جس میں کستوری ملائی گئی ہو۔

سرمہ لگانے کے بارے میں سنت نبویؐ کی شہادت حضرت عبداللہ
بن عباس رضؓ اس طرح بیان کرتے ہیں۔

کانت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم
مکحلۃ، یکتحل منھا ثلاثاً فی کل عین۔
(ابن ماجہ)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک سرمہ دانی تھی۔
جس میں سے وہ ہر آنکھ میں تین تین سرمہ لگایا کرتے تھے)

اسی عمل مبارک کی مزید تفصیلات انہی نے ایک دوسری جگہ
بیان فرمائی ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اذا اکتحل یجعل فی الیمنی ثلاثا، یبتدی بھا،
یختم بھا، وفی الیسری ثنتین۔ (ترمذی)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سرمہ لگاتے تو دائیں آنکھ میں تین سلائیاں لگاتے۔ اس کی ترکیب یہ تھی کہ دائیں سے شروع کرتے اور اسی پر ختم کرتے اسی طرح بائیں میں دو سلائیاں پڑتیں۔)

اسی ضمن میں ابوداؤد میں ایک روایت کے مطابق سرمہ لگانے والے کے لیے بہترین لائحہ عمل یہ ہے کہ وہ تاک سلائیاں لگائے۔

امام احمد بن حنبلؒ کی تشریح کے مطابق ہر آنکھ میں تین تین سلائیاں لگائی جائیں۔ ان کی فقہ پر عمل کرنے والے پہلے ایک آنکھ میں تین مرتبہ لگا کر پھر دوسری میں تین لگا لیتے ہیں۔

محدثین کے مشاہدات :۔

سرمہ افریقی ممالک سے بھی آتا ہے مگر اصفہان کا سرمہ سب سے عمدہ ہوتا ہے۔ سرمہ کو عربی میں "حجر الکحل" کے نام سے بھی موسوم کیا گیا ہے۔ یہ چمکدار اور سیاہ ہے جس میں ریت اور مٹی ہوتے ہیں یہ آنکھوں اور ان کے اعصاب کو تقویت دیتا ہے۔ زخموں کے اوپر اور آس پاس جو فالتو گوشت نمودار ہو جاتا ہے۔ سرمہ اسے زائل کرتا ہے۔ ان کو مندمل کرتا ہے۔ ان سے غلاظت نکالتا ہے اور بند راستے کھول دیتا ہے۔

اس فائدے کو مدنظر رکھتے ہوئے KELOIDS کے چند مریضوں پر سرمہ کے چند مرکبات کا تجزیہ کیا گیا۔ مقصد یہ تھا کہ سرمہ ایسے محلول کی شکل اختیار کرے جو زخم پر اثر انداز ہو سکے۔ اس غرض کے لیے ANTIM-ONY SULPHIDE کا دو فیصدی مرہم نیلسین اور چار فیصدی مرہم زیتون کے تیل میں بنا گیا۔ (KELOIDS) مراد جلد پر وہ فالتو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ہے جو زخموں اور خاص طور پر آگ سے چلنے کے بعد نمودار ہوتی ہے) طب قدیم وجدید میں اسی بیماری کا کوئی آسان علاج موجود نہیں۔ اکثر اوقات جلد کا متاثر ٹکڑا کاٹ کر نکال دیا جاتا ہے اور اس کے بعد اس پر ایکسرے کی شعاعیں ڈالی جاتی ہیں اگر یہ صورت دو تین جگہوں تک محدود ہو تو فائدہ ہو سکتا ہے اور اگر پورے جسم پر ہو تو پھر جگہ جگہ کو کاٹنا اور بجلی لگانا ممکن نہیں سرمہ کی مرہم اس اندھیرے میں روشنی کی پہلی کرن ہے۔

ہم نے دوائی ذاتی طور پر چار مریضوں میں استعمال کی ہے زیادہ پر اس لیے ممکن نہ ہو سکا کہ یہ بیماری اتنی عام نہیں ان میں سے ہر ایک کو فائدہ ہوا۔ زکام کے دوران آنکھوں سے بہنے والا پانی سرمہ سے خشک ہو جاتا ہے۔ اور آنکھ کی سُرخی جاتی رہتی ہے اسے چکنائی میں حل کر کے آگ سے جلے ہوئے زخموں پر لگانا از حد مفید ہے۔

وہ لوگ جو باقاعدہ سرمہ لگاتے ہیں ان کی بینائی بڑھاپے میں بھی کمزور نہیں ہوتی۔

سرمہ کے بارے میں جدید اعتراضات:۔

پاکستان میں سرمہ کا پتھر چند مقامات پر دستیاب ہے کانکنی سے جتنا بھی حاصل ہوتا ہے وہ قومی ضروریات میں کام آ جاتا ہے۔ بازار میں فروخت نہیں ہوتا۔ بازار میں ملنے والے تمام سرمے آزاد کشمیر سے حاصل ہوتے والے سیسہ کے پتھر سے بنتے ہیں جو کہ نہ تو ANTIMONY ہے اور نہ ہی اس سے وہ فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سرمہ کے بارے میں بیان فرمائے۔

ویدک طب میں سیسہ کا سرمہ "کرشن سرمہ" کے نام سے باقاعدہ مذکور ہے کیونکہ ان لوگوں کو سرمہ کے پتھر اور اس کی کیمیاوی حیثیت سے آشنائی نہ تھی۔ دریائے سندھ کی بالائی وادی سے ملنے والے اس پتھر کو جلا کر

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اس کے ساتھ سیماب۔ ترپھلا اور بھیم سینی کا فورہ کا میں لگانے کے لیے دیدک نسخوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ جن میں سے اکثر آنکھوں کے لیے مقامی طور پر مسز اور عنائے مخاطی سے جذب ہونے کے بعد جسم میں یکمائی اثرات کا باعث ہو سکتے ہیں۔ کرشن سرما ہرگز ارشادات کے مطابق نہیں اور اسے استعمال کرنا بیماری کو دعوت دینے کے برابر ہے۔

کراچی کے ایک ڈاکٹر صاحب نے سستی شہرت حاصل کرنے کے لیے حال ہی میں ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ سرمہ آنکھوں کے لیے مضر ہے۔ ان کے اس اظہار پر رائے حاصل کرنے کے سلسلہ میں امراض العیون کے مسلمہ ماہرین میں پروفیسر سید واصف قادری۔ پروفیسر راجہ ممتاز قلی خان۔ پروفیسر محمد منیر الحق صاحبان سے دریافت کیا گیا۔ انہوں نے فرمایا کہ سرمہ بلاشبہ آنکھوں کے لیے مفید ہے۔ یہ اکثر بیماریوں کا علاج ہے اور متعدد بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ کئی ایک استادوں نے بتایا کہ وہ اسے ذاتی طور پر بھی استعمال کرتے ہیں اور اس کے فوائد کے زندہ ثبوت ہیں۔

مسلمانوں میں سرمہ سُنّتِ نبویؐ کے طور پر رائج ہوئے اب چودہ سو سال سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے۔ اسے کروڑوں نہیں اربوں افراد نے استعمال کیا اور اتنے طویل عرصہ کے مشاہدات کے بعد بھی اس کے مضر اثرات کے بارے میں کوئی شہادت میسر نہیں۔ سُنّت پر عمل کرنے کے مشتاق ساری عمر باقاعدگی سے سرمہ لگاتے رہے ان کی بینائی نہ تو بڑھاپے میں بھی کمزور ہوئی۔ نہ ان کی پلکوں کے بال گرے اور نہ ہی سر سے گرنے والی بغدنے ان کی پلکوں میں سوزش پیدا کی۔ کچھ دن ہوئے انگلستان میں بھی کسی نیم خواندہ ماہر کے مشورہ پر وہاں سرمہ کی درآمد پر پابندی لگائی گئی تھی۔ خیال تھا کہ اس سے آنکھوں کو نقصان ہوتا ہے۔ اس بارے میں جب مزید تحقیق ہوئی تو پتہ چلا کہ اللہ کے خالص سرمہ کے استعمال سے کسی کو کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ جن کو تکلیف ہوئی انہوں نے "کرشن سرمہ" استعمال کیا تھا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ویدک طب میں سیسہ کے سرمہ کو کرشن سرمہ کہتے ہیں۔

جدید مشاہدات

حکومت ہند کے یونانی ادویہ کے شعبہ کی تحقیقات کے مطابق آنکھوں کے لیے سرمہ بنانے کا بہترین نسخہ یہ ہے۔

سرمہ کے پتھر کو پہلے آگ میں رکھ کر سرخ کر لیا جائے۔ پھر اکیس دن بارش کے پانی میں بھگو کر رکھیں۔ پھر اسے ۱۲ گھنٹے ترپھلا کے پانی میں جوش دیں۔ وہاں سے نکال کر خشک کر کے سوئف کے عرق میں اتنا کھرل کریں کہ باریک ریشمی کپڑے سے چھن کر نکل جائے۔ اب یہ آنکھوں میں لگانے کے قابل ہو گیا۔

اس نسخہ میں بارش کا پانی ایک ایسی چیز ہے جسے قرآن مجید نے مبارک قرار دیا محدثین اس کی افادیت میں متعدد روایات بیان کرتے ہیں

سرمہ کی باریکی کے بارے میں حکیم مفتی فضل الرحمان کا طریقہ یہ تھا کہ وہ اسے پیس کر پیتل کی تھالی میں پھیلا کر دھوپ میں لے جاتے تھے۔ وہاں تھالی کو معمولی حرکت دیتے تھے۔ اگر ذرات بڑے ہوں تو ان سے سورج کی شعاعیں منعکس ہوتی ہیں۔ اگر سرمہ پوری طرح باریک ہو تو اس سے شعاعیں منعکس نہیں ہوتیں۔

بھارتی ماہر علم الادویہ ندکارنی تجویز کرتا ہے کہ سرمہ میں سہاگہ بریاں پھٹکڑی بریاں، قلمی شورہ اور سنگ بصری ملا کر اسے لیموں کے عرق میں کھرل کر کے استعمال کریں۔

یہ سب محقق اس امر پر متفق ہیں کہ سرمہ آنکھوں کے لیے مفید ہے۔

سرمہ کے دیگر استعمال

محدثین کرام نے سرمہ کو عفونت والے زخموں اور ایسی سوزشوں اور خلیاتی بیماریوں میں تجویز کیا ہے جن میں گوشت بڑھ جائے یا زائد گوشت پیدا ہوتا ہو۔ جیسے کہ آنکھ میں ناخونہ بڑھتے ہوئے گوشت والا لاہوی پھوڑا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مثال ہے۔ انگریزی میں بھی اس کا تقریباً یہی نام ہے البتہ یہ LEISHM-ANIASIS کہلاتا ہے۔ اس کی ایک قسم خون میں داخل ہوکر بخار کی ایک صنف پیدا کرتی ہے۔ جسے انگریزی میں "کالا آزار" کہتے ہیں۔ طب جدید میں اس بیماری کے جتنے بھی علاج آزمائے گئے آخر بیکار ہوئے۔ لوگوں نے شنگرف اور سنکھیا کے مرکبات بھی دیئے مگر بات نہ بنی آخر سرمہ آزمایا گیا۔ اس کا ایک مرکب — STIBGLUCOL بڑا مفید ثابت ہوا۔ یہ حقیقت میں سرمہ کے ساتھ گلوکوس کا اشتراک تھا۔ پھر ایک اور مرکب — STIBATIN آیا جس میں سرمہ کے ساتھ گلوکوس اور ٹارٹرک ایسڈ مشترک تھے۔

جنوبی امریکہ کے ممالک۔ افریقی براعظم اور مصر میں طفیلی کیڑوں سے پیدا ہونے والی دو بیماریوں اذیت پہنچانے اور جسموں کو بیکار کر دینے میں بڑی بدنام ہیں۔ کیڑے اندر گھس کر سوزش اور جریان خون کا باعث ہوتے ہیں۔ دوسری بیماریوں میں دورانِ خون میں رکاوٹ آنے سے شدید قسم کے ورم آتے ہیں۔ ان کو SCHISTOSOMIASIS اور — B.ILHARZIASIS کہتے ہیں۔ اس خطرناک بیماری کے علاج کا سہرا مصری ڈاکٹر محمد خلیل کے حصہ میں آیا۔ انہوں نے سرمہ کے ساتھ ایک کیمیاوی اشتراکت میں — FOUADIN نامی ٹیکے تیار کئے۔ یہ ٹیکے آج بھی دنیا کی معتبر ترین دواساز جرمن کمپنی BAYER تیار کر کے دنیا بھر میں مکمل کورس کی صورت فروخت کر رہی ہے۔ امریکن دواسازوں کو اس میں رنگ محسوس ہوئی اور انہوں نے آجکل اپنی ایک ایجاد ان بیماریوں کے لیے تیار کی ہے۔ مگر اس کی بنیاد — SOD. ANTIMONYL TARTRATE ہے۔ جو کہ سرمہ کے پتھر سے بنتی ہے۔

ہومیوپیتھک

اس طریقہ علاج میں بیزاری۔ میلی زبان، نہانے سے بیماری بڑھنے۔ گرمی بری لگے۔ جوڑوں میں درد میں گھٹنوں میں بیزاری جسم گرم۔ بھی بھی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

آنکھیں، چہرے پر کیل مہاسے۔ بھوک کم کھٹے کو جی چاہے۔ متلی۔ کھانسی ایگزیما
بوڑھوں میں اونگھتے رہنے کی عادت میں ANTIMONY دیتے
ہیں۔ اور اگر آلات تنفس میں مسلسل سوزش پرانی ہو جائے۔ سونگھنے کی حس ختم
ہو جائے گلے میں خراش محسوس ہو نمونیہ اکثر ہو تو سنہری ANTIMONY
SULPHURATUM دیتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adoycate Showkat

سنا مکی ۔ سنا

SENNA

CASSIA AUGUSTIFOLIA

سنا ایک خود رو جھاڑی ہے جو حجازِ مقدس میں پہاڑوں پر پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتّے دندانوں والے اور پودا ایک میٹر کے قریب بلند ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ پہاڑوں پر چرنے والی بکریاں ان پتوں کو شوق سے کھاتی ہیں اس لیے حجازی بکروں کا گوشت مسہل ہوتا ہے۔ اس مفروضہ میں حقیقت نہیں کیونکہ حجاز کے تمام بڑے شہروں میں بکرے کا گوشت کھایا جاتا ہے اور کسی کو اسہال نہیں ہوتا۔ حجاز کی سنا کا پودا اپنی شکل، صورت اور فوائد میں دوسری تمام اقسام سے مختلف ہے۔ توریت مقدس میں آیا ہے

..... خداوند کا فرشتہ ایک جھاڑی میں سے آگ کے شعلہ میں
اس پر ظاہر ہوا۔ اس نے نگاہ کی اور کیا دیکھتا ہے کہ ایک جھاڑی میں
آگ لگی ہوئی ہے پر وہ جھاڑی بھسم نہیں ہوئی۔
(خروج ۲ : ۳)

اس آیت میں کوہ طور پر ایک جھاڑی کا ذکر آیا ہے۔ لوگوں نے اس جھاڑی کو سنا کی جھاڑی قرار دیا ہے۔ یہ مفروضہ درست نہیں۔ کیونکہ قرآن مجید نے طور سینا کی خصوصی زراعت زیتون کو قرار دیا ہے۔ دوسری طرف مغربی محققین نے یہ بات حتمی طور پر ثابت کی ہے کہ سنا کا اصل وطن مکہ معظمہ اور اس کے اطراف ہیں ۸۵۰-۹۰۰ء کے درمیان ایک عرب سنا کا پودا مصر لایا۔ جس کی وہاں کاشت کی گئی۔ مصر کی زمین نے اس پودے کو قبول کر لیا اور اب دریائے نیل کے پورے ڈیلٹا میں سوڈان۔ اسوان وغیرہ میں سنا کی باقاعدہ زراعت ہوتی ہے۔ چونکہ سنا کے ذخیرے اسکندریہ اور یورپ سوڈان کی بندرگاہوں سے مغربی ممالک جاتے ہیں اس لیے وہ اسے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اسکندریہ کی سنا (ALEXANDRIA SENNA) کہتے ہیں۔ پودا مکہ کا ہے۔ اسی بیج سے یہ مصر میں کاشت ہوا مگر اس کے باوجود یہ شکل وصورت میں اپنی مادری سنا سے مختلف ہے اس لئے ماہرین نباتات اس کو CASSIA AUCTIFOLIA کہتے ہیں۔

طب میں سنا کا استعمال دسویں صدی سے پہلے کتابوں میں نہیں ملتا اور یہ بات طے ہے کہ اسے دوائی کے طور پر عرب اطباء نے دسویں صدی عیسوی سے شروع کیا۔ وہاں سے مغربی اطباء کے پسند آئی۔ بھارتی اطباء سنا سے اتنے متاثر ہوئے کہ انہوں نے اسے جنوبی ہند میں کاشت کیا۔ ترچناپلی۔ میسور اور پانڈیچری کے علاقہ کی سنا کو خصوصی نام دیئے گئے ہیں اور علم نباتات میں یہ CASSIA LANCEOLATA کہلاتی ہے۔ کیونکہ اس کے پتے نشتر کی مانند ہوتے ہیں۔ کرنل چوپڑا نے یہ قرار دینے کی کوشش کی ہے کہ بھارتی سنا کی شکل وصورت سنا مکی کی طرح ہے اس لیے یہ دونوں — LANCEOLATA — ہیں۔ یہ درست نہیں۔ ان کی کیمیاوی ساخت۔ اثرات اور پتوں کی لمبائی مختلف ہے۔ اسی طرح پنجاب اور سندھ میں بھی سنا کی کاشت کافی ہوتی ہے۔ بازار میں سنا کی ایک قسم "سکھری سنا" میسر ہے جہاں تک قبض کشائی کا تعلق ہے اس میں کوئی کمی نہیں۔ لیکن جہاں سنا کے دوسرے طبی فوائد کا تعلق ہے یہ کمی قسم سے گھٹیا ہے۔

حجازی سنا کو مقامی لوگ عشرق کہتے ہیں اس کی پھلی گول۔ اس کے پتے دونوں طرف سے چکنے ہوتے ہیں۔ ان کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے۔

ارشاداتِ نبوی ﷺ

حضرت اسماء بنت عمیس حضرت ابوبکر رضؓ کی بیگم تھیں۔ روایت فرماتی ہیں۔

قلت قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بما ذا کنت تستمشین قلت بالشبرم قال حار حار
ثم استمشیت بالسنا فقال لو کان شیٔ یشفی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

من الموت کان السنا والسنا شفاءٌ من الموت

(ابن ماجہ)

(مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ میں کونسا مسہل استعمال کرتی ہوں۔ میں نے عرض کی کہ شبرم، انہوں نے فرمایا کہ وہ تو بہت گرم ہے اس کے بعد سے میں سنا کا استعمال کرنے لگی کیونکہ انہوں نے فرمایا اگر کوئی چیز موت سے شفا دے سکتی ہوتی تو وہ سنا تھی — اور سنا موت سے شفا ہے)

اس حدیث میں ارشاد ہوا۔ کہ کوئی چیز اگر موت سے شفا دے سکتی تو سنا ہوتی۔ پھر اس کے ساتھ ہی یہ بیان ہوا کہ سنا موت سے شفا ہے۔ یہ حدیث کے اپنے متن کے خلاف ہے۔ انہی محترمہ سے ترمذی نے انہی الفاظ میں روایت کیا ہے۔ مگر اس روایت میں "السنا شفاءٌ من الموت" کے الفاظ نہیں۔ ترمذی کے علاوہ یہ روایت مسند احمد۔ ابو داؤد اور مستدرک الحاکم میں بھی واضح الفاظ میں آخری ابہام کے بغیر موجود ہے۔

حضرت عبداللہ بن ام حزام رضؓ کو یہ شرف حاصل ہے کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قبلتین والی نماز پڑھی۔ روایت فرماتے ہیں۔

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول علیکم بالسنا والسنوت فان فیھما شفاءٌ من کل داءٍ الا السام قیل یا رسول اللہ وما السام۔ قال الموت۔

(ابن ماجہ۔ مستدرک الحاکم۔ ابن عساکر)

(میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ وہ فرماتے تھے کہ تمہارے لیے سنا اور سنوت موجود ہیں۔ ان میں ہر بیماری سے شفا ہے سوائے سام کے۔ میں نے پوچھا کہ حضور سام کیا ہے۔ فرمایا موت)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ روایت فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

.... وللشبرم فانہ حارٌ۔ بارد علیك بالسنا والسنوت فان فیھما دواء من کل شیٍٔ الا السام۔

(طبری)

(حضورؐ نے شبرم کے بارے میں فرمایا کہ وہ گرم ہے۔ تمہارے لیے مکھنڈک سنا اور سنوت میں ہے۔ ان میں ہر چیز کی دوا ہے۔ موت کے سوا)

حضرت ابو ایوب انصاریؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

السنا والسنوت فیھما دواء من کل داء

(ابن سنی کہ)

(سنا اور سنوت میں ہر بیماری سے شفا ہے۔)

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انّ خیر ما تداوی بہ السعوط، واللدود، والحجامۃ والمشی۔

(ترمذی)

(تم جو علاج کرتے ہو ان میں سے بہترین علاج ناک میں دوا ڈالنا منہ میں ایک طرف دوا ڈالنا۔ پچھنے لگانا اور چلنا ہے)

اس حدیث مبارکہ میں "المشی" کا لفظی مفہوم تو پیدل چلنا ہے۔ یعنی پیدل چلنا بذاتِ خود ایک علاج ہے۔ مگر اس کی تشریح میں حافظ ابن القیم رحمہ کہتے ہیں کہ مشی سے مراد پیٹ کا چلانا یعنی مسہل کے ذریعہ آنتوں سے غلاظت کا اخراج کر کے جسم کو ہلکا کرنا ہے۔ اسی اصول کو سامنے رکھیں تو مشی میں مدر البول ادویہ بھی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

آجائیں گی۔ کیونکہ انسانی جسم سے غلاظت اور زہریلے عناصر کے اخراج کا ایک اہم اور قابل اعتماد ذریعہ پیشاب بھی ہے۔ ابن القیمؒ اس حدیث کو سنا کی تعریف اور اہمیت میں قرار دیتے ہیں۔

حضرت انس بن مالکؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ثلاث فیھن شفاء من کل داء الا السام، السنا والسنوت، وقال محمد نسیت الثالثۃ۔

(النسائی)

ایک دوسری روایت میں انہی کے الفاظ یوں ہیں۔

ثلاث فیھن شفاء من کل داء الا السام: السنا، والسنوت، قالو: ھذا السناء فما لانھا السنوت؟ قال: لعشاء اللہ لم فکمہ، قال محمد، نسیت الثالثۃ۔

(تین چیزوں میں شفا ہے۔ سوائے موت کے۔ سنا اور سنوت۔ پھر کہا کہ سنا کو تم جانتے ہو۔ سنوت کیا ہے؟ اللہ نے چاہا تو میں تمہیں بتاؤنگا۔ پھر کہا محمدؐ نے کہ میں تیسری چیز بھول گیا ہوں)

حضرت انسؓ سے یہ روایت جس واسطہ سے میسر آتی ہے۔ وہ اگرچہ صرف نسائی میں نہیں بلکہ اور کتابوں میں بھی ہے۔ لیکن راوی کو ان سے سنوت کے بارے میں آگاہی نہ ہوسکی۔ اور راوی تیسری چیز بھی بھول گئے۔

سنا اور سنوت کے بارے میں روایات ابن مندۃ سے لے کر ابن عساکر تک اور ابو نعیم سے نسائی۔ ابن ماجہ اور طبری تک میں موجود ہیں۔ اس تواتر سے بات کی سچائی تو معلوم ہوگئی لیکن راویانِ احادیث سے یہ ثابت نہ ہوسکا کہ سنوت سے مراد کیا ہے؟

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

السنوت کیا ہے؟

السنا اور سنوت والی حدیث ابن ماجہ میں بھی بیان ہوئی۔ اس کی تشریح میں محمد ابن یزید ابن ماجہ کہتے ہیں کہ اس حدیث کے راوی عمرو بن بکر سکسکی نے یہ حدیث ابن ابی عیلۃ سے سنی تھی جن کا ارشاد تھا کہ سنوت اصل میں "ثبت" ہے۔ جو کہ سویہ ہے۔ سویہ سے مراد وہ دانے ہیں جو سونف کی طرح کے ہوتے ہیں اور جن سے بچوں کے پیٹ سے نفخ اور ہوا نکالنے والی مشہور دوائی گرائپ واٹر بنتی ہے۔ دوسرے لوگوں سے تحقیق کے بعد وہ کہتے ہیں یہ وہ شہد ہے جو گھی کی مشکوں میں رکھا ہوا۔ اس کی سند میں وہ یہ شعر بیان کرتے ہیں۔

ھم السمن با السنوت لا السمن بینھم۔

(ہم ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح ہیں جیسے کہ شہد کے ساتھ گھی)

علامہ وحید الزمانؒ اسے شہد اور سونف قرار دیتے ہیں۔

محدثین کرام کی تحقیقات اور بزرگان سلف میں محدث عبد الطیف بغدادیؒ کہتے ہیں کہ جب سنا کو ایسے شہد میں اچھی طرح ملا لیا جائے جو گھی والی مشک میں پلایا گیا ہو تو یہ سنوت ہے۔ کیونکہ یہ دونوں اس کے مصلح ہیں۔ امام ابن القیمؒ نے سنوت کی تشریح میں آٹھ امکانات کو بیان کیا ہے۔

۱ - یہ شہد ہے۔

۲ - یہ گھی کے مشکیزے کا جوہر ہے جو کہ گھی کے اوپر سیاہی مائل آجاتا ہے۔ یہی رائے عمرو سکسکی کی ہے۔

۳ - یہ زیرہ (کمون) کی طرح کی چیز ہے۔ ابن الاعرابی کی یہ رائے معتبر نہیں۔

۴ - یہ کرمانی زیرہ ہے۔

۵ - ابو حنیفہ دینوری اسے رازیانج قرار دیتے ہیں۔ جسے محدثین نے سونف قرار دیا ہے۔

۶ - یہ شبت ہے۔ شبت کا ترجمہ سویا اور سوا کا ساگ بھی کیا گیا ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

۷ ۔ حافظ ابوبکر السنّی (محدث اور مصنف الطب النبوی ؐ) کی تحقیق کے مطابق یہ کھجور ہے۔

۸ ۔ یہ اصل میں وہ شہد ہے جو گھی کی مشک میں رکھا گیا ہو۔ کیونکہ شہد اور گھی دونوں اکے مضر اثرات کی اصلاح کر سکتے ہیں۔

ابن القیم ؒ محدث عبد اللطیف بغدادی ؒ کی آخری رائے کو زیادہ قرین قیاس تسلیم کرتے ہیں۔ محدث محمد بن احمد ذہبی ؒ بھی عبد اللطیف بغدادی کی رائے کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔

اصل بات یہ ہے کہ سنا کے استعمال سے پیٹ میں ہلکی سی سوزش ہو سکتی ہے۔ اس لیے اس کے ساتھ کسی ایسی چیز کا شامل ہونا ضروری ہے جو پیٹ سے ہوا نکال سکے اور قولنج کو رفع کرے جیسے کہ سونف۔ سویا۔ زیرہ۔ کھجور۔ ان میں سے ہر ایک کی صلاحیت یہی ہے۔ گھی آنتوں کو نرم کرتا ہے۔ اور شہد کسر الریاح ہے۔ اس لیے مذکورہ آٹھ میں سے کوئی بھی سنا کے ساتھ مصلح بننے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

محدثین کے مشاہدات

محدثین کرام نے زیادہ کاوش سنوت کی ماہیت کو متعین کرنے پر صرف کی ہے۔ حجاز میں مہل کے لیے شبرم کا استعمال عام تھا۔ شبرم سے آنتوں میں سوزش ہونے کے ساتھ خون بھی آنے لگتا تھا۔ اس سے جلد پروانے بھی نمودار ہو جاتے تھے اس لیے حاذق اطباء نے عہدِ رسالت ؐ سے پہلے اور بعد شبرم کو انسانی استعمال کے ناقابل اور خطرناک دوائی قرار دیا ہے۔ حدیث میں دو مرتبہ "حار" کے لفظ کو محدث ابو عبید "حارّ و جارّ" قرار دیتے ہیں جس کے معنی تو دہی ہیں مگر شدت کا اظہار ہے۔ ابو حنیفہ دینوری بھی دوسرا لفظ "جارّ" سمجھ کر اس کی مضرت پر زور دیتے ہیں۔

سنا حجاز کی ایک خودرو نباتات ہے۔ جس کی عمدہ ترین قسم مکہ میں پائی جاتی ہے۔ یہ پیٹ سے صفراء کو خارج کرتی ہے۔ سودا کو نکالتی اور دل کے پردوں کو تقویت دیتی ہے۔ پٹھوں اور عضلات کے درد کو بالوں کو گرنے سے روکتی اور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

صحت مند بناتی ہے۔ جسمانی دردوں کو مٹاتی ہے۔ اس کے استعمال کی بہترین صورت اس کا جوشاندہ ہے۔ اس جوشاندہ کو پکاتے وقت اگر بنفشہ اور منقیٰ بھی شامل کر لیا جائے تو زیادہ مفید ہوگا۔ اس جوشاندہ کے پانچ ماشہ ایک معقول مقدار ہے۔

سنا جلدی امراض خاص طور پر پھوڑے پھنسیوں۔ خارش اور جسم پر پڑنے والے داغوں کے لیے بہترین دوائی ہے۔ اس کا لگانا مفید ہے۔

ذہبیؒ کی تحقیقات کے مطابق سنا ان ادویہ میں سے ہے جن کے فوائد لاانتہا ہیں اور اطباء قدیم نے جہاں بھی بات سمجھ میں نہ آئی وہاں سنا کا استعمال کیا۔ ان کے خیال میں اس کی افادیت کی اہم وجہ یہ رہی ہے کہ اس کے استعمال سے جسم کے غلیظ مادے باہر نکل جاتے ہیں اور اس طرح غلاظتوں کے اخراج سے جسم میں تندرستی کا عمل شروع ہو جاتا ہے ابنِ سینا نے اسے امراضِ قلب میں کام آنے والی ادویہ میں سرفہرست قرار دیا ہے۔ یہ جوڑوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ دماغ سے وسوسوں کو نکالتی ہے۔ اس بنا پر بعض اطباء نے اسے مرگی میں مفید پایا ہے۔

الرازی تجویز کرتے ہیں کہ سنا کے سفوف سے اس کا جوشاندہ بہتر ہے۔ اسے پکاتے وقت اس میں شاہترج کی شمولیت غلاظتوں کے اخراج میں زیادہ مفید ہوگی۔ لیکن وہ شاہترج کے علاوہ منقیٰ اور بنفشہ کو بھی ضروری سمجھتا ہے۔ البتہ متھاس کے لیے اس میں کھانڈ ضرور ملائی جائے۔ یہ جوشاندہ چار سے سات ماشہ تک استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس کے استعمال سے کمر درد۔ بواسیر۔ جوڑوں کا درد اور خارش دور ہو جاتے ہیں۔ اگر اسے سرکہ کے ساتھ پکایا جائے تو یہ جلدی امراض کو دور کرتی ہے۔ اس کے لگانے سے سر میں سکری (بلغہ) ایگزیما۔ پھنسیاں اور بال گرنے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

اطباء قدیم کے مشاہدات :۔

سنا کی بہترین قسم مکہ معظمہ سے حاصل ہونے والی ہے اس کے علاوہ سنا کی تمام قسمیں خواہ وہ مصری ہو یا بھارتی فوائد میں کم تر ہیں۔ مکی سنا کے پتے سبز اور پھول زرد ہوتے ہیں۔ اس کی پھلی چپٹی کی بجائے گول ہوتی ہے۔ جب تیز ہوا چلتی ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

تو اس میں سے خشخاش کی مانند دانے نکل کر پھیل جاتے ہیں۔ انہی دانوں سے نئے پودے ظہور میں آتے ہیں۔

اسے ادویہ مسہلہ میں اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ یہ سوداوی۔ صفراوی اور بلغمی مادّوں کو جسم سے نکالنے کا شاندار ملکہ رکھتی ہے۔ اس وجہ سے دمہ میں پھنسی ہوئی بلغم نکل جاتی ہے۔ دماغی نالیوں میں پھنسی ہوئی رطوبتیں نکلنے سے دردِ شقیقہ۔ مرگی عرق النسا گنٹھیا۔ اور پرانے سر درد میں مفید ہے۔ قلب کے جرم کو تقویت دیتی ہے۔ دماغ سے وسواس نکالتی ہے۔ خون صاف کرتی ہے اور پیٹ کے کیڑے مار دیتی ہے۔

سنا کو مفرد استعمال کرنا مناسب نہیں اس کے جوشاندہ میں گلاب کے پھول اور روغنِ بادام ملا لینا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ گلاب کے پھول ۷ ماشہ۔ آدھ سیر دودھ گائے کے ساتھ ایک تولہ برگِ سنا پکا کر اس میں کھانڈ ملا کر پینا زیادہ منفعت بخش ہوتا ہے۔

اگر اسے تھوڑی مقدار میں دیا جائے تو ملین ہے۔ زیادہ مقدار میں مسہل ہے۔ اس سے پیٹ میں مروڑ اٹھتے ہیں۔ مگر ریوند چینی کی طرح بعد میں ردِ عمل کے طور پر قبض نہیں ہوتی۔ پیٹ سے سنا کی خاصی مقدار خون میں داخل ہو جاتی ہے۔ پھر پیشاب کے ذریعہ اسے سُرخ رنگ دے کر خارج ہوتی ہے۔ ماں کے دودھ میں بھی اس کا اخراج ہوتا ہے جس سے بچوں کو دست لگ جاتے ہیں۔ سنا کے استعمال کے لیے جوشاندہ کے علاوہ خیساندہ کی ترکیب بھی ہے۔

برگِ سنا ۔ سونٹھ تراشیدہ ۔ آب بمقطر

۲۔ اونس ۳ ½ ۲ گرام ایک لیٹر ان کو چینی کے برتن میں آدھ گھنٹہ پڑا رہنے دیں۔ اس کے بعد اس خیساندہ کی خوراک ۵ تولہ ہے۔ ویدک طب میں اس خیساندہ کا نسخہ دوسری صورت میں ہے۔

برگِ سنا۔ تراشیدہ سونٹھ۔ لونگ (قرنفل) پانی

۲ ½ تولہ ۳ ½ تولہ ۲ ½ تولہ ۲۵ تولہ۔ ان کو ایک گھنٹہ ہلانے کے بعد قبض کے مریضوں کو ۳ ½ سے ۵ تولہ کی مقدار میں دیا جائے۔ اس

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کے پینے کے آدھ گھنٹہ بعد پیشاب میں سرخی آجاتی ہے۔ اس کی قولنجی صلاحیت کھانڈ ملانے سے بھی کم ہوجاتی ہے۔ نمک کے ساتھ کھانے سے چہرہ شفاف ہوتا ہے چھاچھ کے ساتھ کھانے سے پرانا بخار ٹوٹ جاتا ہے۔ بکری کے دودھ کے ساتھ کھانے سے بدن فربہ ہوتا ہے۔ اونٹنی کے دودھ کے ساتھ کھانے سے سرکا بادی کا درد جاتا رہتا ہے۔ املی کے پتوں کے ساتھ کھانے سے جنون اور مرگی میں فائدہ ہوتا ہے۔ ڈھاک کے رس کے ساتھ کھانے سے منہ کی بدبو رفع ہوتی ہے۔ آملہ کے رس کے ساتھ کھانے سے کوڑھ اور مقعد کے پھوڑے میں مفید ہے۔ بکری کے دہی کے ساتھ کھانے سے زہر اُترتا ہے۔ انار کے دانوں کے رس کے ساتھ کھانے سے پیٹ سے ریاح نکل جاتے ہیں۔ ادرک کے رس کے ساتھ کھانے سے بدہضمی رفع ہوتی ہے۔ انگوروں کے رس کے ساتھ کھانے سے آنکھ کی روشنی بڑھتی ہے۔ نرگنڈی کے رس کے ساتھ کھانے سے بادی اور دل کا گھٹا جانا کم ہوتا ہے۔ نیم کے پتوں کے رس کے ساتھ کھانے سے برص مٹتا ہے۔ پیپل کے دانوں (دار فلفل) کے ساتھ کھانے سے پاگل پن جاتا رہتا ہے۔

اگر اسے ایک ماہ مسلسل کھایا جائے تو اعضاء جسمانی مستحکم ہوجاتے ہیں۔ اور بال سیاہ ہوجاتے ہیں۔ اگر چالیس روز کھایا جائے تو بدن سے خوشبو آنے لگتی ہے۔

مقامی طور پر سنا ہر قسم کی خارش رفع کرتی ہے برگِ حنا۔ شاہترہ اور سرکہ کے ساتھ پکا کر لگانے سے ایگزیما۔ پھوڑے پھنسیاں رفع ہوتے ہیں۔ مہندی کے ساتھ ملا کر سر پر لگانے سے بال سیاہ ہوتے ہیں اور سر کی پھنسیاں ٹھیک ہونے کے علاوہ بال بڑھتے اور گنج مٹتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: - علاج کی غرض سے سنا کے پتے اور کونپلیں استعمال کی جاتی ہیں۔ یاد رکھا جاتا ہے کہ ان کی کیمیاوی ہیئت میں بہت تھوڑا فرق ہے۔ اس کا نباتاتی نام عبرانی زبان کے لفظ CASSIA سے حاصل ہوا ہے جس کے لفظی معنی کسی چیز کو کاٹ دینے کے ہیں کیونکہ یہ قاطع قبض ہے۔ اس کے کونپل۔ سوکھے ہوئے ثمر کے تجزیہ سے اس میں بیروزہ۔ اگسلیٹ کے علاوہ سبز رنگ دینے والا عنصر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

TRI-HYDROXY- FLANONE — پایا جاتا ہے۔ جسے
KAEMPOPHANOL بھی کہتے ہیں اس کے اجزار عامل
ANTHRONES سے ہے۔ جن کی قسمیں SENNOSIDES
کا تعلق A-B-C-D- معلوم ہوتی ہیں۔ یہ اصل میں EMODIN ANTHR-
ONE GLUCOSIDES ہیں۔ یہ وہ گروہ ہے جو معتبر میں بھی کسی قدر پایا ہے۔ اسی بنا
پر یہ تمام نباتات ANTHRACENE PURGATIVES کے خاندان
سے تعلق رکھتی ہیں۔

ANTHRAQUINONES —— حال ہی میں ماہرین کیمیا نے
سے ایک جراثیم کش دوائی DONOMYCIN حاصل کی ہے۔ اب تک کی
تمام جراثیم کش ادویہ ANTIBIOTICS پھپھوندی سے حاصل ہوئی ہیں لیکن
کی کیمیکل سے کھانے والی جراثیم کش دوائی حاصل کرنے کا پہلا تجربہ ہے۔ بیان کیا
جاتا ہے کہ اس دوائی کو حاصل کرنا اتنا آسان ہے کہ ایک چھوٹی سی لیبارٹری میں
یہ عمل انجام دیا جا سکتا ہے DONOMYCIN ایک ایسی دوا ہے جو مدتوں
تا۔ موثر رہ سکتی ہے۔ درجہ حرارت میں تبدیلی اس کی افادیت کو متاثر نہیں کرتی
اور یہ نہ صرف عام پیپ پیدا کرنے والے جراثیم ہلاک کر سکتی ہے بلکہ
GRAM NEGATIVE جراثیم اور ایسی قسموں پر بھی اثر انداز ہوتی ہے
جن پر دوسری ادویہ بیکار پائی گئی ہیں۔ انسانی جسم اسے آسانی سے قبول کر لیتا ہے
اور اس کے مضر اثرات کم ہیں اور جراثیم میں اس کے عادی ہو جانے کی استعداد نہیں ہوتی
اس لیے اسے مریض کو شفا یابی تک اطمینان سے دیا جا سکتا ہے۔

مسہل اور ملین اثرات کے لیے عام طور پر اس کے SENNOSIDES
A اور B استعمال کیے جاتے ہیں اور انہی کی موجودگی کی شرح کی بنا پر
اس کے تاثر کا مقام متعین کیا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ اس میں CHRYSOPHANIC ACID- SENNA-

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

PHOECRETIN - TARTARICACID - MUCILAGE - PICRIN -

پائے جاتے ہیں۔ VEGETABLE SALTS - MUCILAGE -

اطبار جدید کے مشاہدات :۔

طب جدید میں قبض کو توڑنے کے لیے اب تک پانچ ہزار سے زائد ادویہ مستعمل رہی ہیں۔ آج سے پچاس سال پہلے کی ادویہ کی فہرست بھی سینکڑوں میں تھی۔ مگر آج کے دوا فروش کے پاس صرف تین ایسی ادویہ ہیں جو اس غرض سے کام آتی ہیں۔ جن میں سے ایک سنا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ایک ہزار سالوں پر محیط طویل مشاہدات کے بعد سنا وہ منفرد دوائی ہے جس کی مقبولیت اور اہمیت آج بھی ویسے ہی ہے جو ہزار سال پہلے تھی۔

برٹش فارماکوپیا کوڈیکس نے اسے بطور ملین سرکاری طور پر تسلیم کیا ہے۔ اس کے معیار کے مطابق بھارتی سنا کے بیجوں پر چوڑائی میں دھاریاں پڑی ہوتی ہیں۔ جبکہ مصری سنا کے دانوں پر جالی سی بنی ہوتی ہے۔ ان کے سرکاری معیار کے مطابق بھارتی سنا میں SENNOSIDES-A&B کی مقدار ۲½ - ۱ فیصدی ہونی چاہیئے جبکہ مصری میں یہ مقدار ۳ - ۲ فیصدی ہونی چاہیئے۔

OFFICIAL PREPARATIONS - مستعمل مرکبات

۱ - سنا کی گولیاں SENNA TABLETS ان میں اجزار عامل SENNOSIDES کی مقدار ۰.۵ ملی گرام فی گولی ہونا ضروری ہے۔

۲ - LIQUORICE COMPOUND POWDER اس کے اجزار کا سرکاری تناسب حسب ذیل ہے۔

برگ سنا - گندھک - ملیٹی - سونف - کھانڈ

۱۶۰ گرام ۸۰ گرام ۱۶۰ گرام ۸۰ گرام - ۵۲۰ گرام یہ تمام چیزیں باریک پیس کر ملائی جائیں۔ مقدار خوراک ۲ سے ۳ چھوٹے چمچے۔

۳ - LIQUID EXTRACT SENNA اس کا نسخہ یہ ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

برگ سنا - روغن کشنیز - CORIANDER OIL. الکحل - آب مقطر

۱۰۰ گرام ۶ ملی لیٹر ۲۵۰ ملی لیٹر ۱ لیٹر

اس کے علاوہ غیر سرکاری طور پر اس کا جزو عامل SENNOSIDE صاف کر کے ٹیکہ کی صورت میں دستیاب ہے - جسے زیر جلد یعنی HYPODERM-IC INJECTION کے ذریعہ بطور مسہل استعمال کیا جاتا ہے اور اس کا نام SENNATIN ہے۔

جلدی امراض میں سنا ایک لاجواب دوائی ہے۔ اسے مہندی اور کلونجی کے ساتھ ملا کر اگر سرکہ میں حل کر کے استعمال کیا جائے تو یہ پھپھوندی سے پیدا ہونے والی تمام بیماریوں اور خاص طور پر ان حالتوں میں جب زخموں پر تکلیف دہ چھلکے آتے ہوں میں کمال کی دوائی ہے۔ ہومیوپیتھک طریقۂ علاج میں بھی سنا کو کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے جب آکسیلیٹ اور یوریٹ زیادہ مقدار میں پیدا ہو رہے ہوں تو سنا کا استعمال ان کے اخراج کا باعث ہوتا ہے۔ پیشاب میں آکسیلیٹ آنے آئندہ کی پتھری کا پیش خیمہ ہونے کے ساتھ ساتھ جلن اور ذہنی پریشانی کا باعث ہوتے ہیں۔ کیونکہ یوریٹ اور آکسیلیٹ پیشاب میں حل نہیں ہوتے اور مریض کو سفید رطوبت کی صورت میں علیحدہ نظر آتے ہیں جسے ان پڑھ معالج جریان قرار دیتے ہیں۔ ایسے مریضوں کے لیے سنا مکی کا ملٹھی اور سونف کے ساتھ مرکب بڑے شاندار اثرات رکھتا ہے۔ کیونکہ اس کے چند روزہ استعمال سے پیشاب میں آنے والی سفید رطوبتیں ختم ہو جاتی ہیں۔

سنا مکی کا مسلسل استعمال گردوں، پتہ اور مثانہ سے پتھری کو حل کر کے نکالنے میں شہرت رکھتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

PHOECRETIN - TARTARICACID - MUCILAGE - PICRIN -

VEGETABLE SALTS - MUCILAGE - پائے جاتے ہیں۔

اطبار جدید کے مشاہدات :۔

طب جدید میں قبض کو توڑنے کے لیے اب تک پانچ ہزار سے زائد ادویہ مستعمل رہی ہیں۔ آج سے پچاس سال پہلے کی ادویہ کی فہرست بھی سینکڑوں میں تھی۔ مگر آج کے دوا فروش کے پاس صرف تین ایسی ادویہ ہیں جو اس غرض سے کام آتی ہیں۔ جن میں سے ایک سنا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ایک ہزار سالوں پر محیط طویل مشاہدات کے بعد سنا وہ منفرد دوائی ہے جس کی مقبولیت اور اہمیت آج بھی ویسے ہی ہے جو ہزار سال پہلے تھی۔

برٹش فارماکوپیا کوڈیکس نے اسے بطور ملین سرکاری طور پر تسلیم کیا ہے۔ اس کے معیار کے مطابق بھارتی سنا کے بیجوں پر چوڑائی میں دھاریاں پڑی ہوتی ہیں۔ جبکہ مصری سنا کے دانوں پر جالی سی بنی ہوتی ہے۔ ان کے سرکاری معیار کے مطابق بھارتی سنا میں SENNOSIDES-A&B کی مقدار ۲½ - ۱ فیصدی ہونی چاہیئے جبکہ مصری میں یہ مقدار ۴ - ۲ فیصدی ہونی چاہیئے۔

OFFICIAL PREPARATIONS - مرکبات

۱ - سنا کی گولیاں SENNA TABLETS ان میں اجزار عامل SENNOSIDES کی مقدار ۰.۵ ملی گرام فی گولی ہونا ضروری ہے۔

۲ - LIQUORICE COMPOUND POWDER اس کے اجزار کا سرکاری تناسب حسب ذیل ہے۔

برگ سنا - گندھک - ملیٹھی - سونف - کھانڈ

۱۶۰ گرام ۸۰ گرام ۱۶۰ گرام ۸۰ گرام ۵۲۰ گرام یہ تمام چیزیں باریک پیس کر ملائی جائیں۔ مقدار خوراک ۲ سے ۳ چھوٹے چمچے۔

۳ - LIQUID EXTRACT SENNA اس کا نسخہ یہ ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

برگ سنا - روغن کشنیز - CORIANDER OIL. الکحل - آب مقطر

۱۰۰ گرام ۶ ملی لیٹر ۲۵۰ ملی لیٹر ۱ لیٹر

اس کے علاوہ غیر سرکاری طور پر اس کا جزو عامل SENNOSIDE صاف کر کے ٹیکہ کی صورت میں دستیاب ہے - جسے زیر جلد یعنی HYPODERM-IC INJECTION کے ذریعہ بطور مسہل استعمال کیا جاتا ہے اور اس کا نام SENNATIN ہے۔

جلدی امراض میں سنا ایک لاجواب دوائی ہے۔ اسے مہندی اور کلونجی کے ساتھ ملا کر اگر سرکہ میں حل کر کے استعمال کیا جائے تو یہ پھپھوندی سے پیدا ہونے والی تمام بیماریوں اور خاص طور پر ان حالتوں میں جب زخموں پر تکلیف دہ چھلکے اُٹھے ہوں بہت کمال کی دوائی ہے۔ ہومیوپیتھک طریقۂ علاج میں بھی سنا کو کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے جب آکسیلیٹ اور یوریٹ زیادہ مقدار میں پیدا ہو رہے ہوں تو سنا کا استعمال ان کے اخراج کا باعث ہوتا ہے۔ پیشاب میں آکسیلیٹ آنے آئندہ کی پتھری کا پیش خیمہ ہونے کے ساتھ ساتھ جلن اور ذہنی پریشانی کا باعث ہوتے ہیں۔ کیونکہ یوریٹ اور آکسیلیٹ پیشاب میں حل نہیں ہوتے اور مریض کو سفید رطوبت کی صورت میں علیحدہ نظر آتے ہیں جسے ان پڑھ معالج جریان قرار دیتے ہیں۔ ایسے مریضوں کے لیے سنا کی کا ملٹھی اور سونف کے ساتھ مرکب بڑے شاندار اثرات رکھتا ہے۔ کیونکہ اس کے چند روزہ استعمال سے پیشاب میں آنے والی سفید رطوبتیں ختم ہو جاتی ہیں۔

سنا کی کا مسلسل استعمال گردوں، پتہ اور مثانہ سے پتھری کو حل کر کے نکالنے میں شہرت رکھتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

شہد۔عسل
MEL HONEY

قرآن مجید نے شہد کی مکھی کو اتنی اہمیت دی کہ ایک سورۃ اس کے نام سے نازل کی اور اس کے کمالات کی تعریف فرمائی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مکھی اور اس سے حاصل ہونے والے عناصر میں انسانی زندگی کے لیے افادیت پائی جاتی ہے۔ شہد کی عام مکھی کو علم الحیوانات میں APIS MELLIFERA کہتے ہیں۔ یہ حیوانات کے APIS خاندان کی ایک رکن ہے جبکہ اسی خاندان کے اور ارکین جو شکل وصورت میں اس سے ملتے جلتے ہیں اسی قسم کا کام کرتے ہیں۔

بہت سے جانور۔ پرندے۔ کیڑے مکوڑے سے تحفظ ذات کے لیے گھر بناتے ہیں مگر جس طرح کا خوبصورت گھر۔ اس کا انتظام شہد کی مکھی کرتی ہے کسی اور پرند اور چرند کے یہاں نہیں ملتا۔ مکھیوں کا چھتہ چھ کونوں والے خانوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ جن کی دیواریں موم سے بنتی ہیں۔ ان میں دراڑوں اور سوراخوں کو بند کرنے کے لیے درختوں کی کونپلوں سے سیروزہ کی طرح کا ایک لیدار مادہ PROPOLIS حاصل کیا جاتا ہے۔ ان چھتوں میں درجہ حرارت کو قائم رکھنے کے لیے ایئر کنڈیشن کا مربوط نظام ہے اور مکھیاں اپنے پسندیدہ حالات میں شدید جد وجہد کی ایک فعال زندگی گزارتی ہیں۔ ہر چھتے میں ایک ملکہ ہوتی ہے جو روزانہ ایک ہزار کے قریب انڈے دیتی ہے۔ کارکن مکھیاں ان انڈوں سے بچے نکالنے۔ ان کو غذا مہیا کرنے اور ان کے لیے رہائشی کمرے تیار کرنے میں ہمہ وقت مصروف رہتی ہیں۔ ان کی آبادیوں میں بے کار افراد کو قتل کر دیا جاتا ہے۔

کارکن مکھیاں تمام دن اڑتی ہوئی پھولوں سے "مادۃ الحیات" NECTAR تلاش کرتی ہیں۔ ہر پھول کے بیچ مٹھاس کا ایک قطرہ ہوتا ہے۔ مکھیاں اس کی تلاش

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

میں ٹال ڈال منڈلاتی ہیں اور جہاں سے مل جائے اسے اپنے منہ کی تھیلی میں رکھ کر چھتے کو لوٹ جاتی ہیں اور اپنی برادری کو اس علاقہ میں مزید مادہ الحیات کی موجودگی یا غیر موجودگی کی اطلاع بھی دیتی ہیں۔ ابتدائی طور پر اس مادہ الحیات میں ۸۰ - ۵۰ فیصدی پانی ہوتا ہے۔ چھتے میں لے جا کر اسے گاڑھا کیا جاتا ہے اور جب اس سے شہد بنتا ہے تو اس میں پانی کی مقدار ۱۸ - ۱۶ فیصدی کے درمیان رہ جاتی ہے۔

یہ مکھیاں خط استوا کی مدت سے لے کر برفانی میدانوں کی برودت تک میں زندہ رہ سکتی ہیں۔ مگر ان کے چھتے کا اندرونی درجہ حرارت ۹۳ ۵۴ کے قریب رہتا ہے۔ اگر آس پاس کا موسم ۱۲۰ ۵ تک بھی گرم ہو جائے تو چھتہ متاثر نہیں ہوتا۔ ٹھنڈک میں زیادتی کی وجہ سے جب درجہ حرارت ۵ ۵ گر جائے تو مکھیاں اڑنا بند کر دیتی ہیں اور خوراک کے ذخیرہ پر گزر اوقات اور خوشگوار موسم کا انتظار کرتی ہیں۔

ایک چھتہ سال میں تقریباً ۵۰۰ کلوگرام مادہ الحیات حاصل کر کے اس سے شہد تیار کرتا ہے۔ چھتوں میں شہد کے علاوہ موم اور پولن کے دانے بھی ذخیرہ کیے جاتے ہیں۔ پھولوں کی پتیوں کے درمیان ان کے تولیدی اعضاء ہوتے ہیں۔ مکھی جب اس کو چوسنے کے لیے کسی پھول پر بیٹھتی ہے تو زرپھولوں کے تولیدی دانے اس کے جسم کو لگ جاتے ہیں جن کو POLLEN کہتے ہیں۔ پولن کے دانے لگی مکھی جب دوسرے پھول پر بیٹھتی ہے تو اس کے نسوانی حصے ان دانوں کو اپنی جانب کھینچ کر بارآوری حاصل کرتے ہیں۔ اس طرح مکھی کی اڑان زراعت کے لیے ایک نہایت مفید خدمت سرانجام دیتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ امریکہ میں پیدا ہونے والی ۹۰ اقسام کی زرعی پیداوار کی ترویج اور بارآوری صرف شہد کی مکھی کی مرہون منت ہے۔ پولن کے جو دانے بیچ جاتے ہیں۔ ان کو چھتے میں لے جا کر کارکنوں کی خوراک میں بھی اجزاء کے طور پر شامل کر دیا جاتا ہے۔ ان کی کچھ مقدار شہد میں بھی موجود ہوتی ہے۔ مغربی ممالک کے بہت سے لوگوں کو موسم بہار میں حساسیت کا دورہ پڑتا ہے۔ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ حساسیت ان اڑتے ہوئے پولن کے دانوں کی وجہ سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ہوتی ہے۔ اس لیے جب یہ دانے شہد میں ملے ہوئے ایسے لوگوں کی غذا میں شامل ہوتے ہیں تو ان کو اس کے استعمال سے بھی حساسیت ہو جاتی ہے۔ علمی طور پر ایسا ہونا ممکن ہے۔ مگر ہم نے اپنی چالیس سالہ طبّی زندگی میں ایسے مریض پانچ سے زیادہ نہیں دیکھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اکثر مریضوں میں شہد کی اپنی افادیت حساسیت پر غلبہ پالیتی ہے۔

چھتوں سے شہد حاصل کرنے کے دو طریقے ہیں۔ ایک تو ان کو نچوڑ کر شہد نکالا جائے اور دوسرے میں ان میں گھاؤ لگا کر شہد نکال لیا جاتا ہے۔ پہلے میں موم اور دوسری چیزیں بھی شامل ہوتی ہیں جبکہ دوسری میں خالص شہد کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔

شہد دنیا کی قدیم ترین غذاؤں اور دواؤں میں سے ہے۔ مصر قدیم میں لاشوں کو حنوط کرنے کے عمل میں بھی شہد استعمال ہوتا تھا۔ مصری مقابر میں بادشاہوں کی غذا کے ذخیروں میں شہد بھی رکھا جاتا تھا۔ پانچہزار سال سے زیادہ عرصہ گزرنے کے بعد یہ شہد خراب نہ ہوا۔ البتّہ رنگ کالا پڑ گیا تھا۔ سولھویں صدی کے غرقاب جہاز اب جب برآمد ہوئے تو ان سے شہد کے جو برتن نکلے ان کا شہد صدیوں میں بھی خراب نہ پایا گیا۔

شہد کی زراعت :۔

آسمانی کتابوں اور تجربات سے لوگوں کو شہد کی اہمیت سے روز بروز زیادہ واقفیت ہوتی جا رہی ہے جس کی وجہ سے اس کو تجارتی پیمانہ پر تیار کرنے کی ضرورت پیدا ہو گئی ہے۔ دنیا کی مارکیٹ میں اس وقت چین۔ امریکہ۔ روس۔ جرمنی۔ آسٹریلیا۔ کنیڈا۔ میکسیکو۔ بڑے ممالک ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ میں اسرائیل اور قبرص کا شہد بھی بڑا مقبول ہے۔

شہد کا ذائقہ اور رنگت اس فصل پر منحصر ہوتا ہے جس کے پھولوں سے مکھیوں نے شہد حاصل کیا۔ اگرچہ آجکل کی تجارتی ضروریات مکھیوں کو اتنی مہلت نہیں دیتیں کہ وہ پھول پھول پھر کر "ماء الحیات" جمع کریں۔ اس کے باوجود بعض جگہوں خاص کر چین سے خصوصی کھیتوں کا شہد حاصل ہوتا ہے۔ پچھلے دنوں وہاں سے نیم کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

درختوں سے حاصل ہونے والا شہد دیکھنے کا موقع ملا۔ اگرچہ رنگت میں سیاہی مائل تھا مگر ذائقہ میں ہلکی سی کڑواہٹ اس کو لذیذ بنا رہی تھی۔ چین کے لوگ عام مشروب کے طور پر شہد استعمال کرتے ہیں۔ اس لیے ان کی صحت بہتر اور شہد کی کاشت زیادہ ہوتی ہے۔

اندازہ لگایا گیا ہے کہ آجکل دنیا میں ہر سال ۵۰۰،۰۰۰،۰۰۰ کلو شہد سالانہ پیدا ہوتا ہے۔ جن میں امریکہ اور روس کی برآمد یکساں طور پر ۳۰۰،۰۰۰ کلو بتائی جاتی ہے۔ ارجنٹائن اور میکسیکو سے کریم والا شہد اور کینیڈا سے ایسا شہد برآمد ہوتا ہے جس میں گلوکوس وغیرہ کی مقدار ۵۰ فیصدی تک ہوتی ہے۔

شہد سے یورپ میں مٹھائیاں اور بسکٹ بنتے ہیں۔ برٹش فارما کوپیا کے مشورہ کے مطابق کھانسی کے بعض شربت اس سے بنائے جاتے ہیں۔ اور بعض ممالک میں شہد سے ایک خاص قسم کی شراب کشید کی جاتی ہے جسے MEAD کہتے ہیں۔ باور کیا جاتا ہے کہ یہ جگر کو خراب نہیں کرتی۔ حالانکہ یہ مفروضہ غلط ہے۔ کیونکہ جگر اور اعصاب کو خراب کرنا الکحل کا خاصہ ہے اور وہ اس میں معقول مقدار میں موجود ہوتی ہے۔

ارشاداتِ قرآنی

قرآن مجید میں ایک سورۃ خصوصی طور پر شہد کی مکھی کے بارے میں موجود ہے۔ جس میں فرمایا گیا۔

و اوحیٰ ربك الی النحل ان اتخذی من
الجبال بیوتاً و من الشجر و مما یعرشون۔ ثم کلی من
کل الثمرات فاسلکی سبل ربك ذللا یخرج من
بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس۔
ان فی ذالك لایة لقوم یتفکرون۔

(النحل ۶۹ - ۶۸)

(تمہارے رب نے شہد کی مکھی پر وحی بھیجی کہ وہ پہاڑوں، درختوں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کی بلندیوں پر اپنا گھر بنائے۔ پھر وہ ہر قسم کے پھلوں سے رزق حاصل کرے اور اپنے رب کے متعین کردہ راستوں پر چلے ان کے پیٹوں سے مختلف رنگ کی رطوبتیں نکلتی ہیں جن میں لوگوں کے لیے شفا رکھی گئی ہے۔ یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے نشانیاں ہیں تاکہ لوگ ان پر غور و فکر کرکے فائدہ اٹھائیں)

اس آیت مبارکہ میں تین اہم نکات ہیں کہ شہد کی مکھی کے ٹھکانے بلندیوں پر ہوں گے۔ وہ پھلوں سے اپنا رزق حاصل کرے گی اور اس کے منہ اور پیٹ سے متعدد اقسام کے جواہر خارج ہونگے۔ "مختلف الالوان" کا مطلب صرف یہ نہیں کہ ان کے رنگ جدا جدا ہونگے بلکہ ان کی قسمیں کئی ہونگی اور ظاہر ہے کہ ہر قسم کے فوائد علیحدہ ہوں گے۔ اس امر کی نشان دہی اور ان میں انسانوں کے لیے شفا کا سراغ دینے کے بعد قرآن مجید ہم سے یہ توقع کرتا ہے کہ ہم ان کے بارے میں تحقیقات کریں۔ ان کے منہ اور پیٹ سے نکلنے والی رطوبتوں کا پتہ چلائیں اور ان کے فوائد کو معلوم کرکے اپنی بہتری کے لیے کام میں لائیں۔

... وانھار من عسل مصفّی ولھم فیھا من کلّ الثمرات۔

(محمّد - ۱۵)

(جنّت میں ملنے والی عمدہ اشیاء کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا گیا کہ وہاں پر عمدہ اور خالص شہد کی نہریں ہونگی اور ان لوگوں کے لیے ہر قسم کے پھل ہونگے)

قرآن مجید میں جنّت میں رکھی گئی چیزوں کا مختلف مقامات پر تذکرہ کیا گیا ہے۔ ان میں زیادہ طور پر پھل۔ موتی۔ سونے کے قیمتی دھاتیں اور زیورات ہیں مگر ان کے ساتھ وہاں پر بہنے والی نہروں میں چار چیزیں مذکور ہیں۔ دودھ ایسا لذیذ کہ پینے والے پسند کریں اور اس کا ذائقہ تبدیل نہ ہوگا۔ وہ شراب جو خوشگوار ذائقہ ہے۔ شفاف پانی اور خالص شہد بہت سی عمدہ اور اہم چیز ہے کہ اسے جنّت کے بہترین نعمتوں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

میں سے قرار دیا گیا۔

یٰاَیُّھا النبی لم تحرمُ ما احلَّ اللّٰہ لک
تبتغی مرضاتَ ازواجک واللّٰہ غفورٌ رحیم۔
(التحریم ۔ ۱)

(اے نبیؐ! تم کسی ایسی چیز کو کیوں حرام کر رہے ہو جسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے حلال کر دیا ہے۔ کیا تم ایسا کہہ کے اپنی بیویوں کی مرضی پوری کر رہے ہو؟ تمہارا رب بخش دینے والا اور رحم کرنے والا ہے)

اللہ تعالیٰ نے شہد کو جو اہمیت عطا فرمائی یہ سورہ مبارکہ اس باب میں ایک دلچسپ پس منظر بیان کرتی ہے۔ امہات المؤمنینؓ نے دیگر خواتین کی طرح آپس کی چپقلش میں سرکار کو آلودہ کرنے کی ایک کوشش کی جس کا حال صحیح بخاری میں یوں مذکور ہے۔ ام المؤمنین حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں۔

کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یحب
الحلوی والعسل۔ وکان اذا انصرف من العصر
دخل علی نسائہ فیہ فو من احداھن، فدخل
علی حفصہ بنت عمرؓ فاحتبس اکثر ما کان
یحتبس فغرت، فسألت عن ذالک فقیل اھدت
لھا امرأۃ من قومھا عکۃ عسل، فسقت
النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم منہ شربۃ، فقلت:
اما واللّٰہ لنحتالن نہ، فقلت لسودۃؓ بنت زمعۃ:
انہ سیدنو منک، فاذا دنا منک فقولی:
أکلت مغا ۔ فانہ یقول لا، فقولی لہ:
ماھذہ الریح أجد؟ سیقول لی سقتنی
حفصۃ شربۃ عسل، فقولی: جرست

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

نحله العرفط وسأقول ذالك، وقولي له
أنت يا صفية ذالك، قالت، تقول سودة:
فوالله ما هو الا ان قام على الباب. فأردت
ان اناديه بما أمرتني فزجرتني، فلما دنا
منها، قالت له سودة: يا رسول الله أكلت
مغافير؟ قال: "لا". قالت: فما هذه
الريح التي اجد منك؟ قال: "سقتني حفصة
شربة عسل". قالت: جرست نحله العرفط
فلما دار الي، قلت له نحو ذالك: فلما دار
الى صفية قالت له مثل ذالك. فلما دار الى
حفصه قالت له: يا رسول الله ألا أسقيك منه؟
قال: "لا حاجة لي فيه" قالت سودة والله
لقد حرمناه، فقلت لها: اسكتي۔

(بخاری۔ مسلم)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حلوہ اور شہد بہت پسند تھے۔ ان کا دستور تھا کہ وہ جب عصر سے فارغ ہوتے تو وہ ازواج کے پاس جاتے۔ ان میں سے کسی ایک کے ساتھ چہل بھی کرتے۔ ایک روز جب وہ حفصہ بنت عمر کے یہاں گئے تو ان کا قیام معمول سے زیادہ دیر رہا۔ میں نے پتہ کروایا تو معلوم ہوا کہ اس کی قوم کی کسی عورت نے اسے شہد کی ایک کپی تحفہ میں دی ہے۔ اس نے حضور کو اس میں سے شربت پلا کر زیادہ دیر روک لیا۔ میں نے اس پر قسم کھائی کہ میں اس کے توڑ میں منصوبہ بناؤں گی۔ میں نے اس بارے میں سودہ بنت زمعہ سے کہا کہ جب وہ تمہارے پاس آئیں تو کہنا کہ کیا آپ نے مغافیر کھایا ہے۔ (مغافیر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ایک بدبودار گوند تھی جو کہ عرفط کی جھاڑیوں سے حاصل ہوتی تھی اور حضورؐ بدبو کو سخت ناپسند کرتے تھے۔ اس لیے انہوں نے ان کی ناپسندیدہ ترین چیز کا تذکرہ کراہت دلانے کے لیے)۔ وہ کہیں گے کہ نہیں۔ پھر کہنا کہ پھر آپ سے یہ بدبو کیسی آ رہی ہے؟ وہ کہیں گے میں نے تو حفصہؓ کے یہاں سے فقط شہد کا شربت پیا ہے۔ تب کہنا کہ ایسا لگتا ہے کہ شہد کی مکھی عرفط کے درخت سے بھی رس چوس آئی ہوگی۔ اور میں بھی ایسا ہی کہوں گی۔ پھر صفیہؓ سے مخاطب کر کے کہا کہ وہ بھی منصوبہ کے مطابق حضورؐ سے ایسا ہی کہے۔ ابھی یہ گفتگو جاری تھی کہ ناگہاں حضورؐ تشریف لے آئے۔ اس وقت میرا جی چاہا کہ ان کو منصوبہ سے آگاہ کر دوں مگر اتنے میں وہ سودہؓ کے قریب آ گئے۔ اور اس نے کہا۔ "یا رسول اللہؐ کیا آپ مغافیر کھا کر آئے ہیں؟" انہوں نے کہا۔ "نہیں"۔ پھر اس نے کہا، تو آپ کے منہ سے یہ بدبو کیسی آ رہی ہے! انہوں نے کہا کہ میں نے تو حفصہؓ کے یہاں سے صرف شہد پیا ہے۔ پھر اس نے کہا ممکن ہے شہد کی مکھی عرفط کے درخت سے رس چوس آئی ہو۔ پھر وہ میری طرف متوجہ ہوئے تو میں نے بھی اسی طرح کہا۔ اس کے بعد جب وہ صفیہؓ کی جانب متوجہ ہوئے تو اس نے بھی وہی کچھ کہا۔

اگلے دن جب وہ حفصہؓ کے گھر گئے اور اس نے ان سے شہد پینے کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ مجھے خواہش نہیں۔ اس پر سودہؓ نے کہا کہ اللہ کی قسم ہم نے اسے ان کے لیے حرام کر دیا۔ میں نے اسے کہا کہ چپ رہے)۔

یہی روایت امام بخاریؒ نے عبید بن عمیرؓ کے توسط سے حضرت عائشہؓ سے جب بیان کی تو اس میں شہد پلانے والی زوجہ محترمہ کا نام زینبؓ بنت جحش مذکور ہے۔ اور حضرت حفصہؓ کا اسم گرامی سودہؓ کی جگہ بیان ہوا۔ اس روایت میں اہم بات

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

یہ ہے کہ انہوں نے سارا منصوبہ سننے کے بعد فرمایا

"میں آئندہ کبھی شہد نہ پیونگا"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اپنے اوپر شہد حرام کر لیا تو اللہ تعالیٰ نے سورۃ التحریم اتاری اور فرمایا کہ بیویوں کی خواہش کو پورا کرنے کے لیے آپ چیز کو جو کہ حلال ہے۔ اپنے اوپر حرام نہ کر لیجئے۔

تمام واقعہ یہ بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے شہد کو کتنی اہمیت عطا فرمائی کیونکہ اگر ان کی تصحیح نہ کی جاتی اور وہ آئندہ زندگی شہد سے کنارہ کش رہتے تو ان کی امت کا کوئی شخص شہد پر متوجہ نہ ہوتا اور اس طرح امتِ مسلمہ ایک مفید خوراک اور لاجواب دوا سے محروم ہو جاتی۔

کتبِ مقدسہ

۔۔۔ کچھ اس شخص کے لیے نذرانہ لیتے جاؤ۔ جیسے تھوڑا سا روغنِ بلسان۔ تھوڑا سا شہد۔ کچھ گوند مصالح اور مر۔ اور پستہ اور بادام

(پیدائش ۱۲-۱۱: ۴۳)

یہاں پر شہد کو ان چیزوں میں شمار کیا گیا جو اتنی اہمیت رکھتی ہیں کہ ان کو تحفہ میں دیا جائے۔

۔۔۔۔۔ میں اترا ہوں کہ انکو مصریوں کے ہاتھ سے چھڑاؤں اور اس ملک سے نکال کر ان کو ایک اچھے اور وسیع ملک میں جہاں دودھ اور شہد بہتا ہے۔ یعنی کنعانیوں اور حتیوں اور اموریوں فرزیوں اور حویوں اور یبوسیوں کے ملک میں پہنچاؤں۔

(خروج ۸ : ۳)

اسی باب کی آیت نمبر ۱۷ میں اسی بات کی تکرار ہے کہ قوم کو دودھ اور شہد کی نہروں والی مملکت میں آباد کیا جائیگا۔ کیونکہ یہ دونوں چیزیں جنت کی نشانیاں ہیں۔

۔۔۔۔ اور موسیٰ سے کہنے لگے کہ جس ملک میں تو نے ہمیں بھیجا تھا۔ ہم

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وہاں گئے اور واقعی دودھ اور شہد اس میں بہتا ہے۔

(گنتی ۲۷ : ۱۳)

اسی قسم کی ایک جنتِ ارضی کی تعریف میں فرمایا گیا۔

وہ ایسا ملک ہے جہاں روغن دار زیتون اور شہد بھی ہے۔

(استثنا ۹ - ۸ : ۸)

شہد کے فوائد کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد ہوا۔

دیکھو میری آنکھوں میں ذرا سا شہد چکھنے کے سبب سے کیسی روشنی آئی۔ (سیموئیل - ۴۴-۴۳ : ۱۴)

اسی باب میں مذکور ہوا۔

..... اور شہد اور مکھن اور بھیڑ بکریاں اور گائے کے دودھ کا پنیر داؤد کے اور اس کے ساتھ کے لوگوں کے کھانے کے واسطے لائے۔

(سیموئیل ۲۹ - ۱۷)

وہ دریاؤں کو دیکھنے نہ پائیگا

یعنی شہد اور مکھن کی بہتی ندیوں کو۔ (ایوب - ۱۷ - ۲۰)

زبورِ مقدس میں شہد کو اہمیت دیتے ہوئے ارشاد ہوا۔

وہ سونے سے بلکہ بہت کندن سے بھی زیادہ پسندیدہ ہیں وہ شہد سے بلکہ چھتے کے ٹپکوں سے بھی شیریں ہیں۔ (زبور - ۱۰ - ۲۰)

اپنے بیٹے کو نصیحت ہوتی ہے۔

" اے میرے بیٹے تو شہد کھا کیونکہ وہ اچھا ہے۔ اور شہد کا چھتا بھی کیونکہ وہ مجھے میٹھا لگتا ہے۔" (امثال - ۱۳ : ۲۴)

شہد کو بطور صفت قرار دے کر ارشاد ہوا۔

اے میری زوجہ! تیرے ہونٹوں سے شہد ٹپکتا ہے، شہد و شیر تیری زبان تلے ہیں (غزل الغزلات ۱۱ : ۴)

Digitized By eGangotrri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت اور ان کی خوراک کے بارے میں ارشاد ہوا۔

..... وہ اس کا نام عمانوئیل رکھے گی۔ وہ دہی اور شہد کھائیگا جب تک کہ وہ نیکی اور بدی کے رد و قبول کے قابل نہ ہو۔

(یسعیاہ - ۱۵ : ۷)

انجیل مقدس میں مسیح کے حواریوں کی خوراک کے بیان میں ارشاد ہوا۔

" یہ یوحنا اونٹ کے بالوں کی پوشاک پہنے اور چمڑے کا پٹکا اپنی کمر سے باندھے رہتا تھا۔ اور اس کی خوراک ٹڈیاں اور جنگلی شہد تھا۔

(متی - ۴ : ۳)

ارشاداتِ نبویؐ

حضرت عبداللہ ابنِ عباسؓ روایت فرماتے ہیں۔

نہیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن قتل اربع من الدواب۔ النملۃ۔ والنحلۃ والھدھد والصرد۔

(ابوداؤد۔ دارمی)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار حشرات کو مارنے سے منع فرمایا چیونٹی۔ شہد کی مکھی۔ ھدھد اور چڑی ممولا)

چیونٹی - ہدہد اور چڑی ممولا (غالباً تلیر) چونکہ درختوں کو نقصان دینے والے کیڑوں کو کھاتے ہیں۔ اس لیے ان کو مارنا لوگوں کو خود اپنا نقصان ہے اور یہی کیفیت شہد کی مکھی کے بارے میں ہے۔

حضرت ابوسعید الخدریؓ روایت فرماتے ہیں۔

قد جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان اخی استطلق بطنہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسقہ عسلاً۔ فسقاہ ثم جاء فقال

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سقیته فلم یزدہ الا استطلاقاً۔ فقال لہ ثلث مراۃ
ثم جاء الی ابعۃ فقال اسقہ عسلاً فقال لقد
سقیتہ فلم یزدہ الا استطلاقاً فقال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم صدق اللہ وکذب بطن اخیک۔
فسقاہ فبرا۔ (بخاری۔ مسلم)

(ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بیان کیا کہ اس کے بھائی کو اسہال ہو رہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے شہد پلاؤ۔ وہ پھر آکر کہنے لگا کہ شہد پینے سے اسہال میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے پھر فرمایا کہ شہد پلاؤ۔ اسی طرح وہ حال بیان کرتا تین مرتبہ آچکا تو چوتھی مرتبہ ارشاد ہوا کہ اسے شہد پلاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سچ کہا ہے اور تمہارے بھائی کا پیٹ جھوٹ کہتا ہے۔
اس نے پھر شہد پلایا تو مریض تندرست ہو گیا۔)

یہ حدیث علم العلاج اور ماہیت مرض کے بارے میں ایک روشن راہ ہے۔ کیونکہ اسہال کا سبب آنتوں میں سوزش ہے۔ جو کہ جراثیم یا ان کی زہروں یعنی TOXINS یا وائرس سے ہو سکتی ہے۔ اگر ایسے مریض کی آنتوں میں حرکات کو فوری طور پر بند کر دیا جائے تو سوزش بدستور رہے گی یا زہریں تو وہیں رہ جائینگی۔ اس لیے علاج کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ پہلے آنتوں کو صاف کیا جائے۔ پھر جراثیم مارے جائیں۔ شہد میں یہ صلاحیت تھی کہ وہ یہ دونوں کام کر سکتا تھا۔
اسہال کے جدید علاج میں آجکل یہ کوشش ہو رہی ہے کہ بار بار کی اجابتوں سے مریض کے جسم سے نمکیات نکل جاتے ہیں جس کی وجہ سے اس کی موت بھی ہو سکتی ہے یا پانی کی کمی سے گردے بیکار ہو جاتے ہیں۔ اس کا حل یہ تلاش کیا گیا ہے کہ مریض کو نمک اور گلوکوس کا ایک مرکب پانی میں گھول کر بار بار پلاتے ہیں۔ پاکستان میں یہ — ORS — کے نام سے مشہور ہے۔

Digitized by eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

شہد میں یہ تمام چیزیں موجود ہیں۔ پانی میں گھول کر شہد دینے کا مطلب یہ ہے کہ مریض کو نمکیات کی مکمل ضروریات کے ساتھ توانائی مہیا کرنے والے عناصر بھی حاصل ہوں اور اس طرح نہ صرف کہ وہ صحیح طریقے سے تندرست ہوگا بلکہ بعد میں کوئی پیچیدگی یا کمزوری بھی نہ ہوگی۔

حضرت ابو ہریرہ رضؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من لعق العسل ثلاث غداوات فی کل شھر۔ لم یصبہ عظیم من البلاء۔

(ابن ماجہ۔ بیہقی)

(جو شخص ہر مہینہ میں کم از کم تین دن صبح صبح شہد چاٹ لے اس کو اس مہینہ میں کوئی بڑی بیماری نہ ہوگی۔)

یہ ہمارا ذاتی تجربہ ہے کہ باقاعدہ شہد پینے والے کو دل۔ گردوں اور پیٹ کی کوئی بیماری نہیں ہوتی۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ سے دو اہم ارشادات منقول ہیں۔

کان احب الشراب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العسل۔ (بخاری)

(پینے والی چیزوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہد سب سے زیادہ پسند تھا)

انہوں نے اپنی پوری زندگی میں روزانہ شہد پیا۔ اور ہمیشہ تندرست رہے۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یحب الحلوی والعسل۔ (بخاری)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حلوہ (مٹھاس) اور شہد بہت زیادہ پسند تھے)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

علیکم بالشفائین : العسل ، والقرآن

(ابن ماجہ ، مستدرک الحاکم)

(تمہارے لیے شفا کے دو مظہر ہیں۔ شہد اور قرآن)

حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ۔

ان کان فی شیٔ من ادویتکم خیرٌ ففی
شرطة محجم او شربة عسل . (بخاری بمسلم)

(تمہاری دواؤں میں سے کسی چیز میں بھلائی کا اگر کوئی عنصر ہے تو وہ پچھنے لگانے اور شہد پینے میں ہے۔

مسند احمد میں اسی حدیث میں عسل کے بعد مذکور ہے۔

.... "اولدغة بنار توافق داء وما احب
ان اکتوی"

(یا آگ سے جلانا بھی بیماری کے مطابق ہے۔ مگر میں آگ سے جلانے کو پسند نہیں کرتا)

مسند احمد میں عقبہ بن عامرؓ سے بھی تقریباً یہی الفاظ مروی ہیں۔ بخاری اور ابن ماجہ نے یہی ارشادِ گرامی الفاظ کے معمولی ردوبدل کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کیے ہیں۔

" الشفاء فی ثلاثة۔ شربة عسل وشرطة
محجم، وکیة نار وانہی امتی عن الکی"۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان الخاصرة عرق الکلیة اذا تحرک
اذی صاحبها فداوها بالماء البحرق

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

والعسل . (ابوداؤد بمستدرک الحاکم۔ ابونعیم۔ الحارث)

(خاصرہ گردے کا ایک اہم حصہ ہے۔ جب اس میں سوزش ہوجائے تو گردے والے کو بڑی تکلیف ہوتی ہے ... اس کا علاج جلے ہوئے پانی اور شہد سے کیا جاتے)

خاصرہ سے مراد گردے کا بطن ہے جسے طب میں PELVIS کہتے ہیں۔ محدثین نے جلے ہوئے پانی سے مراد ابلا ہوا پانی لیا ہے۔ مگر صحابہ کرامؓ نے سُنّت کی پیروی میں "نار المحرق" کی جگہ ہمیشہ بارش کا پانی استعمال کیا ہے۔

"کنزل العمال" میں مسند فردوس کے حوالہ سے حضرت انس بن مالکؓ سے ایک روایت کا خلاصہ ان الفاظ میں ملتا ہے۔ جو انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کی ہے۔

درهم حلال يشترى به عسلا و يشرب بماء المطر شفاء من كل داء ۔ (مسند فردوس)

(اپنی حلال کی کمائی کے درہم سے شہد خرید کر اسے بارش کے پانی میں ملا کر پینا تقریباً سبھی بیماریوں کا علاج ہے)

حضرت خشرم بن حسان بن عامر بن مالک بیان کرتے ہیں۔

بعثت الى النبى صلى الله عليه وسلم من وعك بى والتمس منه دواء و شفاء فبعث الى بعكة من عسل

(مسند عامر بن مالک۔ ابن عساکر۔ ابن ابی شیبہ۔ ابن مندۃ)

(میں بیمار ہوا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت گرامی میں بھیجی ہوا کہ وہ مجھے دوا اور دُعا سے فیض یاب کریں۔ انہوں نے جواب میں مجھے شہد کی کپی روانہ فرمائی)

بیمار نے دوا طلب کی تھی جس کے جواب میں شہد عطا فرمایا گیا۔ مطلب صاف

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adv. Syed Showkat

ظاہر ہے تم اسے پیو۔ ٹھیک ہو جاؤ گے۔

حضرت علیؓ بن ابو طالب روایت فرماتے ہیں۔

اذا اشتکی احدکم فلیسأل امراتہ ثلاثۃ دراھم او نحوھا فلیشتر بھا عسلا ولیاخذ من ماء السماء فیجمع ھنیأ مریأ و شفاءً و مبارکاً۔

(ابن المنذر۔ ابن ابی حاتم۔ احمد بن الفرات)

(تم سے جب کوئی بیمار ہو تو اپنی بیوی سے تین درھم یا اس سے کچھ کم لے کر اس کا شہد خرید لائے۔ پھر اس میں آسمان کا پانی ملا کر انہیں خلوصِ دل کے ساتھ پی لے کہ مبارک بھی ہے اور شفا کا مظہر بھی)

حمید بن زنجویہ۔ سیوطی اور رزین نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا ایک دلچسپ عمل ان کے غلام نافعؒ سے بیان کیا ہے۔

"کان لا یشکو قرحۃ ولا شیأ الا جعل علیہ عسلاً۔ حتی الدمل اذا کان بہ طلاہ عسلاً۔ فقلنا لہ نتداوی الدمل بالعسل ہ۔ فقال الیس یقول اللہ: "فیہ شفاء للناس۔"

(وہ جب بھی بیمار ہوتے یا ان کو کوئی زخم ہوتا فوری طور پر علاج کرتے۔ حتیٰ اگر ان کو پھنسی بھی نکلتی تو اس پر شہد لگاتے تھے۔ ہم نے ایک روز تعجب سے کہا کہ کیا آپ پھنسی پر شہد لگاتے ہیں؟ فرمایا! "کیا خدا تعالیٰ نے یہ نہیں کہا کہ اس میں لوگوں کے لیے شفاء ہے)

مسند احمد بن حنبلؒ میں متعدد روایات اس امر کی ہیں کہ جسمانی کمزوری۔ تھکن اور مختلف امراض کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی شہد کا شربت اور کبھی دودھ میں شہد ملا کر پیا۔ لوگوں کو بھی ایسے ہی تلقین فرمائی۔

Digitized By eGangotri

عن ابن عباس قال اول ما سمعنا بالفالوذج

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ان جبرائیل علیہ السلام الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان امتک تفتح علیھم الارض فیفاض علیھم من الدنیا حتیٰ انھم لیاکلون من الفالوذج۔

(ابن ماجہ)

فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وما الفالوذج قال یخلطون السمن والعسل جمیعاً۔ فشھق النبی صلی اللہ علیہ وسلم لذٰلک شھقۃً۔

(ابن ماجہ)

(حضرت عبداللہؓ ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ ہم نے ابھی فالودہ کے بارے میں نہ سنا تھا کہ ایک روز حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور فرمایا کہ آپ کی امت بہت سے ملکوں کو فتح کرے گی اور ان کو بہت زیادہ مال و دولت ملے گی اور وہ فالودہ کھائیں گے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ یہ فالودہ کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ گھی اور شہد کو ملا کر اسے بناتے ہیں۔ اس پر آپؐ رونے کی آواز نکال کر رونے۔

حضرت جابرؓ بن عبداللہ روایت فرماتے ہیں۔

اھدی للنبی صلی اللہ علیہ وسلم عسلاً فقسم بیننا لعقۃً لعقۃً فاخذت لعقتی ثم قلت یارسول اللہ ازداد اخری۔ قال نعم۔

(ابن ماجہ)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تحفہ میں شہد آیا۔ انہوں نے ہم سب کو تھوڑا تھوڑا چاٹنے کے لیے مرحمت فرمایا۔ میں نے اپنا حصہ چاٹ کر مزید کی عرض کی اور انہوں نے قبول فرمائی)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلیم پانے والے صحابہ کرامؓ بھی شہد کو بہت پسند کرتے تھے۔ امہات المومنینؓ میں اس کی پسند کا یہ عالم تھا کہ ایک صاحب مسئلہ پوچھنے حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس گئے تو دیکھا کہ وہ ایک اندھے کو سنگترے کی قاشیں چھیل کر ان کو شہد میں ڈبو کر کھلا رہی ہیں۔ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ یہ نابینا حضرت ام مکتومؓ ہیں جن کے خلوص کو اللہ تعالیٰ نے اتنی اہمیت دی کہ ان کے متعلق قرآن مجید کی ایک سورۃ نازل ہوئی۔ اور اسی اہمیت کے اعتراف میں وہ ان کی ذاتی طور پر خاطر و مدارات کر رہی تھیں۔ خاطر داری کے لیے انہوں نے سنگترہ پسند فرمایا جو کہ عرب میں اب بھی نہیں ہوتا۔ اس لحاظ سے وہ تحفہ چیز تھی جس کے ساتھ شہد ملا کر اس کی لذت اور افادیت میں اضافہ ہو گیا۔

محدثین کے مشاہدات

جب عوف بن مالک الاشجعی بیمار ہوتے تو اپنے بیٹے سے کہا کہ وہ کسی گھر سے بارش کا رکھا ہوا پانی مانگ لائے۔ اس نے مقصد پوچھا تو فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

وانزل من السماء ماء مبارکۃ

(ہم نے آسمان سے ایک برکت والا پانی اتارا ہے)

پھر فرمایا کہ شہد لاؤ اور اس کو توضیح میں فرمایا کہ قرآن مجید نے اس کی اہمیت کی سند یوں عطا کی ہے۔

فیہ شفاءٌ للناس

(اس میں لوگوں کے لیے بیماریوں سے شفاء ہے)

اس کے بعد زیتون کا تیل طلب فرمایا اور اس کی وجہ یہ بتائی کہ قرآن مجید نے اسے کتنی اہمیت عطا کی ہے۔

من شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ

(یہ زیتون کے مبارک درخت سے ہے)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

انہوں نے ان تینوں چیزوں کو ملایا اور پی گئے۔ دو تین دن میں تندرست ہو گئے۔
یہ واقعہ ابوالعباس احمد بن علی العبیدی المقریزی نے بیان کیا ہے اور بتایا ہے کہ حضرت عوف بن مالک ہمیشہ شہد کا سرمہ لگایا کرتے تھے۔

ابن کثیرؒ نے حضرت علیؓ کا ایک نسخہ بیان کیا ہے کہ مریضوں کو ہدایت کرتے تھے کہ قرآن مجید کی کوئی آیت کاغذ پر لکھ کر اسے بارش کے پانی سے دھو کر اس پانی میں شہد ملا کر پی لیں شفایاب ہو جائیں گے۔

جامع الاصول میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا نسخہ بتاتا ہے کہ قرآن مجید کی کوئی بھی آیت لکھ کر اس پر شہد لگا دیا جائے۔ پھر اس کو چاٹ لیں شفا ہو جائے گی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چونکہ قرآن مجید اور شہد کو شفا کا مظہر قرار دیا ہے اس لیے ان دونوں بزرگوں نے قرآن مجید کی صفت شفا سے استفادہ حاصل کرنے کے لیے اس کے ساتھ شہد کو شامل کر لیا۔ کیونکہ اس کی شفاء کا انکشاف بھی قرآن مجید نے کیا اور وہ خود اپنی خاصیت کا یوں اظہار کرتا ہے۔

ماھو شفاءٌ ورحمة للمؤمنین"

(اس میں شفا کے علاوہ اور کچھ نہیں لیکن یقین کرنے والوں کیلئے)

محققین کرام نے زیادہ توجہ اس حدیث پر دی ہے جس میں ابوسعید الخدریؓ اسہال کے مریض کی تین۔ چار۔ مرتبہ آمد کے بعد شفاء بیان کرتے ہیں۔ اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ کذب بطن اخیك' اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ شہد ایک یا دو مرتبہ پلانا بیماری کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے کافی نہیں۔ ضرورت اس کی تھی کہ وہ بار بار پیئے تاکہ بیماری پیدا کرنے والے جراثیم ہلاک ہو جائیں۔ اس کے بعد شہد کی مزید مقدار اس لیے مطلوب ہوئی کہ وہ ان مردہ جراثیم اور ان کی زہروں کو پیٹ سے نکال دے۔ اور اس طرح مریض کو شفا طبی نقطہ نظر سے مکمل طور پر ہوئی۔ کیونکہ اجابتوں کی کثرت کو کم کر دینا علاج نہ تھا۔ یہ مظاہرہ اس اہم حقیقت کی دلالت کرتا ہے کہ شہد پیٹ میں موجود مختلف بیماریوں کے جراثیم ہلاک کرتا۔ آنتوں کے زخموں کو مندمل کرتا اور تندرستی کو بحال کرتا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ہے۔ یہ علاج اسہال کے درجہ اول اور ثانیہ میں ازحد مفید رہے گا۔

آج تک کے اطبار کا طریقہ یہ رہا ہے کہ وہ اسہال کے مریضوں کا علاج ایسی ادویہ سے کرتے ہیں جو قابض ہوتی ہیں اور مریض بھی یہی چاہتا ہے کہ بار بار کی حاجت سے نجات پائے۔ مگر یہ عمل مریض کی اپنی صحت کے لیے خطرناک ہے کیونکہ آنتوں کی حرکات کو روک کر دل کو مفلوج کیا جا سکتا ہے۔ دوسری صورت میں جراثیم وہاں مقیم رہ کر مستقل طور پر شورش پیدا کرتے رہیں گے اور ان کی زہریں اعصابی نظام کے لیے مستقل خطرہ بنی رہیں گی۔ اس علاج سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی الٰہی سے علم طب پر مکمل عبور حاصل تھا اور انہوں نے وہی کچھ کیا جو ایک حاذق اور معاملہ فہم معالج کو کرنا چاہیئے۔

بہترین شہد فصل ربیع کا ہے۔ اس کے بعد موسم گرما کا اور پھر سردی کا۔ اطبار اس امر پر متفق ہیں کہ یہ بہترین دوا اور بہترین ٹانک ہے۔ کیونکہ یہ جسمانی قوتوں کو جلا دیتا ہے۔ یہ مقوی بدن ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ بوڑھوں کو توانائی اور مزاج بلغم ہے۔ پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ باؤلہ پن میں مفید ہے۔ یہ ادویہ کو حل کر کے ان کے اثرات کو بڑھانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اگر اس میں گوشت رکھ دیا جائے تو تین ماہ تک اسے گلنے نہیں دیتا۔ اسی طرح یہ تین ماہ تک سبزیوں کو بھی محفوظ رکھ سکتا ہے۔ اس لیے علماء نے اسے "الحافظ الامین" کا لقب دیا ہے

اگر اسے جسم پر لگایا جائے تو یہ ایک عظیم نعمت ہے۔ جوؤں کو مار دیتا ہے۔ بال ملائم اور لمبے کرتا ہے۔ اس کا سرمہ آنکھوں کو روشن کرتا ہے۔ اس کا منجن دانتوں کو چمکاتا اور مسوڑھوں کی حفاظت کرتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب شہد کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا کہ

"علیکم بالشفاءین: العسل والقرآن"

تو یہ اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ ایک روحانی امراض کے لیے دوسرا جسمانی کے لیے یکساں طور پر مفید ہی نہیں بلکہ دونوں اقسام کی صحت کو حفظ دیتا ہے۔ شہد کو اگر غذا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کہیں تو مکمل غذا ہے۔ اگر اسے مشروب قرار دیں تو مفرح اور مقوی مشروب ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ جسم سے صفراء کو زائل کرتا ہے۔ محدثین نے سرکہ کو اس کا مصلح قرار دیا ہے۔ اسے صبح نہار منہ کھانا یا پینا معدہ کو ہر قسم کی غلاظت سے پاک کر دیتا ہے۔ جگر گردوں اور مثانہ سے غیر مطلوبہ عناصر کو خارج کرتا ہے۔ محدث عبد اللطیف بغدادیؒ کہتے ہیں کہ اکثر بیماریوں میں شہد دوسری چیزوں سے اس لیے افضل ہے کہ یہ جسم کے مسدوں کو کھولتا۔ غلاظتوں کو حل کر کے نکالتا اور جسم کو دھو کر صاف کر دیتا ہے۔ اور اطباء عرب نے اسے اس لیے بھی فضیلت دی ہے کہ۔

- کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یشرب کل یوم قدح عسل ممزوجا بالماء۔
علی الریق" (بحوالہ فرہنگ۔ ابن القیم)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح نہار منہ پانی میں شہد گھول کر اس کا پیالہ پیا کرتے تھے)

ان کے اس عمل کو سامنے رکھیں تو ہماری توجہ ان کی تندرستی اور اپنی صحت کو قائم رکھنے کے امور کی جانب مبذول ہو جاتی ہے۔ اس غرض کے لیے وہ شہد کے علاوہ کم کھاتے تھے۔ کھجور یا منقہ کا پانی پیتے تھے۔ تیل پیتے تھے۔ سرمہ لگاتے تھے۔ پیدل چلتے تھے اور گندی غذا اور چکناہٹوں کی کثرت سے پرہیز کرتے تھے۔

وہ طب الاجساد اور طب الارواح پر دسترس رکھنے کے ساتھ ان کو عملی طور پر دکھاتے تھے تاکہ لوگ زمینی اور آسمانی امراض سے محفوظ رہیں۔

محدثین کہتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے شہد میں مختلف بیماریوں سے بچاؤ اور علاج کی جو صلاحیت رکھی ہے وہ اسی طرح ہے جیسے کہ قرآن مجید سینہ کے جملہ سائل کے لیے خواہ وہ شکوک اور شبہات ہی کیوں نہ ہوں شفا ہے۔

ابن القیم رحمہ بیان کرتے ہیں کہ شہد ایک ایسی منفرد چیز ہے کہ جو دوا اور غذا ہونے کے ساتھ ساتھ کسی بھی نوعیں کی فکر کے بغیر سائل کی جا سکتی ہے۔ اطباء قدیم نے شہد کا ذکر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

بطور علاج شفا کے کیا ہے۔ وہ اس کے جملہ کمالات سے آشنا نہ تھے۔ البتہ مصریوں کے محفوظ کر دینے والے اثرات سے واقفیت تھی۔ کیونکہ یہ لاشوں کے اجسام کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔ اس کے قوانین سے مکمل واقفیت عہد رسالت اور اس کے بعد ہوئی ہے۔ کیونکہ جب قرآن مجید نے اسے شفاء کا مظہر بتایا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے قوانین کا عملی مظاہرہ کر دیا تو دیکھنے اور سننے والے مجبور ہو گئے کہ اس کے اقوال پر ایمان لائیں۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ قرار دیا ہے کہ قرآن ہادی اور شہد میں شفاء ہے تو ان میں ان قوانین کی موجودگی ایک یقینی امر ہے۔ اگر کسی کا قرآن سے علاج کرنا جائے تو اس سے شفا حاصل کرنے کے لیے اس پر ایمان اور یقین کا ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ قرآن نے اپنی شفائی صفت کے لیے موحنین کی تخصیص کی ہے۔ اور اگر اس سے کسی کو شفاء نہ ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس پر خود یقین نہیں رکھتا تھا جیسے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من لم یستشف بالقرآن فلا شفاء اللہ ۔

اسی حدیث کو ابن حاتم نے بعلاء اللغوی رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث بیان کی ہے۔

استشفوا بما حمد اللہ بہ نفسہ قبل ان یحمدہ خلقہ و بما مدح اللہ بہ نفسہ فقال الحمد للہ وقل ھو اللہ احد : فمن لم یستشفہ بالقرآن فلا شفاء اللہ۔

ان دونوں معوالیات میں قرآن سے شفاء حاصل کرنے کی ترکیب بیان کرنے کے بعد یہ واضح کر دیا گیا ہے کہ جس کسی کو قرآن سے بھی شفاء حاصل نہ ہو سکے تو پھر وہ یہ سمجھ لے کہ اب شفا یاب ہونا اس کی قسمت میں نہیں۔

ابن القیم رح قرآن اور شہد سے شفا کو ایمان اور یقین سے مشروط کرتے ہیں۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طب وحی الٰہی سے ہی جوڑ میں آتی۔ وہ نبوت کی روشنی ہے جبکہ دوسرے علاج قیاس پر مبنی ہیں اور یہاں پر کسی غلطی یا شبہ کا کوئی امکان نہیں جب

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

قرآن نے شہد میں شفاء کا پتہ بتایا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی مختلف صورتوں میں تصدیق کی ہے تو پھر اس پر شبہ کرنا ایمان کی کمزوری کی علامت ہے۔

شہد بلاشبہ ایک جامع اور مکمل غذا ہے۔ یہ جسم سے فاسد مادوں کو نکالنے کے علاوہ زہریلے اثرات سے بچاتا ہے جیسے کہ زہریلی کھنبی کھانے کے بعد یا افیون کا نشہ اتارنے کے لیے اسے پانی میں گھول کر دینا کافی ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عادات مبارکہ کے بارے میں یہ ثابت ہے کہ وہ اسے پانی میں گھول کر پیتے تھے اور ہمیشہ خالی پیٹ یا ناشتہ منہ استعمال فرمایا۔ اس عادت مبارکہ میں حکمت یہ تھی کہ یہ فوراً جذب ہو کر معدہ سے غلاظت کو نکالتا۔ معدہ کے خم کو صاف کرتا۔ اور جسم کو جملہ امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ اسی عادت کا فائدہ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس نے مہینے میں تین روز بھی شہد چاٹ لیا وہ اس ماہ کسی بڑی بیماری میں مبتلا نہ ہوگا۔"

ان کی شہد پینے کی عادت کا فائدہ ان کی حیات مطہرہ کے مطالعہ سے ثابت ہے کہ وہ کبھی ایک دن کے لیے بھی نہ تو بیمار ہوئے اور نہ کسی سفر یا جنگ کے دوران اپنی کمزوری یا تھکن کا اظہار فرمایا وہ نبوت کے عہدہ جلیلہ پر تقریباً ۲۴ سال متمکن اور فائز رہے۔ اور اس طویل عرصہ میں ان کی زندگی کے ہر پل کی خبر ہمیں میسر ہے۔ انہوں نے روزانہ شہد پی کر یہ واضح کر دیا کہ اگر کوئی یہ عادت اپنائے تو پھر وہ عام طور پر تندرست ہی رہے گا۔

اطباء قدیم کے مشاہدات

قدیم مصر کے حکماء شہد سے واقف تھے۔ لاشوں کے محفوظ کرنے کے عمل میں شہد استعمال کیا جاتا تھا۔ شاہی دسترخوان پر شہد ہمیشہ موجود رہتا تھا اور جب بادشاہ مرتے تھے تو ان کی ضروریات زندگی مقابر میں ان کے ساتھ دفن کی جاتی تھیں۔ کھدائی کے دوران ہر مقبرے سے شہد کی کپیاں برآمد ہوئی ہیں۔ کمال کی بات یہ ہے کہ آٹھ ہزار سال کا عرصہ گزر جانے کے باوجود یہ شہد انسانی استعمال کے قابل پایا گیا اس میں اگر کوئی تبدیلی واقع ہوئی تو صرف اتنی کہ اس کا رنگ سیاہی مائل ہو گیا تھا۔ لوگوں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

نے اسے کھایا اور ذائقہ ٹھیک ٹھاک تھا۔

آریویدک طب کی مشہور کتاب "سشرت" میں شہد کی آٹھ قسمیں مذکور ہیں۔

۱ - مکشیکا :- یہ وہ شہد جسے عام مکھیاں جمع کرتی ہیں۔

۲ - بھرا مارا :- یہ شہد سیاہ رنگ کی مکھیوں کا ہوتا ہے اور اس مکھی کو بھی بھرامارا کہتے ہیں۔ یہ شہد بلغم۔ کھانسی۔ بخار اور نکسیر میں دوسری اقسام سے زیادہ مفید ہوتا ہے۔

۳ - کشودھارا :- یہ چھوٹے جسم کی چمک دار مکھی کا شہد ہے جس کی عام خاصیات تو مکشیکا کی مانند ہیں۔ لیکن آنکھوں کی بیماریوں میں تریاق ہے۔

۴ - پوتیکا :- یہ چھوٹے قد کی سیاہ مکھی کا شہد ہے جو اپنے جسم میں پتنگوں سے ملتی جلتی ہے۔

۵ - چھاترا :- یہ بھڑ کی شکل کی زرد مکھی ہے جس کا چھتہ چھتری کی شکل کا ہوتا ہے۔ یہ شہد خون کی قے۔ پھلبہری۔ پیٹ کے کیڑوں۔ سوزاک۔ ہسٹریا۔ متلی اور زہروں کے علاج میں زیادہ مفید ہے۔

۶ - ارگھا :- یہ جنگلی شہد ہے۔ جو بھرامارا قسم کی مکھی جمع کرتی ہے۔ مگر اس مکھی کا رنگ سنہری ہوتا ہے۔ یہ شہد امراضِ چشم۔ بواسیر۔ ہیضہ۔ کھانسی۔ تپ دق۔ یرقان اور زخموں کے علاج میں مفید ہے۔

۷ - اودلاکا :- یہ حقیقت میں شہد نہیں بلکہ یہ ایک بدبودار گاڑھی رطوبت ہے سفید چیونٹوں کے بلوں میں ملتی ہے۔

۸ - والا :- یہ وہ شہد ہے جو صاف کیے بغیر پھولوں میں ہوتا ہے یہ پیٹ میں صفرا اور تیزاب پیدا کرتا ہے۔ بلغم کو نکالتا ہے۔ متلی اور سوزاک سے شفا دیتا ہے۔

ہندو دیومالا کے مطابق بھگوان برہما نے انسانوں کی بھلائی کے لیے طب کا علم اسنی کمار کو یاد کروایا جس کے نچے بعد میں سشرت کی شکل میں مرتب ہوتے۔ ایک

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اندازہ کے مطابق یہ کتب تین ہزار سال سے زیادہ پرانی ہے۔

قرآن مجید نے فرمایا ہے کہ ہر قوم اور ہر ملک میں وہاں کے حالات کے مطابق خدا کا پیغام لے کر انبیاء کرام تشریف لاتے رہے۔ غیب کا علم ہمیشہ سے آسمانی قرار دیا جاتا ہے۔ اس لیے ممکن ہے کہ ہندوستان میں تشریف لانے والے پیغمبروں نے یہاں کے رہنے والوں کو بھی زمین پر اس نادیدہ گار تخمہ کے بارے میں باخبر کر دیا ہو۔ ویدوں نے شہد کی جن آٹھ قسموں کا ذکر کیا ہے۔ وہ حقیقی نہیں۔ ان میں سے کوئی بھی دو شہد نہیں اور نہ کا وجود مشتبہ ہے۔ مگر وہ اپنے تخموں میں شہد کو سوزاک امراض بطن۔ امراض اعصاب۔ امراض العین۔ یعنی اور دوسری متعدد بیماریوں میں بڑے وثوق سے استعمال کرتے ہیں۔

بوعلی سینا اور قانون کی شرح کرنے والوں نے شہد کی ماہیت کے بارے میں کہا ہے کہ

"یہ ایک قسم کی شیرینی ہے جو پھولوں اور نباتات پر گرتی ہے۔ مکھی اسے اپنی خوراک کے لیے چوستی ہے اور اپنے چھتے میں کھانے کے واسطے جمع کر لیتی ہے۔"

یہ وہ ابتدائی دور تھا جب لوگوں کے پھولوں پھولوں اور حیوانات کے بارے میں نئی نئی معلومات میسر نہ تھیں۔ اسی ضمن میں "مشکاۃ اللاذنین فی علم النحل قرابادین" کے مؤلف محمد احسندی عبدالفتاح لکھتے ہیں۔

"شہد جو بیر شکری ہے۔ جو ایک قسم کی مکھی سے حاصل ہوتا ہے اور یا عناب کا تانون اور مکانات کے کسی چھتا ہوا ہوتا ہے اور کبھی پتلا کبھی سفید زردی مائل ہے۔"

اطباء قدیم کے نزدیک وہ شہد جو چھتے سے ٹپک کر از خود گر رہا ہو وہ سب سے عمدہ ہے۔ جبکہ چھتے سے نچوڑ کر نکالا گیا ہو عموماً سے کمتر ہوتا ہے۔ جس میں موم نہ ہو۔ سرخ رنگ۔ گاڑھا۔ شفاف خوشبودار ہو وہ سب سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

عمدہ ہوتا ہے۔ فصل ربیع کا شہد موسم گرما سے بہتر ہوتا ہے۔ جو شہد پرانا ہو گیا ہو وہ مضر ہے۔ بعض اطبا نے دو سال پرانے شہد کو زہریلا قرار دیا ہے۔

ماء العسل بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ دوگنی مقدار کے پانی میں اسے اتنا جوش دیں کہ ایک حصہ اڑ جائے اور اس دوران سطح کے اوپر سے جھاگ اتارتے رہیں۔ اگر اسے مرکب بنانا چاہیں تو پانی کی بجائے عرقیات از قسم بید مشک۔ گلاب بادیان یا کیوڑا استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ یہ مرکب کم ملین ہے۔ جگر بلغمی مزاج والوں کے لیے قابض ہے۔

شہد بلغم لزج کو نکالتا ہے۔ سدہ کھولتا ہے۔ ردی رطوبتیں نکالتا ہے اگر کثرت سے کھایا جائے تو استسقاء۔ یرقان۔ عسر البول۔ ورم طحال۔ قابض۔ لقوہ۔ زہروں کے اثرات۔ امراضِ سر و سینہ میں مفید ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے پتھری کو خارج کرتا ہے۔ معدہ۔ باہ اور بصارت کو قوت دیتا ہے۔

شہد کھانے سے پیشاب۔ دودھ اور حیض میں اضافہ ہوتا ہے۔ جگر کو قوت ملتی ہے اور گردہ مثانہ کی پتھری کو توڑ کر نکالتا ہے۔ اب کمیون یعنی زیرہ کے پانی کے ساتھ لے پینا عضۃ الکلب اور زہروں کے علاج میں مفید ہے۔ بعض اطبار کا کہنا ہے کہ اگر کوئی عورت نہار منہ شہد پیتے اور اس کے بعد اس کے پیٹ میں مروڑ پیدا ہو تو وہ حاملہ ہے۔ پیٹ بڑھ جانے اور استسقاء کی بیماری میں شہد ایک لاجواب دوائی ہے۔ بیس گرام شہد تین گلاس پانی میں ملا کر کافی دن پینے سے پیٹ سے پانی نکل جاتا ہے۔

شہد کو کندر کے ساتھ ملا کر دینے سے سینہ اور پھیپھڑوں کا تنقیہ ہوتا ہے۔ یہ پتھری نکالنے میں زیادہ مفید ہے۔ یرقان کو دور کرتا ہے۔ بارہ تنگ کے پانی میں شہد کو گھول کر حقنہ کرنے سے بڑی آنت کے زخم مندمل ہو جاتے ہیں۔ بوعلی سینا اسے مقوی معدہ قرار دیتا ہے۔ اگر اسے عرقِ گلاب میں حل کر کے پئیں تو اور زیادہ مفید ہے۔ یہ آنتوں کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

شہد کی بعض قسموں کو بلغمی اور صفراوی مزاج والوں کے لیے قابض بیان کیا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

گیا ہے۔ جبکہ اطبا یہ تجویز کرتے ہیں کہ ان مزاجوں کے لوگ اسے سرکہ کے علاوہ استعمال نہ کریں۔ اگر کسی کی آنتوں میں زخم ہوں اور ان زخموں یا مزمن سوزش کی وجہ سے اسے بار بار اجابت ہو رہی ہو تو ان مریضوں میں شہد چونکہ زخموں سے جلن اور التہاب دور کرے گا اس لیے نتیجہ میں قبض ہو جائے گی۔ جسے سرکہ ملا کر دور کرنا علم الامراض کے مطابق بھی درست عمل نہ ہوگا۔ ایسے میں شہد کے ساتھ جو کا دلیا یا جو کا پانی شامل کرنا مرض کو دور کرنے میں بھی مفید ہوگا اور ردِ عمل کے طور پر قبض بھی نہ ہوگی۔

مقامی استعمال۔

دانتوں کے لیے شہد ایک بہترین ٹانک ہے۔ اسے سرکہ میں حل کر کے دانتوں پر ملنا ان کو مضبوط کرتا ہے اور مسوڑھوں کے ورم دور کرنے کے علاوہ دانتوں کو چمکدار بناتا ہے۔ گرم پانی میں شہد اور سرکہ کے ساتھ نمک ملا کر غرارے کرنے سے گلے اور مسوڑھوں کا ورم جاتا رہتا ہے۔ شہد میں انزروت اور نمک ملا کر بہتے کان میں ڈالنے سے پیپ بند ہو جاتی ہے۔ قلمی شورہ پانی میں بھگو کر اس میں شہد ملا کر کان میں ڈالنا ثقل سماعت میں مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

گندم کے آٹے میں شہد ملا کر مرہم سی بنا کر پھوڑے پھنسیوں اور اورام جارہ پر لگانا ان کو مندمل کر دیتا ہے۔ شہد میں سرکہ اور نمک ملا کر چھائیں پر لگانے سے داغ دُور ہو جاتے ہیں۔ روغن گل میں ملا کر گندے زخموں پر بطور مرہم لگانے سے ان کی عفونت رفع کر کے انہیں ٹھیک کر دیتا ہے۔ عرقِ گلاب میں شہد ملا کر بالوں میں لگانے سے جوئیں مر جاتی ہیں۔ بال ملائم اور چمکدار ہو جاتے ہیں۔ چھائیں کو دور کرنے میں سرکہ کی نسبت قسط شیریں کے ساتھ شہد کا مرکب بعض اطباء کے نزدیک زیادہ مؤثر ہے۔ چونکہ یہ اندر کی رطوبتیں بھی کھینچ کر نکال سکتا ہے، اس لیے عرق النساء کے درد میں اس کا لیپ بڑا مفید ہے۔

شہد کی کیمیاوہیئت

ایک ملی لیٹر شہد کا وزن ۲۰ء پر ۱٫۳۶ — ۱٫۳۵ گرام ہوتا ہے۔ اس میں پانی کی مقدار اگرچہ موسم۔ درجہ حرارت اور آس پاس کی زراعت سے تبدیل ہوتی رہتی ہے لیکن امریکی معیار کے مطابق اس میں ۱۸٫۸۸ فیصدی پانی ہوتا ہے۔

دنیا کے شہد پیدا کرنے والے ممالک میں امریکہ۔ روس۔ چین میکسیکو آسٹریلیا۔ ارجنٹائن اور سائپرس شامل ہیں۔ عام طور پر شہد میں ۴٫۶ فیصدی موم ہوتی ہے۔ مگر موم کی مقدار شہد نکالنے کے طریقہ اور چھتے کی آبادی پر بھی منحصر ہے۔ اگر چھتے پک کر اپنے آپ ٹپکنے لگیں تو ایسے شہد میں موم بہت کم ہوگی۔ اسی طرح کٹ لگا کر نکالے ہوئے شہد میں موم کی مقدار کم ہوتی ہے جبکہ چھتے کو نچوڑ کر نکالنے کی صورت میں موم زیادہ ہوتی ہے۔ شہد کو گرم کریں تو یہ موم سے پہلے پگھل جاتا ہے۔ موم ۱۴۵ F پر پگھلتی ہے۔

جسم انسانی کی ساخت میں جتنے بھی کیمیاوی مرکبات استعمال ہوتے ہیں یا انسان کو ان کی ضرورت رہتی ہے۔ ان میں سے ہر عنصر شہد میں موجود ہے۔ اشیائے خوردنی میں حیاتین کی موجودگی کے بارے میں اصول یہ ہے کہ بعض خوراکیں ایسی ہیں جن میں حل پذیر وٹامین ہوتے ہیں اور بعض ایسی ہیں جن میں چکنائی میں حل ہونے والے وٹامین از قسم —A—D—E—K— پائے جاتے ہیں۔ شہد وہ منفرد مرکب ہے جس میں ہر قسم کے وٹامین موجود ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

شہد میں موجود موٹی موٹی چیزیں۔ مٹھاس۔ فرکٹوس۔ فارمک ایسڈ۔ فرازی تیل۔ موم اور پولن POLLEN GRAINS ہوتے ہیں۔ ۵۰ — ۶۰ ٪ پر شہد دانے دار بن جاتا ہے۔ اس کے اجزاء میں اہمیت مٹھاس کو ہے۔ کیمیاوی طور پر مٹھاس کی سب سے مشکل قسم نشاستہ ہے۔ جب ہم روٹی کی صورت میں نشاستہ منہ میں ڈالتے ہیں تو چبانے کے دوران تھوک کا جوہر PTYALIN نشاستہ کو گلوکوس میں تبدیل کر دیتا ہے۔ جس سے ہم لقمہ کو چباتے چباتے مٹھاس محسوس کرنے لگتے ہیں۔ قرآن مجید نے مکھیوں کے منہ میں متعدد قسم کے جوہروں کی نشاندہی کی ہے۔ اور علم کیمیا کی ترویج سے اس ارشادِ ربانی کی صداقت کا عمل یوں معلوم ہوا ہے۔ کہ یہ پھولوں سے حاصل ہونے والی چیزوں اور خاص طور پر پولن کے دانوں میں موجود نشاستہ کو فرکٹوس میں تبدیل کر دیتی ہیں۔ اسی طرح مکھی کے راستہ میں چینی بھی آتی ہے۔ جسے کیمیاوی طور پر SUCROSE کہتے ہیں۔ مکھی کے منہ میں ایک ہاضم جوہر INVERTASE کے نام سے پایا جاتا ہے۔ وہ چینی یا دوسری نشاستہ دار چیزوں کو آسان ساخت کی مٹھاسوں یا INVERT-SUGARS میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ عام شہد میں مٹھاسوں کی شرح اس طرح بیان کی گئی ہے۔

INVERT SUGARS	SUCROSE
۶۰ — ۹۳ ٪	۸۰ — ۱۲ ٪

جبکہ کینیڈا میں پیدا ہونے والے شہد کا معیار یہ ہے۔

INVERT SUGARS	SUCROSE
۶۰ — ۷۸ ٪	۰٫۵ — ۷٫۶ ٪

پاکستان کونسل برائے سائنٹفک ریسرچ لاہور کی لیبارٹری میں علم الغذا کے ماہر ڈاکٹر فرخ حسین شاہ نے بازار سے شہد کے ۲۵ نمونے حاصل کیے جن میں سے ۱۳ معیار سے کم تھے۔ اس کے بعد انہوں نے واہ۔ چھانگا مانگا جنگل اور زرعی یونیورسٹی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فیصل آباد کے قدیمہ مختلف فصلوں کے شہید کا تعاقبی جائزہ لیا اور یہ اعداد و شمار جاری کیے ہیں۔

	MOISTURE	ASH	INVERT SUGARS	SUCROSE	WATER INSOLUBLE SOLIDS
گوبھی کا شہید	۷۰۳۱۱	۳۰۳۰۰	۱۰۳۱۱	۷۰۳۱۱	۰۱۱۰
ٹماٹر کا شہید	۹۰۳۱۱	۲۰۳۰۰	۰۰۳۱۱	۳۰۳۱۱	۰۱۱۰
مرچوں کا شہید	۸۰۳۱۱	۱۱۰۰۰	۱۳۰۰۷	۳۰۳۱۱	۰۱۱۰
سنگترہ (جاڑہ) کا شہید	۳۰۳۱۱	۱۰۳۰۰	۳۰۳۱۷	۱۰۳۱۱	۰۳۱۰
سنگترہ (بہار) کا شہید (تازہ پھل توڑنے کے بعد)	۵۰۳۱۱	۷۰۳۰۰	۳۰۳۹۰	۳۰۳۱۱	۰۳۱۰
گلاب کا شہید (جاڑہ)	۳۰۳۷۱	۳۰۳۰۰	۰۰۳۵۰	۰۰۳۱۱	۰۳۱۰
گلاب کا شہید تازہ توڑنے کے بعد	۳۰۳۱۱	۵۰۳۰۰	۵۰۳۵۰	۷۰۳۱۱	۰۳۱۰
جنگلی شہید (چھتہ کا شہد)	۸۰۳۱۰	۱۰۳۱۳	۳۰۳۳۳	۲۰۳۳۳	۰۳۳۰

اس جائزہ سے اہم نتیجہ نکلتا ہے کہ شہید میں موجود عناصر فصل، موسم اور علاقہ کے مطابق مختلف پیمانے دیتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

مکھی جب خوراک کی تلاش میں نکلتی ہے تو وہ ایک ہی قسم کے پھول پر ہر مرتبہ بیٹھتی ہے

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ہی جائے۔ اسے راستہ میں گنے کا رس۔ گڑ۔ راب۔ کھانڈ کے ڈھیر یا مصری کی ڈلیاں بھی میسّر آسکتی ہیں ۔ شہد کی مکھیاں پالنے والے ادارے اور کمپنیاں اپنی کھیپ کو بڑھانے کے لیے چھتوں کے قریب کسی سستی قسم کی مٹھاس کا ڈھیر لگا دیتے ہیں۔ مکھیاں چھتوں سے اڑتی ہیں ان ڈھیروں پر بیٹھ کر وہاں سے مٹھاس لے کر لوٹ آتی ہیں۔ اس کو مکھیوں کے جوہر —— DIASTASE اور INVERTASE ——

فرکٹوس میں تبدیل کر دیتے ہیں کیونکہ یہ چھتوں میں چینی کا وجود پسند نہیں کرتیں۔ اگر کسی چھتہ میں چینی ملتی ہے۔ تو یہ وہی مقدار ہوتی ہے۔ جو ابھی تبدیلی کے مرحلہ میں نہیں آئی۔ مٹھاس کے ڈھیروں سے حاصل ہونے والا شہد بالکل خالص ہوتا ہے۔ مگر اس کا معیار وہ نہیں ہوتا جو پھولوں سے حاصل ہونے والے شہد کا ہوتا ہے۔ ان میں لحمیات نہیں ہوتے اور کیمیاوی عناصر کی مقدار بھی برائے نام ہوتی ہے۔ قدرتی طریقہ سے حاصل ہونے والے شہد میں اضافی تاثیریں بھی شامل ہوتی ہیں۔ مثلاً چین سے آنے والا یہ کا شہد اگرچہ سیاہی مائل اور کسیلا ہوتا ہے مگر وہ کسی بھی دوائی سے زیادہ مصفی خون ہوتا ہے۔ یوکلپٹس کا شہد تیز اور بدبودار ہوتا ہے۔ جبکہ یہ زکام اور کھانسی میں بڑا مفید ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹنی اور گائے کے دودھ کی افادیت میں ایک اہم نکتہ بیان فرمایا ہے کہ یہ ہر قسم کے درختوں پر چرتے ہیں۔ اسی طرح شہد کی مکھی کی اہم افادیت یہ ہے کہ وہ ہر قسم کے پھولوں سے رس چوستی ہے اور ان کے پولن اس کے جسم سے لگے ہوتے ہیں۔ اس لیے باہر سے آنے والی خوبصورت بوتلوں کا شہد خالص تو ضرور ہے مگر معیار کے لحاظ سے گھٹیا ہوتا ہے۔

مکھیاں جب بھنبھناتی ہیں تو اپنے پروں کی حرکت سے شہد کو پنکھا کر کے اس کا پانی اڑا کر شہد کو گاڑھا کرتی ہیں۔ عام طور پر شہد میں یہ عناصر ہوتے ہیں۔

POTASSIUM ۳۵ SODIUM ۸٫۱ CALCIUM ۷۲۷

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

PROTEINS	WAX	CARBOHYDRATES
۰٫۶ — ۲٫۶	۴٫۶	۷۴٫۴

PHOSPHORUS	SULPHUR	CHLORINE
۳۲٫۳	۰٫۵	۲۶٫۳

MAGNASIUM	COPPER	IRON
۲٫۰	۰٫۰۴	۰٫۲۰

ایک سو گرام شہد میں عناصر کے اس تناسب کے علاوہ یہ جسم انسانی کو حرارت کے ۳۰۷ حرارے بھی مہیا کرتا ہے۔

لاہور کارپوریشن کے پبلک انالسٹ عارف شاہ نے شہد میں کیمیاوی عناصر کی موجودگی پر خصوصی تحقیقات کی ہیں۔ انہوں نے اس میں یہ تقسیم بھی پایا اور ان کی تحقیق کے مطابق پاکستانی شہد میں پانی کی مقدار ۲۵ فیصدی جبکہ برطانوی معیار بھی اس کے قریب ہے البتہ امریکہ اور کینیڈا میں پانی اس لیے کم ہوتا ہے کہ وہ قدرتی شہد استعمال نہیں کرتے۔

شہد کی مکھیاں بھی دوسرے جانداروں کی طرح بیمار ہوتی ہیں۔ اگر یہ کسی دوسرے چھتے کا شہد کھالیں تو اکثر بیمار پڑجاتی ہیں۔ کیونکہ وہاں کی بیماری ان تک آجاتی ہیں۔ مکھیوں کی زندگی کو آجکل کا سب سے بڑا خطرہ کیڑے مارنے والی ادویہ سے ہے۔ فصلوں اور گھروں سے کیڑے ختم کرنے کے لیے جو ادویہ استعمال ہوتی ہیں ان میں سے ہر ایک ان مکھیوں کو بھی مار سکتی ہے۔ چونکہ آجکل فصلوں پر سپرے کرنے کا رواج ہو چکا ہے۔ اس لیے مکھیوں کی تعداد کم ہونے لگی ہے اور یہی صورتِ حال پرندوں کی بھی ہے۔ برطانیہ اور امریکہ میں مکھیاں پالنے والے اپنی مکھیوں کو کھانڈ میں FUMAGILLIN — ملا کر کھلاتے ہیں جس سے ان کو کرم کش ادویہ سے نقصان کا احتمال کم ہو جاتا ہے۔

پاکستان میں خالص خوراک کے قوانین کے تحت تجزیہ کرنے کے لیے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

درج ذیل معیار مقرر ہے۔

پانی یا نمی		۲۵ فیصدی سے زائد نہ ہو
راکھ	ASH	۰.۵ فیصدی
چینی	SUCROSE	۱۰ فیصدی
	REDUCING SUGARS	۶۰ فیصدی سے کم ہو
	FIEHE'S TEST	اگر اس کا رنگ گلابی ہو جائے تو شہد میں چینی یا شربت کی ملاوٹ ہے۔
راہور کی فوڈ لیبارٹری میں		آخری ٹیسٹ کے علاوہ

BROWN'S TEST مزید اطمینان کے لیے کرتے ہیں۔ اگر اس کے پھول کا رنگ گلابی سے زرد ہو جائے تو شہد میں ملاوٹ موجود ہے۔ عارف شاہ پچھلے بیس سال سے اشیاء خوردنی کے معیار کا تجزیہ کر رہے ہیں ان کی رائے میں شہد کے یہ معیاری ٹیسٹ ہر طرح سے جامع اور مکمل ہیں۔ ان کے ذریعہ شہد میں ملاوٹ کا یقیناً پتہ چل جاتا ہے۔

لوگوں نے شہد کی پہچان کے لیے کئی طریقے مشہور کیے ہیں۔ ایک میں نمک کی ڈلی شہد میں ملاتے ہیں۔ اگر شہد نمکین ہو جائے تو ملاوٹ والا ہے خالص شہد میں نمک حل نہیں ہوتا۔ ٹیسٹ غلط نہیں۔ لیکن اس میں ۲۵ فیصدی پانی بھی ہوتا ہے جس میں نمک حل ہو سکتا ہے۔ اس لیے ذائقہ نمکین ہو جانے کے باوجود شہد خالص ہو سکتا ہے۔

کہتے ہیں کہ خالص شہد روٹی پر لگا کر کتے کو کھلایا جائے کتا شہد نہیں کھاتا۔ جبکہ شیرہ کھا لیتا ہے۔ یہ بھی کوئی معیار نہیں۔ کیونکہ عین ممکن ہے کہ کتا کسی وقت کھانے کے موڈ ہی میں نہ ہو۔ جس کا غلط مطلب نکل سکتا ہے۔

شہد آسانی سے پانی میں حل نہیں ہوتا۔ جب خالص شہد قطرہ قطرہ پانی کے پیالہ میں ٹپکایا جائے تو یہ قطرے ثابت و سالم پیندے تک چلے جاتے ہیں۔ جبکہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

شربت یا شیرہ کا قطرہ پیندے تک جانے سے پہلے ٹوٹ کر حل ہو جاتا ہے۔

پھولوں کے تولیدی دانے مکھی کے جسم کو چپک جاتے ہیں۔ یہ اور مکھیوں کے اپنے ساختہ لحمیات بھی شہد میں ہوتے ہیں۔ یہ لحمیات کی ایک خاص قسم ہے جو جسم کے دفاعی نظام کی ترویج میں اہم مقام رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ لحمیات کی قسم کے عناصر PROTEIDS لیس دار لعاب اور رنگدار مادّے بھی شہد میں موجود ہوتے ہیں۔

شہد کی مکھی کی اگرچہ کئی قسمیں ہیں۔ مگر ان میں سے ہر قسم ڈنگ مارنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اس ڈنگ کا سیال دانے دار ہوتا ہے۔ جو انجکشن کی مانند جسم میں داخل کیا جاتا ہے۔ جب یہ جسم میں داخل ہوتا ہے تو وہاں پر چلن اور درد ہوتی ہے۔

دو انچ مربعہ رقبہ سُرخ ہو جاتا ہے۔ پھر حساسیت شروع ہوتی ہے اور ورم آجاتا ہے۔ یہ ورم ڈنگ والی جگہ پر بھی ہو سکتا ہے اور پورے جسم پر آنے کے ساتھ ساتھ سانس کی نالیوں میں آکر تنفس میں رکاوٹ سے موت کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ مگر ایسا عام طور پر نہیں ہوتا۔ اس کا علاج یہ ہے کہ ڈنگ کو کھرچ کر نکال دیا جائے۔ اور حساسیت کا علاج کیا جائے۔

مکھیاں دھوئیں سے ڈرتی ہیں۔ ان کو سکھا کر پیس کر ہومیو پیتھک طریقہ علاج میں مختلف بیماریوں میں استعمال کرتے ہیں۔ طبِ جدید میں مکھی کے ڈنگ کا ایملشن بنا کر FORAPIN کے نام سے بازار میں ملتا ہے۔ اس کو لگانے سے جلن ہوتی ہے۔ مگر یہ گنج پر بال اگانے اور جوڑوں کے دردوں میں بڑا مفید ہے۔

جدید مشاہدات:

شہد ایک مکمل غذا اور قابلِ اعتماد دوا ہے۔ اس میں قدرت نے مختلف اجزا کو اس خوبصورتی سے ترتیب دیا ہے کہ دنیا کی کسی بھی بیماری میں اسے استعمال کرنا نقصان کا باعث نہیں ہوتا۔ ذیابیطس کے مریضوں کو مٹھاس کی ممانعت ہوتی ہے۔ شہد میٹھا ہے۔ مگر اس کے باوجود شوگر کی بیماری میں مضر نہیں۔ چونکہ اس میں گلوکوس اور چینی نہیں ہوتے اور اگر سبوں بھی تو ان کے ساتھ مکھیوں کے منہ سے نکلنے والے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

جوہر شامل ہوتے ہیں اس لیے وہ جسم میں جاکر کسی خرابی کا باعث نہیں بنتے۔

ایک پاکستانی سیاست دان کو ذیابیطس کی بیماری تھی۔ وہ سالانہ پڑتال اور علاج کے لیے نیویارک پالی کلینک میں داخل ہوئے۔ ان کو بیس دن زیر مشاہدہ رکھنے کے بعد ڈاکٹروں نے اشیائے خورد و نوش کی ایک فہرست تیار کر کے دی کہ اگر وہ اس فہرست کے اندر رہیں گے تو ان کی بیماری قابو میں رہے گی۔ اس فہرست میں کسی قسم کی مٹھاس شامل نہ تھی۔ انہوں نے ڈاکٹروں سے پوچھا کہ اگر وہ چائے۔ دودھ۔ دہی کو میٹھا کہنے کے لیے سکرین کی بجائے شہد ڈال لیا کریں تو کیسا رہے؟ ڈاکٹروں نے اس عمل کی شدید مخالفت کی تو انہوں نے ان کو بتایا کہ وہ اس سارے عرصہ میں روزانہ چھ بڑے چمچے شہد پیتے رہے ہیں اور شہد کی اتنی معقول مقدار کے باوجود ان کے پیشاب اور خون میں شکر کی مقدار بڑھ نہ سکی۔ ڈاکٹروں کو بتایا گیا کہ قرآن نے شہد کو شفا بتایا ہے اور اس سے نقصان کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

ہم نے اپنے ذاتی مشاہدے میں سینکڑوں مریضوں کو شہد پلایا۔ بعض مریضوں میں خون میں شکر کی مقدار پہلے دو تین دن گڑبڑ رہی۔ مگر اس کے بعد اس میں کمی آگئی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اصول علاج یہ ہے کہ وہ اکثر ادویہ کو کسی ملاوٹ کے بغیر نہار منہ دینا پسند فرماتے ہیں۔ وہ خود نمازِ فجر سے متصل اور عصر کی نماز کے بعد شہد نوش فرماتے تھے۔ اس ترکیب پر ان کو اتنا اعتماد تھا کہ صبح صبح شہد پینے والوں کو ہر خطرناک بیماری سے مامون رہنے کا مژدہ سنایا۔ اس اصول کو ہم نے جسمانی کمزوری۔ اسہال۔ آنتوں کی سوزش اور معدہ کے السر میں استعمال کیا۔ السر اور التہاب معدہ کے مریضوں میں نیند سے بیدار ہونے کے بعد تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔ اس وقت ان کو جب شہد پلایا گیا تو پندرہ سے بیس دن میں اکثر علامات جاتی رہیں۔

سترہ دن کے ایک بچے کو بار بار قے ہو رہی تھی۔ ہسپتال والوں نے معدہ کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

منہ کی رکاوٹ تشخیص کر کے اپریشن تجویز کیا۔ اس بچے کو اپریشن سے دو دن پہلے اُبلے پانی میں شہد ملا کر دن میں پانچ چھ مرتبہ تھوڑا تھوڑا پلایا گیا۔ اتنے مختصر عرصہ میں پیٹ ٹھیک ہو گیا اور اپریشن کی ضرورت نہ رہی۔

پھوڑے پھنسیوں بلکہ شب چراغ (CARBUNCLE) کا سب سے بڑا سبب قوتِ مدافعت کی کمی ہوتی ہے۔ اطباء قدیم اسے جگر کی خرابی قرار دیتے تھے اور حال ہی میں سویڈن کے ایک طبی ادارے نے تحقیقات کے بعد انکشاف کیا ہے کہ جن کو بار بار پھنسیاں نکلتی ہیں۔ ان کے جگر کا فعل درست نہیں ہوتا۔ اس کی روشنی میں پھوڑے پھنسیوں بلکہ ایسے نوجوانوں کو جن کے چہروں پر کیل اور مہاسے نکل رہے تھے ایسے اوقات میں جب ان کا پیٹ خالی ہو دن میں چار سے چھ بڑے چمچے شہد پانی میں گھول کر پلایا گیا۔ جہاں کمزوری زیادہ نظر آئی وہاں ناشتہ میں جو کا دلیا یا دو اونس پنیر شامل کر دیا گیا۔ اکثر مریض ایک ہفتہ میں بہتر ہو گئے۔

اِمراضِ بطن

معدہ اور آنتوں کے السر کا جدید علاج دو سے پانچ سال تک کیا جاتا ہے۔ علاج میں ایسی ادویہ بھی استعمال ہوتی ہیں جن کے اعصابی نظام اور ذہن پر مضعف اثرات ہوتے ہیں۔ علاج کی وجہ سے مریض کند ذہن اور سست ہو جاتا ہے۔ بہترین علاج کے باوجود اکثر السر آہستہ آہستہ سرطان میں تبدیل ہو کر یا جریانِ خون کی وجہ سے موت کا باعث بنتے ہیں۔

ان مریضوں کو طبِ نبویؐ کی روشنی میں صبح اٹھتے ہی دو بڑے چمچے شہد کا شربت۔ ناشتہ میں جو کا دلیا شہد ڈال کر اور عصر کے وقت شہد کا شربت دیا گیا۔ اکثریت کے لیے اتنا علاج ہی کافی ہو گیا۔ جہاں تکلیف اور کمزوری زیادہ تھی وہاں بہی دانہ کا لعاب نکال کر اس میں شہد ملا کر ہر دو گھنٹے کے بعد گھونٹ گھونٹ پلایا گیا۔ اللہ کے فضل سے کبھی ناکامی نہ ہوئی۔ چونکہ زیتون کا تیل بھی زخموں کو مندمل کرنے اور پیٹ کی شرارت کو مارنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس لیے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

دن کے گیارہ بجے اور رات سوتے وقت ایک سے تین بڑے چمچے زیتون کا تیل بھی دیا گیا۔ سات سال کے عرصہ میں ایسا صرف ایک مریض دیکھنے میں آیا جسے فائدہ نہ ہوا۔ ورنہ السر کی ہر قسم ایک سے دو ماہ میں ٹھیک ہوگئی۔ البتہ احتیاط کے طور پر نہار منہ کا شہد اور سوتے وقت کا زیتون چھ ماہ مزید جاری رکھا گیا۔

نہار منہ شہد پینے سے پرانی قبض ٹھیک ہو جاتی ہے۔ کھٹے ڈکار آنے بند ہو جاتے ہیں اور اگر پیٹ میں ہوا بھر جاتی ہو تو وہ نکل جاتی ہے۔

امراضِ جگر اور یرقان

جگر اور پتہ کی خرابیاں اور وائرس کی وجہ سے سوزش یرقان کا باعث ہوتے ہیں۔ شراب نوشی کی وجہ سے جگر خراب ہو جاتا ہے۔ یہی خرابی استسقاء اور CIRRHOSIS کی وجہ سے موت کا باعث بن جاتی ہے۔ گندے لوزاروں سے ٹیکے لگوانے کے بعد اکثر لوگ یرقان کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جدید علاج میں مریض کو لحمیات ایونیائی ترشے اور گلوکوس کا محلول دیتے جاتے ہیں۔ یہ ایک عام مریض کے تندرست ہونے اور یرقان دور ہونے میں تقریباً تین ماہ لگتے ہیں

ایسے تمام مریضوں کو اُبلے ہوئے پانی یا بارش کے پانی میں شہد دیا گیا۔ شہد کی مقدار بیماری کی شدت کے مطابق بڑھائی گئی ایک اولمپک کھلاڑی یرقان کی وجہ سے ٹیم سے خارج ہو رہا تھا۔ اس نے ایک ہفتہ میں دو کلو شہد پیا اور تندرست ہوگیا اور کھیلوں میں پوری توانائی کے ساتھ شریک ہوا۔

اطبار قدیم نے افیون، پوست اور بھنگ کے نشہ کو زائل کرنے کے لیے گرم پانی میں شہد مفید بتایا ہے۔ شہد پینے والوں کو دوسروں کی نسبت نشہ دیر سے بھی کم چڑھتا ہے۔ کیونکہ شہد جگر کے فعل کو بیدار رکھتا ہے اور پوری تندہی سے جسم میں داخل ہونے والی زہروں کو ختم کر دیتا ہے۔ شہد پینے سے جسم پر ہونے والے سمیائی اثرات زائل ہو جاتے ہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

امراض البول۔

گردوں میں سوزش براہِ راست نہیں ہوتی۔ عام طور پر گلے کی مسلسل خرابی یا کسی اور مقام پر سوزش کی وجہ سے جراثیم گردوں تک آتے ہیں سوزش کے علاوہ گردوں کی دوسری بیماریاں پیٹ کی خرابی۔ غذا میں اگسلیٹ اور یوریٹ والے مرکبات کی کثرت۔ پانی کی کمی۔ پیشاب کو روکے رکھنا۔ وٹامین ا کی مسلسل کمی اور پیشاب کی نالی میں بدچلنی سے ہونے والی جنسی بیماریاں اور پتھری ہیں۔ حسنِ اتفاق سے طبِ نبویؐ میں ان میں سے ہر بیماری کا حتمی اور یقینی علاج موجود ہے۔ امراضِ گردہ کے بارے میں اصولِ علاج حضرت عائشہ صدیقہؓ کی روایت سے میسر ہے۔

ان الخاصرۃ عرق الکلیۃ اذا تحرک اذی صاحبھا فداوھا بالماء البارق والعسل۔

اس حدیثِ مبارکہ کے مطابق گردہ اور اس کے خاصرہ کی بیماریوں کے علاج میں ابلے ہوئے پانی کے ساتھ شہد تجویز فرمایا گیا۔ گردوں میں سوزش کے علاوہ بعض بیگر اسباب کی بنا پر ایک کیفیت HYDRONEPHROSIS اکثر ہوجاتی ہے۔ اس میں خاصرہ پھیل جاتا ہے۔ یہ پھیلاؤ گردے سے پیشاب کے اخراج میں رکاوٹ یا پتھری یا سوزش کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ان تمام حالتوں میں مریض کو ابلے پانی میں شہد ملا کر دن میں کئی بار پلایا جائے تو اس سے گردے کی سوزش میں کمی آتی ہے۔ اگسلیٹ یا یوریٹ کے ذرے پھٹے ہوں تو نکل جاتے ہیں اور گردے کا پھیلاؤ کم ہونے لگتا ہے۔ اگرچہ شہد میں جراثیم کش عناصر موجود ہیں اور صرف اسی کا استعمال بھی سوزش کو ختم کرنے کے لیے کافی ہے۔ البتہ اس کی فعالیت میں اضافہ کے لیے قسط البحری دی جاسکتی ہے۔ کیونکہ اس کا دافع تعفن اور جراثیم کش ہونا اب جدید تحقیقات سے بھی ثابت ہوچکا ہے۔ قسط۔ ہندباء۔ ذریرہ۔ کلونجی۔ الشفا میں سے ہر ایک جراثیم کش اور گردے سے پتھری کو نکالتا ہے۔ انجیر پتھری کے علاوہ اگسلیٹ اور یوریٹ نکال سکتی ہے۔ ان تمام چیزوں کو حالات کے مطابق مختلف صورتوں میں شہد کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ساتھ دینا گردوں کے اکثر و بیشتر مسائل کا حل ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کو مختلف صورتوں میں استعمال فرمایا۔ اطبا جدید ایک عرصہ سے بخار کے مریضوں کو جو کا پانی پلانے آئے ہیں۔ ہم نے اس پانی میں جب شہد شامل کیا تو اس کی افادیت امراض البول میں اور نمایاں ہوگئی۔ پیشاب لانے۔ تیزابیت کو دور کرنے اور اکثر اوقات عفونت کو دور کرنے میں شہد اور جو کے پانی سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ وہ مریض جو پیشاب آور مکسچر پیتے آئے تھے چار دن یہ پانی پینے کے بعد اس کے مداح بن گئے۔ شہد کے ساتھ جو کا مسلسل استعمال سوزش کے علاوہ پتھری بھی نکال سکتا ہے۔

امراضِ تنفس میں شہد

گلے سے لے کر پھیپھڑوں تک کی تمام سوزش میں گرم پانی میں شہد اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اس باب میں بدکاربی رقمطراز ہے۔

"بڑھاپے میں تین اہم مسائل ہوتے ہیں۔ جسمانی کمزوری۔ بلغم اور جوڑوں کا درد۔ اتفاق سے شہد کے استعمال سے یہ تینوں مسائل آسانی سے حل ہو جاتے ہیں۔"

کھانسی اور گلے کی سوزش میں اگرچہ شہد کے غرارے بھی مفید ہیں۔ مگر ایک کام کی چیز کو ضائع کرنے کی بجائے اسے گرم گرم لو گھونٹ گھونٹ پیا جائے تو نالیوں کے آخری سرے تک اثر انداز ہوتا ہے۔ انفلوئنزا آج بھی لاعلاج بیماریوں میں سے ہے۔ عام طور پر اس میں شفاء دس دن سے پہلے نہیں ہوتی اور تندرست ہونے کے باوجود مریض کو کمزوری اتنی ہوتی ہے کہ وہ چارپائی سے اٹھ نہیں سکتا۔ ایسے مریضوں کو علالت کے دوران جب ۲ - ابڑے چمچے شہد دن میں تین سے چار مرتبہ پلایا گیا تو عرصہ علالت سمٹ کر تین سے چار دن رہ گیا اور تندرستی کے بعد کمزوری بالکل نہ ہوئی۔ اس تجربہ کا حوصلہ ہمیں برطانیہ کے ایک مؤقر طبی رسالہ "LANCET" سے ہوا۔ جس میں ڈاکٹر جی ڈبلیو ٹامس اپنے مشاہدہ میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

لکھتے ہیں۔

"نمونیہ کے ایک مریض پر جراثیم کش ادویہ کا اثر نہیں ہو رہا تھا۔ اسے ایک ہفتہ میں ایک کلو شہد پلایا گیا۔ جس سے بخار بھی جلد ٹوٹ گیا اور مریض کو بعد میں کوئی پیچیدگی بھی نہ ہوئی"۔

دمہ کے مریضوں میں نالیوں کی گھٹن کو دور کرنے اور بلغم نکالنے کے لیے گرم پانی میں شہد سے بہتر کوئی دوائی نہیں۔ مریضوں کو بتایا گیا کہ وہ دورہ کی صورت میں ابتدا پانی سے کر اس میں چمچ بھر شہد ملا کر بار بار پئیں اکثر و بیشتر مریضوں کا دورہ اسی سے ختم ہو گیا۔ مزید علاج کی ضرورت نہ پڑی۔

ابن القیم رحمۃ شہد میں بہی کا مربہ بنانے کی جو ترکیب بتائی ہے۔ اس کے اور انہی کے کھانسی کے علاج میں انجیر وغیرہ کے ساتھ مخرج بلغم نسخوں سے شاندار نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

تپ دق کے مریضوں کے لیے بارگاہِ رسالت سے زیتون کا تیل اور قسط کا ہدیہ میسر ہے۔ اگر قسط کو زیتون کے تیل میں ملانے کے بعد اس میں شہد ملا کر معجون بنائی جائے تو اس کی افادیت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ تپ دق کے علاج میں ایک اہم ضرورت مریض کی کمزوری کو دور کرنا اور اس کی قوتِ مدافعت کو بڑھانا ہے۔ اس غرض کے لیے گرم پانی میں ۲ بڑے چمچے شہد نہار منہ اور عصر کے وقت اسے توانائی بھی مہیا کرتے ہیں اور اس کی سانس کی نالیوں کے ورم میں بھی مفید ہیں

جسمانی کمزوری اور شہد

قرآن مجید نے فوائد حاصل کرنے کے لیے ایک بڑی پتے کی بات بتائی ہے۔

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا مطالعہ کریں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ ہر سبج شہد کے شربت کا پیالہ نوش فرماتے تھے یہ شربت نمازِ عصر کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بعد پسند فرمایا جاتا ہے اور اس کا اثر یہ ہوا کہ وہ اپنی پوری زندگی میں نہ تو کبھی بیمار پڑے اور نہ ہی کبھی تھکن کا اظہار فرمایا۔ ان کی زندگی سے یہ سبق ہمارے اکثر مسائل کا حل ہے۔ ان اوقات میں جب پیٹ خالی ہو اور آنتوں کی قوتِ انجذاب دوسری چیزوں سے متاثر نہ ہو شہد پینا جسم کے اکثر و بیشتر مسائل کا حل ہے۔ یہ کسی بھی حالت۔ بیماری اور صورت میں بے کھٹک پیا جا سکتا ہے۔

اکثر لوگ جسمانی اور ذہنی تھکاوٹ کو دور کرنے کے لیے مختلف قسم کے کشتہ مارالعلم یا ٹانک تلاش کرتے ہیں۔ یہ امر کسی شک و شبہ کے بغیر حقیقت ہے کہ شہد سے بڑھ کر تھکاوٹ۔ پژمردگی اور کمزوری کو دور کرنے والی چیز آج تک اس تختۂ زمین پر میسر نہیں آسکی۔ امتحان کے دنوں میں طالبعلموں کو شہد پلا کر دیکھا گیا اس سے وہ زیادہ دیر تک پڑھ سکے اور ان کی یاد داشت اعتدال سے بہتر رہی۔ دل کے مریضوں کو اسے پینے کے دوران دورے نہیں پڑے۔ اپریشن اور علالت کے بعد کی کمزوری کے لیے شہد ایک بہترین انتخاب رہا ہے۔

حالات اگر زیادہ خراب ہوں تو چین کے ساختہ — PEKING ROYAL JELLY کے ٹیکے مریضوں کو عمر کے وقت پلائے گئے۔ ایک دائم المریض معمر خاتون نے تین ٹیکے پینے کے بعد بتایا کہ یوں معلوم ہوتا ہے۔ جیسے کسی نے تن بدن میں نئی روح پھونک دی ہے اور میری آنکھوں میں اب چمک آگئی ہے

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ دنیا کے مشہور پہلوان ہرکولیس اور گولاشمٹ اپنی توانائی کو بڑھانے کے لیے شہد پیتے تھے۔ مشہور بھارتی سینڈو رام مورتی کی طاقت کا منبع بھی شہد تھا۔

استاذ محمد فرازالدقر مصری نے شہد کے افادات کے بارے میں ایک تالیف "العسل فیہ شفاء للناس" شائع کی ہے۔ جس میں انہوں نے اپنے بعض مفید تجربات بیان کیے ہیں مثلاً

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

زیتون کا تیل اور شہد ملا کر اس میں لیموں کا عرق ملا کر گردے کی پتھری کے لیے بہت مفید ہے۔ شدید زکام میں گرم پانی میں شہد حل کر کے اس میں لیموں نچوڑ کر پلائیں۔

ان کے ایک اور نسخہ کے مطابق ایک ڈرام سہاگہ یا بورک ایسڈ۔ ادھ ڈرام گلیسرین اور آٹھ ڈرام شہد ملا کر کھانسی اور بخار میں دن میں چار مرتبہ بڑا چمچہ پلائیں۔

طب نبوی کے مشہور مرتب علی علاء الدین الکحال نے شہد کو اسہال کے علاوہ غذائی سمیت یعنی FOOD POISONING میں مفید قرار دیا ہے

مصری طبیب دکتور عزۃ مریدن نے اپنی کتاب الادویہ میں اسے جید غذا۔ ایک ملین دوائی اور طبیعت میں لطافت پیدا کرنے والا قرار دیا ہے۔

استاذ محمد فراز الدقر نے اپنے مقالہ "الاستشفاء بالعسل فی امراض جھاز الھضم" میں اسے امراضِ بطن کے لیے اکسیر قرار دیا ہے

بیرونی استعمال

شہد میں آٹا ملا کر پھوڑوں کو پکانے کے لیے ویسے مرہم کی صورت لگاتے ہیں۔ یہ طریقہ درست نہیں۔ کیونکہ مریض کو اگر شہد پلایا جائے اور وہی پھوڑے پر لگایا جائے تو اکثر پھوڑے پکنے کی بجائے وہیں ختم ہو جائیں گے۔

گلے کی سوزش کے لیے گرم پانی میں شہد کے غرارے اور پھریری سے شہد لگانا مفید ہے۔ موچ۔ پٹھوں کی اکڑن اور جوڑوں پر چوٹ کے علاج میں پاکستان کے پرانے پہلوان متاثرہ حصے پر پہلے پان والے چونے کا لیپ کر کے اس کے اوپر شہد کا لیپ کر کے روئی رکھ کر پٹی باندھ دیا کرتے تھے۔ اس لیپ سے جوڑوں کے یہ عوارض دو سے چار دن میں ٹھیک ہو جاتے تھے جس کا ہم نے ذاتی طور پر مشاہدہ کیا ہے اور کوئی بھی جدید دوائی پٹھوں اور جوڑوں کی اینٹھن کو اتنی آسانی اور جلدی سے درست کر نہیں پائی گئی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ویدک طب میں شہد اور گھی کا آمیزہ جلے ہوئے زخموں کے لیے مفید بتایا گیا ہے۔ جب گھی کی بجائے اسے روغنِ زیتون میں ہم وزن ملایا گیا تو فوائد اور بہتر ہو گئے۔ ہاتھوں پر اگر چکنائی اور مشینوں کی سیاہی جمی ہوئی ہو تو ان پر شہد مل کر دھونے سے تمام داغ فوراً چھوٹ جاتے ہیں۔

دانتوں سے میل اور تمباکو کا لاکھا اتارنا ایک مشکل کام ہے۔ اس غرض کے لیے امراضِ استان کے معالجین کے پاس کئی روز جانا پڑتا ہے۔ ایک نسخہ کے مطابق سرکہ اور شہد ہم وزن ملا کر دانتوں پر نجن کریں تو داغ اتر جاتے ہیں اور مسوڑھوں کی سوزش جاتی رہتی ہے۔ بنکارانی نے پسا ہوا کوئلہ اور شہد ملا کر منجن تجویز کیا ہے۔ جبکہ امت الطیف طاہرہ صاحبہ نے عام کوئلہ کی بجائے بادام کے چھلکوں کو جلا کر شہد اور سرکہ میں ملا کر لگایا تو دوسرے تمام نسخوں سے زیادہ مفید پایا۔ انہوں نے بادام کی راکھ کی جگہ کھجور کی گٹھلی کی راکھ کو اور زیادہ مفید قرار دیا ہے۔

شہد۔ ہومیوپیتھک طریقہ علاج میں

ماہرین طب نے شہد کے ساتھ خوردنی نمک ملا کر اپنے طریقہ سے ایک مرکب تیار کیا ہے جس کا نام HONEY CUM SALT ہے اور استعمال میں ۳۰ سے ۶۰ کی پوٹنسی میں استعمال ہوتا ہے۔

اس کے استعمال کا صحیح موقع وہ ہے جب زچگی کے بعد رحم اپنی اصلی حالت میں لوٹ کر نہ آئے اور رحم میں سوزش کے ساتھ اس کے منہ پر سوجن ہو جائے۔ اسکو دینے کی خصوصی علامات یہ ہیں کہ پسلیوں کے نیچے پیٹ کے بالائی حصہ میں ایک کونے سے دوسرے کونے تک جلن اور بوجھ محسوس ہو۔ رحم اپنی جگہ سے ٹل گیا ہو۔ فوطوں اور ان کے اوپر کی ہڈی میں درد کی لہریں یوں اٹھیں کہ جیسے پیشاب کی نالیوں میں درد ہو رہا ہو۔ ان علامات کے علاج میں یہ مرکب مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

شہد جراثیم کو مار دیتا ہے

علم الادویہ میں انقلابی ایجاد

جرمنی میں حال ہی میں ایک دوائی — NORDISK

PROPOLIS کے نام سے تیار ہوتی ہے۔ جو کیپسول۔ دانے دار شربت اور مرہم کی صورت میں برلن کی "SANHELIOS" کمپنی نے تحقیقات کے بعد مارکیٹ میں پیش کیے ہیں۔ اس کے اثرات کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ ڈنمارک کے پروفیسر لنڈ کے انکشافات اور دنیا کے دوسرے ملکوں میں محققین نے یہ پتہ چلایا ہے کہ شہد میں ایک جراثم کش عنصر PROPOLIS کے نام سے موجود ہے۔ لیبارٹری تجربات کے مطابق یہ پیپ اور سوزش پیدا کرنے والے جراثیم کو ہلاک کرنے کی استعداد دوسری تمام ادویہ سے زیادہ رکھنے کے علاوہ جسم کی قوتِ مدافعت میں اضافہ بھی کرتا ہے۔

مختلف لیبارٹریوں میں مشاہدات کے مطابق اسے ناک۔ کان۔ گلہ۔ آکات انہضام۔ منظام تنفس اور اعصاب کی ہر قسم کی سوزشوں میں کسی بھی دوائی سے زیادہ مفید پایا گیا۔

یہ وہ منفرد دوائی ہے جو وائرس کو بھی ہلاک کر سکتی ہے۔ انفلوئنزا وزکام میں اس سے نہ صرف کہ مریض تندرست ہو گئے بلکہ اس نے جھلیوں کی جلن کو فوراً دور کر دیا۔

لندن کے مضافات ہیں کینٹ سے برطانوی اخبارات نے بتایا ہے جوڑوں کی بیماریوں کے سینکڑوں پرانے مریض پروپالس کے استعمال سے شفایاب ہو گئے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

شہد کی مکھی۔ النحل

F.PIS MELIFICA

علم الحیوانات کے بعض ماہر اب اسے ایک نئے نام — APIS MELI — FERA سے بھی پکارتے ہیں شہد کی مکھی اپنا گھر بنانے اور وہاں پر خوراک کا ذخیرہ کرنے کے سلسلہ میں جو جد و جہد کرتی ہے اس کا سب سے بڑا فائدہ انسانوں کو حاصل ہوتا ہے۔ اسی افادیت کو سامنے رکھ کر اللہ تعالیٰ نے شہد کی مکھی کو اتنی اہمیت دی کہ قرآن مجید میں ایک سورۃ اس کے نام سے موسوم کی گئی اور اس کی کارگزاری کی تشریح میں فرمایا۔

واوحیٰ ربك الی النحل ان اتخذی من الجبال بیوتاً ومن الشجر مما یعرشون۔ ثم کلی من کل الثمرات فاسلکی سبل ربك ذللاً یخرج من بطونھا شرابٌ مختلف الوانہ فیہ شفاءٌ للناس۔ ان فی ذالك لایۃ لقوم یتفکرون

(النحل)

(تمہارے رب نے شہد کی مکھی پر وحی بھیجی کہ وہ پہاڑوں درختوں اور دوسری بلندیوں پر اپنا ٹھکانہ بنائے۔ پھر ہر قسم کے پھلوں سے خوراک حاصل کر کے اپنے رب کے متعین کردہ اسلوب پر گامزن رہے۔ ان کے پیٹوں سے مختلف قسم کی رطوبتیں نکلتی ہیں۔ جن میں لوگوں کے لیے شفاء ہے۔ یہ اللہ کی طرف سے ایسی نشانیاں ہیں جن پر لوگوں کو غور کرنا چاہیے۔)

شہد کی مکھی کی حیات و ممات کے اسلوب اس سے حاصل ہونے والے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

جو ہروں کا ذکر کرتے ہوئے قرآن مجید نے یہ بتایا ہے کہ مکھی کی عادات اور پیٹ سے خارج ہونے والی رطوبتوں کے علاوہ تمہارے غور کرنے کی اور بھی باتیں موجود ہیں۔ تم جب ان کا مطالعہ اور تحقیق کرو گے تو تمہیں کام کی اور بھی باتیں ملیں گی۔

قرآن مجید کی ان آیات کے بعد شہد سے علاوہ مکھی کی عادات کا مطالعہ ضروری ہو جاتا ہے۔ مکھی ہر قسم کے درجۂ حرارت میں زندہ رہ سکتی ہے۔ یہ ۱۲۰°F پر اپنا روزمرہ کا کام کرتی ہیں اور ۵۰°F تک کی سردی برداشت کر سکتی ہیں۔ یہ اپنے گھر کو اس کمالِ فن کے ساتھ بناتی ہیں کہ اندر کا درجہ حرارت ۹۳°F رہتا ہے۔ اگر ہم ان سے یہ علم سیکھ لیں تو کسی اضافی مصارف کے بغیر اپنے گھروں کو ایک قابلِ قبول درجہ حرارت پر رکھ سکتے ہیں۔

مکھی اپنا رزق حاصل کرنے کے لیے پھولوں کی جڑ سے ماء الحیات تلاش کرتی ہے جس میں ابتدائی طور پر ۸۰ — ۵۰ فیصدی پانی ہوتا ہے۔ اسے چھتے میں لا کر جب یہ شہد میں تبدیل کرتی ہے تو پانی کی مقدار ۱۸ فیصدی کے قریب رہ جاتی ہے۔ اس کے پاس ایک ایسا طریقہ ہے جس سے یہ نمی کو کم کر سکتی ہے۔ موسم گرما میں کراچی اور خلیج عرب میں رہنے والے لوگ گرمی سے اتنے پریشان نہیں ہوتے جتنی تکلیف ہوا میں نمی کی زیادتی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اگر ہم مکھی سے نمی کم کرنے کا طریقہ سیکھ لیں تو ان مقامات کے رہنے والے سکھ کا سانس لیں۔

چھتے کے ہر خانے میں ایک انڈا ہوتا ہے۔ اگر یہ چھتے پر ملکہ کی حکمرانی ہوتی ہے لیکن ضرورت پڑنے پر نئی ملکہ بنائی جا سکتی ہے۔ موسمی ضروریات کے تحت رسم ملکائیں بھی بن سکتی ہیں اور حالات سازگار نہ ہو تو ایک کے علاوہ باقیوں کو ختم کر دیا جاتا ہے۔ چھتے کی آبادی بڑھنے یا موافق حالات ہونے پر گشتی عملہ نیا مستقر تلاش کرتا ہے۔ نئے گھر کی منظوری ہونے پر ملکہ بیس ہزار مکھیاں لے کر نقلِ مکانی کر جاتی ہے۔ مگر اپنا شہد ساتھ لے جاتی ہے کیونکہ اس نے پھیلانا اس کی اضافی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

خدمت ہے۔ مگر دانوں کی کچھ مقدار یہ اپنے چھتے میں بھی لے جاتی ہیں جو کارکن مکھیوں کی غذا میں لحمیات کی ضرورت کو پورا کرتے ہیں۔ چھتوں کی آبادی پوری منصوبہ بندی سے متعین کی جاتی ہے عام کارکن کی زندگی ۴۵ دن سے کم ہوتی ہے جبکہ ملکہ سال بھر کی عمر پاتی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شہد کی مکھی کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔

اطبا قدیم کے مشاہدات

حکیم نجم الغنی خاں رام پوری نے شہد کی مکھی کی عادات اور عملی زندگی پر "خزائن الادویہ" میں ایک مبسوط مقالہ تحریر کیا ہے۔ انہوں نے پولن کے دانوں کو پھولوں کا ذیرہ قرار دیا ہے۔

"زاد المسافر" میں شیخ ابو جعفر احمد نے لکھا ہے کہ شہد کی مکھی کے بے پر کے بچوں کو لے کر ان کو سکھالیں۔ تین ماشہ سوکھے ہوئے بچے وہم وزن گندم کے آٹا میں ملا کر اس میں ڈیڑھ تولہ چینی شامل کریں اور اس میں پانی ڈال کر فالودہ بنائیں۔ یہ فالودہ روزانہ پینے سے جسم میں طاقت آجاتی ہے۔

شہد کی مکھی کو سکھا کر تیل میں پکا کر چھاننے کے بعد اس تیل سے درد والی میں مالش کی جاتی ہے۔ اس میں تلنی مکھی کا جوہر اور دوسری ادویہ ملا کر جنسی کمزوری کے لیے طلاء بھی بنائے جاتے ہیں۔ ایسے نسخوں کے اکثر اجزاء خطرناک ہوتے ہیں جن کا استعمال مضر ہے۔

جدید مشاہدات

شہد کی مکھی کا ڈنگ نکال کر اس کا محلول ایک جرمن فرم تیار کرتی تھی یہ پاکستان میں بھی FORAPIN — کے نام سے فروخت ہوتا رہا۔ یہ محلول جوڑوں کی سوزش — گنٹیا اور نقرس میں بڑا مفید تھا۔ لگانے کا طریقہ یہ تھا کہ متاثرہ حصے پر اس کا کھلا کھلا لیپ کر دیا جائے۔ سات آٹھ منٹ کے بعد کھال جلنے لگے تو اسے دھو کر اتار دیا جائے۔ یہ عمل دوران خون میں اضافہ کا باعث

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ہوتا ہے۔ اس ترکیب کو ہم نے گنجوں کے بال اگانے کے لیے استعمال کیا۔ بال گرنے کے دو جنوں اسباب ہیں ان میں سے ایک سبب یہ ہے کہ جب کوئی زیادہ دماغی کام کرتا ہے تو اس کے جسم کا سارا خون دماغ کی سمت چلا جاتا ہے اور کھوپڑی کی جلد خون کی کمی کا شکار ہو جاتی ہے اور اس سے بال گرنے لگتے ہیں۔ اس سبب کے علاج کے لیے جب شہد کی مکھیوں کے زہر کا محلول لگایا گیا تو دورانِ خون میں اضافہ ہوا اور بال گرنے رک گئے۔ بعض مریضوں میں نئے بال بھی آ گئے۔

ہومیوپیتھک طریقہ علاج

ہومیو طریقہ علاج میں شہد کی مکھی کو گلیسرین میں ایک خاص طریقہ سے حل کر کے ایک دوائی "APIS MELIFICA" نام کی تیار کی جاتی ہے۔ دوائی کا نام مکھی کے اپنے سائنسی نام پر ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ وہ تمام امراض جن میں علامات ایسی ہوں جیسے کہ مکھی نے ڈنگ مارا ہے میں یہ دوائی مفید ہو گی۔ مثال کے طور پر ورم۔ سرخ رنگ کی سوجن۔ ورم والی جگہ کو ہاتھ لگائیں تو حساسیت زیادہ اور معمولی لمس سے بھی درد ہو جو کہ سہ پہر کو بڑھ جائے۔ سارے جسم پر سوجن اور اس میں پانی تیر جائے۔ پیٹ میں پانی پڑا ہو۔ گردوں میں سوزش۔ نخاعی جھلیوں میں سوزش اور جھلیوں سے سیلان۔ دماغ کی جھلیوں کی سوزش جو تپ دق کے سرسام سے ملتی جلتی ہے۔ حافظہ کی کمزوری۔ دوسروں سے حسد۔ تھکاوٹ۔ بیزاری۔ بچوں میں سر کا بڑھ جانا یا اس میں پانی پڑنا (HYDROCEPHALUS)۔ آنکھوں میں تھکن اور درد۔ آنکھوں کا پھڑ پھڑانا۔ آنکھوں کے نیچے سوزش۔ ناک اور کان سرخ ہو جاتے ہیں۔ چہرا سوجھ جاتا ہو۔ ہونٹ میں دانت پیسنے کی عادت۔ منہ اور زبان خشک۔ پیٹ میں جلن مگر پیاس کی کمی۔ پتلے دست آتے ہوں جن کا رنگ سیاہی مائل یا سفید ہو سکتا ہے۔ (ہیضہ کی طرح) مقعد کے اور گرد جلن۔ گردوں میں درد۔ پیشاب کم آتا ہے مگر جلن سے ماہواری بند ہو جاتی ہے جو میں سوزش ہو سکتی ہے۔ سینے میں درد کے ساتھ پھیپھڑوں میں پانی بھر جانا۔ کھانسی زیادہ ہوتی ہے مگر بلغم کم۔ جنسی خواہش بڑھ جاتی ہے مگر جسم میں عمومی طور پر شدید کمزوری ہوتی ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adoycate Showkat

شہد کا جوہر

قرآن مجید نے شہد میں شفا دینے والے عنصر کے بارے میں فرمایا۔

"یخرج من بطونھا شرابٌ مختلفٌ الوانہ۔
فیہ شفاءٌ للناس۔ (النحل)

(ان کے پیٹوں سے مختلف رنگ اور شکل کے سیال نکلتے
ہیں جن میں لوگوں کے لیے شفا ہے۔)

قرآن مجید اس امر کی نشان دہی کرتا ہے کہ شہد کی مکھی کے پیٹ سے مختلف قسم کی رطوبتیں خارج ہوتی ہیں۔ جن کو علم طب میں ENZYMES کہتے ہیں۔ یہ جوہر مختلف امراض کے علاج میں مفید ہے۔ اس آیت کا مفہوم تب معلوم ہوا۔ جب جرمن کیمیا دانوں نے شہد سے ROYAL JELLY نام کا عنصر علیحدہ کر لیا۔ اس انکشاف نے قرآن مجید کی صداقت اور افادیت کو واضح کر دیا۔ اب اس آیت سے مراد شہد نہیں بلکہ وہ علیحدہ جوہر ہیں جو مکھی کے پیٹ سے پیدا ہوتے ہیں۔ کیونکہ شفا کا اصل منبع وہ ہیں۔

اس جوہر کو رائل جیلی کا نام اس لیے دیا گیا کہ چھتے میں بچے صرف ملکہ دیتی ہے۔ اس کے شہزادوں کی پرورش جس خوراک پر ہوتی ہے وہ شاہی خوراک ٹھہری اور اس مناسبت سے سیال کا نام "رائل جیلی" قرار پایا۔ دنیا میں جتنے بھی چرند اور پرند ہیں ان کے بچے جب پیدا ہوتے ہیں تو ان کا وزن جتنا بھی ہو بالغ ہونے کے بعد والے وزن سے تناسب میں ہوتا ہے۔ مثلاً انسانوں کا بچہ اگر آٹھ پونڈ کا پیدا اور بالغ ہونے پر اس کا وزن ۱۶۰ پونڈ ہے تو مراد یہ ہوئی کہ بچے کا وزن بلوغت پر بیس گنا بڑھا۔ عام حیوانات کے بچے بیس سے پچیس گنا بڑھتے ہیں۔ شہد کی مکھی کا بچہ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

بڑا ہونے پر اپنے پیدائشی وزن سے ۲۵۰ گنا بڑھتا ہے۔ پوری حیوانی دنیا میں کسی بچے کے اتنا بڑھنے کی کوئی مثال نہیں۔ یہ ایک منفرد واقعہ ہے۔ چونکہ ان بچوں کی خوراک رائل جیلی ہوتی ہے۔ اس لیے یہ لازمی نتیجہ نکلا کہ رائل جیلی جسمانی نشو ونما پر مفید اثرات رکھتی ہے اور کمزوری کو دور کرتی ہے۔ ان معلومات کے بعد ڈاکٹروں نے کمزوری کے مریضوں پر اس جوہر کے وسیع مشاہدات کیے۔ جرمنی میں یہ جوہر ٹونکوں اور گولیوں کی صورت تیار ہوا اور ہر جگہ سے مقبولیت کی سند پائی۔ ایک جرمن فرم کے تعاون کے ساتھ لاہور کے ایک دواساز ادارے نے شہد کے جوہر پر مبنی ایک مشروب تیار کیا مگر یہاں کے لوگ اس سے متاثر نہ ہو سکے اور سلسلہ ختم ہو گیا۔

موجودہ زمانے میں اس جوہر کو تیار کرنے کا سب سے بڑا مرکز عوامی جمہوریہ چین ہے۔ چین میں دواسازی کی صنعت کے اشتراکی ادارہ "پیکنگ کیمیکل اینڈ فارماسوٹیکل ورکس" نے "پیکنگ رائل جیلی" کے نام سے خالص مشروب اور ٹکیے تیار کیے ہیں۔ تیار کرنے والوں نے اس کے تین اہم فوائد بیان کیے ہیں۔

۱۔ جب وزن روز بروز کم ہو رہا ہو۔ جب بھوک اڑ جائے بیماری سے اٹھنے یا زچگی کے بعد کی کمزوری کے لیے۔

۲۔ عام جسمانی کمزوری۔ دماغی اور جسمانی تھکن اور کمزوری۔

۳۔ پیچیدہ اور پرانی بیماریوں میں جیسے کہ جگر کی بیماریاں۔ خون کی کمی۔ وریدوں کی سوزش اور ان میں خون کا انجماد۔ جوڑوں کی بیماریاں اور گنٹھیا۔ عضلات کی انحطاطی بیماریاں DEGENRATIVE DISEASES معدہ کا السر

ایک عرصہ سے لاہور کے چند دوا فروش اس چینی دوائی کو جس میں فی ٹکیہ ۲۵۰ ملی گرام رائل جیلی کے علاوہ دو چینی بوٹیاں بھی شامل ہیں، درآمد کر رہے ہیں۔ ہمارے دوستوں اور مریضوں نے کافی مقدار میں اسے استعمال کیا ہے۔ اور ہر شخص اس کے کمالات کا معترف پایا گیا۔ بعض احباب نے ایک پرانے مریض بتاتے ہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کہ سینکڑوں دوائیں اور ٹانک کھائے لیکن اس دوائی کا ایک ٹیکہ پینے کے بعد یوں معلوم ہوتا ہے کہ جسم سے کمزوری نکل کر نئی طاقت آگئی۔ میانوالی کے ایک دوست کے پیٹ میں دس سال سے السر تھا انہوں نے ہر قسم کی جدید اور قدیم ادویہ پر زرِ کثیر صرف کیا مگر بیماری کی شدت میں کوئی کمی نہ آئی۔ اب وہ چار ماہ سے پینگنگ وائل جیلی کے ٹیکے پی رہے ہیں۔ ان کا درد ختم ہو چکا ہے۔ کھانا اطمینان سے ہضم ہوتا ہے اور اپنی روزمرہ کی زندگی معمول کے مطابق گزار رہے ہیں۔

قرآن مجید نے مکھی کے جسم سے خارج ہونے والے اس جوہر کو شفا کا مظہر قرار دیا ہے اور دنیا کے ہر گوشہ سے اس کی تصدیق میسر آ رہی ہے۔

شہد کے ٹیکے۔

لاہور کے ایک دوا فروش ادارہ "شفا میڈیکوز" نے یک مرتبہ جرمنی سے شہد کے بنے ہوئے ٹیکے درآمد کیے۔ ان ٹیکوں کے بارے میں دواساز ادارے کا دعویٰ تھا کہ یہ جسم سے کمزوری دور کرتے ہیں۔ جسم سے حساسیت یعنی ALLERGY کو ختم کرتے ہیں۔ حساسیت سے پیدا ہونے والی جلدی بیماریوں۔ خاص طور پر ایگزیما میں مفید ہیں۔ جوڑوں کے دردوں میں معمولی تکلیف کے لیے ٹیکے گوشت یا وید میں لگائے جائیں اور اگر جوڑ سوج گئے ہوئے یا جوڑوں کی ہڈیاں گل رہی ہوں تو یہ ٹیکہ جوڑ کے اندر لگایا جائے۔

ان ٹیکوں کا نام --- M-2-WOEL UM تھا۔ انہیں جرمنی کے شہر کولون کی وہلم کپنی نے تیار کیا اور دلچسپی کی بات یہ کہ انہوں نے اپنے طبی رسالہ میں بتایا کہ انہوں نے شہد کو اس طرح استعمال کرنے کا راستہ قرآن مجید سے حاصل کیا۔

میو ہسپتال میں جوڑوں اور ہڈیوں کے معالج پروفیسر محمد ایوب خان ان کے اعجاز کے بڑے قائل تھے۔ ہم نے اپنی آنکھوں سے جوڑوں کی بیماریوں کے بجنوں معذوروں کو تندرستی کی طرف چلتے دیکھا ہے۔ پروفیسر ایوب خان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کے ریٹائر ہونے کے بعد لوگ نئی دواؤں کے پیچھے بھاگنے لگے اور یہ مفید، محفوظ اور سستی دوا بھلا دی گئی۔ جرمنی سے ڈاکٹر اسامہ عمر رقمطراز ہیں کہ جیسے وہاں اب بھی بڑے مقبول ہیں اور ڈاکٹر اسے بڑے اعتماد کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

صعتر۔ صعتر

THYMUS SERPYLLUM

یہ ایک بوٹی ہے جو عرب۔ ایران۔ عراق اور افغانستان کے جنگلوں میں پیدا ہوتی ہے۔ پتے گول اور پودینے سے بڑے ہوتے ہیں۔ اس کی خشک شاخیں اور پتے بازار میں صعتر فارسی کے نام سے ملتے ہیں سر ولیم لین نے صعتر کو THYMUS SERPYLLUM قرار دیا ہے۔

جبکہ بھارتی ماہرین اسے ZATARIA MULTIFLORA کا نام دیتے ہیں سید صفی الدین۔ ندکارنی اور چوپڑا بھی اسے زاٹاریا قرار دیتے ہیں۔ جبکہ برٹش فارما کوپیا نے اسے تھائی مس سرپائیلم قرار دیا ہے۔ ہومیو پیتھی میں بھی یہی نام درج ہے۔ اطباء قدیم اسے جنگلی پودینہ کی قسم قرار دیتے ہیں۔

ارشاداتِ نبویؐ

سند کے بغیر محمد احمد ذہبی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مذکور کیا ہے۔

بخروا البیوت بالصعتر واللبان

(ابن الجوزی)

(اپنے گھروں کو صعتر اور لوبان کی دھونی دیا کرو)

حضرت عبداللہ بن جعفر روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بخروا بیوتکم بالشیح والمرو والصعتر

(بیہقی شعب الایمان)

(اپنے گھروں کو مرو۔ شیح اور صعتر سے دھونی دیا کرو)

یہی روایت ابان بن عثمان بن عفان نے بھی اپنی کتاب میں مذکور ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

(یہ دونوں روایات کنز العمال نے ان اسناد سے بیان کی ہیں)

محدثین کے مشاہدات۔

پیٹ سے ریاح کو خارج کرتا ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے چہرے کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔ جگر اور معدہ کے فعل کو بہتر بناتا ہے اس کا جوشاندہ پینے سے پیٹ کے تمام کیڑے مرجاتے ہیں۔ اس کا سونگھنا کام میں مفید ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات۔

اطبار قدیم نے شہد کی ایک خاص قسم صعتر کا شہد بھی بیان کیا ہے جو اپنے عمومی فوائد کے علاوہ سوزشی امراض اور سانس کی بیماریوں میں زیادہ مفید ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ رطوبتوں کو نکالتا ہے۔ رات سوتے وقت اسے انجیر اور گلقند کے ساتھ کھانے سے ناک کے پچھلے حصہ سے بلغم نکل جاتی ہے۔ اس طرح وہ پھیپھڑوں میں گرنے نہیں پاتی۔ اسے شہد میں ملا کر چاٹنے سے دل اور پھیپھڑوں کے اورام اتر جاتے ہیں۔ انجیر بھگو کر نرم کرنے کے بعد اس کے جوشاندے کے ساتھ کھانے سے کھانسی اور دمہ مٹ جاتے ہیں۔ قوتِ ہاضمہ بڑھتی ہے۔ اکثر بقولات مثلاً ساگ وغیرہ میں ملا کر پکائیں تو وہ ریاح پیدا نہیں کرتے۔

اس کے پھول نمک اور سرکہ کے ساتھ کھانے سے کھانسی کو فائدہ ہوتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔ گردوں کی پتھری کو نکال سکتا ہے۔ یہ پیٹ سے کدو دانے نکال دیتا ہے۔ اس کا رس کان میں ٹپکانا ثقل سماعت کے لیے مفید ہے۔ اس کو چبانے سے دانتوں کا درد ٹھیک ہو جاتا ہے۔

اس کا پانی میں لیپ اورام حارہ میں مفید ہے اس میں زیرہ ملا کر روغن زیتون میں حل کر کے بچوں کی ناف کے زخموں پر لگائیں لاجواب ہے۔ سردی سے ہونے والے بخار کو دور کرتا ہے۔ پسینہ لاتا ہے اور عورتوں کے اندام کی سوزش کو دور کرتا ہے۔

کیمیاوی ساخت

اس کے پتوں میں پروٹین کی مقدار تقریباً ایک فیصدی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ایک فراری روغن ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں قابض اشیاء اور گوند پائے جاتے ہیں۔ اس کا اہم ترین جزو عامل تھائی مول — THYMOL ہے۔ یہ پتوں سے عمل کشید کے ذریعہ نکال جاتی ہے اور یہ دانہ دار سفوف کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور پانی میں حل پذیر نہ ہونے کی وجہ سے زیادہ مقبول نہیں۔

جدید مشاہدات

تھائی مول کو برٹش فارما کوپیا نے ایک مؤثر دوائی کے طور پر بیان کیا ہے۔ مگر حل نہ ہو سکنے کی وجہ سے اس کے فوائد محدود ہیں۔ لیبارٹریوں میں بطور کیمیکل استعمال ہوتی ہے۔ عام لوگ اسے ست اجوائن کے نام سے بیان کرتے ہیں۔ صعتر اور تھائی مول پیٹ کے کیڑے مار دیتے ہیں۔

صعتر اور اس کا جزو عامل تھائی مول بڑے مؤثر جراثیم کش اور دافع عفونت ہیں۔ ان میں طفیلی کیڑوں کو مارنے کی اعلیٰ صلاحیت موجود ہے۔ اسی لیے جدید طب میں اکثر نسخوں میں اسے چھوٹے کیڑوں کو مارنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مرکب صورت میں یہ مخرج بلغم اور جراثیم کش ہونے کی وجہ سے پرانی کھانسی اور دمہ کے علاج میں استعمال ہونے والے کھانسی کے شربتوں کا ایک جزو ہے۔

پتوں کا تیل لگانے سے دانت کا درد جاتا رہتا ہے۔ دانتوں کے ڈاکٹر لونگ کے تیل تھائی مول اور گلیسرین کا مرکب رکھتے ہیں اور سوراخ والے دانت پر درد اور سوزش رفع کرنے کے لیے لگاتے ہیں

صعتر کی دھونی

جدید تحقیقات سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ صعتر ایک طاقتور جراثیم اور کرم کش دوائی ہے۔ اگر اسے جلا کر کسی گھر میں دھونی دی جائے تو یہ مکھیوں اور مچھروں کے علاوہ رینگنے والے کیڑوں کو بھی ہلاک کر سکتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مراد الشیخ کے ساتھ مرکب کر کے جلانے کی ہدایت فرمائی ہے۔ جس سے اس کا اثر اور فائدہ چار گنا ہو جاتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

حشرات الارض کو مارنے والی ادویہ کو تین اقسام میں بیان کیا گیا ہے۔

۱۔ فوری طور پر کرم کش جیسے کہ ڈی ڈی ٹی یا ڈی ڈی وی پی۔ عقرقرحا۔ گندھک

۲۔ حشرات کو آہستہ آہستہ مارنے والے یا انکی افزائش نسل کو ختم کرنے والے جیسے کہ BAYTEX یا عقرقرحا PYRETHRUM

۳۔ حشرات کو بھگانے والی جیسے کہ سنگترے کا تیل وغیرہ (CITRONELA)

صعترہ منفرد دوائی ہے جو تینوں اثرات رکھتی ہے۔ لوگوں نے مشاہدہ کیا ہے کہ جس کمرے میں صعتر بکھیری گئی ہو اس کمرے میں سانپ بھی داخل نہیں ہوتا۔ کتابوں کی الماریوں میں صعتر رکھنے سے وہ چوہوں۔ مٹی اور دیمک سے محفوظ رہتی ہیں۔ اس لحاظ سے اسے حشرات کو بھگانے والی یا INSECT REPELLANT ——— قرار دیا جاسکتا ہے۔ عالمی ادارہ صحت میں کیڑوں مکوڑوں کے ایک ماہر نے ہماری خاطر ایک رات اپنے گھر میں صعتر اور مرکی کو ملا کر سلگتے کوئلوں پر ڈال کر کمرہ بند کر دیا۔ صبح مچھر۔ مکھیاں۔ لال بیگ۔ اور چھپکلیاں کثیر تعداد میں مرے ہوئے پائے گئے۔ بازار میں ملنے والی ایسی ادویہ میں صرف گندھک میں یہ صلاحیت ہے کہ وہ ہر قسم کے کیڑے مکوڑوں کے علاوہ جراثیم کو ہلاک کر سکتی ہے۔ پرانے زمانے میں ایک ہزار مکعب فٹ کمرے کے لیے نصف کلو گندھک جلائی جاتی تھی۔ مگر اس کا دھواں انسانوں کے لیے زہریلا۔ رنگ روغن کو اڑانے والا اور کپڑے کو جلا دینے والا ہوتا ہے۔ اس لیے کسی بستے گھر میں گندھک کا استعمال ہر طرح سے خطرناک ہے۔ اس کے مقابلے میں صعتر زیادہ مؤثر محفوظ اور کارآمد ہے۔ اگر اس کی دھونی اچھی طرح دی جائے تو ایک طویل عرصہ کے لیے اس کمرے میں کیڑوں کی نئی کھیپ داخل نہیں ہوتی۔

ہومیوپیتھک طریقہ علاج

اس طریقہ علاج میں صعتر کو THYMUS SERPYLUM ——— کے نام سے بچوں کے آلات تنفس کی سوزشوں میں بڑے اعتماد اور اچھے نتائج کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ درمہ کی وہ اقسام جن میں سانس کی گھٹن

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بار بار شدت سے محسوس ہوتی ہے۔ مگر نالیوں میں پھنسی ہوئی بلغم کی مقدار زیادہ نہیں ہوتی۔ سانس کی نالیوں میں اسی طرح کی گھٹن جب کالی کھانسی کے حملہ کے دوران بچوں کو ہوتی ہے۔ تو اس میں یہ دوائی مفید ہے۔

کھانسی کے علاوہ جب سر میں بوجھ محسوس ہوتا ہو۔ کھانسی کے دوران ایسا محسوس ہو کہ گلا اندر سے پھٹ گیا ہے اور نگلنے میں درد ہو۔ گلا اور ناک کے اندر کی خون کی نالیاں جب پھول جائیں۔ کانوں میں گھنٹیاں بجنے کی آوازیں آئیں اور بلغم کے ساتھ کبھی کبھار سیاہ رنگ کا خون آئے تو یہ مفید ہے۔

ہومیوپیتھی میں صعتر ایک دوسری شکل میں یعنی اپنے کیمیاوی عامل THYMOL کے نام سے بھی مستعمل ہے۔

مقائی مول بنیادی طور پر ان تمام جنسی بیماریوں کا علاج ہے جن میں پیشاب کی نالیوں میں خون کی گردش سست پڑنے کے باعث خون کا ٹھہراؤ ہو جائے اس کیفیت کو —— POST URETHRAL CONGESTION کہتے ہیں۔ برطانوی ماہرین نے اسے —— VERUMONTINITIS کا نام بھی دیا ہے۔ اطباء جدید اس کے علاج میں پیشاب کی نالی کے اندر آر جیرول یا سلور نائٹریٹ کی پچکاری لگانے کا تکلیف دہ عمل کرتے ہیں۔ کیونکہ اس تکلیف کی وجہ سے جریان۔ سرعتِ ازال اور کثرتِ احتلام ہوتے ہیں اور تکلیف پرانی ہو تو نامردی کا باعث بنتی ہے۔ ہومیوپیتھی میں اتنے لمبے سلسلہ کی بجائے مقائی مول کھائے کو دی جاتی ہے۔

اس کے استعمال کے دوسرے اہم مواقع جسم اور دماغ میں مسلسل تھکاوٹ جب مریض محفلوں میں شرکت کو پسند کرتا ہے۔ مگر خود پسند، رات کو ہیجانی خواب اور بار بار ذہنی کجروی کے خیالات کے بعد احتلام کی کثرت۔ کمر میں درد ہوتا ہے۔ کمر اکڑی سی رہتی ہے۔ پیشاب بار بار آتا ہے اور اس میں یوریٹ زیادہ مقدار میں ہوتے ہیں۔ پیشاب جلن کے ساتھ آتا ہے اور فراغت کے بعد بھی قطرے ٹپکتے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

رہتے ہیں۔ نالیوں میں خیزش کی وجہ سے جنی انتشار معمول سے زیادہ ہوتا ہے۔ مریض جب صبح نیند سے بیدار ہوتا ہے تو وہ تازہ دم ہونے کی بجائے تھکا ہوا۔ اور پژمردہ ہوتا ہے۔

تقائی عمل کے استعمال سے پیٹ میں موجود خون چوسنے والے کیڑے بھی مرجاتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

قسط ــــ قسط البحری

SAUSSAUREA LAPPA

اسے انگریزی میں COSTUS — ویدک میں پُشکارا۔ اُردو اور ہندی میں قسط۔ کُست۔ میٹھی کوٹھ کہتے ہیں۔ اطبا نے لکھا ہے کہ اس کا پودا دو میٹر تک بلند ہوتا ہے۔ لیکن یہ عام طور پر گلو۔ پان اور عشق پیچہ کی طرح زمین پر رینگنے والا پودا ہے جو کہ پانچ ہزار فٹ سے زیادہ بلندی پر دریاؤں کے کنارے مرطوب جنگلات میں پایا جاتا ہے۔ کوہ ہمالیہ کی ترائی میں وہاں سے نکلنے والے دریاؤں کے ساتھ ساتھ قسط کے پودے ہندوستان کے شمال مغرب اور شمال مشرق میں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ اس کے بڑے بڑے وندانے دار پتے ہوتے ہیں۔ اس پودے کی جڑیں دواؤں میں استعمال ہوتی ہیں۔ یہ جڑیں ستمبر اور اکتوبر کے درمیان کاٹ کر نکال لی جاتی ہیں۔ بلندیوں سے چخروں اور مزدوروں پر لاد کر اتاری جاتی ہیں۔ پھر ان کے دو دو انچ لمبے ٹکڑے کر لیے جاتے ہیں۔ وہ اسی صورت میں میٹھی کی طرح کی سفید گانٹھیں ہیں جبکہ خوشبودار بھی ہیں بازار میں ملتی ہیں۔ نباتاتی لحاظ سے سوسار یا خاندان کے متعدد افراد ہیں۔ مگر ان میں علاج کے لیے صرف یہی قسم استعمال ہوتی ہے۔ جن دنوں اس کی جڑیں کاٹی جاتی ہیں سارا جنگل خوشبو سے مہک جاتا ہے۔ آزاد کشمیر میں دریائے جہلم اور دریائے چناب کے کناروں کے ساتھ یہ پودا بڑی کثرت سے پایا جاتا ہے۔ وہاں کے مزدور اور گوجر سردی کے موسم میں ٹھنڈک سے بچنے اور کمزوری کو رفع کرنے کے لیے قسط کا حلوہ بنا کر کھاتے ہیں۔

اس دوائی کو اصل شہرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ گرامی سے حاصل ہوئی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ارشاداتِ نبوی ﷺ

حضرت زید بن ارقم رضؓ روایت فرماتے ہیں۔

امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ان نتداوی من ذات الجنب بالقسط البحری والزیت

(ترمذی، مسند احمد، ابن ماجہ)

(ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ہم ذات الجنب

(پلورسی) کا علاج قسط البحری اور زیتون کے تیل سے کریں)

حضرت انس بن مالک رضؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اَنَّ امثل ما تداویتم بہ الحجامۃ

والقسط البحری

(بخاری، مسلم، مسند احمد، ترمذی، النسائی، موطا امام مالک)

(وہ چیزیں کہ جن سے تم علاج کرتے ہو ان میں سے پچھنے لگانا

اور قسط البحری بہترین علاج ہیں)

حضرت انس بن مالک رضؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لا تعذبوا صبیانکم بالغمز من العذرۃ وعلیکم

بالقسط (بخاری، مسلم)

(اپنے لڑکوں کو حلق کی بیماری میں گلا دبا کر عذاب نہ دو

جبکہ تمہارے پاس قسط موجود ہے)

حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا۔

ولیکن لا تقتلن اولادکن ایما امراۃ

کانت یا تیھا العذرۃ او وجع براسہ فلتا

خذ قسطا ھندیا فلتحکہ بالماء ثم تسعطہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

ایاہ (مستدرک الحاکم۔ الشاشی۔ ابن الفرات)

(اے عورتو! تمہارے لیے مقام تاسف ہے کہ تم اپنی اولاد کو خود قتل کرتی ہو۔ اگر کسی کے بچے کے گلے میں سوزش ہو جائے یا سر میں درد ہو تو وہ قسط ہندی کو لے کر پانی میں رگڑ کر اسے چٹا دے)

حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لاتحقن حلوق اولادکن علیکن بقسط هندی و ورس فاسعطیه ایاہ (مستدرک الحاکم)

(اپنے بچوں کے حلق مت جلاؤ۔ جب کہ تمہارے پاس قسط ہندی اور ورس موجود ہیں۔ ان کو یہ چٹا دیا کرو)

حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ سے ابونعیم۔ ابن السنی اور مصنف عبدالرزاق نے یہی مضمون اور مفہوم کی پانچ اور حدیثیں بھی روایت کی ہیں جن میں الفاظ یہ معمولی ردوبدل کے ساتھ یہی نسخہ بیان ہوا ہے۔

حضرت ام قیس بنت محصن رضؓ بیان کرتی ہیں۔

دخلت بابن لی علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وقد اعقلت عنه من العذرة فقال علی ما تدغرن اولادکن بهذا العلاق علیکن بهذا العود الهندی فان فیه سبعة اشفیه منها ذات الجنب یسعط من العذرة ویلد من ذات الجنب (بخاری)

(میں اپنا بیٹا لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئی۔ اسے عذرہ کی شکایت تھی۔ اس کے ناک میں بتی پڑی تھی اور گلا دبایا گیا تھا۔ حضور اس پر فرمایا کہ تم اپنے بچوں کو کیوں اذیت دیتے

Digitized by eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection of Adovcate Showkat

ہو۔ جبکہ تمہارے پاس یہ عود الہندی موجود ہے۔ جس میں سات بیماریوں سے شفا ہے۔ جن میں ذات الجنب بھی ہے۔ ذات الجنب میں یہ کھلائی جائے جبکہ نمونیہ میں چٹائی جائے۔

امام بخاریؒ کو یہ روایت سفیان سے ملی جنہوں نے زہری اور عبید اللہ کی مساعدت سے اسے ام قیس سے روایت کیا۔ زہری کہتے ہیں کہ مجھے سات میں دو بیماریوں کا نام یاد رہا انہوں نے شاید بقایا سات بیان نہیں کیں۔

بخاری کی تمام روایات میں دوائی کا نام عود الہندی مذکور ہے۔ جبکہ دیگر تمام کتابوں میں دوائی کا نام قسط الہندی یا قسط البحری مذکور ہے۔ عود الہندی بالکل مختلف چیز ہے جسے "اگر" بھی کہتے ہیں۔ علامہ انور شاہ کاشمیریؒ نے اس حدیث کی تفسیر میں قرار دیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد قسط الہندی ہی ہے۔ اسی ضمن میں مصری عالم محمود ناظم النسیمی نے بھی جرح اور بحث کے بعد علامہ کشمیری کے استدلال کو درست قرار دیا ہے۔ بخاری نے یہی حدیث صدقہ بن فضل کی معرفت زہری اور عبید اللہ بن عبداللہ سے بیان کی ہے جس میں الفاظ کا کچھ فرق ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سلسلہ روایت میں زہری یا عبید اللہ قسط الہندی اور عود الہندی میں گڑبڑا گئے ہیں۔ یہی روایت ام قیس بنت محصنؓ سے دوسری جگہ یوں مروی ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علیکم بالعود الہندی یعنی بہ الکست فان فیہ
سبعۃ اشفیۃ منہا ذات الجنب۔ (ابن ماجہ)

(یہاں پر راوی عود الہندی بیان کرنے کے بعد اس کی تشریح میں کست قرار دیتے ہیں جبکہ ام قیسؓ کی ایک اور روایت جو کہ ابن ماجہ ہی نے بیان کی ہیں دوائی کا نام عود الہندی ہے۔ اس روایت کے بعد تو معلوم ہوتا ہے کہ محترمہ ام قیسؓ ہی دوائی کے نام کا مخمصہ کر گئیں حضرت جابر بن عبداللہؓ روایت فرماتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل علی
عائشۃ وعندھا صبی یسیل منخراہ دماً فقال:
ماھٰذا؟ قالوا انہ العذرۃ؟. قال اویلکنّ
لاتقتلن اولادکنّ. ایما امراۃ اصاب ولدھا
العذرۃ او وجع فی راسہ فلتاخذ قسطاً
ھندیاً فلتحکہ ثم تسعطہ به، فامرت عائشۃ
فصنعت ذالك به فبرأ. (مسلم)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضؓ کے گھر میں داخل ہوئے تو ان کے پاس ایک بچہ تھا جس کے منہ اور ناک سے خون نکل رہا تھا۔ حضورؐ نے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ جواب ملا کہ بچے کو عذرہ ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اے خواتین تم پر افسوس ہے کہ اپنے بچوں کو یوں قتل کرتی ہو۔ اگر آئندہ کسی بچے کو حلق میں عذرہ کی تکلیف ہو یا اس کے سر میں درد ہو تو قسط ہندی کو رگڑ کر اسے چٹا دو۔ چنانچہ حضرت عائشہ رضؓ نے اس پر عمل کروایا اور بچہ تندرست ہو گیا)

مسلم کی اس روایت میں بچے کی بیماری اور اس کی پوری تفصیل موجود ہے۔ یہ روایت جابر عبداللہ رضؓ کی ان روایات کی مکمل صورت معلوم ہوتی ہے — جو ابن السنی۔ الشامی۔ مستند الحاکم اور ابونعیم نے ان سے اس باب میں بیان کی ہیں۔ اس روایت کو محمد احمد ذہبی نے صحیح قرار دیا ہے

محدثین کے مشاہدات

روایات میں قسط کا ذکر بطور ہندی اور البحری آیا ہے۔ اس لیے محدثین نے اسے قسط کی اقسام فرض کر لیا بلکہ ابن البیطار بھی اس کے بیان میں مغالطہ کھا گیا۔ کیونکہ یہ ہندی دوائی تھی جس میں علاقہ کی وجہ سے رنگ میں معمولی فرق نظر آجاتا ہے۔ بخاری اور مسلم کے عظیم مترجم نواب وحید الزماں نے قسط البحری

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

سے وہ قسم مراد لی ہے جو سمندر سے آتی ہے۔ وہ نام کے ساتھ بحری کی نسبت سے متاز ہو گئے۔ حالانکہ یہ پودا سمندروں کے کھارہ پانی کے پاس نہیں ہوتا۔ یہ بلندی اور ٹھنڈک میں پرورش پاتا ہے۔

ابن القیم کہتے ہیں کہ اس کے فوائد بیش بہا اور لاجواب ہیں۔ یہ بلغم کو نکال کر آئندہ کی پیدائش کو روک دیتی ہے۔ زکام کو ٹھیک کر دیتی ہے۔ اگر اسے پیا جائے تو معدہ اور جگر کی کمزوری کو دفع کرتی ہے۔ زہروں کی تریاق ہے۔ چوسنے کے بخار میں مفید ہے۔ اگر اسے شہد اور پانی میں حل کر کے رات کو چہرے پر لگایا جائے تو چہرے کے داغ اتار دیتی ہے۔ جالینوس نے اسے کزاز اور پیٹ کے کیڑوں میں مفید پایا۔

ابن القیمؒ بیان کرتے ہیں کہ بعض جاہل طبیب اس کے ذات الجنب میں اثر سے انکار کرتے ہیں۔ یہ ان کی اپنی کم علمی کی علامت ہے۔ وہ ایک طرف یہ مانتے ہیں کہ یہ کھانسی اور بلغم میں مفید ہے۔ بخار کو اتار دیتی ہے اور دوسری طرف ذات الجنب میں اس کی افادیت سے منکر ہیں۔ اطباء کی اکثریت دواؤں کے اثرات اور علاج کو اپنے قیاس سے مرتب کرتی ہے۔ جبکہ ان کے پاس اپنی رائے کی تصدیق کا کوئی یقینی ذریعہ نہیں ہوتا۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ آج تک اکثر بیماریوں کا علاج اور اصول علاج لوگوں کی بھلائی کے لیے پیغمبر بتاتے رہے ہیں اور اطباء کو جو کچھ بھی معلوم ہے۔ وہ انہوں نے اس ذریعہ سے حاصل کیا ہے۔ بلکہ ان کے علم کی اساس یہی ہے۔ اس میں بعض مشاہدات اور مفروضوں کا اضافہ کر کے علم طب بنایا گیا ہے جبکہ انبیاء علیہ السلام کا بتایا ہوا علاج وحی الٰہی پر مبنی ہوتا ہے اور اس میں کسی غلطی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ جو طبیب اس میں غلطی نکالتا ہے وہ خود غلط ہے۔

(اتفاق کی بات ہے کہ اتنی مدت گزر جانے اور تجربات کا طویل عرصہ میسر آنے کے باوجود آج بھی علم الادویہ کی اکثر کتابوں میں قسط کو پھیپھڑے کی بیماریوں کے لیے مفرد بیان کیا گیا ہے۔ جبکہ انہی کتب میں اسے سانس کی نالیوں کی سوزش کے لیے کیرا لکھا جاتا ہے)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

امام ذہبی لکھتے ہیں کہ یہ فالج میں مفید ہے۔ قوتِ باہ میں اضافہ کرتی ہے۔ سانپ کے زہر کا تریاق ہے۔ اس کا سونگھنا زکام میں مفید ہے۔ اور اس کا تیل کمر درد میں مفید ہے۔

احادیث میں اس کا ذکر پچھنے لگانے کے ساتھ ملتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پچھنا بہترین علاج ہے اور اگر کوئی ایسا نہ کر سکے تو پھر قسط کو استعمال کرے۔

عذرہ اصل میں حلق کے اندر واقع لوزتین کی سوزش ہے۔ جب ان میں پیپ پڑ جاتی ہے اور خواتین زمانہ قدیم سے حلق میں انگلی ڈال کر ان کو دبا دیتی تھیں۔ اس طرح دبانے سے ان میں سے خون اور پیپ نکلتے ہیں اور بچہ بڑی تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے۔ (یہ پیپ اور خون اگر سانس کی نالیوں میں داخل ہو جائے تو سانس بند کر سکتا ہے یا یہ سوزشی مواد وہاں پر نمونیہ کا باعث ہو سکتا ہے)

ذات الجنب کی دو قسمیں ہیں۔ ان میں اگر گوم گوم دو عن زیتون کے ساتھ قسط دی جائے۔ تو فوری فائدہ ہوتا ہے۔

مسیح کہتے ہیں کہ قسط اعضاء جسمانی کو قوت دیتی ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے۔ ورم زائل کرتی ہے اور ذات الجنب میں مفید ہے۔ مسیح وہ جید حکیم جس کا ذکر ابن البیطار نے بڑی عقیدت کے ساتھ اپنی جامع الکبیر میں کیا ہے۔

قسط البحری تنفسی طور پر امراض تنفس میں مفید ہے اور بلغم کو خارج کرتی ہے۔

کیمیاوی ساخت

اس کی جڑوں میں خوشبو دار عنصر دو قسم کے بیروزوں اور ایک الکلائیڈ پر مشتمل ہے۔ اس میں VALERIC ACID ایک قابض عنصر جلانے پر راکھ میں مینگنیز پایا جاتا ہے۔ اس کی جڑوں سے نکالے ہوئے تیل کے تجزیہ پر یہ اجزاء معلوم ہوئے۔

CAMPHENE ۰.۰۴٪

PHELLANDRENE ۰.۴٪

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

TERPENE ALCOHOL	۰٫۲٪
A-COSTENE	۶٫۰٪
B-COSTENE	۶٫۰٪
APLOTAXENE	۲۰٪
COSTOL	۷٪
DI-HYDROCOSTUS LACTONE	۱۵٫۰٪
COSTUS LACTONE	۱۰٪
COSTIC ACID	۱۴٪

(AFTER SAMMLER AND FELDSTEIN)

اس کے علاوہ کلکتہ کے آسوتوش دت ۔ گھوش اور رنجن چٹرجی نے جڑوں کا یوں تجزیہ کیا ہے ۔

AROMATIC ODOUR FACTOR	۱۵٪
GLUCOSIDE SAUSSURINE (ALKALOID)	۰٫۵٪

جبکہ اس کے پتوں میں الکلائیڈ ساسوورین نہیں ہوتی ۔ شاید اسی لیے پتوں سے علاج نہیں کیا جاتا ۔ ان اجزاء کے علاوہ اس میں میروزہ ۔ ایک کڑوا عنصر ۔ قلمی شورہ اور مٹھاس پائے جاتے ہیں ۔ چوپڑانے اس کے الکلائیڈ سوساورین میں ٹارٹرک ایسڈ ملاکر جو تجربات کیے ہیں انہوں نے اس دوائی کے جملہ اثرات کو نمایاں کیا ہے ۔

اطبائے قدیم کے مشاہدات

اطبائے سلف نے اسے چار قسموں میں بیان کیا ہے ۔ عربی قسط زردی مائل خوشبودار اور شیریں ہوتی ہے ۔ رومی قسط کا رنگ شمشاد کی لکڑی کی طرح ہوتا ہے اس کی تیز ۔ شامی قسط سیاہی مائل ایلوے جیسی خوشبو اور بوعلی سینا نے اسے قسط کی بجائے قرنفل قرار دیا ہے ـــــ ہندی قسط اندر سے زرد ۔ خوشبو کم اور وزن میں ہلکی ہوتی ہے ۔ تذکرۃ الہند میں بھی قسط کو سعد و اقسام میں بیان کیا گیا ہے جبکہ پاکستان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

میں ہونے والی قسط کی ہیئت علاقہ پر منحصر ہے۔ وادیٔ نیلم کی قسط گہرے رنگ کی بو کے لحاظ سے تیز جبکہ گلگت۔ بھمبر کی قسط سفید اور خوشبودار ہوتی ہے۔

قسط کی جو قسم اندرونی استعمال میں آتی ہے وہ شیریں ہے۔ تلخ کو خماد میں برتا جاتا ہے مگر اس عمل میں بھی شیریں اس سے بہتر ہے۔ یہ ریاح کو خارج کرتی ہے۔ اورام کو تحلیل کرتی ہے۔ سردی کی دردوں کو مفید ہے۔ اس غرض کے لیے اس کا تیل بنا کر لگانا بھی مفید ہے۔ کیونکہ یہ پٹھوں کو طاقت دیتی ہے۔ دماغ اور اعصاب کو قوت دیتی ہے۔ دماغی بیماریوں خاص کر فالج۔ لقوہ۔ تشنج اور رعشہ میں مفید ہے۔ پیٹ کے کیڑے مار دیتی ہے۔ اس کو شہد یا قند کے ساتھ جوش دے کر کھانے سے جسم کے اندر کے سدّے کھل جاتے ہیں۔ پیشاب اور حیض کی بندش کو کھولتی ہے۔ مفرح اور ملطف ہے۔ بلغمی سردرد کو نافع ہے۔ رحم کا درد جاتا رہتا ہے۔ دل۔ جگر اور طحال کو تقویت دیتی ہے۔

ویدک طب کے مطابق قسط مقوی باہ ہے۔ بادی اور بلغمی بیماریوں کو ٹھیک کرتی ہے۔ یہ کھانسی میں مفید ہے۔ بلغم اور دمہ میں مفید ہے۔ ہیضہ کے بعد اعضا کی سستی کو دور کرنے کے لیے قسط کا جوشاندہ شہد ملا کر دینا مفید رہتا ہے ضعف ہضم کو دور کرنے کے لیے قسط کے ساتھ سونٹھ اور سیدھے کے بیج پیس کر نصف چمچہ پھانک لیتے ہیں۔ اس کا سفوف دگنے شہد میں ملا کر چاٹنے سے دمہ کے دورہ اور شدید کھانسی کو کم کرتا ہے۔

زمانہ قدیم بلکہ عہدِ رسالت میں بھی خواتین ماہواری سے فراغت کے بعد اپنے جسم کو قسط سے دھوتی تھیں۔ جس سے جسم کی اندرونی غلاظت دور ہو جاتی تھی۔

اطباء قدیم نے قسط کے بیرونی استعمال سے کثیر فوائد کا تذکرہ کیا ہے۔ جن میں قسط کا تیل ایک اہم نسخہ ہے۔

قسط شیریں ۱۵ گرام کو ۲۴ گھنٹے تک سرخ شراب یا الکحل میں بھگو کر اس میں ۳۰ ½ گرام روغنِ زیتون ملا کر ان کو کسی آنچ پر پکائیں۔ جب الکحل اڑ جائے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

تو اسے اتار کر چھان لیں یہ تیل اعضاء کو طاقت دینے میں مالش کے لیے اور بلغمی کھانسی میں پینے کے لیے مفید ہے۔ یہ تیل گنجے پر لگانے سے بال اگنے کا امکان ہے۔ ویسے بالوں کو مضبوط کرتا ہے۔

قسط کو پانی میں گھس کر لگانے سے چھیپ دور ہو جاتی ہے۔ پسی ہوئی قسط کو بال کھینچ کر جڑ پر ملنے سے دوبارہ بال نہیں اگتے۔ قسط کو شہد میں ملا کر چہرے پر لیپ کرنے سے کلف اور جھائیں کے داغ مٹ جاتے ہیں۔ قسط کا جوشاندہ پکا کر اس کے نیم گرم پانی میں پھٹے ہوئے ہاتھ پیر ڈبونے سے ان کو فائدہ ہوتا ہے۔ سرکہ میں قسط کو حل کر کے لگانے سے داد دور ہو جاتی ہے۔

گائے یا بکری کے دودھ میں قسط کو جوش دیکر یہ دودھ درد والے پٹھوں پر ملنے سے ان کی اینٹھن دور ہو جاتی ہے۔ قسط کی دھونی کمروں سے سیلن کی بدبو کو رفع کرتی ہے۔

طب یونانی کے مشہور مرکبات جوارش جالینوس۔ دوا المسک اور تریاق ثانیہ کا ایک اہم جزو قسط شیریں بھی ہے۔

اطبائے جدید کے مشاہدات۔

مقامی طور پر جاذب خون۔ مصفی خون اور دافع تعفن ہے۔ اس لیے امراض جلد خاص کر بقہ۔ کلف بہق۔ داد میں مفید ہے۔ کپڑوں کو کیڑوں سے محفوظ رکھنے کے لیے کشمیر کے لوگ اونی پارچات میں قسط رکھتے ہیں اور کپڑے محفوظ رہتے ہیں۔

اندرونی طور پر منفث بلغم۔ دافع تشنج۔ اور مقوی اعصاب ہونے کی وجہ سے سعال۔ سعال شجی۔ ذمہ۔ فالج۔ لقوہ اور ضعف اعصاب میں مفید ہے۔

قسط کو چینی طب میں بڑی مقبولیت حاصل ہے۔ یورپ میں بھی لوگوں نے اس کے فوائد اور کیمیاوی حیثیت پر خاصی محنت کی ہے۔ ان کے تجربات علیحدہ پیش کیے جا رہے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

بھارت اور یوروپ کے مشاہدات۔

اس کے اجزائے ترکیبی میں فرازی تیل۔ گلوکوسائیڈ اور الکلائیڈ اپنے اثرات رکھتے ہیں۔ ان کے علیحدہ فوائد یوں ہیں۔

فرازی تیل ESSENTIAL OIL کاسر الریاح۔ دافع تعفن اور جراثیم کش ہے۔ یہ پیپ پیدا کرنے والے جراثیم مثلاً STREPTOCOCCUS E-COLI - STAPHYLOCOCCUS کو فوراً ہلاک کر دیتا ہے۔ یہ بلغم کو نکالتا اور غیر ارادی عضلات سے اینٹھن کو دور کرتا ہے۔ اور دل کے عضلات کے لیے مقوی ہے۔ اسے اگر ایک ہزار گنا پانی میں حل کر کے پیچش پیدا کرنے والی کیڑوں پر ڈالا جائے تو ان کو دس منٹ میں ہلاک کر سکتا ہے۔ اگر اس تیل کو پتلا کر کے اس کا ٹیکہ وریدمیں لگایا جائے تو سانس کی نالیوں کو کھول دیتا ہے۔ یہی ٹیکہ بلغم نکالتا اور پیشاب کھول کر لاتا ہے۔ چونکہ اس کا جسم سے اخراج پیشاب کے ذریعہ ہوتا ہے اس لیے مقامی طور پر جلن اور خیزش پیدا کر سکتا ہے۔

خالص تیل پینے سے معدہ میں جلن اور قے ہوتی ہے۔ اس کا دھواں عصبی نظام کے لیے مضعف ہے۔ تیل سے بھی چکر۔ گھبراہٹ اور غنودگی طاری ہوتی ہے۔

قسط سے نکلنے والی الکلائیڈ کا نام SAUSSURINE ہے۔ اسے دینے سے جانوروں کی سانس کی نالیاں فوراً کھل جاتی ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کے یہ اثرات دماغی اعصاب کے علاوہ نالیوں کے اپنے عضلات کے ذریعہ ظاہر ہوتے ہیں۔ اپنے اثرات کے لحاظ سے یہ دمہ کا دورہ توڑنے والی مشہور دوائی ADRENALINE سے مشابہت رکھتی ہے۔ مگر اس کا اثر جلد شروع نہیں ہوتا اور جب شروع ہو جائے تو پھر کافی دیر تک جاری رہتا ہے۔ اس دوائی کا انجکشن مریض کے بلڈ پریشر میں وقتی اضافہ کا باعث ہوتا ہے۔ خیال یہ ہے کہ اس کا یہ اثر دل کے عضلات پر براہِ راست ہوتا ہے خاص طور پر دل کے بطن یا VENTRICLES زیادہ طاقت سے جسم کو خون روانہ کرتے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ہیں۔ اس کے ساتھ اگر فرازی تیل کو بھی شامل کر لیا جاتے تو بلڈ پریشر کے بڑھنے کے ساتھ سانس کی نالیاں کھل جاتی ہیں۔ یہ دل کے عضلات کے لیے یقیناً مقوی ہے اور اس کے اثر کے تحت دل کے ناکارہ عضلات بھی پھر سے کام کرنے لگ جاتے ہیں۔

انڈین میڈیکل گزٹ نے نومبر ۱۹۲۴ء میں اس پر مشاہدات کی اشاعت میں قرار دیا کہ قسط کی جڑوں کا سفوف اگرچہ بدمزہ ہوتا ہے مگر دمہ کے دوروں کو کم کر دیتا ہے۔ یہ سفوف کاسر الریاح۔ قاطع کرم شکم۔ مقوی۔ دافع قبض۔ اور مقوی باہ ہے۔ تپ دق۔ بھوک کی کمی اور یرقان میں اس کا استعمال کرنل چوپڑا نے مفید پایا۔

ہیضہ کے لیے	قسط	الائچی خورد	پانی
	۳ گرام	۱ گرام	۳۲ گرام۔ کو پکا کر دینا

مفید ہے۔ یہ کمزوری کو دور کرنے کے علاوہ آنتوں کے جراثیم کو بھی ہلاک کر دیتا ہے۔ اس کی خوراک ہر گھنٹہ کے بعد ایک بڑا چمچہ ہے۔ ہچکی۔ گنٹھیا۔ کوڑھ اور پرانے ملیریا بخار میں قسط کا سفوف مفید پایا گیا۔ چینی طبیب یقین رکھتے ہیں کہ اس کو کھانے اور لگانے سے سفید بال سیاہ ہو جاتے ہیں۔ چین میں قسط کے ساتھ کستوری ملا کر دانت درد پر لگاتے ہیں۔ بھارتی ماہرین نے خالص قسط کا منجن بھی دانتوں کی بیماریوں میں مفید پایا ہے۔

قسط کا سفوف سر کو دھونے کے لیے مفید دوائی ہے۔ اسے زخموں پر لگانے سے جراثیم ہلاک ہو جاتے ہیں اور ان کے مندمل ہونے کا عمل تیز ہو جاتا ہے۔

ضیق النفس (دمہ) میں کرنل چوپڑا نے قسط کے سفوف کو ۱۰٪ الکحل میں اچھی طرح ہلا کر چھان لیا۔ پھر اس سے الکحل کا بیشتر حصہ اڑا کر اس مصفا سفوف کا ایک گرام دن میں تین مرتبہ پانی کے ساتھ دیا۔ اس نسخہ کو استعمال کرنے والے مریضوں کو رات میں دمہ کا دورہ نہ پڑا اور جن کو پڑا بھی ان کو اس وقت اس کی ایک اضافی خوراک دی گئی جس سے دورہ اسی وقت ختم ہو گیا۔ مریضوں کو یہ دوائی طویل عرصہ تک مسلسل دی جاتی رہی جس سے کوئی ناخوشگوار نتیجہ برآمد نہ ہوا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اس سے قیاس کیا جاتا ہے کہ اسے ایک لمبے عرصہ تک دینا مضر صحت نہیں۔
قسط کے مسلسل استعمال کے دوران کہ نل چوپڑانے محسوس کیا ہے کہ جسم یا جراثیم اس کے عادی نہیں ہوتے۔ اس لیے مریض کو علاج کے دوران دوائی کی مقدار بڑھانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

بھارتی ماہر ادویہ مذکارنی نے اس کے اثرات کا خلاصہ کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ قسط مقوی باہ ہے۔ سکون آور ہے۔ دماغ کے لیے مقوی ہے۔ دل اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ اسے پانی یا سرکہ میں گھول کر اگر سر پر لگا لیا جائے تو سر درد کو بھی دور کر دیتی ہے۔

ضیق النفس۔ دمہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قسط کے جن فوائد کا تذکرہ فرمایا ان میں دمہ شامل نہیں۔ محدثین نے اس کے محرّض بلغم ہونے کا تذکرہ کیا ہے۔ وہ یہ بھی بتاتے ہیں کہ اس سے سانس کی نالیوں کی سوزش ختم ہو جاتی ہے۔ مگر وہ دمہ کا ذکر براہِ راست نہیں کرتے۔ چونکہ ام قیسؓ کے ذریعہ اس کے سات بیماریوں میں فوائد کا پتہ چلتا ہے اس لیے بقیہ پانچ کو تلاش کرنا بھی ہماری ذمہ داری تھی۔ اطبار قدیم میں اسماعیل جرجانی نے سانس کی تنگی میں اس کی افادیت کا تذکرہ کیا ہے۔ کرنل چوپڑا نے اس کو براہِ راست دمہ میں استعمال کر کے یہاں تک معلوم کیا ہے کہ اس کی خوراک کھانے سے اس رات دمہ کا دورہ نہیں پڑتا۔ یہ سانس کی نالیوں سے انقباض کو دور کرتی ہے۔

ابن القیمؒ نے حرف (حب الرشاد) کے فوائد میں سانس کی نالیوں کو وسعت دینے کا ذکر کیا ہے۔ اسی طرح کلونجی کو پرانی کھانسی میں مفید بتایا گیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے علبہ کے فوائد کو لاانتہا قرار دیا۔ ان معلومات کی روشنی میں یہ نسخہ ترتیب دیا گیا ہے۔

قسط شیریں	۳۰ گرام
حب الرشاد	۱۰ گرام
کلونجی	۵ گرام

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

تخم خلبسہ ۳ گرام

ان تمام ادویہ کو پیس کر چار گرام صبح شام کھانے کے بعد دیا گیا ۔ اس کے ساتھ ابلتے پانی میں شہد۔ بیماری کی شدت کے مطابق۔ زیتون کا تیل اور دن میں چھ سات دانے خشک انجیر بھی دیئے گئے۔ جہاں خشک کھانسی بار بار آرہی تھی ان مریضوں کو نسخہ میں ۲ گرام تخم ہندبا کا اضافہ کیا گیا۔ عام طور پر سبھی مریض بہتر ہوتے گئے۔ جن مریضوں نے اس کے باوجود بہتری کا مظاہرہ نہ کیا ان کا نسخہ مختصر کیا گیا۔

قسط شیریں ۴۰ گرام

حب الرشاد ۱۰ گرام

مقدارِ خوراک حسبِ سابق ۴ گرام صبح۔ شام دکھی گئی۔

کنول چوپڑا نے اگرچہ دمہ کے سلسلہ میں خوشگوار نتائج کا ذکر کیا ہے بگڑوہ مکمل علاج کے بارے میں مشتبہ ہے۔ اس کی غلطی یہ رہی کہ وہ پوری طرح قسط شیریں پر بھروسہ کرتا رہا۔ ہم نے اس کے ساتھ سانس کی نالیوں کو کھولنے والی دیگر ادویہ کے ساتھ جب شہد اور زیتون کے تیل کا اضافہ کیا تو ہمارے نتائج ان سے زیادہ بہتر رہے کیونکہ چوپڑا اپنی ذات پر بھروسہ کر رہا تھا اور ہمارے تجربات میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہونے والی طب کی برکت شامل تھی۔

تپ دق

زید بن ارقم رض کی روایت اور ام قیس رض بنت محصن رض سے اس کی تائید مزید کے بعد قسط اور زیتون کے تیل کا مرکب پلورسی کے لیے مفید ہونا چاہیئے۔ جدید تحقیقات سے یہ ثابت ہے کہ پلورسی تپ دق ہی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ امام محمد بن عیسیٰ ترمذی نے ذات الجنب کی تشریح میں بھی قرار دیا ہے کہ یہ تپ دق کی قسم ہے۔ اس لیے اس مرکب کا تپ دق میں مفید ہونا۔ ایک لازمی نتیجہ ہے۔ زیتون کے تیل کے بارے میں ارشاد نبوی موجود ہے کہ یہ جن ستر بیماریوں میں بھی مفید ہے ان میں جذام بھی ہے۔ علم الجراثیم اور علم الامراض کے مطابق جذام اور تپ دق کے جراثیم ایک

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دوسرے سے قریب ترین ہیں۔ ان کی دوائیاں بھی اکثر مشترک ہیں۔ اس لیے زیتون کے تیل کے لیے دق میں بھی مفید ہونا ایک لازمی امر ہے۔

ان بنیادی مشاہدات کے بعد یہ مرکب تپ دق میں استعمال کیا گیا جن مریضوں کو بخار تھا یا بلغم کی زیادتی تھی ان کو ابتدائی امداد کے لیے جدید ادویہ میں سے بھی کوئی ایک وقتی طور پر دی گئیں۔ لیکن ان کا استعمال کسی بھی صورت میں ہفتہ دس سے زائد نہیں رہا۔

تپ دق کے جدید ترین علاج سے یہ بیماری کم از کم نو ماہ میں ٹھیک ہو جاتی ہے۔ جن پھیپھڑوں میں سوراخ کی جسامت ڈیڑھ سنٹی میٹر سے زائد ہو ان میں عرصہ علاج ڈیڑھ سے دو سال تک محیط ہوتا ہے۔ جدید ادویہ سے علاج پر کم از کم تیس روپے روزانہ لاگت آتی ہے۔ اس کے مقابلے میں قسط اور زیتون کا تیل تپ دق پر پہلے مہینے کے بعد ہی واضح اثرات دکھانے لگ جاتے ہیں۔ تین ماہ میں خون کا ESR نارمل ہو جاتا ہے۔ اور چھ مہینے کا ایکسرے چھاتی کے زخموں کو مندمل ہوتا دکھا دیتا ہے۔ اس علاج پر روزانہ پانچ روپے سے بھی کم خرچ آتا ہے۔ چونکہ دق میں جسمانی کمزوری علالت کا اہم حصہ ہے۔ اس لیے ہر مریض کو سنتِ نبویؐ کے مطابق نہار منہ اور عصر کے وقت دو بڑے چمچے شہد بھی دیا گیا۔ مریض کو کھانسی اگر زیادہ رہی تو یہ شہد ابلتے پانی میں دیا گیا۔

آنتوں کی تپ دق میں اس علاج کے فوائد زیادہ جلد ظاہر ہو جاتے ہیں۔ لیکن خنازیر۔ گہ دوں اور فوطوں کی دق میں بھی زیادہ دیر نہیں ہوتی۔ البتہ جلد اور ہڈیوں کی دق میں عرصہ علاج سال کے قریب ہو جاتا ہے۔ مگر اس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں کہ قسط اور زیتون کا تیل دق کا مؤثر اور مکمل علاج ہیں۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ معالج مستند طبیب ہو۔ تاکہ وہ مریض کی صحت کی مناسبت سے اضافے کرنے کا اہل ہو۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

امراضِ حلق

گلے کی دو بیماریاں اکثر اذیت کا باعث ہوتی ہیں۔ گلے کی خرابی اور لوزتین کی سوزش۔ قدرت نے زبان کے آخر میں گلے کے اندر دو سپاہی لوزتین کی صورت نصب کیے ہیں۔ جراثیم اگر منہ کے اندر داخل ہو جائیں تو یہ لوزتین ان کو روک دیتے ہیں۔ اس کوشش کے دوران وہ خود متورم ہو جاتے ہیں۔ گلے کی یہ سوزش بچوں میں بڑی عام ہے۔ کیونکہ ماں کا دودھ پینے کے دوران ماں کی جلد کے جراثیم ان کے منہ میں داخل ہوتے ہیں۔ پھر بازار کا دودھ پئیں تو فیڈر اور نپل کے جراثیم۔ بچے کو چپ کروانے والی چوسنی: بچوں کا انگوٹھا چوسنا اور آخر میں بڑوں کی محبت کی سزا۔ بچے کو پیار کرنے والے اکثر ان کے منہ میں اپنی گندی انگلیاں ڈالتے ہیں جس سے اس کے حلق میں سوزش ہو جاتی ہے۔ لوزتین متورم ہوتے ہیں تو اس سے گلے میں درد۔ بخار اور کھانسی ہوتے ہیں۔ بار بار کی سوزش کے بعد لوزتین میں پیپ پڑ جاتی ہے۔ اب بچہ مسلسل بیمار رہنے لگتا ہے۔ پرانی عورتیں ان بچوں کے گلوں کے اندر انگوٹھا ڈال کر لوزتین کو زور سے دباتی تھیں۔ جس سے خون اور پیپ نکل کر گلا ٹھیک ہو جاتا تھا۔ اس کے بعد ان پر توے کی سیاہی یا کوئی "گھٹی" لگا دی جاتی تھی۔ طب جدید میں وہ گلا جو سال بھر سے زیادہ عرصہ سے خراب ہو اور بچے کو تین بار سے زیادہ بخار ہو چکا ہو اس کا علاج یہ ہے کہ اپریشن کر کے لوزتین نکال دیئے جائیں۔

جب لوزتین نکل جاتے ہیں تو گلے میں جراثیم کے خلاف رکاوٹ ختم ہو گئی اس اپریشن کے بعد یہ بچہ آخر عمر تک ہمیشہ گلے کی خرابیوں اور کھانسی کا شکار رہتا ہے کیونکہ اب جراثیم کو براہِ راست سانس کی نالیوں تک چلے جانے کی چھٹی مل گئی

یہ وہ صورتِ حال تھی جب اذیت میں مبتلا بچہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس دیکھا گیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت کی کیفیت اور بعد کے مسائل کو توجہ میں لاتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ بچوں کے ایسے تکلیف دہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

نہ کیے جائیں جبکہ قسط موجود ہے۔

اس بیماری میں مبتلا ہزاروں بچوں کو قسط کا سفوف صبح شام کھانے کے بعد دیا گیا۔ عام طور پر یہ بچے پندرہ دن میں بہتر ہونے لگتے ہیں اور چھ ہفتوں میں مکمل شفایاب ہو جاتے ہیں۔ چند بچوں میں دیکھا گیا کہ بہتری کا سلسلہ ایک جگہ پر آکر رک گیا۔ اس کا حل ایک حدیث سے یوں سمجھ میں آیا کہ ان کو درس اور قسط یا درس یا قسط دی جائیں۔ چنانچہ جب قسط کے ساتھ درس کی تھوڑی سی مقدار شامل کی گئی تو ہر بچہ تندرست ہو گیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادِ گرامی پر توجہ دی جائے تو اس سے ایک چیز واضح نظر آتی ہے کہ لوزتین کو نہ نکلوایا جائے۔ انہوں نے اس باب میں جس اعتماد کے ساتھ قسط کا ذکر فرمایا ہے۔ وہ اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ یہ دوائی ہر حال مفید اور مؤثر ہو گی۔ اور حقیقت میں بھی ایسا ہی ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کاسنی ـــ ھندبا

CHICORY - CICHORIUM INTYBUS

کاسنی زمانہ قدیم سے غذا اور دوا کے طور پر مقبول چلی آتی ہے۔ یورپ میں زیادہ طور خودرو ہوتی ہے۔ اور وہاں پر جنگلوں میں اگ آنے والی کاسنی کو امراضِ تنفس کے علاج میں بڑی مقبولیت حاصل ہے۔ وہاں کے دوافروش اب بھی جنگلی کاسنی کا شربت SYRUP OF WILD CHICORY کے نام سے فروخت کرتے ہیں جسے بچوں کی کھانسی کے لیے مفید مانا جاتا ہے۔ پاکستان کے شمال مغربی علاقوں۔ بھارت میں بمبئی اور دکن کے علاقوں میں جانوروں کے لیے چارہ کے طور کاشت کیجاتی ہے نیز نیدرلینڈ میں اس کے بیج پونے دو فٹ اونچی میں چھ انچ کے فاصلہ پر بوئے جاتے ہیں۔ فصل چھ ماہ میں پک کر تیار ہوتی ہے اس کے تازہ پتے سلاد کے طور پر کھائے جاتے ہیں۔

کاسنی کے پتے۔ پھول۔ بیج اور جڑیں دوا کے طور استعمال ہوتے ہیں۔ ایک خاص قسم کے ہل سے جڑیں کھودنے کے بعد انہیں چودہ دن تک کھیتوں میں رکھا جاتا ہے۔ اگر اس سے زیادہ رکھیں تو وہ سوکھ کر خوشبو چھوڑ جاتی ہیں۔ جڑوں کو دھوپ یا کڑھائیوں میں بھون کر پیس کر کافی میں ان کی ملاوٹ کرتے ہیں۔ ایسی ملاوٹ شدہ کافی کا آسانی سے پتہ چل سکتا ہے وہ یوں کہ پوڈر کو پانی کے گلاس میں ڈال دیں۔ کافی ہلکی ہونے کی وجہ سے سطح پر تیرتی رہے گی جبکہ کاسنی نیچے بیٹھ جائے گی اور پانی کا رنگ بھی بھورا کر دے گی

عربی میں اسے ہندبا کے علاوہ عرفِ عام میں۔ "بزر الند" کہتے ہیں کیونکہ احادیث میں اس کی خاصی تعریف مذکور ہے۔ اطبا نے اس کی بستان (مزروعہ) قسم کو بہتر قرار دیا ہے۔

احادیث نبویؐ

حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت فرماتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

علیہ وسلم نے فرمایا۔

علیکم بالھندباء فانہ ما من یوم الا وھو یقطر علیہ من قطر الجنۃ (ابو نعیم)

(تمہارے لیے کاسنی موجود ہے۔ کیونکہ کوئی ایسا دن نہیں گزرتا جب جنت کے پانی کے قطرے اس پر نہ گرتے ہوں۔)

اسی بات کو محمد احمد ذہبیؒ نے ابو نعیم ہی کے حوالہ سے یوں بیان کیا ہے۔

کلوا الھندباء ۔ ولا یبغضہ الا۔ فانہ لیس من الایام الا وقطرات من الجنۃ تقطر علیہ۔

(کاسنی کھاؤ مگر اسے جھاڑو مت۔ کیونکہ ایسا کوئی دن نہیں گزرتا جب جنت کے پانی کے قطرے اس پر نہ گرتے ہوں۔)

محمد بن ابوبکر القیمؒ نے ہندباء کی تعریف میں تین احادیث نقل کی ہیں جن کے بارے میں ان کا قیاس مرفوع ہونے کا ہے۔

۱۔ کلوا الھندباء ولا تنفضوہ ۔ فانہ لیس یوم من الایام الا وقطرات من الجنت تقطر علیہ۔

(کاسنی کھاؤ اور اس کے پتوں کو مت جھاڑو۔ کیونکہ ایسا کوئی دن نہیں گزرتا جب جنت کے پانی کے قطرے اس پر نہ گرتے ہوں)

۲۔ من اکل الھندباء ثم نام علیہ : لم یحل فیہ سم ولا سحر۔

(جس نے کاسنی کھائی اور سو گیا۔ اس پر جادو اور زہر بھی اثر انداز نہ ہوگا)

۳۔ ما من ورقۃ من الھندباء

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

الاوعليها قطرة من الجنة

(کاسنی کے پتوں میں سے ایسا کوئی پتہ نہیں جس پر جنت کے پانی کے قطرے نہ گرے ہوں)

محدثین کرام کا اصول ہے کہ وہ حسن اور صحیح احادیث کے علاوہ دیگر پر توجہ نہیں دیتے۔ مگر یہاں کیفیت یہ ہے کہ ایک ہی بات پانچ مختلف ذرائع سے میسر آرہی ہے۔ جب ایک بات کو پانچ مختلف راوی اپنے اپنے انداز میں روایت کر رہے ہیں تو اسے تسلیم کرنا ہی پڑتا ہے اور اسے حسن کہنا پڑیگا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کسی خاص بیماری یا حالات میں تجویز نہیں فرمایا بلکہ اس کی اہمیت کے باب میں اتنی بات بتادی کہ جنت سے پانی کے قطرے روزانہ اس پر گرتے ہیں۔ اس ارشاد کے جو معنی ایک عام قاری کی سمجھ میں آتے ہیں وہ یہ کہ اس کے استعمال میں برکت ہے۔ اسے جس کیفیت میں بھی استعمال کریں مفید ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ اب تک اطباء نے اسے سینکڑوں قسم کی بیماریوں میں آزمایا اور عام طور پر مایوسی نہیں ہوئی۔

محدثین کے مشاہدات

کاسنی کے پتوں کا رس نچوڑ کر بچھو کے کاٹے پر لگانے سے درد اور ورم جاتے رہتے ہیں۔

اس کے پتوں کا رس آنکھوں میں ڈالنے سے موتیا کو فائدہ ہوتا ہے۔

محدث ابن القیم کہتے ہیں۔

"ولبن أصلها يجلو بياض العين"

آنکھ کی سفیدی سے مراد موتیا بند بھی ہوسکتا ہے اور آنکھ کے سامنے والے سیاہ حصہ کے اوپر آنے والی سفیدی جسے اُردو میں پھولا اور پنجابی میں "چٹا" کہتے ہیں ہوسکتے ہیں۔ امکان موجود ہے کہ یہ دونوں میں مفید ہے۔ اطباء قدیم نے اس کے پتے کوٹ کر آنکھ کے اوپر پٹی کی صورت باندھے ہیں اور اس کے پتوں کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

عرق گلاب میں کھرل کر کے سلائی کے ساتھ آنکھوں میں لگایا ہے۔ لیکن محدثین کاکنی کی جڑ کے پانی کو آنکھ میں لگانے کی تجویز کرتے ہیں۔

کاسنی مزاج کو درست کرتی ہے۔ یہ گرمی میں حدت پہنچاتی ہے۔ اور سردی میں ٹھنڈک۔ قابض ہے اور آنتوں میں جلن کو رفع کر کے ٹھنڈک دیتی ہے۔ معدہ کے لیے بہت مفید ہے۔ اگر اس کے پتوں کو پکا کر سرکہ کے ہمراہ کھایا جائے تو پیٹ کی جملہ بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ اس کے پتوں کو کاٹ کر ورم والے مقام پر باندھیں تو سوجن اور خاص طور پر نفرس کی دکھن جاتی رہتی ہے۔

جگر اور مرارہ کے سدے کھولتی ہے۔ خون کی نالیوں سے رکاوٹ دور کرتی ہے۔ جگر اور اس کی نالیوں میں رکاوٹ کی وجہ سے اگر یرقان ہو گیا ہو تو اس کے پتوں کا پانی بڑا مفید ہے۔ اس غرض کے لیے اگر اسے رازیانج اور کھجوروں کے ساتھ ملایا جائے تو فوائد اور بھی بڑھ جاتے ہیں۔

اس کے پتوں کو دھو کر استعمال میں لانا جائز نہیں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پتوں پر جنت کے پانی کے گرنے کی اطلاع دی ہے۔ زہروں کے اثرات کو زائل کرنے میں کاسنی دوسری ادویہ سے زیادہ مؤثر ہے۔ ایک نسخہ کے مطابق اگر اس کے پانی میں زیتون کا تیل ملا لیا جائے تو یہ ہر قسم کی زہروں حتیٰ کہ سانپ کی زہر کا بھی علاج ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات

کاسنی کے پتے قبض کو رفع کرتے ہیں۔ ان کو چبانے سے منہ سے خون نکلنا بند ہو جاتا ہے۔ ۹ ماشہ پتے یا پھول سرد پانی کے ساتھ کھانے سے اندر سے آنے والا خون بھی بند ہو جاتا ہے۔ یہ کھانسی کے لیے مفید نہیں۔ لیکن پیٹ میں نفخ یا جگر میں خرابی کے ساتھ اگر کھانسی بھی ہو تو اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں۔

اگر پیٹ میں سوزش ہو تو جو کے ہمراہ زیادہ مفید ہے۔ اسہال، پیچش اور خون کے دستوں کو روکتی ہے۔ اگر اس کے ساتھ تھوڑی سی سونف اور تخم کنوث

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

شامل کرلیں تو فائدہ بڑھ جاتا ہے۔ بعض اطباء اس نسخہ میں سرکہ کی سکنجبین یا شربتِ بزوری میں شامل کرتے ہیں۔

امراضِ جگر اور مرارہ میں کاسنی کی ہر شکل نہ صرف کہ مفید ہے بلکہ سدّے اور رکاوٹیں کھول دیتی ہے۔ استسقاء میں مفید ہے۔ گردوں اور پیشاب کی نالیوں سے رکاوٹوں کو دور کرتی ہے۔ اس لیے مدرالبول ہونے کے علاوہ پتھریوں کو نکالتی ہے۔

کاسنی کے ہرے پتوں کا پانی سرکہ اور صندل ملا کر ماتھے پر لگانے سے گرمی کا سر درد جاتا رہتا ہے۔ یہی مرکب پتّی اچھلنے اور گرمی دانوں کے لیے تھوڑا سا پانی ملا کر لگانے سے فوری فائدہ کرتا ہے۔ پتوں کے جوشاندہ میں سرکہ اور نمک ملا کر غرارے کرنے سے منہ کی سوزش اور گلے کی سوجن جاتی رہتی ہے۔

کاسنی کے بیج پیس کر صندل اور سونف کے ساتھ ابال کر شربت بنفشہ کے ساتھ پینے سے رات کو نیند خوب آتی ہے۔ اس نسخہ سے پتّہ کا صفرا زائل ہوتا ہے اور منہ سے خون آنا بند ہو جاتا ہے۔

ابنِ زیر کہتا ہے کہ کاسنی کی جڑ کو بچھو کے کاٹے پر پیس کر لگانے سے جلد آرام آجاتا ہے۔

کاسنی کا عرق گردوں اور معدہ کی سوزش کے لیے مفید ہے۔ اس کے پینے سے پیشاب کے ساتھ آنے والا خون بند ہو جاتا ہے۔ پرانے ڈاکٹر جنگلی کاسنی کی جڑوں کے جوشاندہ کو امراضِ معدہ و امعاء میں اکسیر قرار دیتے تھے۔

کیمیاوی ہیئت

جرمن کیمیا دانوں نے ۱۸۲۶ء میں کاسنی کے پھولوں سے ایک جزو عامل — CICHORIN — دریافت کیا جو کیمیاوی طور پر گلوکوسائیڈ ہے۔ پودے کو جلایا جائے تو راکھ سے زیادہ مقدار میں پوٹاسیم۔ تھوڑا سا سوڈیم کیلشیم۔ فاسفورس۔ ایلومینیم۔ سلفورائیڈ۔ کاربونیٹ اور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ریت کے مرکبات ملتے ہیں۔ پودے سے ایک تیل بھی حاصل کیا گیا ہے۔ جو صحیح معنوں میں فرازی نہیں۔ کیونکہ یہ پوری طرح اڑ نہیں جاتا۔ اس تیل میں PALMATIC STEARIC - OLEIC- اور LINOLIC ایسڈ پائے جاتے ہیں۔

پودے کی جڑوں میں MANNITE - TARTARIC ACID —. STEARIN کے علاوہ ایمونیائی مرکبات ہیں BETAINE - CHOLIN پائے جاتے ہیں۔ یہ مرکبات جگر کی اصلاح میں مشہور ہیں۔ جڑوں میں پائی جانے والی INULIN کچھ عرصہ کے بعد INULIDE FRUCTOSE میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ کاسنی کے پودے میں ENZY- MES بھی پائے جاتے ہیں۔ اگرچہ اس میں کڑوے مادے اور لعاب بھی ملتے ہیں مگر اس کے ساتھ فرکٹوس کی مٹھاس بھی ہے۔ جب اسے بھونا جائے تو بعض جوہر اپنی کیمیاوی ہیئت تبدیل کر لیتے ہیں۔ مگر اس میں — DEXTRIN — اور CARAMEL موجود رہتے ہیں۔

اطبا مجدید کے مشاہدات

بستانی کاسنی پیاس کو بجھاتی ہے اور جسم کو توانائی دیتی ہے بڑھی ہوئی تلی۔ بخاروں اور اسہال میں مفید ہے۔ پودے کا بہترین حصہ اس کی جڑ ہے۔ اس میں خوشبو کے علاوہ اسہال کو روکنے کی صلاحیت کے ساتھ پیشاب آور ہے۔

پرانے ڈاکٹر اس کی جنگلی قسم کو دمہ - کھانسی۔ سر درد۔ بھوک کی کمی اور کمزوری میں استعمال کرتے تھے ہیں۔ یہ حیض آور ہے۔ اس غرض کے لیے پودے کے کسی بھی حصہ کا جوشاندہ مفید ہے۔

کاسنی کے استعمال سے پتے سے صفرا کے اخراج میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہاضمہ کی اصلاح کرتی ہے۔ جسم کو تقویت دیتی ہے۔ زیادہ مقدار میں سہل اور پیشاب آور ہے۔ سکافی میں کاسنی ملا کر مسلسل استعمال کرنے سے بینائی خراب ہوتی ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

نہ کاری کے مشاہدہ کے مطابق کاسنی کا سفوف۔ مغز تربوز۔ یا خربوزہ اور سونف ملا کر اس کے سفوف کا نصف چھوٹا چمچہ کچھ عرصہ کھایا جائے تو گردوں سے پتھری نکل جاتی ہے۔

اس کے پتوں کا لیپ جوڑوں کی سوجن کے لیے مفید ہے۔

ہومیوپیتھک طریقہ علاج

CICHORIUM- کاسنی کی جڑوں سے مدر ٹنکچر بنتا ہے۔

INTYBUS ان تمام کیفیات میں استعمال ہوتی ہے۔ جب جسم پر تھکن کی کیفیت طاری ہو۔ بوجھ محسوس ہوتا ہے اور ایسا لگتا ہو کہ جسم میں نہ تو جان ہے اور نہ طاقت۔ اعضاء شکنی۔ معدہ پر بوجھ۔ جسم اور دماغ میں تھکن۔ صبح اٹھیں تو آنکھیں بھاری اور تھکی ہوئی میں کاسنی کی مدر ٹنکچر مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کلونجی — حبۃ السودا

NIGELLA SATIVA - BLACK CUM.

کلونجی زمانہ قدیم سے اچار ڈالنے اور پیٹ کی بیماریوں کے علاج میں استعمال ہوتی آئی ہے۔ آیورویدک طب میں "کرشن جیرک" اور کال جیری" کے ناموں سے بیان کیا گیا ہے۔ انگریزی نام کے معنی کالا زیرہ ہے۔ حالانکہ زیرہ بالکل مختلف چیز ہے۔

کلونجی کا پودا جھاڑیوں کی مانند تقریباً ڈیڑھ میٹر اونچا ہوتا ہے جس کو نیلے رنگ کے پھول لگتے ہیں۔ یہ پودا اصل میں ترکی اور اٹلی میں ہوتا تھا۔ جہاں سے حکماء نے افادیت کی بنا پر حاصل کر کے برصغیر میں کاشت کیا۔ یہ خود رو بھی ہوتا ہے اور اس کی مزروعہ اقسام بھی ہیں۔ پنجاب میں اسے پیاز کے بیج سمجھا جاتا ہے۔ جو کہ غلط ہے۔ اس کے بیج تکونے خوشبو میں تیز۔ ذائقہ میں تیز اور کاغذ کے لفافہ میں رکھیں تو اس پر تیل کے سے دھبے لگ جاتے ہیں۔

یونانی اور رومی اطباء اس کے طبی فوائد سے آشنا تھے اور جالینوس کے متعدد نسخوں میں کلونجی کو شہد یا سرکہ میں ملا کر استعمال کیا گیا ہے۔ یہ مفروضہ درست نہیں کہ عرب اطباء نے اس کا استعمال یونانیوں سے سیکھا۔ کیونکہ مشرقِ وسطیٰ کے اطباء نے اسلام کی آمد سے پہلے اس کا کہیں ذکر نہیں کیا۔ اس کا استعمال اسلام کی آمد کے بعد شروع ہوا۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے شفا کا مظہر قرار دیا۔

احادیث نبوی ﷺ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں۔

انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی الحبۃ السوداء شفاء من کل داء الا السام۔ والسام الموت۔ والحبۃ السوداء

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

الشونیز۔ ابخاری۔ مسلم۔ ابن ماجہ۔ مسند احمد)

(میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا۔ وہ فرماتے تھے کہ کالے دانے میں ہر بیماری سے موت کے سوا شفا ہے۔ اور کالے دانے شونیز ہے)

عن سالم بن عبداللہ یحدث ان ابیہ۔ ان الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال علیکم بھذہ الحبۃ السوداء۔ فان فیہ شفاء من کل داء الا السام۔ (ابن ماجہ)

(سالم بن عبداللہ اپنے والد محترم حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے اوپر ان کالے دانوں کو لازم کرلو کہ ان میں موت کے علاوہ ہر بیماری سے شفا ہے)

یہی روایت مسند احمد میں حضرت عائشہؓ سے ابن الجوزی اور ترمذی میں ابوہریرہؓ سے مذکور ہے۔

حضرت بریدہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الشونیز دواء من کل داء الا السام وھو الموت (ابن السنی)

(شونیز موت کے سوا ہر بیماری کا علاج ہے)

اسی قسم کی ایک لمبی روایت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے کلونجی کی تعریف میں بیان کرتے ہیں جسے مسند احمد نے بیان کیا۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ما من داء الا وفی الحبۃ السوداء منہ شفاء۔ الا السام۔ (مسلم)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

(بیماریوں میں موت کے سوا ایسی کوئی بیماری نہیں جس کے لیے کلونجی میں شفا نہ ہو)

کتب سیرت میں مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی طبی ضروریات کے لیے کبھی کبھی کلونجی کھایا کرتے تھے۔ مگر وہ اسے شہد کے شربت کے ساتھ نوش فرماتے تھے۔

من خالد بن سعد قال خرجنا ومعنا غالب بن ابجر۔ فمرض فی الطریق فقدمنا المدینة وھو مریض۔ فعادہ ابن ابی عتیق وقال لنا علیکم بھذہ الحبة السوداء فخذوا منھا خمسا او سبعا فاسحقوھا ثم اقطروھا فی انفہ بقطرات زیت فی ھذا الجانب وفی ھذا الجانب۔ فان عائشة حدثتھم۔ انھا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول۔ ان ھذہ الحبة السوداء شفاء من کل داء الا ان یکون السام وقلت وما السام قال الموت۔ (بخاری۔ ابن ماجہ)

(خالد بن سعد بیان کرتے ہیں کہ میں غالب بن ابجر کے ہمراہ سفر میں تھا۔ وہ راستہ میں بیمار ہو گئے ہماری ملاقات کو ابن ابی عتیق۔ (حضرت عائشہ رضؓ کے بھتیجے) تشریف لائے۔ مریض کی حالت دیکھ کر فرمایا کہ کلونجی کے پانچ سات دانے لے کر ان کو پیس لو۔ پھر انہیں زیتون کے تیل میں ملا کر ناک کے دونوں طرف ڈالو۔ کیونکہ ہمیں حضرت عائشہ نے بتایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے۔ کہ ان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کالے دانوں میں ہر بیماری سے شفا ہے۔ مگر سام سے۔ میں نے پوچھا کہ سام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موت۔)

اس علاج سے غالب بن جبر تندرست ہو گئے۔

محدثین کے مشاہدات۔

عربی میں جسے حبۃ السوداء کہتے ہیں فارسی میں وہ شونیز ہے۔ بدھ عبداللطیف نے زیرہ سیاہ قرار دیا اور اس کو "الکمون الھندی" کا اضافی نام دیا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ہر بیماری کی دوا قرار دیا ہے۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جس طرح قرآن مجید میں آیا۔

وما اوتیت من کل شئی

نبی صلی اللہ علیہ وسلم متعدد مقامات پر ایسی خوش خبریاں عطا کی ہیں۔ جیسے کہ صبح کھجور کھانے والا زہر سے محفوظ رہتا ہے یا سنا۔ اور سنوت میں بھی ہر بیماری سے شفا ہے۔ ان کے یہ ارشادات معجزات نبوت میں سے ہیں۔ اسی بنا پر کلونجی اس امر میں کہتا ہے کہ وہ بیماریاں خواہ حدت سے ہوں یا برودت سے یکساں مفید ہے۔

ذہبی کہتا ہے کہ کلونجی جسم کے کسی حصہ میں واقع رکاوٹ یعنی سدہ کو دور کرتی ہے۔ تبخیری مادہ کو خارج کرتی ہے۔ معدہ کو مضبوط کرتی ہے۔ حیض۔ دودھ اور پیشاب لاتی ہے۔ اگر اسے پیس کر سرکہ میں ملا کر کھایا جائے تو پیٹ کے کیڑے مار دیتی ہے۔ اور پرانے زکام میں مفید ہے۔ اس کو گرم کر کے سونگھنا بھی زکام میں مفید ہے۔

اگر اس کا تیل نکال کر گنجے پر لگایا جائے تو بال اگتے ہیں اور بال جلد سفید نہیں ہوتے۔ اس کا نصف چمچہ پیس کر پانی کے ساتھ پینے سے دمہ میں مفید ہے اور بھڑ کے زہر کے اثر کو زائل کر دیتا ہے۔

کلونجی لگاتار کھانے سے باؤلہ کتے کی زہر کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ اس کا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دھولی سانس کی تکالیف کو دور کرتا ہے۔ روٹی کے ساتھ کھائیں تو پیٹ میں ہوا نہیں بھرتی۔ زکام۔ فالج۔ لقوہ۔ درد شقیقہ۔ نسیان۔ چکروں گھبراہٹ میں مفید ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کلونجی پر بھی رہا ہے۔ انہوں نے جب اسے شفا کا مظہر قرار دیا ہے تو اس کے ساتھ کی فہرست صفحۂ قرطاس میں احاطہ کر لیا جانا ممکن نہیں۔

کلونجی کی حیثیت پر ابن القیم لکھتے ہیں الحربی نے حضرت امام حسنؓ کی سند سے اسے خردل قرار دیا ہے (خردل کو ہمارے یہاں السی کہتے ہیں جو کہ بالکل مختلف چیز ہے) الھروی نے اسے الحبۃ الخضراء قرار دیا ہے۔ لیکن یہ شونیز ہے اور اس میں کوئی غلط نہیں۔ یہ نفخ کو دور کرتی ہے۔ پیٹ سے چرنے کیڑے نکال دیتی ہے۔ بخار اتارتی ہے۔ بلغم نکالتی ہے۔ رکاوٹیں کھولتی ہے۔ معدہ اور بلغمیہ کی رطوبتوں کو اعتدال پر لاتی ہے۔ ریاح ذیابیطس کے علاج میں بڑی اہمیت رکھتی ہے اگر اسے پیس کر گرم پانی میں شہد کے شربت کے ساتھ پیا جائے تو گردوں اور مثانہ سے پتھری نکال دیتی ہے۔ اس کے اضافی فوائد میں دودھ۔ حیض اور پیشاب کو کھول کر لانا بھی شامل ہے۔ زکام میں اس کا سونگھنا اور پیا مفید ہے۔ اس کے بیج پیس کر دودھ میں ملا کر پینے سے یرقان میں فائدہ ہوتا ہے۔ اس کو مسلسل کھانے سے لقوہ اور فالج دور ہو جاتے ہیں۔ محدثین کہتے ہیں کہ اسے ٹھنڈے پانی کے ساتھ پیس کر پینے سے باؤلہ پن ختم ہو جاتا ہے۔ اسی جوشاندہ کو پینے سے براسیر ختم ہو جاتی ہے اور جانوروں کے کاٹے کا زہر خاص طور پر بھڑ کا زائل ہو جاتا ہے۔ بعض لوگوں نے اسے سانپ کے زہر کے لیے بھی تریاق قرار دیا ہے۔

کلونجی کو سرکہ میں پکا کر اس کی کلیاں کرنے سے مسوڑھوں کی سوزش اور دانتوں کا درد جاتا رہتا ہے۔ اسے آنکھوں میں پیس کر ڈالنے سے موتیا اگر ابتداء میں ہو تو ٹھیک ہو جاتا ہے۔ سرکہ اور کلونجی کا مرکب جلدی امراض۔ ایگزیما وغیرہ میں انتہائی مفید ہے۔ زیتون کے تیل میں کلونجی کو ابال کر چھان کر اس تیل کے چند قطرے کان میں ڈالنے سے اس کی سوزش ٹھیک ہو جاتی ہے۔ یہ مرکب ناک میں ڈالنا پرانے زکام میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adv. Cate Showkat

مفید ہے۔

زخموں پر چھلکے آتے ہوں تو چند روز کلونجی اور تیل لگائیں پھر کلونجی اور سرکہ لگانے سے جسم کے کسی بھی حصہ کے پھوڑے پھنسیاں ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ جلد کے داغ جاتے رہتے ہیں اور برص میں فائدہ ہوتا ہے۔

اطباء قدیم کے مشاہدات

سرد کھانسی۔ دردِ سینہ۔ استسقا اور ریاحی قولنج میں مفید ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو خارج کرتی ہے۔ اگر قے میں پیپ آتی ہو متلی کے ساتھ تلی میں ورم ہو اور سانس لینے میں تکلیف ہوتی ہو تو کلونجی سے جلد فائدہ ہوتا ہے۔ اسے پانی میں پکا کر شہد ملا کر پینے سے مثانے کی پتھری نکل جاتی ہے۔ اسے نہار منہ روغنِ زیتون کے ساتھ کھایا جائے تو چہرے کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ اسے گرم کر کے سونگھنے سے زکام دور ہوتا ہے۔

کلونجی کے استعمال سے کھٹی ڈکاریں بند ہو جاتی ہیں۔ اسے سرکہ میں بھگو کر خشک کر کے پیس کر سات گرام روزانہ کھانے سے باؤلے کتے کے زہر کا اثر زائل ہو جاتا ہے

ویدک طب میں بھی کلونجی مقبول ہے۔ ان کے مشاہدات میں یہ پیٹ اور معدہ کے بادی کے درد دور کرتی ہے۔ بدہضمی اور ضعفِ ہضم کا علاج ہے۔ عورتوں کا دودھ بڑھاتی ہے۔ پھوڑوں کا علاج ہے۔ چونکہ یہ بچہ نکال دیتی ہے۔ اس لیے حاملہ عورتوں کو نہ دینی چاہیئے۔ اس کا تین ماشہ سفوف مکھن میں ملا کر چٹانے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ پیشاب کی رکاوٹ کو دور کرتی ہے۔

سرکہ اور صنوبر کی لکڑی کے برادہ کے ساتھ کلونجی کو ابال کر دانتوں پر لگانے سے درد جاتا رہتا ہے۔ سرکہ اور کلونجی لگانے سے مسّے جھڑ جاتے ہیں کلونجی اور حب الرشاد کو ملا کر سرکہ میں ابال کر گنج پر لگانے سے بال اگ آتے ہیں۔ اس کے دھوئیں سے زہریلے کیڑے بھاگ جاتے ہیں۔ اسے گرم کپڑوں میں رکھیں تو ان کو کیڑا نہیں لگتا۔

کلونجی۔ بابچی۔ گوگل۔ [illegible] سے ہر ایک پانچ تولہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کونا دیل کے دو بوتل تیل میں پیس کر ڈال دیں۔ یہ بوتل سات دن تک دھوپ میں پڑی رہے۔ کبھی کبھی ہلاتے رہیں۔ پھر چھان کر تیل علیحدہ کر لیں۔ اس تیل کو لگانے سے اکثر جلدی بیماریاں اور برص ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ پانی میں کلونجی ملا کر لیپ کرنے سے چیپ جاتی رہتی ہے۔

کیمیاوی ہیئت

کلونجی کے بیجوں میں دو قسم کے تیل ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو اڑ جانے والا ہوتا ہے اور دوسرا گاڑھا۔ فراری تیل ۵۔ ۱ فیصدی جبکہ گاڑھا تیل ۵۔ ۳ فیصدی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ البیومن بٹھاس لیسدار مادہ نامیاتی تیزاب اور گلوکوسائیڈ MELANTHIN-METARBIN کے علاوہ کڑواہٹ دلانے والے اجزاء پائے جاتے ہیں۔ اس میں پایا جانے والا گلوکوسائیڈ سمپاتھی اثرات رکھتا ہے۔ اس لیے کلونجی کو زیادہ مقدار میں مسلسل کھانا تکلیف کا باعث ہو سکتا ہے۔

جدید مشاہدات۔

اطباء نے ابتداء ہی سے ایسے امراض البطن میں بڑے اہتمام سے استعمال کیا ہے۔ کیونکہ وہ اسے زیرہ کی قسم سمجھتے رہے ہیں۔ جالینوس کو پیٹ کی بیماریوں کے علاج میں بڑا دعویٰ تھا۔ اس باب میں اس کا زیادہ تر نسخہ کلونجی کو شہد میں ملا کر دینا تھا۔ اتفاق سے یہ ایک ترکیب ہے کہ اسے پیٹ کی بیماریوں کے علاوہ سانس کی گھٹن۔ جگر کی خرابی۔ پھوٹے پھنسیوں اور اعصابی تکالیف میں بڑے اعتماد کے ساتھ دیا جا سکتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ہر بیماری میں شفا قرار دیا ہے۔ اس اصول کو سامنے رکھ کر ذیابیطس کے مریضوں کو تین حصہ کلونجی اور ایک حصہ کاسنی کے بیج ملا کر نا شتہ کے بعد ایک چھوٹا چمچ دیا گیا۔ ایک ہفتہ میں خون میں گلوکوس کی مقدار کم ہونے لگی۔ پیشاب میں شکر ختم ہو گئی۔ اب تک نوے مریضوں پر یہ علاج نہایت اچھے نتائج کے ساتھ استعمال کیا جا چکا ہے۔ لیکن ذیابیطس کے لیے اسے مکمل شفا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

قرار دینا ابھی قبل از وقت ہے۔ مزید مشاہدہ کی ضرورت موجود ہے۔ اس کے بیجوں کو دودھ اتارنے۔ حیض کا خون بڑھانے اور پیشاب لانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یورپ میں درد سے حیض آنے کے لیے یہ مشہور دوائی ہے۔ زیادہ مقدار میں دینے سے اسقاط کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

پیٹ سے ہوا نکالنے اور بدہضمی میں مفید ہے۔ کلونجی کے ساتھ قسط شیریں میں ملا کر ناشتہ اور رات کے کھانے کے بعد دیں تو پرانی پیچش کے علاوہ دمہ میں بھی مفید ہے۔ دمہ کے وہ مریض جن پر دیگر ادویہ کا اثر نہیں ہو رہا تھا کلونجی کی آمیزش سے بہتر ہونے لگے۔

قسط شیریں جنسی کمزوری کے لیے اچھی دوائی ہے۔ مگر بسا اوقات اس کا تنہا اثر اتنا مفید نہیں ہوتا۔ ایسے میں اس کے ساتھ حب الرشاد۔ اور کلونجی کو جب شامل کیا گیا تو فائدہ جلد ہو گیا

کلونجی کو قسط حب الرشاد میں ہم وزن ملا کر پینے کے بعد سرکہ میں حل کر کے ابالا گیا۔ پھر چھان کر ادویہ کے پھوک نکال دیتے۔ یہ لوشن جلدی امراض کے لیے از حد مفید رہا۔ اگرچہ جلد کے امراض کی ایک لمبی فہرست ہے اور ایسی کوئی دوائی موجود نہیں جو ہر ایک میں مفید ہو۔ لیکن یہ نسخہ اکثر بیماریوں میں فائدہ دیتا ہے۔

کلونجی اور حب الرشاد کو ہم وزن ملا کر توے پر جلا کر اسے سرکہ میں حل کر کے مرہم بنائی گئی یہ مرہم برص کے داغوں پر لگانے سے داغ تین سے چار ماہ میں ٹھیک ہو گئے۔ مگر اس کے ساتھ اسی نسخہ کو بھونے بغیر خالص صورت میں شہد کے شربت کے ساتھ مریض کو ایک چمچہ روزانہ کھلایا گیا۔ برص وہ بیماری ہے جس کا عام حالات میں کوئی علاج نہیں۔ مگر اس سے ٹھیک ہو گئی۔ گرتے بالوں بلکہ گنج پر بال اگانے کے لیے اور بلغہ کے علاج میں کلونجی اور مہندی کو سرکہ میں حل کر کے اگر سر پر تیسرے دن ایک گھنٹہ کے لیے لگایا جائے تو مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

بعادتی ماہرین نے اسے نفع۔ دردشکم۔ قولنج۔ استسقا۔ ضعف۔ اعصاب ضعف دماغ۔ نسیان۔ قابض اور رعشہ میں مفید قرار دیا ہے۔ پرانے حفاظ بچوں کو قرآن حفظ کراتے وقت یادداشت کو بہتر بنانے کے لیے نہار منہ کلونجی کے چند دانے کھلاتے تھے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کھجور — تمر۔ بلح۔ رطب

DATES
PHOENIX
DACTYLIFERA

کھجور ایک عام درخت ہے جو مشرق وسطیٰ۔ امریکہ اور ایشیائی ممالک میں کثرت سے پایا جاتا ہے۔ شمالی افریقہ بھی کھجور کا گھر ہے۔ امریکہ میں کیلی فورنیا کی کھجوریں بڑی لذیذ اور مقبول ہیں۔ ہندوستان میں راجستھان۔ مہاراشٹر میں یہ کثرت سے ہوتی ہیں۔ مالابار ٹراونکور اور میسور کے علاقوں میں کھجور کی ایک قسم ـــــ PHOENIX FARINIFERA پائی جاتی ہے جسے ہندی میں پلوت کہتے ہیں۔ یہ حجم میں چھوٹی اور مٹھاس میں قدرے ہلکی ہوتی ہیں۔ ان میں لیسدار مادہ زیادہ ہوتا ہے اسی طرح مغربی گھاٹ کے علاقہ میں ایک جنگلی قسم PHOENIX SYLVESTRIS ہے بہاشر ملک کے لوگ شنڈی کہتے ہیں۔ انگریزی میں یہ جنگلی کھجور کے نام سے موسوم ہے۔ اسے تنے سے نکلنے والے لیسدار پانی کے لیے زیادہ طور کاشت کیا جاتا ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کھجور میں توانائی دوسروں سے زیادہ ہوتی ہے۔

پاکستان میں کھجور کے لیے۔ خیرپور۔ ملتان اور ڈیرہ غازی خاں کے علاقے اگرچہ زیادہ مشہور ہیں۔ مگر کھجور چاروں صوبوں میں ملتی ہے بلکہ صوبہ سرحد میں کھجوریں اگرچہ کم ہوتی ہیں مگر ان کا معیار عمدہ ہوتا ہے۔ اسی طرح لاہور کے آس پاس بھی پائی جاتی ہے مگر عمدگی نہیں ہوتی۔ کہتے ہیں کہ خیرپور اور ڈیرہ غازی خاں کے علاقہ میں کھجور کی ۹۵ اقسام کاشت کی جاتی ہیں اور وہاں اس کا مربہ بھی ڈالا جاتا ہے۔

عربی ایک جامع اور مکمل زبان ہے جس میں تمار کے سو نام ہیں۔ ہر نام تمار کی مختلف حیثیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی طرح کھجور کے جملہ اقسام اور حالتیں علیحدہ نام رکھتی ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بلح :- یہ کچی کھجور ہے جو خواہ درخت کے ساتھ لگی ہو یا اتار لی گئی ہو۔

بُسرہ :- یہ کچی اور زرد کھجور ہے۔

بسر :- کچی کھجوریں جب پکنے کے قریب آجاتیں۔ مگر ابھی پکی نہ ہوں۔

طلع :- جب کونپلوں سے پھل بننے لگے تو یہ پہلا شگوفہ ہے۔ جو درخت پر ظاہر ہوتا ہے۔

رُطب :- وہ کھجور جو درخت پر لگی ہوئی پوری طرح پک جائے۔ اگر اسے اتارا نہ جائے تو اپنے آپ بھی گر جاتی ہے۔ قرآن مجید نے حضرت مریم علیہا السلام کو یہی چیز نفاس کی کمزوری کے لیے مرحمت فرمانے کا ذکر کیا ہے۔

تمر :- درخت سے پکنے کے بعد خشک کھجوریں جو عام طور پر کھائی جاتی ہیں۔

جمار :- کھجور کا گابھا۔

حشف :- ردی کھجوریں

قرآن مجید میں کھجور کا ذکر صرف رطب اور نخل کی صورت میں آیا ہے۔ جبکہ احادیث میں یہ آٹھ ناموں سے موسوم ہونے کے علاوہ گچھوں کے ذکر میں دوال کے نام سے مذکور ہیں۔ پانی میں بھگو کر اس کا عرق یا شربت نبیذ ہے۔

ہند و پاک میں کھجور کی تین قسمیں مشہور ہیں۔ کچی کھجور۔ پکی ہوئی کھجور اور خشک کھجور یعنی چھوہارا۔ سندھ اور راجستھان میں قسمیں تو یہی ہیں مگر ان کے نام ذرا پیچیدہ ہیں حاسون۔ لونی کھرکون۔ دینا کیرون۔

کھجور کا درخت بنیادی طور پر گرم علاقوں میں ہوتا ہے۔ اور یہ ان علاقوں میں بھی پھل دیتا ہے جہاں پانی کم ہو۔ لمبائی میں تیس میٹر تک چلا جاتا ہے مگر اب ٹھنگنی اقسام بھی کاشت کی جا رہی ہیں۔ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس کا سر دھوپ کی وجہ سے آگ میں اور پیر یعنی جڑیں پانی میں ہوتی ہیں۔ گرم علاقوں میں زیر زمین پانی کی سطح نیچی ہوتی ہے اس لیے کھجور کے درخت کی جڑیں بڑی گہری اور لمبی ہوتی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ہیں تاکہ یہ دور دورے اپنے لیے پانی اور توانائی حاصل کر سکے۔ مگر یہ ایسے علاقوں میں بھی پایا جاتا ہے جہاں پانی چھ فٹ پر موجود ہوتا ہے۔ خلیج عرب کے کنارے کے اکثر ممالک میں۔ خاص طور پر سعودی عرب کے الشرقیہ کے ساحلی علاقوں میں قبر کھودنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ کیونکہ جہاں بھی گڑھا کھودا جائے پانی نکل آتا ہے۔ ان علاقوں میں خاص طور پر القطیف تاروت۔ الجبیل۔ راس تنورہ میں کھجوروں کے گھنے گھنے جنگل ملتے ہیں۔

کھجور کا درخت جنس کے لحاظ سے مذکر اور مونث ہوتا ہے۔ مذکر کو پھل نہیں لگتا جبکہ اس کے دانے مؤنث پودوں کو بارور کرنے کے لیے ہوا یا باغبانوں کی کوشش سے پہنچائے جاتے ہیں۔ پھل شدید گرمی میں لگتا ہے جو گچھوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ ایسے درخت بھی ہیں جن کے ایک ایک گچھے میں ایک ہزار تک دانے ہوتے ہیں۔ درخت کی اوسط عمر ۱۵۰ سال ہے۔ اس کا کوئی حصہ بھی بیکار نہیں۔ پتوں سے ٹوکریاں بنتی ہیں، تنا عمارتی لکڑی کے طور کام میں آتا ہے۔ شاخیں کرسیاں بننے اور جلانے کے کام آتی ہیں۔

کھجور کا درخت دنیا کے اکثر مذاہب میں مقدس مانا جاتا ہے۔ ہندو اسے درگاہ پوجا میں استعمال کرتے ہیں۔ یہودیوں کی FEAST OF THBER-NACLES کھجور پر مبنی ہے۔ عیسائیوں میں PALM SUNDAY تہوار بھی کھجور پر منایا جاتا ہے۔

مسلمانوں میں اہمیت کی انتہا یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے درختوں میں سے اس درخت کو مسلمان کہا۔ کیونکہ یہ صابر۔ شاکر اور خدا کی طرف سے برکت والا ہے۔

قرآن مجید کے ارشادات

ایود احدکم ان تکون لہٗ جنۃ من النخیل واعناب

۲۶۶۔۳۔ البقرۃ ۲

(کیا چاہتا ہے تم میں سے کوئی کہ اس کے پاس باغات ہوں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کھجوروں کے اور انگوروں کے۔)

فاخرجنا منه خضرا نخرج منه حبا
متراكبا ومن النخل من طلعها قنوان دانية۔

۹۹ الانعام ۶

(بارش کے فوائد کے سلسلہ میں ارشاد ہوا کہ اس کے بعد ہم نباتات میں ایک قسم اگاتے ہیں جس میں ایک دوسرے پر چڑھے۔ تہ در تہ دانے ہوتے ہیں۔ اور اس میں کھجور کے درخت بھی ہیں جس کے گابھے سے پھلوں سے جھکے ہوئے خوشے پھوٹتے ہیں۔)

وهو الذي انشا جنت معروشت وغير
معروشات والنخل والزرع مختلفا اكله۔

۱۴۱ م الانعام ۶

(اور وہی ہے جس نے بنائے باغات جو ٹیلے پر چڑھے ہیں یا بن چڑھے ہیں۔ اور کھجوریں اور کھیتیاں جن کے ذائقے مختلف ہیں)

ونخيل صنوان وغير صنوان يسقى بماء
واحد۔ ۴۰م۔ الرعد۔ ۱۳

(اور زمین پر ایسے قطعے ہیں جن میں کھجوروں کے ایک تہ میں سوا کی گئی تہوں میں باغات ہیں۔ جن کو پانی ایک ہی ذریعہ سے میسر آتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ ایک ہی ذریعہ کا پانی کئی قسم کی فصلیں اگا دیتا ہے۔)

ينبت لكم به الزرع والزيتون والنخيل
والاعناب ومن كل الثمرات۔ ۱۱۔ ث النحل ۱۶

(وہ تمہارے لیے کھیتیاں اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل اگاتا ہے۔ اس کا یہ وہ عمل ہے جس پر وہ لوگوں کو غور و فکر کی دعوت دیتا ہے۔)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ومن الثمرات النخيل والاعناب

۶۷ ك النحل ۱۶

(اللہ تعالیٰ کی عنایات کے تذکرہ میں کھجوروں اور انگور کے درختوں سے حاصل ہونے والے پھلوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ تم اگر غلط استعمال کرو تو ان سے نشیات حاصل ہوتی ہیں ورنہ ان سے عمدہ قسم کی غذا میسر آتی ہے۔)

ام تکون لك جنة من نخيل وعنب

۹۱۔ اسرائیل۔ ۱۷

(یہ وہ لوگ ہیں جو آرزو رکھتے ہیں کہ ان کے لیے کھجوروں اور انگوروں کے باغ ہوں جن میں سے نہریں رواں ہوں۔)

واضرب لهم مثلا رجلين جعلنا لاحدهما جنتين من اعناب وحففنهما بنخل وجعلنا بينهما زرعا۔ ۳۲ ك الكهف ۱۸

(ان کے لیے دو ایسے آدمیوں کی مثال بیان کر جن میں سے ایک کے پاس دو باغ انگوروں کے ہیں جن کے ارد گرد کھجوریں ہیں اور ان کے درمیان کھیت ہیں۔)

فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ

۲۳ ك مريم ۹

(زچگی کی دردیں اسے کھجور کے درخت کے تنے کی طرف لے آئیں (وہ شدتِ الم سے اس کا سہارا لینے پر مجبور ہوگئیں)

وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا

۲۵ ك مريم ۱۹

(کھجور کے درخت کے تنے کو جب ہلائے گی اس کی شاخوں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

پر سے تم پر تازہ پکی ہوئی کھجوریں گریں گی۔)

ولاوصلبنکم فی جذوع النخل

۱۷ ک۔ طٰہٰ ۲۰

(فرعون نے جادوگروں کو دھمکی دیتے ہوئے یہ فقرہ کہا تھا۔

میں تمھیں کھجور کے تنوں کے ساتھ لٹکا کر پھانسی دے دونگا۔)

فانشانا لکم بہ جنت من نخیل واعناب

لکم فیھا فواکہ کثیرۃ ومنھا تاکلون۔

(ہم نے تمہارے لیے زمین سے کھجور اور انگور کے باغ پیدا

کیے جن کے بہت سے پھلوں کو تم کھاتے ہو۔)

وزروع ونخل طلعھا ھضیم

۱۴۸ ک۔ الشعراء ۲۶

(اور وہاں پر ایسے کھیت اور کھجور کے درخت ہیں۔ کہ جن

کی شاخیں ان کے پھلوں کے بوجھ سے ٹوٹی جا رہی ہیں۔)

وجعلنا فیھا جنت من نخیل واعناب

۳۴ ل یٰسین ۳۶

(اور ہم نے وہاں تمہارے لیے کھجوروں اور انگوروں کے باغ اگائے۔)

والنخل بٰسقٰت لھا طلع نضید

۱۰ ک قٓ ۵۰

(اور کھجوروں کے بلند و بالا درخت ہیں جن میں تہ در تہ

پھلوں کے خوشے لگے ہیں۔)

تنزع الناس کانھم اعجاز نخل منقعر

۲۰ ل القمر ۵۴

(اس دن نے لوگوں کو یوں اکھاڑ کر پھینک دیا جیسے کہ

جڑ سے اکھاڑی ہوئی کھجور کے تنے ہوں۔)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فیھا فاکھۃ والنخل ذات الاکمام

۱۱۔م۔ الرحمٰن ۔ ۵۵

(وہاں پر پھل ہیں اور کھجوریں ایسی کہ خوشوں والی)

فیھا فاکھۃ ونخل ورمان۔ ۶۸ م الرحمٰن ۵۵

(وہاں پر کئی قسموں کے پھل اور کھجوریں اور انار موجود ہیں۔)

فتری القوم فیھا صرعیٰ کانھم اعجاز

نخل خاویۃ۔ ۷ ک الحاقۃ ۶۹

(دیکھا اس قوم کو کہ وہ اس طرح گری ہوئی تھی جیسے کہ کھجور کے تنے کی ایک کھوکھلی لکڑی ہوتی ہے۔)

(فانبتنا فیھا حباً وعنبا وقضبا۔

وزیتون ونخلا۔) ۲۷۔ ۲۹ ک عبس ۸۰

(اور ہم نے اگائے تمہارے اجناس۔ انگور۔ ترکاریاں اور زیتون اور کھجوریں۔ کیونکہ باغات گھنے ہونگے۔)

کُتب مقدسہ

توریت اور انجیل میں کھجور کا ذکر ۴۸ مقامات پر آیا ہے جن میں اہم یہ ہیں۔

"سو تم پہلے دن خوشنما درختوں کے پھل اور کھجور کی ڈالیاں اور گھنے درختوں کی شاخیں اور ندیوں کی بید مجنوں لینا اور تم خداوند اپنے خدا کے آگے سات دن تک خوشی منانا۔"

(احبار ۴۰: ۲۳)

مسرت اور شادمانی کے اظہار کے ساتھ خدا کی تکریم کے لیے کھجور کا یہ استعمال مذہبی تیوہار کو اہمیت دینے کے لیے تجویز کیا گیا۔

۔۔۔ تو کیسی حسین اور جانفزا ہے یہ تیری قامت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کھجور کی مانند ہے۔ (غزل الغزلات ۷: ۶-۷)

جب لوگوں کی تکلیف اور اذیت کا ذکر کیا گیا تو ارشاد ہوا۔

"تاک خشک ہو گئی۔ انجیر کا درخت مرجھا گیا۔ انار اور کھجور اور سیب کے درخت ہاں میدان کے تمام درخت مرجھا گئے۔"

(یوایل ۱: ۱۲)

ارشاداتِ نبویؐ

(حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کھجور بہت پسند تھی۔ حضرت سہل بن سعد الساعدیؓ روایت فرماتے ہیں کہ)

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یاکل الرطب بالبطیخ زاد ابوداؤد ویقول یکسر حر ھذا ببرد ھذا وبرد ھذا بحر ھذا

(ابن ماجہ۔ ترمذی۔ مسلم)

(میں نے انہیں دیکھا کہ وہ کھجوروں کے ساتھ تربوز کھا رہے تھے)

(ابوداؤد نے اضافہ کیا کہ انہوں نے فرمایا کہ میں کھجور کی گرمی کو تربوز کی ٹھنڈک سے برابر کر لیتا ہوں یا تربوز کی ٹھنڈک کھجور کی گرمی سے زائل ہو جاتی ہیں۔)

بُسر رضؓ کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔

دخل علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقدمنا زبدا وتمرا وکان یحب الزبد والتمر

(ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

(ہمارے یہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ ہم نے ان کی خدمت مکھن اور کھجوریں پیش کیں کیونکہ ان کو مکھن کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ساتھ کھجور پسند تھی۔)

حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت فرماتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا البلح بالتمر فان الشیطان اذا نظر ابن آدم یاکل البلح بالتمر یقول، بقی ابن آدم حتیٰ اکل الحدیث بالعتیق۔ (ابن ماجہ۔ نسائی)

(پرانی کھجور کے ساتھ تازہ کھجور ملا کر کھاؤ۔ کیونکہ شیطان جب کسی کو ایسا کرتے دیکھتا ہے تو افسوس کرتا ہے کہ پرانی کے ساتھ نئی کھجور کھا کر آدمی تنومند ہو گیا)

حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلامؓ روایت کرتے ہیں۔

رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخذ کسرۃ من خبز الشعیر فوضع علیھا تمرۃ۔ فقال ھٰذہ ادام ھٰذہ۔ واکل۔ (ابو داؤد)

(میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ جو کی روٹی کے ایک ٹکڑے پر کھجوریں رکھے ہوئے تھے۔ پھر فرمایا کہ یہ اس روٹی کے ساتھ سالن ہے۔)

حضرت انس بن مالکؓ ام المؤمنین حضرت صفیہؓ کی شادی اور ولیمہ کے حال میں بیان کرتے ہیں۔

فدعوت المسلمین الیٰ ولیمتہ۔ امر بالانطاع فبسطت فالقی علیھا التمر ولاقط۔ والسمن۔ (بخاری)

(میں لوگوں کو ولیمہ کی دعوت پر بلا لایا۔ چمڑے کا دسترخوان بچھایا گیا اور اس پر کھجور۔ پنیر اور گھی رکھا گیا۔ بعض روایات سے پتہ چلتا ہے کہ [illegible] ان کا حلوہ بنا کر پیش

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کیا گیا تھا جسے حلوہ جیس کہتے ہیں)۔

حضرت سہل بن سعدؓ الساعدی روایت فرماتے ہیں۔

اتی ابو اسید الساعدی فدعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی عرسہ فکانت امرأتہ خادمھم، وھی العروس۔ قال اتدرون ماسقیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، انقعت لہ تمرات من اللیل فی تور۔ (بخاری)

(ابو اسید الساعدی نے اپنی شادی کے ولیمہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدعو کیا۔ اس کی دلھن ان کی خدمت کر رہی اور آپ جانتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا پلایا۔ انہوں نے رات کو مٹی کے ایک کونڈے میں کھجوریں بھگو کر رکھیں۔ صبح ان کو یہ پانی پلایا گیا)۔

حضرت انس بن مالکؓ روایت فرماتے ہیں۔

رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقعیاً یاکل تمراً ایک دوسری روایت میں اضافہ ہے کہ یاکل منہ اکلاً ذریعاً۔ (مسلم)

(میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ اکڑوں بیٹھے ہوئے کھجوریں کھا رہے تھے۔ دوسری روایت کا اضافہ ہے کہ وہ اس طرح بیٹھے ہوئے جلد جلد کھجوریں کھا رہے تھے۔)

سفیان جبلہ بن سحیم روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمرؓ کو فرماتے ہوئے سنا۔

نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقرن الرجل بین التمرتین حتی یستاذن

Digitized by eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اصحابہ - (بخاری۔مسلم۔ابن ماجہ)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امر سے منع کیا کہ کوئی شخص دوسرے شرکاء مجلس کی اجازت کے بغیر بیک وقت دو یا ان سے زائد کھجوریں اکٹھی کھائے۔)

کھجور کی اہمیت

حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان فرماتی ہیں۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لایجوع اھل بیت عندھم التمر۔ (مسلم)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس گھر میں کھجور ہو۔ اس گھر والے کبھی بھوکے نہ رہیں گے)

اسی روایت کو بعض محدثین نے ایک دوسری صورت میں یوں بیان کیا ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عائشہ! بیت لاتمر فیہ جیاع اھلہ او جاع اھلہ قالھا مرتین او ثلاثہ

(بخاری۔مسلم۔ابن ماجہ)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ! جس گھر میں کھجور نہ ہو اس گھر والے بھوکے ہیں۔ انہوں نے یہ بات دو یا تین مرتبہ فرمائی کہ اس گھر والے بھوکے ہیں۔

حضرت سلمیٰؓ روایت فرماتی ہیں۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بیت لاتمر فیہ کالبیت لاطعام فیہ۔ (ابن ماجہ)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس گھر میں کھجوریں نہ ہوں۔ وہ گھر ایسا ہے کہ جیسے اس میں کھانا نہ ہو)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

حضرت انس بن مالک رضؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تعشوا ولو کف من حشف فان ترک العشاء مصرمة (ترمذی)

رات کا کھانا ضرور کھاؤ۔ خواہ تمہیں ردی کھجور کی ایک مٹھی میسر ہو۔ کیونکہ رات کا کھانا ترک کرنے سے بڑھاپا (کمزوری) طاری ہو جاتا ہے)

حضرت جابر بن عبداللہؓ روایت فرماتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لاتدعوا العشاء ولو کف تمر۔ فان ترکه یهرم (ابن ماجہ)

رات کا کھانا ہرگز نہ چھوڑو۔ خواہ ایک مٹھی کھجور ہی کھالو۔ کیونکہ رات کا کھانا چھوڑنے سے بڑھاپا طاری ہو جاتا ہے۔

حضرت انس بن مالک رضؓ بیان کرتے ہیں۔

اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بتمر عتیق۔ فجعل تفتشه و یخرج السوس منه۔

(ابن ماجہ۔ ابو داؤد)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پرانی کھجوریں آئیں۔ انہوں نے ان کو کھول کر دیکھا اور ان میں سے سسریاں نکالتے رہے۔ ابن ماجہ کی روایت میں سسری نکالنے والی بات نہیں صرف اتنا مذکور ہے کہ وہ انہیں کھول کر دیکھتے رہے۔)

حضرت ابو عسیب رضؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک رات حضور اکرمؐ نے مجھے ساتھ لیا پھر راستہ میں حضرت ابو بکر رضؓ کو لیا اور پھر حضرت عمر رضؓ کو شامل کیا اور ایک انصاری کے باغ میں تشریف لے گئے۔

فقال لصاحب الحائط اطعمنا بسرا فجاء بعذق فوضعه فاکل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

و اصحابہ۔ (مسند احمد۔ بیہقی)

(انہوں نے باغ کے مالک سے کہا کہ ہمیں نیم کچی ہوئی کھجوریں کھلائے۔ وہ گیا اور وہ کھجوروں کے گچھے لے کر آیا۔ اس میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے گرامی اصحاب نے بیسر ہو کر کھجوریں کھائیں)۔

حضرت عبداللہ بن جعفرؓ روایت فرماتے ہیں۔

رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاکل القثاء بالرطب (بخاری۔ مسلم۔ ابن ماجہ)

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ کھجوروں کے ساتھ کھیرا ککڑی کھا رہے تھے۔

حضرت رافع بن عمر المزنیؓ بیان کرتے ہیں۔

سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول العجوۃ و الصخرۃ من الجنۃ

(ابن ماجہ)

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ عجوہ کھجور اور بیت المقدس کی مسجد کا گنبد (صخرا) دونوں جنت سے آئے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت فرماتے ہیں۔

بینا نحن عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ اتی بجمار نخلۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان من الشجر لما برکتہ کبرکۃ المسلم فظننت انہ یعنی النخلۃ، فاردت ان اقول ھی النخلۃ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم التفت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

فاذا عاشر عشرة انا احدثهم فسكت فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھی النخلة ۔ (بخاری)

ہم کچھ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں بیٹھے تھے کہ کھجور کا گابھا آیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے مخاطب کر کے فرمایا کہ درختوں میں سے ایک درخت ایسا ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ نے ایسے برکت دی ہے جیسے کہ وہ مسلمان ہو۔ میں نے گمان کیا کہ ان کی مراد کھجور کے درخت سے ہے۔ اور میرا ارادہ ہوا کہ میں جواب میں عرض کروں کہ یا رسول اللہ یہ کھجور کا درخت۔ مگر بھوٹا اس لیے چپ ہوا کہ اتنے لوگوں میں سے سب سے چھوٹا تھا۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کھجور کا درخت ہے۔

کھجور کے بارے میں احتیاط

حضرت جابر بن عبد اللہ رضؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انه نهیٰ ان ینتبذ الزبیب والتمر جمیعاً

(ابو داؤد)

(منقہ اور کھجور کو بیک وقت کھانے سے منع کیا) اسی ارشادِ گرامی کو ترمذی اور النسائی نے عبد اللہ بن ابی قتادہ سے مروی کیا ہے جنہوں نے اپنے والدِ گرامی سے سماعت کیا۔

حضرت ام المومنین عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضؓ روایت فرماتی ہیں کہ

انه نهیٰ ان ینتبذ البسر والرطب

(بخاری۔ النسائی)

نیم پختہ کھجور کو پرانی کھجور کے ساتھ ملا کر کھانے سے منع فرمایا۔

ابن القیم رحؒ نے سند کے بغیر ذکر کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور اور انگور کو بیک وقت کھانے سے منع فرمایا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

حضرت ام المنذرؓ روایت فرماتی ہیں۔

دخل علیّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومعہ علی۔ ولنا دوالٍ معلقۃ فجعل الرسول صلی اللہ علیہ وسلم یاکل وعلیؓ معہ یاکل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعلیؓ۔ یا علی فانک ناقہٌ (ابن ماجہ۔ ترمذی بسند احمد)

(ہمارے گھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ان کے ہمراہ علیؓ تھے۔ اس وقت ہمارے یہاں کھجوروں کے خوشے لٹک رہے تھے۔ یہ ان کی خدمت میں پیش کئے گئے۔ دونوں کھاتے رہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جگہ علیؓ سے کہا کہ تم اب اور مت کھاؤ کہ تم ابھی بیماری سے اٹھے اور کمزور ہو۔

اسی روایت میں مزید آیا ہے کہ حضرت علیؓ نے سات کھجوریں کھائی تھیں کہ ان کو روک دیا گیا۔ ام المنذرؓ نے اس پر ان کے لیے چقندر گوشت اور جو کی روٹی پکائی۔ انہوں نے اس کھانے کو حضرت علیؓ کے لیے پسند فرمایا۔

حضرت صہیبؓ روایت فرماتے ہیں کہ میں مجلس رسالت میں کھجوریں کھا رہا تھا۔ ان دنوں میری آنکھ دکھ رہی تھی کہ حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انا کل التمر وبک رمد۔ (طبرانی)

(تم کھجوریں کھا رہے ہو جبکہ تمہاری آنکھیں دکھ رہی ہیں)

صہیبؓ نے اس ارشاد گرامی کو مزاحیہ رنگ دیتے ہوئے کہا کہ میری داہنی آنکھ دکھتی ہے جبکہ میں کھجوریں بائیں طرف سے کھا رہا ہوں۔

یہ ارشاد گرامی اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ جب آنکھیں دکھتی ہوں تو اس وقت کھجوریں کھانا مناسب نہ ہوگا۔

حضرت انس بن مالکؓ روایت فرماتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

خیرٌ تمراتکم البرنی یذھب الداء ولا داء فیہ۔

(عقیلی مسند طیالسی۔ ابن السنی۔ ابونعیم مستدرک الحاکم)

تمہاری کھجوروں میں سے سب سے اچھی کھجور برنی ہے۔ یہ بیماری کو دور کرتی ہے اور اس میں خود کوئی مضر چیز نہیں)۔

یہ روایت الرویانی اور ابن حبان نے بریرۃ رضؓ۔ طیالسی۔ مستدرک الحاکم اور ابونعیم نے ابی سعید الخدری رضؓ سے بھی بیان کیا ہے۔ جبکہ یہی مضمون محمد احمد ذہبی نے حضرت ابوہریرہ رضؓ سے بغیر سند کے بیان کیا ہے۔

البرنی دواء لیس فیہ داء

(برنی کھجور ایک عمدہ دوا ہے۔ جبکہ اس میں بذات خود کوئی بیماری نہیں۔ یعنی اس کے کھانے سے کوئی ضرر نہ ہوگا)

محمد احمد ذہبی حوالہ کے بغیر یہ روایت نقل کرتے ہیں۔

خیرٌ تمراتکم البرنیّ یذھب الداء

(تمہاری کھجوروں میں اچھی برنی ہے جو بیماری کو دور کرتی ہے)

راوی کا ذکر کیے بغیر محمد احمد ذہبی بتاتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من وجد تمرا فلیفطر علیہ، ومن لا، فلیفطر علی الماء۔ فانہ طھورٌ۔ (النسائی)

(جسے کھجور میسر ہو۔ وہ اس سے روزہ افطار کرے۔ جسے نہ ملے وہ پانی سے کھول لے۔ کیونکہ وہ بھی پاک ہے)

کیونکہ دن بھر کے فاقہ کے بعد توانائی کم ہو جاتی ہے۔ اس لیے افطاری ایسی چیز سے ہو جو جلد ہضم ہو اور طاقت دے۔

ومن السنۃ للصائم الفطر علی العجوۃ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

او التمر۔

(نبی صلی اللہ کی سنت تھی کہ روزہ دار تازہ کھجور یا کسی اور کھجور سے روزہ کھولے)

یہ حدیث بھی اسناد کے بغیر ذہبی نے بیان کی ہے۔

حضرت انس بن مالک رضؓ روایت کرتے ہیں۔

"کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفطر علی رطبات قبل ان یصلی ؛ فان لم تکن رطبات : تمرات۔ فان لم تکن تمرات احسا حسوات من ماء"۔

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پکی ہوئی کھجور سے روزہ افطار کرتے تھے اگر وہ نہ ہو تو پرانی کھجور سے اور اگر وہ بھی میسر نہ ہو تو پانی اور ستو وغیرہ سے)

نوزائیدہ بچوں کے لیے بہترین گھٹی

حضرت اسماء بنت ابوبکر رضؓ روایت فرماتی ہیں۔

انما حملت بعبد اللہ بن زبیر بمکۃ قالت قد الدت بقباء ثم اتیت بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوضعتہ فی حجرہ دعا بتمرۃ فمضغھا ثم تفل فی فیہ ثم حنکہ ثم دعالہ وبرک علیہ فکان اول مولود ولد فی الاسلام

(بخاری۔ مسلم)

(مجھے کہ معظمہ میں عبد اللہ بن زبیر پیدا ہونے والا ہو گیا تھا۔ یہ بچہ مجھے قبا میں اگر پیدا ہوا۔ میں بچے کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئی اور ان کی گود میں بچہ دینگوائی۔ اسے اپنے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

منہ میں چبایا۔ پھر اپنا لعاب اور کھجور بچے کے منہ میں ڈال کر اس کے تالو سے لگا دیا۔ پھر بچے کے لیے برکت کی دعا کی۔ یہ وہ پہلا بچہ تھا جو مسلمانوں میں پیدا ہوا)

عبداللہ بن زبیرؓ کی ولادت سے پہلے مدینہ کے یہودیوں نے مشہور کر دیا تھا کہ ان کے جادو کے زور سے اب کوئی مسلمان عورت بچہ نہ جن سکے گی۔ ہم نے ان کو بانجھ کر دیا ہے۔ عبداللہؓ کی پیدائش ان کے اس دعویٰ کی تکذیب اور تردید تھی۔ یہ مہاجرین کا پہلا بچہ تھا۔ ان کی پیدائش پر تمام مسلمانوں نے بلند آواز میں نعرۂ تکبیر بلند کیا۔

قال ولد لی غلامٌ فاتیت بہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسماہ ابراہیم۔ فحنکہ بتمرۃ ودعالہ بالبرکۃ ودفعہ الی۔ (بخاری)

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ میرے گھر لڑکا پیدا ہوا۔ میں اسے لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے چبا کر اس کے منہ میں کھجور ڈالی۔

کھجوروں کی طبی حیثیت

حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان فرماتی ہیں۔

ان الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان فی عجوۃ العالیہ شفاءً وانہا ترٰیاقٌ اول البکرۃ۔ (مسلم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ اس عظیم کھجور عجوہ میں ہر بیماری سے شفا ہے۔ اور اگر اسے نہار منہ کھایا جائے تو یہ زہروں سے تریاق ہے) (یہی روایت مسند احمد میں اضافہ کے ساتھ بھی ہے)

حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد گرامی سے روایت کرتے تھے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سمعت سعدؓ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من تصبح بسبع تمرات عجوۃ۔ لم یضرہ ذالک الیوم سمٌ ولا سحرٌ۔

(بخاری۔ مسلم۔ ابو داؤد)

میں نے سعدؓ سے یہ کہتے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ جس نے صبح اٹھتے ہی عجوہ کھجور کے سات دانے کھالیے۔ اس دن اسے جادو اور زہر بھی نقصان نہ دے سکیں گے۔)

حضرت عائشہ صدیقہؓ اپنا ذاتی تجربہ بیان فرماتی ہیں۔

کانت امی تعالجنی للسمنۃ ترید ان تدخلنی علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فما استقام لھا۔ ذالک اکلت القثاء بالرطب۔ فسمنت کاحسنٍ سمنۃ۔

(بخاری۔ مسلم۔ النسائی۔ ابن ماجہ)

(میری والدہ مجھے موٹا کرنے کے لیے بہت علاج کرواتی رہیں۔ وہ چاہتی تھیں کہ جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جاؤں تو موٹی ہوں۔ لیکن ان تمام دواؤں سے کوئی فائدہ نہ ہوا حتیٰ کہ میں نے تازہ پکی ہوئی کھجوریں اور کھیرے کھائے۔ ان سے میں نہایت خوبصورت جسم والی موٹی ہوگئی۔)

جب حضرت عائشہؓ کا نکاح ہوا تو وہ دبلی پتلی تھیں۔ چونکہ اس زمانے میں عرب دبلی عورتوں کو پسند نہیں کرتے تھے۔ اس لیے ان کی والد محترمہ حضرت ام رمانؓ چاہتی تھیں کہ رخصتی تک یہ موٹی ہوجائیں۔ ان کو قثاء سے فائدہ ہوا۔ عربی میں اس سے مراد کھیرا بھی ہوسکتا ہے اور ککڑی بھی۔ عام لوگ کھیرا ہی قرار دیتے ہیں۔ یہ علاج

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اس حدیث سے سند ہے جو بخاری، مسلم اور ابن ماجہ نے بیان کی کہ حضور کھجور اور کھیرا کھایا کرتے تھے۔

عامر بن سعید اپنے والد محترم سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

من اکل سبع تمرات ما بین لابتی المدینة علی الریق لم یضرہ یومہ ذالک سم ولا سحر وان اکلھا حین یمسی لم یضرہ حتی یصبح (مسند احمد)

(جس کسی نے مدینہ کے دو پہاڑوں کے درمیان کی وادی میں پیدا ہونے والی کھجوروں میں سے روزانہ سات کھجوریں نہار منہ کھائیں۔ اسے روز شام ہونے تک کوئی زہر اثر نہ کریگا اور جس نے شام کو کھائیں وہ صبح تک مامون رہے گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

العجوۃ من الجنۃ وفیھا شفاء من السم والکمأۃ من المن وماؤھا شفاء للعین والکبش العربی لا سعد شفاء من عرق النساء یوکل من لحمہ ویحسی من مرقہ۔ (ابن النجار)

(عجوہ کھجور جنت سے ہے۔ اس میں زہروں سے شفا ہے۔ کھنبی من کا حصہ تھی اور اس کے پانی میں آنکھوں کی بیماریوں سے شفا ہے۔ عربی دنبہ جو کہ سیاہ رنگ کا ہو، اس میں عرق النساء سے شفاء ہے۔ اس کا گوشت کھایا جائے اور یخنی پی جائے۔

حضرت ابوہریرۃ رضؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اکل التمر امان من البقر الخ (ابو نعیم)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

(کھجور کھانے سے قولنج نہیں ہوتا)۔

جسم کے وہ آلات جن کی ساخت ایسے عضلات سے ہے جو قوتِ ارادی کے ماتحت نہیں (جیسے کہ گردوں کی نالیاں۔ آنتیں۔ بچے دانی کی نالیاں) اگر ان میں سکڑن کے ساتھ درد ہو تو اسے قولنج کہتے ہیں۔ قولنج کسی ایک حصہ جسم تک محدود نہیں۔

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا التمر علی الریق فانہ یقتل الدود۔

(مسند فردوس۔ ابوبکر فی الغیلانیات)

صبح نہار منہ کھجوریں کھایا کرو کہ ایسا کرنے سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں)

حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ینفع من الجذام ان تاخذ سبع تمرات من عجوۃ المدینۃ کل یوم یفعل ذالک سبعۃ ایام۔

(ابن العدی فی الکامل۔ ابونعیم)

(اگر سات دن تک عجوہ کھجور کے سات دانے روزانہ کھائے جائیں تو اس سے کوڑھ میں فائدہ ہوتا ہے)

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ روایت کرتے ہیں۔

مرضت مرضا۔ اتانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوضع یدہ بین ثدیی، حتی وجدت بردھا علی فوادی۔ فقال: انک رجل مفئود ائت الحارث بن کلدۃ، اخا ثقیف، فانہ رجل یتطبب، فلیاخذ سبع تمرات من عجوۃ المدینۃ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

فليجاهن بنفاهن ، ثم ليدلك بهن ۔

(مسند احمد ۔ ابونعیم ۔ الحسن بن سفیان ۔ ابوداؤد)

(میں بیمار ہوا ۔ میری عیادت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ۔ انہوں نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا تو اس کی ہاتھ کی ٹھنڈک میری ساری چھاتی میں پھیل گئی ۔ پھر فرمایا کہ اسے دل کا دورہ پڑا ہے ۔ اسے حارث بن کلدہ کے پاس لے جاؤ جو ثقیف میں مطب کرتا ہے ۔ حکیم کو چاہیے کہ وہ مدینہ کی سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر اسے کھلائے)

کھجور کے فوائد کے بارے میں یہ حدیث بڑی اہمیت کی حامل ہے ۔ کیونکہ طب کی تاریخ میں یہ پہلا موقعہ ہے کہ کسی مریض کے دل کے دورہ کی تشخیص کی گئی ۔ اس کی روایت عام طور پر مجاہد کے ذریعہ ہے ۔ علاؤالدین الھندی نے کنز العمال میں اسے مسند علیؓ ۔ ذخیرہ الحسن بن سفیان اور ابونعیم سے بھی ماخذ کرنا بیان کیا ہے ۔ جبکہ دوسرے محدثین اسے صرف ابوداؤد ہی سے اخذ کرتے ہیں ۔

سعد بن ابی وقاصؓ کو دل کے دورہ کی وجہ سے چھاتی میں جو شدید درد تھا ۔ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کے لمس سے جاتا رہا اور انہوں نے اس کے ساتھ ایک خصوصی دعا بھی فرمائی جسے احادیث میں "اللھم اشف سعدًا" کی صورت میں ذکر کیا گیا ہے ۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔

ما للنفساء عندی شفاء مثل الرطب و للمریض مثل العسل ۔ (ابوالشیخ ۔ ابونعیم)

(میرے نزدیک عورتوں کے حیض کی کثرت کے لیے کھجور سے بہتر اور مریض کے لیے شہد سے بہتر کوئی دوائی نہیں)

کھجور سے معالجہ کی قرآنی ترکیب

کھجور کی افادیت کا اہم ترین پہلو قرآن مجید

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

نے حضرت مریم علیہ السلام کے تذکرہ میں بیان کیا ہے۔ جب ان پر زچگی کا وقت قریب آیا تو وہ دردوں کی شدت۔ اپنی تنہائی اور بعد کی کمزوری سے ت میں تھیں۔ انہوں نے خدا سے چاہا کہ وہ اس اذیت سے تڑپنے کی بجائے مرجائیں تو اچھا ہو۔ خدا تعالیٰ نے تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ وہ کھجور کے درخت کے سایہ میں بیٹھ جائیں۔ ان پر پکی ہوئی کھجوریں گریں گی۔ جن کو کھانے سے ان کی کمزوری جاتی رہے گی۔ دردیں کم ہونگی۔ زچگی کا مرحلہ کسی پیچیدگی کے بغیر فوراً گزر جائیگا۔ کھجوریں کھانے سے ان کی زچگی جلد مکمل ہوئی۔ نفاس سے کوئی خاص اذیت نہ ہوئی اور وہ اپنے نوزائیدہ بچے کو گود میں لے کر اطمینان کے ساتھ بستی کی سمت پیدل چل پڑیں۔ عام حالات میں کسی عورت کے لیے زچگی کے بعد اپنے پیروں سے چل کر جانا ممکن نہیں ہوتا۔ اور یہ خاتون تو نہ صرف کہ فوراً اٹھ کھڑی ہوئیں۔ بلکہ بچے کا وزن اٹھا کر انہوں نے بستی تک کا فاصلہ بھی خوش اسلوبی سے طے کیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کھجور کھانے سے اُن کو INSTANT ENERGY (فوری توانائی) حاصل ہوئی کیونکہ کھجور واقع قوی بھی ہے اس لیے ان کو درد بھی کم ہوئیں۔ قرآن مجید نے تاریخ طب میں پہلی مرتبہ INVALID FOOD کا تصور کھجور کی صورت میں پیش کیا جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کمزوری کے لیے خصوصی غذا جوکا دلیا (تلبینہ) کی صورت میں عطا فرمائی۔

محدثین کے مشاہدات

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کو رات بھگو کر اس کا پانی استعمال کرتے تھے۔ ابو اسید رضؓ کی دعوت ولیمہ میں یہی پانی بڑے شوق سے پیا۔ جبکہ ابا الھیسم بن التیہان رضؓ نے جب ان کے ساتھ حضرت ابوبکر رضؓ اور عمر رضؓ کی اپنے باغ میں دعوت کی تو ان سے کہا کہ تم نے تو پکی ہوئی کھجوروں کو بھگویا ہے۔ ہمیں زیادہ پسند ہوگا اگر پکی ہوئی کھجور کے ساتھ نیم پختہ (بسر۔ رطب) کھجوریں بھی ملا کر ان کا پانی ہمیں پلایا جائے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کھجور

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

یہ پانی جسم کی غلیظ رطوبتوں کو خشک کرتا ہے۔ معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ منہ کے زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ خاص طور پر مسوڑھوں کی سوزش میں مفید ہے۔

پھلوں میں کھجور ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔ کیونکہ یہ جسم کے ہر حصے کے لیے یکساں طور پر مفید ہے۔ اس کی اصلاح کے لیے سکنجبین زیادہ مؤثر ہے۔ جبکہ دوسرے ذرائع بتاتے ہیں کہ کھجور کے ذیلی اثرات کو دور کرنے کے لیے اس کے ساتھ بادام اور خشخاش کا استعمال زیادہ مفید رہتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ کھولنے کے لیے ہمیشہ کھجور استعمال فرمائی۔ یہ اس کی افادیت کا بہت بڑا ثبوت ہے۔ کیونکہ روزے کے دوران مسلسل فاقہ کی وجہ سے جسم میں نقاہت ہوتی ہے۔ اس وقت ایک ایسی غذا کی ضرورت ہوتی ہے جو جامع اور سہل الہضم ہو۔ اس کا اثر فوری طور پر شروع ہو جائے اور کمزوری جاتی رہے۔ معدہ دن بھر خالی رہنے کی وجہ سے کسی بھاری چیز کو آسانی سے قبول نہیں کرتا۔ کھجور فوری طور پر ہضم ہو کر جگر کے لیے تقویت کا باعث بن جاتی ہے۔

یہ زخموں کو مندمل کرتی ہے۔ نفث الدم میں مفید ہے۔ اسہال کو دور کرتی ہے۔ یرقان کے لیے بہترین ہے۔ کیونکہ پتہ اور جگر کے فعل کو درست کرتی ہے۔ اپنے بیش بہا فوائد کی وجہ سے اسے مسلمان سے تشبیہ دی گئی۔ کیونکہ یہ فوائد کے ساتھ ساتھ بھلائی کا ذریعہ ہے۔

محمد احمد ذہبیؒ قرار دیتے ہیں کہ حاملہ عورتوں کو کھجور کھلانے سے لڑکا پیدا ہوگا جو کہ حلیم۔ خوبصورت اور بردبار ہوگا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کھجوروں میں عجوہ زیادہ پسند تھی۔ انہوں نے اسے جنت کا میوہ قرار دیا۔ انہوں نے بعض لوگوں کو عذاب قبر سے نجات دلوانے کے لیے کھجور کی ڈالی ان کی قبروں پر اپنے ہاتھ سے گاڑی۔ انہوں نے اس سے روزہ افطار کیا۔ اسے نہار منہ کھانے کے تلقین کی اور اس سے پیٹ کے کیڑوں کا علاج بھی بتایا۔

رطب کی صورت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خوراک تھی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اسے روزہ دار کی کمزوری کے لیے بیان فرمایا۔ صنوبر کے بیجوں کے ساتھ کھجور جگر کے لیے مزید مقوی ہو جاتی ہے۔ یہ جسمانی اور جنسی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ لیکن جس کی آنکھیں دکھتی ہوں اسے نہ کھانا چاہیئے۔ نہ ہی اسے انگور اور کشمش یا منقہ کے ساتھ کھایا جائے۔

ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کھجوروں میں سب سے زیادہ پسند عجوہ تھی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں غذائی عناصر دوسری کھجوروں سے زیادہ ہوتے ہیں۔ یہ مدینہ کی کھجوروں میں سے بہترین قسم ہے۔ اس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے اور یہ فوائد کے لحاظ سے دیگر اقسام سے بہتر اور لذیذ ہوتی ہے۔

تازہ پکی ہوئی کھجور کا پانی پینے سے اسہال رک جاتے ہیں۔ اسے کھانے کے بعد کھایا جائے تو معدہ میں بوجھ کی کیفیت نہیں ہوتی۔ صفرا اور تیزابیت کو ختم کرتی ہے۔ قرآن مجید نے جنّت کے پھلوں کی تعریف میں کھجور کے ساتھ انار کا ذکر کیا ہے۔

فیھا فاکھۃ و نخل و رمّان

کھجور کے ساتھ انار کا پانی معدہ کی سوزش اور اسہال مزمن میں مفید ہے۔

اطبائے قدیم کے مشاہدات

کھجور کے درخت کو چیت، بیساکھ (مارچ اپریل) میں پھول لگتے ہیں۔ بھادوں اور اسوج (اگست۔ ستمبر) میں پھل پک کر تیار ہوتا ہے۔ اس کے پیڑ سے ایک قسم کا گوند نکلتا ہے جو بیرونی چوٹوں کے لیے مفید ہوتا ہے۔ اس کے درخت کے تنے میں گھاؤ لگائیں تو ایک میٹھا اور خوشبودار رس نکلتا ہے۔ تازہ پئیں تو بڑا لذیذ اور روح افزا ہوتا ہے۔ مگر ایک دن گزرنے کے بعد اس میں خمیر اٹھ جاتا ہے اور نشہ آور بن جاتا ہے۔ بنگال، بہار اور ساحل مالابار کے لوگ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اس رس کو گھڑوں میں بھر کر اوپر پتلا کپڑا باندھ دیتے ہیں۔ دو ایک دن میں اس میں خمیر اٹھ کر یہ نشہ آور اور ذائقہ میں تیز ہو جاتی ہے۔ ویدک طب کی مشہور کتاب "بھوت چکتسا ساگر" میں اسے تاڑی کا نام دیا گیا ہے۔ جہاں تک اس کے نشہ آور ہونے کا تعلق ہے یہ تاڑی کی مانند ہے۔ لیکن بھارت کے مغربی گھاٹ کے علاقہ میں تاڑی ناریل کے اس پانی کو کہتے ہیں جس میں خمیر اٹھایا گیا ہو۔ ناریل کا تازہ پانی لذیذ اور خوشبودار ہوتا ہے۔ مگر خمیر اٹھنے کے بعد الکحل کی موجودگی کی وجہ سے یہ نشہ آور۔ بدذائقہ اور بدبودار ہو جاتا ہے۔ فعلاً کھجور کے تنے کے رس اور تاڑی میں کوئی فرق نہیں۔ البتہ ان کے ماخذ جدا جدا ہیں۔

چیت کے مہینہ میں کھجور کے درخت کو لگنے والے پھول اگر پانی میں گھوٹ کر پیتے جائیں تو اس سے معدے کو طاقت حاصل ہوتی ہے۔ اسہال کو بند کرتا ہے۔ حرارت کو تسکین دیتا ملطف اور منہ سے نکلنے والے خون کو بند کرتا ہے۔

کھجور کی گٹھلی جلا کر دانتوں پر ملی جائے تو منہ کے تعفن کو دور کرتی ہے۔ دانتوں سے میل اتارتی ہے۔ جہاں سے بھی خون بہتا ہو اس کی راکھ لگانے سے بند ہو جاتا ہے۔ زخموں کو صاف کر دیتی ہے۔

کھجور کھانا قوت کا باعث ہے۔ جگر کو طاقت دیتی ہے۔ ویدک طب میں یہ منہ کی خشکی دور کرنے میں اکسیر ہے۔ کمزوری سے پیدا ہونے والے صفرا کے لیے مفید ہے۔ کھجور کا گودا۔ اور چرچٹے کی جڑ پیس کر پانی میں رکھ کر کھانے سے سردی لگ کر آنے والا بخار ٹوٹ جاتا ہے۔

کھجور کی جڑ یا پتوں کی راکھ سے منجن کرنا دانتوں کے درد کے لیے مفید ہے راکھ کی بجائے اگر ان کو پانی میں پکا کر اس پانی سے کلیاں کی جائیں تو بھی مفید ہیں۔

کھجور کے مضر اثرات انار کا رس یا سکنجبین۔ روغن بادام خشخاش یا سیاہ مرچ کے شامل کرنے سے ختم ہو جاتے ہیں۔

بھارتی ادارہ طب نے کھجور کو اعصاب باہ اور جسم کو تقویت دینے والا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

قرار دیا ہے۔ اس کو دودھ میں پکا کر استعمال کرنا زیادہ مفید ہوتا ہے۔ ایک وقت میں ۵ تولہ سے زیادہ استعمال نہ کی جائیں۔ طب یونانی کی مشہور دوائی معجون اکبر ضرما، گٹھلیوں سے بنتی ہے جبکہ ہمدرد کی خوبانی میں کمزوری کے لیے کھجور اور خوبانی شامل ہیں

کھجور کا گابھا

عربی میں اسے "جمار"۔ "قلب النخل" یا "شحم النخل" کہتے ہیں۔ فارسی میں اسے۔ دل خرما۔ مغز خرما۔ اور "پنیر خرما" کہتے ہیں۔ کھجور کے درخت کی شاخوں میں جس جگہ پھول لگتے ہیں وہاں پر کونپلوں سے پہلے یہ گابھا لیسدار۔ شیریں اور خوشبودار جمع ہوتا ہے۔ ذائقہ دودھ اور بادام جیسا ہوتا ہے۔ جس درخت کی شاخوں سے جمار نکال لیں اس کو پھر پھول نہیں لگتے۔ اس کے کھانے سے قبض پیدا ہوتی ہے۔ آنتیں مضبوط ہوتی ہیں۔ اور دست رک جاتے ہیں۔ سینہ کے درد کو دور کرتا ہے۔ اگر حلق میں خون آتا ہو تو وہ بند ہو جاتا ہے۔ اس کو کھانے سے حلق اور سینے کی جلن اور سوزش ختم ہوتے ہیں۔ آواز میں نکھار آتا ہے کھانسی ٹھیک ہو جاتی ہے۔ اس کے کھانے سے جسم میں قوت پیدا ہوتی ہے۔ صفرا کے غلبہ اور خون کے جوش میں مفید ہے۔ گردوں کی سوزش رفع ہوتی ہے۔ نشیات سے پیدا ہونے والا خمار جاتا رہتا ہے۔ قے روکتا ہے۔ چکروں میں مفید ہے۔

کھجور کا گابھا لگانے سے بھڑ کاٹنے کے بعد ورم نہیں ہوتا ہے حساسیت کو دور کرتا ہے۔ اطباء نے اسے پھیپھڑوں اور معدہ کے لیے مفرح قرار دے کر اصلاح کے لیے چھوہارے اور کامریا سکنجبین یا شہد تجویز کیا ہے۔

کیمیاوی ماہیت

درخت پر پکنے کے دوران کھجور کے پھل میں کیمیاوی تبدیلیاں ظاہر ہوتی ہیں جیسے کہ حب یہ زرد سے پکنے پر آتی ہے تو اس میں خشک مادہ کی شرح بڑھ جاتی ہے۔ پانی کم ہونے لگتا ہے اور مٹھاس کی مقدار بڑھتی ہے۔ مٹھاس از قسم INVERT SUGAR کی مقدار ۲۲ فیصد سے ۴۷ فیصدی تک ہو جاتی ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adowate Showkat

پانی کم ہونے اور مٹھاس کی زیادتی کے باوجود یہ چپکدار نہیں ہوتی۔ قدرت کی عجیب صناعی ہے کہ پورے پھل میں مٹھاس یکساں نہیں ہوتی۔ چونچ کی طرف مٹھاس پیندے کی نسبت کم ہوتی ہے۔

درخت سے اتارنے کے بعد کھجوروں کو پکانے کے عمل میں درجہ حرارت کا بڑا دخل ہے۔ جو پھل گرم جگہوں پر یا ایسے مقامات پر رکھے گئے جہاں ان پر دھوپ پڑتی تھی وہ گھٹیا رہے اور ان میں لذت نہ تھی۔ جبکہ ٹھنڈی جگہوں پر جہاں نمی کم تھی وہاں پر پکائی گئی کھجوریں خوشبودار ہوئیں اور ان کے چھلکوں کا رنگ زیادہ گہرا پایا گیا۔

امریکی ریاست کیلی فورنیا میں کھجوروں کی ایک قسم "دجلۃ النور" بڑی مقبول ہے۔ ماہرین نے اسی کھجور پر تجربات کے دوران پھل کے پکنے کے عمل کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔ جب وزن اور حجم میں اضافہ ہوتا ہے۔ REDUCING SU-GARS کی مقدار بڑھتی ہے اور پھل کی نمی میں اضافہ ہوتا ہے۔

۲۔ وزن میں اضافہ معمولی ہوتا ہے۔ مگر نمی بڑھتی اور مٹھاس میں اضافہ بہت تھوڑا۔

۳۔ رنگ ہلکا بھورا یا گہرا بھورا ہو جاتا ہے۔ نمی میں اضافہ کی رفتار کم ہوتی ہے مگر کھانڈ کی قسم SUCROSE بڑھ جاتی ہے۔

تیسرے مرحلہ کا عمل پھل کے پکنے کے آخری درجہ تک جاری رہتا ہے۔ اسی دوران اس میں PECTIN کی مختلف اقسام بڑھنے لگتی ہیں۔ یہ وہ چیز ہے جو آنتوں کی غیر معمولی حرکات کو کم کر کے اسہال میں مفید ہے۔

کھجور میں شکر کی دو واضح اقسام پائی جاتی ہیں۔ ایک وہ قسم ہے جس میں خالص شکر پائی جاتی ہے۔ دوسری قسم میں اس کے ساتھ ایک کیمیاوی جوہر INVER-TASE پایا جاتا ہے۔ یہ وہ جوہر ہے جو کھانڈ والی شکر کو ایک ایسی مٹھاس میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تبدیل کر دینے کی اہلیت رکھتا ہے جسے جسم آسانی سے قبول کر لیتا ہے اور وہ ذیابیطس کے مریضوں کے لیے نقصان دہ نہیں ہوتی۔ اسے FRUCTOSE کہتے ہیں۔ کھانڈ کو اس مٹھاس میں تبدیل کرنے والا یہ جوہر شہد میں بھی پایا جاتا ہے۔

مدینہ منورہ کی عجوہ اور برنی کھجوریں ان اقسام میں سے ہیں جن میں یہ جوہر پایا جاتا ہے اس لیے پوری پک جانے کے بعد ان میں مفرز مٹھاس باقی نہیں رہتی۔ امریکہ میں VINCON نے ایزبسرونا یونیورسٹی کے لیے تحقیقات کرتے ہوئے جو مشاہدات کیے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ کھجور میں صحیح مٹھاس صرف اسی وقت پیدا ہوتی ہے جب اس پر پکنے کا مرحلہ درخت کے اوپر گزرے۔ کچی کھجور کو اتار کر مصنوعی طریقہ سے پکانے سے کھجور کی مٹھاس نامکمل رہے گی۔ یہ کام کم از کم ۳۴ دن میں تکمیل پاتا ہے۔ اس طرح پکی ہوئی کھجوروں میں مٹھاس کی مقدار ۸۴ فیصدی پائی گئی جس میں سے ۲۴ فیصدی فرکٹوس اور اسی قدر گلوکوس تھا جبکہ عام چینی کی مقدار ایک فیصدی سے کم تھی۔ حالانکہ انہی کھجوروں میں ۱۴ دن پہلے چینی ۱۵ فیصدی اور گلوکوس اور فرکٹوس ۱۲ فیصدی کے لگ بھگ تھے۔ اس دوران اگر بارش بھی ہوئی تو پانی پڑنے سے اچھی کھجوروں کی کیمیاوی ہیئت متاثر نہ ہوئی۔

اس کے علاوہ کھجوروں میں ایک اور جوہر PEROXIDES بھی پایا جاتا ہے۔ یہ تمام جوہر صرف انہی کھجوروں میں ملتے ہیں جن کا رنگ گہرا ہوتا ہے۔ ہلکے رنگ والی کھجوریں معیار میں ہلکی اور چینی والی کھجوریں سمجھی جاتی ہیں۔

کھجور میں تمام وٹامین معقول مقدار میں پائے جاتے ہیں۔

CALORIES/100 GM	۲۷۰
PROTEINS "	۲٫۰
SODIUM "	۴٫۸
POTASSIUM "	۷۵۴
CALCIUM "	۶۷٫۹
MAGNESIUND "	۵۸٫۹
IRON "	۱٫۶۱
COPPER "	۰٫۲۱
PHOSPHORUS "	۶۲۸
SULPHUR "	۵۱٫۶
CHLORIDES "	۲۹۰

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اس تجزیہ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اس میں انسان کو تندرست رکھنے کے لیے مطلوب تمام عناصر خاطر خواہ مقدار میں موجود ہیں۔ عہد رسالت میں فوجی کارروائیوں کے دوران مجاہدین کا راشن زیادہ تر کھجور اور ستو پر مشتمل رہا ہے۔ کھجور اور جو کی کیمیاوی حیثیت کو دیکھنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ تندرستی کے بقا کے لیے اور کھانے والے کو توانا رکھنے کے لیے اس سے بہتر خوراک تجویز نہیں کی جا سکتی تھی۔

کھجوروں میں پوٹاسیم کی مقدار علاقہ پر بھی منحصر ہے۔ مثلاً امریکہ کی چنچیلا وادی اور مدینہ منورہ کی کھجوروں میں یہ دوسری جگہوں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ جبکہ INVERTASE ابتدا میں حل پذیر نہیں ہوتا۔ مگر جب کھجور پک جاتی ہے تو حل پذیر ہو جاتا ہے۔ ماہرین نے گٹھلی میں STEROLS کا بھی سراغ لگایا ہے۔ مگر یہ کھجور میں نہیں ہوتے۔

جدید مشاہدات۔

بلوچستان اور ڈیرہ غازی خاں کے علاقہ میں کھجور کی درجنوں اقسام کاشت ہوتی ہیں۔ جن کو مختلف ناموں سے ان کی اقسام اور حالتوں کے مطابق پکارا جاتا ہے۔ جن میں کھجور۔ چھوٹی کھجور یا پلاوت۔ ہنتالا۔ جنگلی کھجور۔ ناری۔ لاوانی کنوچہ۔ نروری۔ کمونی۔ زیادہ مشہور ہیں۔ حکومت بمبئی کے محکمہ زراعت کی سرکاری تخصیص کے مطابق بازار میں فروخت ہونے والی کھجور پھل کے پکنے کی تین مختلف حالتیں ہیں۔ ہاکسون۔ لونی کھرکون۔ ونیا کیون۔ حکومت بمبئی کے زرعی گزٹ کے مطابق سندھی کھجور اسولی۔ ٹھوٹیار۔ عیدل شاہی اور لوہار قسموں پر مشتمل ہے۔ اگرچہ ڈوکا اور یہ تمام اقسام ہند اور پاکستان کی اپنی کاشت ہیں۔ مگر ان میں سے اکثر کا بیج عراق سے درآمدہ ہے اور یہ عربی اقسام ہیں جو یہاں کی کوشش اور زمینی اثرات سے خصوصی رنگت اور شکل اختیار کر چکی ہیں۔ پاکستان میں لپٹن چائے کمپنی نے بھی کھجوریں بازار میں پیش کی ہیں۔ یہ حجم میں چھوٹی اور رنگت میں بھوری ہیں۔ شکل و صورت میں یہ مدینہ منورہ کی عجوہ سے ملتی جلتی ہیں۔ البتہ رنگت ہلکی ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کھجور کی تیاری

درخت سے اترنے والی رطب کا چھلکا موٹا اور ذائقہ کسیلا ہوتا ہے۔ سعودی عرب میں کھجوروں کی کاشت کے سب سے بڑے مرکز القطیف میں دیکھا گیا کہ درخت سے اتارنے کے بعد ان کو تاریک کمروں میں کچھ دنوں کے لیے رکھ دیتے ہیں۔ وقت کے ساتھ ان میں خمیر اٹھتا ہے۔ اور اس خمیر میں اگرچہ الکحل بھی پیدا ہوتی ہے۔ مگر اوپر کا سخت چھلکا گل کر گودے کے ساتھ یک جان ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد کھجوروں کو لوہے کے کڑاہے پر ڈال کر ہلکی آنچ پر پانی میں پکایا جاتا ہے۔ آگ کھجور کے پتوں اور شاخوں سے بنتی ہے اس حرارت سے تخمیر کا عمل ختم ہو جاتا ہے۔ کھجوروں کو کڑاہوں سے نکال کر دھویا جاتا ہے۔ سکھانے کے بعد ان کا رنگ براؤن ہو جاتا ہے۔ اس طرح ان کی وہ شکل بن جاتی ہے جسے بازار میں کھجور کی صورت فروخت کرتے ہیں۔

طبّی فوائد

کھجور کے درخت سے نکلنے والی گوند آنتوں، گردوں اور پیشاب کی نالیوں کی سوزش کے لیے مشہور ہے۔ اسے کھانے سے منہ کی بدبو جاتی رہتی ہے۔

بنیادی طور پر کھجور غذائیت سے بھرپور ہے۔ مخرج بلغم ہے۔ مقوی ہے۔ جلن کو رفع کرتی ہے۔ ملین ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے اور پیشاب آور ہے۔

کھجور کو پانی میں بھگو کر اس کا یہ پانی اگر پیا جائے تو جگر کی اصلاح کرتا ہے اور طبیعت سے نشہ آور ادویہ کی گرانی کو دور کرتا ہے۔ کھجور کو دھو کر دودھ میں ابال کر دینے سے ایک مقوی اور فوری طور پر توانائی مہیا کرنے والی غذا تیار ہو جاتی ہے یہ غذا بیماریوں کے بعد کی کمزوری کے لیے حد درجہ مفید ہے۔ کھجور میں توانائی مہیا کرنے والے عناصر فوری اثر کرتے ہیں۔ یہی وہ وجہ تھی جس کی بنا پر زچگی کی اذیت اور بعد کی کمزوری کے لیے حضرت مریم علیہا السلام کو کھجور مہیا کی گئی، اس لیے بخار اور چیچک کے بعد کی کمزوری جلد رفع ہو جاتی ہے۔ اطباء میں تپ دق کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adv. Late Showkat

دوران کھجوریں تجویز کرنے کا رجحان اس لیے بڑھ رہا ہے۔ کہ کھجور مخرج بلغم ہے اور قبض کو دور کرتی ہے۔ چونکہ یہ کمزوری میں بھی مفید ہے۔ اس لیے دق کے مریضوں کو کھجور سے فائدہ ہوتا ہے۔

خشک کھجور کو پیس کر اس میں بادام۔ بہی دانہ۔ پستہ۔ قرنفل اور سونٹھ ملا کر جسمانی کمزوری کے لیے ویدک طب کی مشہور دوائی ہے۔ بھارت میں کھجور کی گٹھلی کو پیس کر اس میں چرچرہ ملا کر پانی میں گھول کر اسے پان کے پتے پر کتھا اور چونا کی مانند لگا دیتے ہیں۔ پھر اس کے ساتھ کتھ۔ الائچی سبز۔ لونگ اور چھالیہ ملا کر بیڑا بنا کر سردی سے آنے والے یا نو بہتی بخار کے حملہ سے پہلے گھنٹے گھنٹے کے بعد دیا جاتا ہے۔ عام طور پر ایسے تین بیڑے کھانے کے بعد بخار نہیں آتا۔ کھجور کا عرق اور جوشاندہ اپنے غذائی فوائد کے علاوہ مسکن ہیں۔ اس لیے گردوں کی سوزش پتھری اور پرانے سوزاک میں انہیں بار بار پلایا جاتا ہے۔ مہاراشٹر کے مرہٹے کھجور کے عرق سے ایک مفرح مشروب "شنڈی" تیار کرتے ہیں جسے گرمی کے دنوں میں ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ پیاس بجھانے میں دوسرے تمام مشروبات سے زیادہ مفید ہے

کھجور کے درخت کی جڑوں کو جلا کر زخموں پر مرہم کی صورت لگاتے ہیں۔ اس سفوف کا منجن کرنے سے دانت کا درد جاتا رہتا ہے۔

کھجور کی گٹھلیوں کو آگ میں ڈال کر ان کی دھونی دینے سے بواسیر کے مسّے خشک ہو جاتے ہیں۔ گٹھلیوں کو بھون کر ان کو کافی کی شکل میں پیا جاتا ہے۔ جسے DATE COFFEE کہتے ہیں۔

کرنل چوپڑا نے کھجور کے اثرات کا خلاصہ کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ یہ مخرج بلغم۔ مقامی طور پر مسکن۔ گردوں اور آنتوں کی بیماریوں میں مفید۔ کمزوری کو دور کرتی اور بہترین غذا ہے۔ اس کی جڑ کو جلا کر دانتوں پر لگانے سے درد جاتا رہتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

کھجور کی عملی افادیت۔

تعلیمات نبویؐ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کھجور کی صرف دو قسموں کو پسند فرمایا۔ درخت پر پکی ہوئی کھجور "رطب" پال ڈال کر پکائی ہوئی "تمر" قرآن مجید اور احادیث سے ان کی افادیت کے یہ پہلو سامنے آتے ہیں۔

۱۔ شدید کمزوری کے لیے رطب۔ جیسے کہ حضرت مریم علیہا السلام کو قرآن مجید کے ارشاد کے مطابق نصیحت کی گئی۔

۲۔ جسمانی کمزوری کے لیے۔ خاص طور پر جب کسی کو کچھ عرصہ کھانے کو نہ ملے تو وہ اپنی توانائی کی جلد بحالی کے لیے کھجور پر بھروسہ کر سکتا ہے۔ اسی اصول کے مطابق روزہ افطار کرنے کے لیے کھجور کھانے کی ہدایت کی گئی۔

۳۔ جنسی اور جسمانی کمزوری کے لیے اور جب اعتدال سے زیادہ دبلا ہو تو کھجور کے ہمراہ کھیرا، ککڑی۔ بھارتی ماہرین اس غرض کے لیے ترنبوز کو بھی تجویز کرتے ہیں۔

۴۔ پیٹ کے کیڑے مارنے کے لیے نہار منہ۔

۵۔ گردوں۔ مثانہ۔ پیتہ۔ آنتوں میں قولنجی دردوں کو روکنے کے لیے۔

۶۔ تازہ پکی ہوئی کھجور کا مسلسل استعمال MENORRHAGIA یعنی عورتوں میں حیض کے خون کا کثرت سے آنا میں مفید ہے۔ یہ کیفیت غدودوں کی خرابی۔ جھلیوں کی سوزش۔ غذائی کمی اور خون میں فولاد کی کمی وغیرہ سے پیدا ہو سکتی ہے۔ کھجور ان میں سے ہر ایک کا مکمل علاج ہے۔

۷۔ آنکھوں کی سوزش میں کھجور کھانا درست نہیں اور بیماری سے اٹھنے کے فوراً بعد زیادہ مقدار میں کھجوریں درست نہیں۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

۸- دل کے دورہ MYOCARDIAL INFARCTION

میں کھجور کو گٹھلی سمیت کوٹ کر دنیا جان بچانے کا باعث ہوتا ہے۔ احادیث میں اس غرض کے لیے عجوہ کھجور تجویز کی گئی ہے۔ تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ اس غرض کے لیے دوسری کھجوریں بھی استعمال کی جاسکتی ہیں۔ مگر ان کا عرصہ استعمال طویل ہونا چاہیئے۔ چونکہ دل کا دورہ شریانوں میں رکاوٹ سے پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے شریانوں میں رکاوٹ کے باعث پیدا ہونے والی تمام بیماریوں خاص طور پر — BUERG ER'S DISEASE میں کھجور کی گٹھلی تریاق کا اثر رکھتی ہے۔

۹- چونکہ کھجور دافع قولنج اور جھلیوں سے خیزش کو دور کر کے مسکن اثرات رکھتی ہے اس لیے دمہ خواہ وہ امراضِ تنفس سے ہو یا دل کی وجہ سے اسے دور کرتی ہے۔

۱۰- کھجور کا مسلسل استعمال اور اس کی پسی ہوئی گٹھلیاں دل کی توسیع و عظیم انقلب CARDIAC ENLARGEMENT میں مفید ہیں۔ یہی نسخہ کالاموتیا کے مریضوں کو بھی مفید رہا۔

۱۱- مخرج بلغم ہونے کی وجہ سے بھارتی ماہرین نے اسے تپ دق میں مفید پایا۔

۱۲- پرانی قبض کی بہترین دوائی اور بہترین ناشتہ ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کھنبی ——— من

MUSHROOM

یہ خود رو نباتات ہے جو FUNGUS کے خاندان سے ہے۔ کہا جاتا ہے کہ برسات کے موسم میں باغوں اور نہروں کے کناروں پر بطور خود رو نباتات اُگتی ہے۔ اگرچہ ان کی پچاسوں اقسام معلوم ہو چکی ہیں۔ مگر عام استعمال کے لیے اس کا خاندان AGARICUS CAMPESTRIS ہے۔ جبکہ دوسرے خاندان PSALLIOTA CAMPESTRIS کے تمام اراکین قابل خوراک نہیں اس کی اکثر قسمیں زہریلی ہیں۔ پنجاب کے باغات میں اس کی دو قسمیں ملتی ہیں چھتری کی شکل میں ملنے والی AGARICUS ALBUS ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ زہریلی قسم ہے۔ لیکن ہومیوپیتھک اور ویدک طب میں اس سے AGARACIN بنتی ہے۔ دوسری گول سر والی ہے جسے لوگ عام طور پر سالن میں پکا کر کھاتے ہیں۔

احادیث نبویؐ

حضرت سعید بن زیدؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الکمأۃ من المن وماؤھا شفاء للعین

(بخاری۔ ابن ماجہ۔ مسند احمد)

(کھنبی من میں سے ہے۔ اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفا ہے۔)

یہی روایت ان مؤلفوں نے جابرؓ سے بھی روایت کی ہے۔ جبکہ ابو نعیم نے یہی روایت حضرت عائشہ صدیقہؓ اور عبداللہ بن عباسؓ سے بیان کی ہے۔

حضرت ابی سعیدؓ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

الکماۃ من المن والمن من الجنۃ وماؤھا
شفاء للعین (ابونعیم)

(کھنبی من کا حصہ ہے۔ من درحقیقت جنت سے ہے۔
اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفا ہے)

حضرت سعید بن زیدؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الکماۃ من المن الذی انزل اللہ تعالیٰ
علی بنی اسرائیل وماؤھا شفاء للعین۔

(مسلم۔ ابن ماجہ)

(کھنبی اس من میں سے ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے
لیے نازل فرمایا تھا۔ اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفا ہے)

حضرت صہیبؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

علیکم بالکماۃ الرطبۃ فانھا من المن
وماؤھا شفاء للعین

(ابونعیم۔ ابن السنی)

(تمہارے فائدے کے لیے کھنبی موجود ہے۔ یہ من میں سے
ہے۔ اور اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفا ہے)

حضرت ابوہریرہؓ روایت فرماتے ہیں۔

ان نا سا من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم قالوا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
الکماۃ جدری الارض فقال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم الکماۃ من المن وماؤھا شفاء للعین
والجعۃ من الجنۃ وھی شفاء من السم۔
قال وانا ارتہ ثلاثۃ اکمؤ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اوخماً او سبعاً فعصرتھن و جعلت ماءھن فی قارورۃ وکحلت بہ جاریۃ لی عمشاء فبرئت۔ (ترمذی)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے ایک روز ان کو مخاطب کر کے کہا کہ کھنبی زمین کی چیچک ہے۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھنبی من میں سے ہے۔ اور اس کا پانی آنکھوں کی بیماریوں کے لیے شفا ہے۔ جبکہ عجوہ کھجور جنت سے ہے۔ اور وہ زہروں کی تریاق ہے۔ ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے تین یا پانچ یا سات کھنبیاں لیں اور ان کا پانی نچوڑ کر ایک شیشی میں ڈال لیا۔ پھر میں نے یہ پانی اپنی ایک ایسی لونڈی کی آنکھوں میں ڈالا جس کی آنکھیں چندھی تھیں۔ اس پانی سے وہ شفایاب ہوگئی۔)

اس حدیث مبارکہ کو امام ترمذی نے حسن اور صحیح قرار دیا ہے۔ اس روایت نے عربی دانوں کی ایک بحث کو حل کر دیا۔ کیونکہ بزرگان کرام ایک عرصہ سے اس بحث میں مشغول تھے کہ 'الکماۃ' واحد میں جمع ہے یا واحد۔ ابوہریرۃؓ نے جب کھنبی کی مفرد ایک سے زیادہ بیان کی تو اس کے لیے انہوں نے 'اکمؤ' کا لفظ جمع کے طور استعمال کیا۔

یہ حدیث کھنبی کے پانی سے آنکھوں کی بیماریوں سے شفا کی بہترین مثال ہے۔ محمد احمد ذہبیؒ نے کھنبی کے بارے میں حوالہ کے بغیر ایک روایت مزید نقل کی ہے۔

حضرت عبداللہ عباسؓ روایت فرماتے ہیں۔

خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال: ضحکت الجنۃ فاخرجت الکماۃ، وضحکت الارض فاخرجت الکبر۔ (الطب النبوی)

(ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اور فرمایا کہ جب جنت سکرائی تو کھنبی زمین پر آگئی۔ اور جب زمین سکرائی تو کبر نکلی)

کبر ایک خود رو کانٹوں والی جھاڑی ہے جس کے ساتھ بیر کی مانند پھیکے پھل لگتے ہیں۔ صحراؤں میں یہ جھاڑی خود رو ہے جسے کریاں اور اونٹ شوق سے کھاتے ہیں۔ صحرانشین اسے مقوی قرار دیتے ہیں اور دتلی بڑھی میں استعمال کرتے ہیں۔

محدثین کے مشاہدات

کھنبی ایک خود رو پودا ہے جس میں نہ تو شاخیں ہیں اور نہ پتے۔ اس کی ماہیئت پر کچھ محدثین کا خیال ہے کہ خود رو ہونے کے باعث کاشت کی تکلیف کے بغیر بنی اسرائیل کی سکونت کے علاقہ میں پیدا کر دی گئی اور اس طرح ان کے لیے یہ تحفہ خداوندی بن گئی۔ جبکہ دوسرے لوگوں کا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کی مشکلات کے زمانہ میں ان پر آسمان سے پکے ہوئے کھانے نازل فرمائے۔ جن کے دو حصے تھے سلویٰ سے مراد پرندوں کا گوشت ہے۔ اور من سے مراد کئی قسم کی سبزیاں جن میں سے ایک من بھی تھی۔ من و سلویٰ کے یہ اجزاء غذائی نقطہ نظر سے بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ جب خود کسی کے لیے کوئی غذا تجویز یا مہیا کریں تو، غذائی نقطہ نظر سے جسمانی ضروریات کے لیے صحیح قسم کی متوازن غذا ہوگی۔ سے ہر حال مثالی غذا سمجھنا چاہیئے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ بہترین غذا یا متوازن غذا یہ ہے کہ اس میں سبزیاں ہوں اور پرندوں کا گوشت۔

ذہبی کہتے ہیں کہ اس کا زراعت کے بغیر پیدا ہونا اس کی افادیت کا بہت بڑا ثبوت ہے۔ کیونکہ ایسا کر کے اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو اپنی طرف سے ایک بیش بہا تحفہ دیا ہے اس لحاظ سے کھنبی کا مفید ہونا ایک لازمی امر ہے۔

کھنبی نہ تو سردی کی شدت میں پیدا ہوتی ہے اور نہ ہی گرمی کا پودا ہے۔ بلکہ یہ اس وقت ظہور میں آتی ہے جب موسم معتدل اور خوشگوار ہو خاص طور پر ربیع کی بارشوں کے دوران۔ عرب قدیم میں لوگ اسے زمین کی چیچک کہتے تھے۔ کیونکہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

اس کی شکل چیچک کی پھنسیوں سے ملتی ہے۔ اسی طرح وہ انگور کو کیڑا کہتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں ناموں کو ناپسند فرما کر آئندہ استعمال سے منع فرمایا۔ عرب اسے آسمانی بجلی کی سبزی "نباتات الرعد" کا نام بھی دیتے آئے ہیں کیونکہ یہ بجلی چمکنے اور مینہ برسنے کے بعد پیدا ہوتی ہے۔

کھنبی کو کچی بھی کھایا جا سکتا ہے اور پکا کر بھی۔ اس کی سفید شکل کھانے میں بہتر ہے جبکہ سرخ قسم زہریلی ہے معدہ کو خراب کرتی ہے۔ پیشاب میں رکاوٹ پیدا کرنے کے علاوہ اعصاب میں سوزش کا سبب بن کر فالج کا باعث ہو سکتی ہے۔ اس کی اصلاح کا طریقہ یہ ہے کہ اسے پکانے میں صعتر بھی شامل کر لیا جائے جو اس کے برے اثرات کو ختم کر دیتا ہے۔

کھنبی کو آنکھ میں ڈالنا ضعف بصارت اور سوزش کے لیے انحد مفید ہے اور اس کی تصدیق فاضل اطباء میں سے بوعلی سینا اور مسیحی نے کی ہے۔ کھنبی کی صلاحیت اور من وسلویٰ کی شمولیت کے بارے میں بعض محدثین یہ کہتے ہیں کہ سلویٰ سالن تھا جس کے ساتھ من روٹی کا کام دیتی تھی۔ اگر یہ قرار دیا جائے کہ من بطور تحفہ ان کے لیے زمین سے اگائی گئی تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر اس کے کھانے سے جو نقصانات پیدا ہوتے ہیں اس کی وجہ کیا ہے؟ اسکی وجہ ان کی اپنی بدعنوانیاں بھی ہو سکتی ہے۔ کیونکہ جانوروں اور پودوں میں بہت سے ایسے ہیں جن میں نقصانات بھی ہیں۔ ضرر سے کوئی چیز بھی خالی نہیں۔ حتیٰ کہ روٹی بھی اگر اعتدال سے زیادہ کھائی جائے تو تکلیف کا باعث ہو سکتی ہے۔ انسان کو انتخاب اور مقدار پر قدرت حاصل ہے اور اسے یہاں پر عقل استعمال کرنی ہوگی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ من کی جو قسم ان کو میسر تھی وہ زہریلی نہ تھی۔ جیسے کہ مسند احمد کی ایک روایت سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو سبزیاں اور اجناس، بنی اسرائیل کے لیے پیدا کیے ان کی شکل وصورت اور ذائقہ آجکل کے پھلوں۔ سبزیوں اور اناج سے مختلف تھا۔ ان کی گندم کا دانا بڑا تھا اور اس میں کھجور کا ذائقہ تھا۔ اور ان انعامات کے بعد جب ان کی

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adv. Showkat

حکم عدولیاں حد سے بڑھ گئیں تو ان پر عذاب نازل کیا گیا۔ یہ عذاب بھی مختلف شکلوں میں تھا جیسے کہ طاعون کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان پر عذاب میں ایک طاعون بھی تھی۔ تورات کی روایت کے مطابق ایک ایک وبا میں لاکھوں افراد مر گئے۔

امراضِ چشم میں کھنبی کے فوائد کے بارے میں محدثین نے جو امکانات عمل بیان کیے ہیں۔

۱۔ کھنبی کا پانی بذاتِ خود ایک دوا ہے۔ اسے اسی صورت میں استعمال کیا جائے۔

۲۔ اسے کسی دوسری دوائی کے ساتھ شامل نہ کیا جائے۔

۳۔ علامہ الغافقیؒ کے مشاہدہ کے مطابق کھنبی کا پانی دوسری ادویہ کے اثر کو دوبالا کرتا ہے۔ جیسے کہ اسے اگر سرمہ پیستے وقت اس میں ملا لیا جائے اور پھر یہ سرمہ آنکھوں میں لگایا جائے تو یہ پلکوں کو مضبوط کرتا ہے۔ نظر کو تیز کرتا ہے اور آنکھ میں پائی جانے والی ہر سوزش کو دور کرتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ

غذائیات کے معیار کے بارے میں برٹش ویسٹرنج کونسل کی تحقیقات کے مطابق کھنبی کے کیمیاوی اجزاء کا تناسب یہ ہے۔

PROTEIN	۵
CARBOHYDRATES	
CALORIES	۲
SODIUM	۲۰۶
POTASSIUM	۱۳۳
CALCIUM	۰۰۸
MAGNESIUM	۳۰۸
FERROUS	۰۰۲۹
COBALT	۰۰۱۸
PHOSPHORUS	۲۸۰۶
SULPHUR	۹۰۶
	۲۴

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اس کے برخلاف دوسرے محققین نے بتایا ہے کہ کھنبی میں PROTEIN یعنی لحمیات کی مقدار ۳۰ فیصدی ہوتی ہے۔ جبکہ اس میں ۹۰ فیصدی پانی اور ۵ فیصدی نشاستہ اور ایک فیصدی معدنی نمک اور وٹامین ہوتے ہیں۔ بھارتی ماہرین ادویہ اور تغذیہ کی تحقیقات کے مطابق اس میں ایک بیروزہ کڑوے اجزاء۔ گوند۔ نباتاتی البیومن۔ اور موم ہوتے ہیں۔ اس کا صحیح جزو عامل — AGARIC FUNGIC تیزاب ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں فاسفورک ایسڈ۔ ایمونیا پائے جاتے ہیں۔

اس کے جزو عامل — AGRICIN میں ۹۰ فیصدی AGARIC ACID ہوتا ہے اور ۳ فیصدی AGARICOL ہوتی ہے۔

اس میں موم۔ گوند اور بیروزہ کی موجودگی سے جب یہ کسی سوزش والی جگہ ڈالی جائے گی تو اسے مقامی طور پر سکون بھی مہیا کریگی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تجویز کردہ دیگر ادویہ اور غذاؤں کی مانند اس میں سوڈیم کی مقدار کم سے کم اور پوٹاسیم زیادہ ہے۔

اطباء قدیم کے مشاہدات

سفید رنگ کی کھنبی سب سے عمدہ ہے۔ بعض اطباء نے سرخ کو بھی اچھا کہا ہے مگر سرخ اور سیاہ زہریلی ہوتی ہیں۔ ویدک طب میں کھانے والی قسم کھنبی اور زہریلی "پد بھیرا" کہلاتی ہے۔ اس کی ایک قسم کشمیر سے آتی ہے اور "کانکچو" کہلواتی ہے اسے گوشت کے ساتھ پکا کر کھایا جاتا ہے اور خوش ذائقہ اور مقوی باہ بیان کی جاتی ہے۔

کھنبی کا رس نکال کر اور خاص کر اسے دیگچی میں ڈال کر بھوننے پر اس وقت جو پانی اس میں سے نکلتا ہے آنکھ میں ٹپکانے سے آنکھ کا جالا کٹ جاتا ہے۔ کھنبی کے پانی میں سرمہ کو کھرل کر کے آنکھوں میں لگایا جائے تو یہ بصارت کو تیز کرتا ہے۔ پلکوں کو قوت دیتا ہے۔ پلکوں کے گرنے بالوں کو روکتا اور ان کو لمبا کرتا ہے۔ بوعلی سینا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کے استاد ابو سہیل مسیحی اور بو علی نے اسے آنکھ کی متعدد بیماریوں کا اکسیر قرار دیا ہے۔

کھنبی کو سکھا کر پیس کر کھانے سے دست آنے رک جاتے ہیں۔ دیر میں ہضم ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ منشیات کا استعمال کیا جائے تو پیٹ میں نفخ پیدا کرتی ہے اور قولنج ہو سکتا ہے۔ اس کی ایک قسم کشخ کہلاتی ہے۔ یہ حرارت کو مٹاتی ہے۔ یہ بلغم کو کم اور بڑھا کرتی ہے۔ دبلی پتلی عورتیں اسے حلوا میں ملا کر موٹا ہونے کے لیے کھاتی ہیں۔ اسے مرغی کے گوشت یا انڈوں کے ساتھ کھانے اور اوپر سے ٹھنڈا پانی پینے سے پیٹ میں مستقل خرابی اور اعصاب میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ زبان میں لکنت پیدا کرتی ہے۔ سانس میں تنگی لاتی ہے۔ اور پیشاب میں رکاوٹ ہو جاتی ہے مگر یہ سب علامات بالخصوص زہریلی اقسام کے بارے میں ہیں۔ اس کا سب سے بڑا مصلح صعتر ہے۔ کھنبی پکاتے وقت صعتر کو ضرور شامل کر لینا چاہیئے۔ اگر اس کے زہریلے اثرات پیدا ہوں تو مولی۔ پودینہ۔ سکنجبین یا کانجی کے ساتھ بورہ ارمنی اور نمک ملا کر بار بار دیں۔ انجیر کے درخت کی لکڑی جلا کر اس کی راکھ نمک اور سرکہ کے ساتھ اور شہد بار بار چٹائیں۔

مقامی اثرات کے سلسلہ میں کھنبی کو ریشم ماہی کے ساتھ کوٹ کر سرکہ میں حل کر کے بچوں کی رڑھی ہوئی ناف پر لگانے سے وہ اندر چلی جاتی ہے۔ فتق یعنی ہرنیا HERNIA میں بھی یہی لیپ مفید پایا گیا ہے۔ کھنبی خون بڑھاتی ہے۔ اسے پیس کر ایسے زخموں پر لگانا مفید ہے۔ جو آسانی سے بھرنے میں نہ آتے ہوں۔ وہ خشک کھنبی سر پسٹنے کو بال اگانے کا باعث قرار دیتے ہیں۔ سوکھی کھنبی کے استعمال کے بارے میں اطبار کا مشورہ ہے کہ اسے پہلے ایک دن پانی میں بھگویا جائے۔ پھر صاف کر کے گھی میں بھوننے کے بعد استعمال میں لاویں۔ اس کے مضر اثرات کی اصلاح کے لیے گھی کی بجائے زیتون کے تیل میں بھوننا زیادہ مفید ہوگا۔ اس کے ساتھ ناشپاتی اور سرکہ کا استعمال نقصانات سے محفوظ رکھتا ہے۔

جدید مشاہدات

کھنبی ایک مقبول غذا ہے۔ یورپی ہوٹلوں میں لوگ بڑے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

شوق سے کھنبی کا سالن کھاتے ہیں۔ اب متعدد ملکوں سے قابل خوردنی کھنبیاں ٹبوں میں بند ہوکر سٹوروں پر آسانی سے مل جاتی ہیں۔ کیونکہ ان کے ذائقہ کے علاوہ ان میں لحمیات کی اضافی مقدار ان کو مفید بنا دیتی ہے۔ چینی کھانوں میں مرغی اور کھنبی۔ مرغی اور بچھڑے کا گوشت یا مچھلی کے علاوہ کھنبی کا پلاؤ بڑا مقبول ہے۔

کھنبی کا تعلق FUNGUS خاندان سے۔ یہ وہی خاندان ہے جس سے اب تک کی تمام جراثیم کش ادویہ از قسم پنسلین سے کلورومائی سٹین تک حاصل ہوتی ہیں۔ کھنبی سے بھی اب تک کئی قسم کی جراثیم کش ادویہ میسر آئی ہیں جن پر مشاہدات جاری ہیں اور اس امر کا امکان مستقبل قریب میں موجود ہے کہ کھنبی سے حاصل ہونے والے مرکبات علاج میں اپنا مقام پالیں۔ اس میں جراثیم کش ادویہ کی موجودگی ثابت ہو چکی ہے۔ اس لیے جب احادیث میں اسے آنکھوں کی بیماریوں میں شفا قرار دیا گیا تو وہ ثابت ہے۔ طبِ جدید اس امر کی تصدیق کرتی ہے کہ کھنبی کے پانی میں جراثیم کو مارنے کی صلاحیت موجود ہے۔

اس کے دیگر اثرات میں اسے مدر البول۔ مخرج بلغم۔ مسہل۔ دودھ پیدا کرنے والی اور پسینہ کو روکنے والی قرار دیا گیا ہے۔ اسے شہد کے ساتھ ملا کر موتی جھرہ۔ ماؤف نفس اور دوسرے بخاروں میں افادیت کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ تھوک میں خون آنے۔ تپ دق۔ پرانی کھانسی اور رات کو پسینے آنے میں مفید ہے۔ جونک لگنے کے بعد زخم سے بہنے والا خون اس سے رک جاتا ہے۔ اس کی بعض اقسام سے اسہال رک جاتے ہیں اور جسم کو طاقت ملتی ہے۔

جدید انکشافات کے مطابق زہریلی اقسام میں ایک زہر MUSCARINE ہوتا ہے۔ یہ زہر جسم میں جاتے ہی معدہ میں خیزش پیدا کرتا ہے۔ اس کے بعد عصبی نظام کو متاثر انداز ہوتا ہے۔ جسم سے پٹھوں میں دردیں۔ اعضاء میں اینٹھیں اور رعشہ کی مانند کپکپی ظاہر ہونے لگتی ہے۔ اس کے بعد دماغی اثرات سے فالج یا کنزاز کی طرح تشنج۔ اور اس کے بعد موت واقع ہوتی ہے۔ موت واقع ہونے کے لیے ایک ادھ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کھنبی کافی نہیں ہوتی۔ زیادہ مقدار میں کھانا اور اس کے بعد علامات کے ظہور سے مسلسل لاپرواہی موت کا باعث ہوتی ہے۔ جرمن اطبار کا خیال ہے کہ MUSCARINE کے جسم پر اثرات کو ختم کرنے والی کوئی دوائی نہیں ہوتی۔ البتہ ابتدا میں پتہ چل جائے تو مریض کا معدہ دھوکر اسے جسم سے نکالا جاسکتا ہے

ہومیوپیتھک طریقہ علاج

زہریلی کھنبی کھانے سے جسم پر جو اثرات نمایاں ہوتے ہیں ان کو سامنے رکھتے ہوئے علاج بالمثل کے اصول پر اسی قسم کی کیفیات میں کھنبی کا جوہر AGARICUS ہومیوپیتھک طریقہ علاج کی ایک مقبول دوائی ہے۔

جب دماغ میں گھبراہٹ، چلبلاہٹ، مسلسل باتیں کرنے اور گانے کو جی چاہے۔ سر میں چکر آئیں۔ روشنی بری لگے۔ ہلنے جلنے سے چکر آئیں۔ سر میں بھاری پن اور درد۔ پڑھنے میں مشکل پڑے۔ نظر اٹھانے کے بعد اسے کتاب پر مرکوز کرنے میں مشکل پڑے۔ آنکھوں پر معمولی کام سے بوجھ پڑے۔ ایک کے دو دو نظر آئیں۔ پلکیں پھڑپھڑائیں۔ کانوں میں جلن، خارش اور یا کڑے ہوتے معلوم ہوں۔ پیٹ میں اکڑاؤ، چبھن کی درد۔ بدہضمی شدید کھانسی کے دورے پڑتے ہوں۔ ماہواری کم اور درد سے آتی ہو تو ان کیفیات میں AGARICUS کا دینا مفید ہوتا ہے۔

وبائی امراض اور کھنبی

پچھلے چند سالوں سے دنیا کے مختلف ممالک میں آنکھوں کی سوزش وبائی صورت میں پھیلتی رہی ہے۔ چونکہ یہ سوزش وائرس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اس لیے ابھی تک اس کے خلاف کوئی بھی مؤثر دوائی دریافت نہیں ہوسکی۔ سال ۸۶-۱۹۸۵ء میں اس آشوب چشم کے تقریباً ایک سو مریضوں کی آنکھوں میں کھنبی کا پانی دن میں تین مرتبہ ڈالا گیا۔ ہر مریض دوسرے دن سے شفایاب ہوگیا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

گوگل ـــــــ کندر

BLASMENDRON MUKUL

یہ ایک پسند قد درخت ہے جس کی اونچائی چھ فٹ کے قریب ہوتی ہے۔ بنیادی طور پر یہ خشک اور صحرائی علاقوں میں ہوتا ہے۔ جیسے کہ سندھ اور بہاولپور۔ بھارت میں راجپوتانہ۔ خاندیش۔ کاٹھیاوار۔ آسام اور کورومنڈل کے علاقوں میں گوگل کی زیادہ طور پیداور ہوتی ہے۔ ندکارنی اور سید صفی الدین کو اس کے نباتاتی نام سے اتفاق نہیں اور وہ اسے BOSWELIA GLABRA کہنا پسند کرتے ہیں۔

گوگل کے درخت کو بھورے رنگ کے چھوٹے چھوٹے پھول لگتے ہیں۔ سردی کے موسم میں اس کے تنے میں گھاؤ لگائیں تو گاڑھا سا ایک سیال نکلتا ہے۔ جو خشک ہو کر گہرے سبز رنگ کی گوند کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ یہ گوند ذائقہ میں کڑوا اور خوشبودار ہوتا ہے۔ اسے سنسکرت میں کوشی کانا اور گوگلو کہتے ہیں جس سے درخت اور اس کی گوند کا نام گوگل پڑ گیا۔

ارشاداتِ نبویؐ

محدثین نے کندر اور لوبان کو ایک ہی چیز قرار دینے کی کوشش کی ہے۔ جبکہ یہ دونوں مختلف ہیں۔ لیکن یہ مغالطہ آج سے ہزار سال پہلے والوں کو نہیں بلکہ آج بھی موجود ہے۔ پاکستان کونسل آف ہومیوپیتھی نے ملک میں استعمال ہونے والی ہومیوپیتھیک ادویہ کے فارماکوپیا میں بھی لوبان اور کندر کو ایک ہی چیز قرار دینے کی کوشش کی ہے۔ حالانکہ لوبان عام انگریزی میں BENZOIN اور کندر کو OLIBANUM کہتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

ابن القیمؒ نے آداب الشافعی کی سند سے حضرت انس بن مالکؓ کی

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovdate Showkat

زبان سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس سے ایک واقعہ یوں بیان کیا ہے۔

انه شكا اليه رجل. النسيان، فقال: عليك بالكندر، وانقعه من الليل، فاذا اصبحت فخذ منه شربة على الريق؛ فانه جيد للنسيان۔

(الطب النبوی ص)

(ایک شخص نے ان کی خدمت میں یادداشت کی خرابی کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا کہ کندرے کو رات اسے پانی میں بھگو دیا جائے۔ صبح نہار منہ اس کا پانی پیا جائے۔ کیونکہ یہ نسیان کے لیے بہترین دوائی ہے)

ابن القیمؒ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے ایک روایت نقل کی ہے جس میں وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کے بارے میں ارشاد کرتے ہیں۔

"انه شربه مع السكر على الريق، جيد للعقل و النسيان۔

(الطب النبوی ص)

(انہوں نے صبح نہار منہ اسے شکر ملا کر پیا اور فرمایا کہ یہ پیشاب کی تکلیف اور حافظہ کی کمی کے لیے بہترین ہے)

گوگل اور لوبان۔ دونوں پیشاب آور اور دافع تعفن ہیں۔ اس لیے ممکن ہے کہ انہوں نے لوبان یا گوگل میں سے کسی ایک کو اس غرض کے لیے پسند فرمایا ہو۔ لیکن جہاں تک حافظہ کی خرابی کا تعلق ہے اس غرض کے لیے صرف گوگل مفید ہے۔ جبکہ لوبان کا اعصابی نظام پر اس قسم کا کوئی اثر نہیں۔ کیونکہ ان دونوں کے بارے میں وہ خود فرماتے ہیں۔

"اللبان: هو الكندر" اس لیے وہ ان دونوں کے فوائد اور اثرات کے درمیان فرق نہیں کر سکے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

محدثین کے مشاہدات :۔

حافظہ میں کمی تفکرات۔ غم۔ برے ماحول۔ کھٹے سیب کھانے۔ کھڑے پانیوں کو دیکھنے سے ہوتی ہے۔ قبروں کی الواح کو بار بار پڑھنے۔ چوہوں کی اونڈی ہوئی خوراک کھانے اور سر میں جوئیں پڑنے سے بھی حافظہ کمزور ہوتا ہے اور یہ بات تجربات سے کہی جاتی ہے۔

گوگل مفید ہونے کے ساتھ ساتھ بے ضرر ہے۔ یہ جسم کے کسی بھی حصہ میں چوٹ یا بیماری کی وجہ سے ہونے والے انجماد خون کو دور کرتا ہے۔ چونکہ یہ دافع تعفن ہے اس لیے اسہال کو دور کرتا ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے اور خاص طور پر آنکھوں کے زخم اور سوزش اس سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

گوگل کو گرم پانی میں حل کر کے اگر اس سے غرارے اور کلیاں کی جائیں تو یہ منہ کے زخموں اور خاص طور پر زبان کی جلن اور سوزش کو دور کرتا ہے۔ اس کے غرارے کرنے سے گلے میں وبائی سوزشیں نہیں ہوتیں۔ مسوڑھوں کے زخم مندمل ہوتے ہیں۔ اس سے ذہن کو طاقت ملتی ہے اور سانس خوشبودار ہو جاتی ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات :۔

گوگل کے درخت کی لکڑی ہمیشہ گیلی رہتی ہے۔ کیونکہ اس میں تیل ہوتا ہے۔ دو سال میں بھی نہیں سوکھتی۔ اسے ایک میٹھا پھل بھی لگتا ہے۔ ویدوں نے اس کی سیاہ قسم کو "بھینسیا گوگل" اور دوسری قسم "ہیرا بھینسیا گوگل" قرار دی ہے۔ ویدک میں اسے گندھنے کے پانی میں حل کر کے یا گوزبان کے پانی کے ساتھ کھرل کر کے بواسیر میں استعمال کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ "اطریفل معجون گوگل" ویدک نسخہ کے مطابق گوگل کو دو گنے گائے کے گھی میں ڈال کر پکانے کے بعد نیچے بیٹھے ہوئے مواد کو نکال لیتے ہیں اسے مزید نسخہ میں شامل کیا جاتا ہے۔

اعصابی امراض میں گوگل کثرت سے مستعمل ہے۔ جب فالج کی وجہ سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

جسم کا کوئی عضو ناکارہ ہو جائے تو گوگل کا استعمال خون کی رکاوٹ کو دور کر کے دورانِ جاری کرتا اور فعالیت کو واپس لے آتا ہے۔ سر درد میں مفید ہے۔ جنازیر پرانی کھانسی۔ پھیپھڑوں کے ورم اور درد میں نافع ہے حلق کے ورم کو دور کرتا ہے۔ بواسیر کے لیے اس کا کھانا اور دھونی دونوں مفید ہیں۔ مقعد اور خصیوں کا ورم دور کرتا ہے مسوڑھوں کی سوزش کم کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری نکال سکتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔ دودھ بڑھاتا ہے عرق النساء۔ کمر درد اور نقرس کو فائدہ دیتا ہے۔

دیدلسے بھوک بڑھانے۔ ضعف باہ۔ گانٹھوں کو تحلیل کرنے میں استعمال کرتے ہیں۔ سونٹھ کے جوشاندہ کے ساتھ گوگل ضعف ہضم کے لیے اور کالی مرچ اور سونجان تلخ کے ساتھ گنٹھیا میں دیتے ہیں۔

گوگل کو سرکہ میں حل کر کے لگانے سے سر کے گنج کو فائدہ ہوتا ہے۔ نایل کے تیل میں اس کا مرہم متعفن زخموں کو اچھا کر دیتا ہے۔

کیمیاوی ہیئت :۔

اس کی کیمیاوی ہیئت کو مُر کے ساتھ الجھا دیا گیا ہے۔ جبکہ کرنل چوپڑا جیسے ثقہ محقق قرار دیتے ہیں کہ گوگل کو وہی کچھ سمجھا جائے جو مُر ہے۔

اب تک کے تجزیوں سے معلوم ہوا ہے کہ اس کے اجزاء ترکیبی میں ۳۵ فیصدی کے قریب بیکار چیزیں ہیں جبکہ خالص گوند ۳۲ فیصدی ہے۔ اس میں ۴۵۔ ۱ فیصدی تیل ہے۔ یہ دوسرے تیلوں کی طرح مقامی طور پر مخرش اور دورانِ خون میں اضافہ کرتا ہے۔ ۱۹۵۰ء میں بھاٹی نے معلوم کیا کہ اس میں ۶۵ فیصدی ایک نامیاتی عنصر MYRCENE پایا جاتا ہے۔ ابھی تک کسی نے اس جزو کے اثرات کے بارے میں مزید معلومات حاصل نہیں کیں۔

۱۹۴۲ء میں گھوش نے اس میں گوند کے علاوہ معدنیاتی عناصر کو ۱۹۰۵ فیصدی کی مقدار میں دریافت کیا جن میں پوٹاشیم۔ کلشیم۔ فولاد

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اور سلیکا زیادہ اہم ہیں۔

گوگل کی ساخت میں BALSUM OF TOLU کی ایک مقدار پائی جاتی ہے۔ اطباء قدیم کی ایک تعداد اسے روغن بلسان قرار دیتی ہے۔ دوسرے الفاظ میں روغن بلسان گوگل کا ایک حصہ ہے۔ لیکن روغن بلسان میں گوگل نہیں ہوتا

اطباء جدید کے مشاہدات

اثرات کے لحاظ سے یہ کباب چینی یعنی CUBEBS اور COPAIBA سے ملتا جلتا ہے۔ یہ ثابت اور سالم جلد پر کوئی اثر نہیں رکھتا۔ مگر جب جلد پر کوئی زخم۔ تقرح یا سوزش ہو تو اس کے دافع تعفن اثرات بڑے مفید ہوتے ہیں۔ یہ پیپ کو ختم کر دیتا۔ اور زخم کو جلد بھرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کا مرہم کوڑھ کے زخموں کو بھی مفید ہے۔

اس کے مقامی اور اندرونی اثرات کی بنیاد اس کے دافع تعفن بمقامی طور پر ASTRINGENT اثرات اور دورانِ خون کو جاری رکھنے کی عمل پر مبنی ہیں۔ یہ اعصاب کے لیے بیک وقت سکون آور اور محرک ہے۔ اس کے ذائقہ کی کڑواہٹ اسے بھوک بڑھانے والا بناتی ہے اور یہ پیٹ سے ریاح کو خارج کرتا ہے۔ کوڑھ۔ گنھیا۔ آتشک۔ لاہوری پھوڑے اور امراض البول میں اسے بڑی شہرت حاصل ہے۔

اس کی دھونی دق۔ سل۔ پرانی کھانسی۔ حلق کی سوزش اور بواسیر میں مفید ہے۔ اسکے دھوئیں سے گھروں کے کیڑے مکوڑے مر جاتے ہیں اور کمرے میں اگر جراثیم موجود ہوں تو ہلاک ہو جائیں۔ اس کے کھانے سے جسم کی قوتِ مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے اور خون کے سفید دانے WBC بڑھتے ہیں۔ کھانے کے بعد یہ پسینہ۔ پیشاب اور جھلیوں کی رطوبت کے راستہ خارج ہوتا ہے جہاں پر جراثیم کو مارتا ہے۔ مدر البول اور پیتھری کو نکالتا ہے۔ اسہال

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

آنتوں کی سوزش۔ کمزوری۔ سوکھا پن میں مفید ہے۔ چونکہ اس کے عام طور پر مضر اثرات نہیں اس لیے زیادہ عرصہ کھایا جاسکتا ہے۔ اس لیے طبی بیماریوں تپ دق اور آنتوں کی دق۔ پلورسی میں دیتے ہیں۔

اس کے مزادوں سے مسوڑھوں کے زخم بھر جاتے ہیں۔ اور حلق کی سوزش مندمل ہوجاتی ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لوبان ——— لیبان

STYRAX BENZOIN

لوبان ایک درخت سے نکلنے والی گوند ہے۔ درخت کے تنے پر جب گھاؤ لگاتے ہیں تو بیر وزہ کی مانند ایک گاڑھا لیسدار مادہ خارج ہوتا ہے۔ جسے سکھا کر استعمال کرتے ہیں۔ اگرچہ اس کے درخت ہندوستان میں بھی ہیں لیکن دنیا میں زیادہ تر لوبان کی درآمد جنوبی تھائی لینڈ۔ ملیشیا اور جزائر شرق الہند سے ہوتی ہے۔ اسے انگریزی میں ——— BENZOIN ——— اور مرہٹی میں اود کہتے ہیں۔ جو کہ غلط ہے۔ کیونکہ اود ایک مختلف چیز ہے۔

احادیث نبویؐ

حضرت عبداللہ بن جعفرؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بخروا بیوتکم باللبان والشیح

(بیہقی شعب الایمان)

(اپنے گھروں میں لوبان اور شیح کی دھونی دیتے رہا کرو)

ایک دوسری روایت میں ارشاد ہوا۔

بخروا بیوتکم باللبان والصعتر۔

(بیہقی)

(اپنے گھروں میں لوبان اور صعتر کی دھونی دیتے رہا کرو)

محدثین نے ان احادیث کے تفسیر کو لوبان کو کندر کے ساتھ خلط ملط کر دیا ہے۔ ابن القیم رحؒ نے لوبان کو کندر قرار دیتے ہوئے دونوں کے فوائد ملا دیتے ہیں۔ دوسری طرف بھارتی ماہرین نے اگرچہ کندر کو مختلف چیز قرار دیا ہے۔ مگر ایک دوسری گوند ——— BOSWELLIA SERRATA کو بھی لوبان ہی لکھا ہے۔ جبکہ یہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

گوند اپنے اثرات اور شکل وصورت کے لحاظ کندر کے زیادہ قریب ہے۔

توریت مقدس۔

توریت اور انجیل میں لوبان کا ذکر بار بار ملتا ہے۔ ان کی انگریزی میں اسے FRANKI SENCE کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ توریت اور انجیل میں اس کا ذکر ۸ مرتبہ آیا ہے۔

" اور اگر کوئی خداوند کے لیے نذر کی قربانی کا چڑھاوا لائے تو اپنے چڑھاوے کے لیے میدہ لے اور اس میں تیل ڈال کر اس کے اوپر لوبان رکھے اور اسے ہارون کے بیٹوں کے پاس جو کاہن نہیں لائے۔ اور تیل ملے ہوئے میدہ میں سے اس طرح اپنی مٹھی بھر کر نکالے کہ سب لوبان اس میں آجائے۔ سب کاہن اسے نذر کی قربانی کی یادگاری کے طور پر کے اوپر جلائے۔ (احبار ۲: ۲: ۱ - ۲)

۔۔۔۔ اس کی ماں مریم کے پاس دیکھا اور اس کے آگے گر کر سجدہ کیا اور اپنے ڈبے کھول کر سونا اور لوبان اور مر اسکو نذر کیا۔

(متی ۲: ۱۱ - ۲)

محدثین کے مشاہدات

لوبان قبض کشا ہے۔ اس میں فائدے زیادہ ہیں۔ اور نقصان بہت کم۔ معدہ کی درد کو دور کرتا ہے۔ اسہال میں مفید ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے آنکھوں کے زخم مندمل کرتا ہے۔ معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ بلغم نکالنے کے بعد اس کی پیدائش کو کم کرتا ہے۔

اگر لوبان یا اس کے ساتھ صفتر ملا کر عزارے کیے جائیں۔ تو گلے کی سوزش میں مفید ہے۔ زبان کے زخم بھر جاتے ہیں۔ حافظہ کو بہتر کرتا ہے۔

گلے ہوئے زخموں پر لوبان کا استعمال سوزش کو دور کرنے کے ساتھ صحت مند گوشت اگانے کا باعث ہوتا ہے۔ اس کی دھونی گھر کو خوشبودار بنانے کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

علاوہ وبائی امراض کو ختم کرتی ہے۔

اطبائے قدیم کے مشاہدات

آریو ویدک کتابوں میں لوبان کا ذکر نہیں ملتا۔ یوروپ میں بھی اس سے واقفیت ۱۳۹۹ء کے بعد سے شروع ہوتی ہے جب ابن بطوطہ اپنی سیاحت کے بعد اسے لے کر یوروپ گیا۔ عمدہ قسم کے لوبان کے سفید دانے ہیں ورنہ بھوری رنگت کا ہوتا ہے۔ جو الکحل میں پوری طرح حل ہو جاتا ہے۔

معدہ۔ دل اور باہ کو قوت دیتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ سردی کی کھانسی کو مفید ہے۔ بلغم نکالتا ہے۔ کھانے یا لگانے سے دانتوں کا درد جاتا رہتا ہے۔ نزلہ میں مفید ہے۔ دریدوں نے اسے مفرح قرار دینے کے علاوہ پسینہ کو خوشبودار کرنے والا بیان کیا ہے۔ اس کے کھانے سے مثانے کی سوزش دور ہو جاتی ہے۔ دق اور سل میں نافع ہے۔

لوبان کا لیپ نزلوں کو روکتا ہے۔ روغن کنجد یا زیتون میں ملا کر اگر کان میں ڈالا جائے تو کان کا درد جاتا رہتا ہے۔ اس کی دھونی کیڑوں مکوڑوں کو بھگا دیتی ہے۔ لوبان کو نیم کوب کر کے ہانڈی میں گل حکمت کر کے ڈال کر ایک نلکی بخارات کے اخراج کے لیے لگا دیتے ہیں۔ اس ہانڈی کو آگ دینے کے بعد لوبان کے جو بخارات نلکی کے ذریعہ باہر آتے ہیں ہیں، کو شیشی میں جمع کر لیں۔ یہ لوبان کا چوا کہلاتا ہے۔ اس سیال کو پھٹوں کی کمزوری کے علاوہ داد قوبا اور ایگزیما کے لیے مفید بتایا جاتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ

یہ آنسوؤں کی شکل کے خشک دانے دار ٹکڑے ہوتے ہیں جن میں BENZONIC ACID اور CINNAMIC کے علاوہ ANILINE پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ فراری روغن بھی موجود ہے۔

چونکہ لوبان ایک درآمدی چیز ہے اس لیے مہنگا ہوتا ہے۔ پہلے زمانہ میں لوگ مصنگی روئی کو رنگ دے کر خوشبو ملا کر نقلی لوبان بنانے لگے۔ چونکہ اب یہ نقلی بھی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

گراں ہے اس لیے بیروزہ سے لوبان تیار کرنے کی صنعت زوروں پر ہے۔
پاکستان کے دوا فروشوں کے یہاں عام طور پر اصلی لوبان دیکھا نہیں گیا۔

جدید تحقیقات :-

دافع تعفن۔ حابس خون ہونے کی وجہ سے زخموں کے علاج میں اہمیت رکھتا ہے۔ جراثیم کش ہونے کی وجہ سانس کی نالیوں کی سوزشوں۔ گردہ کی سوزش اور پتھری کے علاوہ پیشاب آور اثر کی وجہ سے مقبول ہے۔

جب پیشاب میں فاسفیٹ زیادہ مقدار میں ہوں تو لوبان کے مرکبات ان کو تحلیل کر کے باہر نکالتے ہیں دوسرے پیشاب آور نمکیات کے ساتھ لوبان کے اپنے نمک از قسم SOD. BENZONATE پیشاب آور ہونے کے علاوہ دافع تعفن اور پیشاب کے ذریعہ پانی نکالتے ہیں۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہیں۔ تپ دق۔ سل۔ پرانی کھانسی میں اس کا استعمال بہت سی دوسری ادویہ سے بہتر ہے۔

پرانی ادویہ میں سے وہ ادویہ جو طب جدید میں اب بھی استعمال ہوتی ہیں۔ ان میں لوبان اہم ہے۔ اس کی ٹنکچر —— TR. BENZOIN CO کو FRIAR'S BALSAM بھی کہتے ہیں۔ کھولتے پانی میں یہ ٹنکچر ملا کر پرانی کھانسی نمک اور گلے کی سوزش کے مریضوں کو اس کی بھاپ دی جاتی ہے۔ دن میں دو تین بھاپ لینے سے جمی ہوئی بلغم باہر آنے لگتی ہے۔ اور وہ مریض جسے سانس لینا بھی دوبھر تھا سہولت محسوس کرنے لگتا ہے۔

زخموں کے علاج میں ٹنکچر کو روئی پر لگا کر زخم پر لگائیں تو یہ چپک جاتی ہے۔ زخم سے عفونت کو دور کرنے کے علاوہ اسے مندمل کرتی ہے۔ اس کو لگانے سے بار بار پٹی کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ سوڈیم بنزویٹ اکثر مرہموں کا اہم جزو ہے۔ خاص طور پر پھپھوندی سے پیدا ہونے والی سوزشوں۔ داد۔ چنبل اور پرانے ایگزیما میں تنہا یا سیلی سلک ایسڈ کے ساتھ ایک مقبول دوائی ہے طب جدید کی ایک مشہور مرہم —— WHITFIELD OINTMENT کا نسخہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

یہ ہے۔

BENZOIC ACID	گرین ۶۰ بنزوئک ایسڈ
SALICYLILIC ACID	گرین ۳۰ سیلی سلک ایسڈ
VASELINE	گرین ۹۱۰ ویسلین

یہ مرہم جوڑوں کی درد کے لیے خاص طور پر بڑا مفید ہے۔

آدھ سیر پانی میں ٹنکچر کا ایک چمچہ ڈالنے سے دودھیا محلول بن جاتا ہے اس میں روئی تر کر کے عورتوں کی اندام نہانی کی سوزشوں اور لیکوریا کے لیے اندر رکھا جاتا ہے۔

لوبان کی دھونی:۔

حشرات الارض سے نجات حاصل کرنے کا جدید طریقہ کم کش ادویہ ہیں۔ ان میں سے اکثر کلوروین سے مرتب پاتی ہیں۔ یہ تمام ادویہ زہریلی ہیں۔ ایک حالیہ جائزے سے معلوم ہوا ہے کہ ہر سال تین لاکھ افراد ان کے مضر اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔ لاہور میں پچھلے سال ایک عورت کی موت انہی ادویہ کی وجہ سے ہوئی۔ ان ادویہ کے سپرے کے نتیجہ میں پرندے ختم ہو گئے ہیں۔ اشیاء خوردنی پر اگر یہ گر جائیں تو مہلک اثرات ہو سکتے ہیں۔ ENDRINE اور MALATHION کے بارے میں اب یہ طے ہو چکا ہے کہ ان کو آبادیوں میں استعمال نہ کیا جائے۔

اس مسئلہ کا سب سے آسان اور مفید حل بارگاہ نبوت سے عطا ہوا کہ گھروں میں لوبان اور صعتر یا لوبان اور اشیح ملا کر دھونی دی جائے۔ اشیح بنیادی طور پر حب الرشاد ہے۔ جبکہ صعتر کا جزو عامل THYMOL ہے۔ یہ دونوں چیزیں خوشبودار اور انسانی صحت کے لیے مفید ہیں۔ اگر کسی کمرے میں خناق یا دق کا مریض رہا ہو اور ہم اسے جراثیم سے پاک کرنا چاہیں تو طب جدید کے پاس گندھک اور فارملین کے سوا کوئی [illegible] دونوں کیڑوں کے لیے

Digitized by eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

نقصان دہ اور انسانوں کے لیے مہلک ہیں۔ اس کے مقابلے میں اگر اس کمرے میں لوبان کے ساتھ صعتر یا الشیح ملا کر دھونی دی جائے تو نہ صرف کہ مچھر بکھیاں۔ لال بیگ۔ چھپکلیاں ہلاک ہو جائیں گے بلکہ جراثیم بھی ختم ہو جائیں گے۔ اگر اس دھونی کے دوران اہل خانہ کمرے میں موجود رہیں تو ان کی سانس کی نالیاں بھی جراثیم سے پاک ہو جائیں گی۔ بدقسمتی یہ کہ ہمیں ابھی تک یہ یقین نہیں آسکا کہ ہمارے نبیؐ کے نسخے دوسروں سے ہر حال میں بہتر ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لہسن ـــــــ ثوم

GARLIC
ALIUM SATIVUM

لہسن قدیم ترین نباتات میں سے ہے۔ اہرامِ مصر کی تعمیر میں کام کرنے والے مزدوروں کو دوپہر کے کھانے میں لہسن دیا جاتا تھا۔ قدیم ہندو تہذیب میں بھی لہسن بطور غذا اور دوا شامل تھا۔ البتہ بعض برہمن لہسن اور پیاز کے استعمال کو ناجائز قرار دیتے آئے ہیں۔ علم نباتات کی درجہ بندی کے مطابق پیاز اس سے قریبی تعلق والا ہے۔ اگرچہ اس کی شکل و صورت جُدا ہے اور ALIUM CEPA کہلاتا ہے۔

لہسن جنگلوں میں خود رو بھی پیدا ہوتا ہے۔ اس کی پوتھی میں متعدد جوٹے ہوتے ہیں جن کی تعداد متعین نہیں۔ یہ پوتھی زمین کے نیچے ہوتی ہے اور بعض قسموں میں پوتھی میں صرف ایک ہی جویا بھی ہو سکتا ہے۔ اس کی جسامت ایک انچ سے فٹ تک ہو جاتی ہے۔ کیونکہ جب سے انسانوں نے غذا۔ مصالحہ اور دوا کے طور پر اسے پسند کیا ہے۔ اس کو محنت سے بویا اور اگایا جاتا ہے۔ ہندوستان میں گوشت اور سبزیاں پکاتے وقت لہسن کا بگھار دینے کا رواج ہے۔ اس کو ڈالنے سے کچے گوشت کی بدبو جاتی رہتی ہے۔ لہسن کی چٹنی بنائی جاتی ہے۔ یوروپ سے یہ امریکہ گیا جہاں کے لوگ ڈبل روٹی کے توس بھی لہسن میں بھونتے ہیں۔ اٹلی اور فرانس کا جنگلی لہسن زیادہ مقبول ہے۔ جبکہ مشرقِ وسطیٰ کے ممالک کے جنگلی لہسن کی رس دار شاخوں کو لوگ علیحدہ پکا کر کھاتے ہیں۔ طب میں ان شاخوں کو ساق کہتے ہیں جبکہ بھارتی اہلِ زبان انہیں آل کہتے ہیں۔ احادیث میں پیاز اور لہسن کی شاخوں کو کراث کا نام دیا گیا ہے۔ ان میں بدبو لہسن اور پیاز کی مانند ہوتی ہے۔

Digitized By eGangotri

لہسن کا ذکر احادیث میں کثرت سے ملتا ہے۔ جس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ڈیڑھ ہزار سال پہلے بھی اسے مقبول حمام ہونے کی سند حاصل تھی۔

قرآن مجید میں لہسن کے ذکر کے بارے میں مستند تنازعہ ہے۔

واذ قلتم یا موسیٰ لن نصبر علی طعام واحد
فادع لنا ربک یخرج لنا مما تنبت الارض من
بقلھا و قثائھا و فومھا و عدسھا و بصلھا۔
قال اتستبدلون الذی ھو ادنیٰ بالذی
ھو خیر۔ (البقرہ ۔ ۶۱)

بنی اسرائیل اللہ میاں کی لاڈلی امت تھی۔ ان کو من وسلویٰ کی صورت میں آسمان سے بٹیر پرندے اور سبزیوں کا مرکب کھانا اُترتا تھا۔ انہوں نے اپنے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کہا کہ اپنے رب سے کہو کہ ہم ایک ہی طرح کے کھانے سے تنگ آگئے ہیں۔ ہمیں وہ چیزیں دی جائیں جو زمین سے نکلتی ہیں جیسے کہ ساگ۔ کھیرا گکڑی گندم؟ مسور کی دال اور پیاز۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو سمجھانا چاہا کہ وہ اچھی خوراک چھوڑ کر گھٹیا کے طلبگار ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بھی اس بدلے انتخاب کو ناپسند کرتے ہوئے ان کو ہدایت کی کہ وہ مصر چلے جائیں۔ جہاں ان کو مطلوبہ چیزیں میسر آجائیں گی۔ مگر اس کے ساتھ ان پر عتابِ الٰہی اور ذلت مقدور کر دی گئی۔

اس آیت میں، فوم کے معنی اکثر مفسرین لہسن کرتے آتے ہیں۔ بلکہ المنجد نے فوم کو لہسن ہی بتایا ہے۔ مفسرین کرام میں مجاہدؒ نے فوم کو لہسن قرار دیا ہے۔ اکثر اُردو ترجموں میں بھی ایسا ہی ہے۔ مگر ابن کثیرؒ نے حضرت ابن عباسؓ کے متعدد حوالوں اور قدیم عرب شعراء کی مثالوں سے "فوم" کو گندم قرار دیا ہے۔ قبیلہ بنی ہاشم کی کئی لغت میں فوم گندم کے آٹے کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ البتہ بصل پیاز ہے اور اس کے ساتھ لہسن کو ملانا [illegible] "قثا" کے بارے میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ہے۔ اگرچہ یہ ککڑی ہے اور کھیرا خیار ہے لیکن اطبا اور زبان دان اسے دونوں کے لیے استعمال کرتے آئے ہیں۔

کتب مقدسہ

توریت مقدس میں بنی اسرائیل پر من اور سلوی کی نعمت کے ذکر کے سلسلہ میں بیان ہوا کہ

. . . . ہم کو وہ مچھلی یاد آتی ہے جو ہم مصر میں مفت کھاتے تھے اور ہائے وہ کھیرے اور وہ خربوزے اور وہ گندنے اور پیاز اور لہسن لیکن اب تو ہماری جان خشک ہوگئی۔ یہاں کوئی چیز ہے ہی نہیں اور من کے سوا ہم کو اور کچھ دکھائی نہیں دیتا۔

(گنتی ۱۱ : ۵ ۔ ۶)

ان آیات میں بنی اسرائیل خدا کی نعمتوں کو جھٹلاتے ہوئے من سے بیزاری کا اظہار کرتے ہوئے مصر کی ان سبزیوں کو یاد کرتے ہیں جو انہیں وہاں میسر تھیں۔ ان کی اسی کجروی میں بعد کا اثر یوں ہوا کہ انہوں نے قرآن مجید کے ارشاد کے مطابق اپنے نبی علیہ السلام سے کہا کہ ہمیں کھیروں، ککڑیوں والے دیس لے جاؤ ہمیں خدا کی مہیا کردہ غذا پسند نہیں۔ جس پر خدا تعالیٰ نے خفا ہو کر فرمایا کہ پھر تم مصر کو واپس چلے جاؤ۔ وہاں پر وہ سب کچھ موجود ہے جو تم چاہتے ہو۔ یہ لوگ ایسے بے قدر تھے کہ اچھی چیزیں چھوڑ کر گھٹیا خوراک چاہتے تھے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان پر اللہ کا غضب نازل ہوا اور وہ بے سروسامانی میں دربدر بھٹکتے پھرے

احادیث نبوی ﷺ

عن عبد العزیز قال قیل لانس رضی ما سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الثوم فقال من اکل نلا یقربن مسجدنا

(بخاری)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

(عبدالعزیز نے انسؓ سے پوچھا کہ تم نے لہسن کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سنا۔ انہوں نے فرمایا کہ جو کوئی اسے کھائے ہماری مسجد کے قریب بھی نہ آئے۔

یہی روایت عبداللہؓ بن عمر اور عبداللہ بن زیدؓ سے طیالسی نے بھی دی ہے۔ دوسری روایت حضرت ابوبکرؓ سے بھی ہے۔

ان جابر بن عبداللہ زعم عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من اکل ثوما او بصلاً فلیعتز او لیعتز (بخاری)

(جابرؓ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ جو کوئی لہسن یا پیاز کھائے وہ دور رہے یا فرمایا کہ ہماری مسجد میں نہ آئے۔)

عن ابی ایوب قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتی بطعام اکل منہ وبعث بفضلہ اتّی وانہ بعث الیّ یوماً بقصعۃٍ لم یاکل منھا لِاَن فیھا ثوماً فسالتہ اَحرامٌ ھو قال لا۔ ولٰکن اکرھہ من اجل ریحہ قال فانی اکرہ ما کرھت (مسلم)

(ابو ایوبؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خدمت میں جب کوئی کھانا آتا وہ اس میں سے کھانے کے بعد بقیہ مجھے مرحمت فرما دیتے تھے۔ ایک روز ایک طشتری ایسی آئی جس میں سے انہوں نے کچھ نہ کھایا تھا۔ کیونکہ اس میں لہسن تھا۔ میں نے پوچھا کہ کیا یہ حرام ہے؟ فرمایا۔ نہیں!۔ البتہ مجھے اس کی بو ناپسند ہے۔ جس چیز سے وہ نفرت کرتے تھے میں بھی کرتا ہوں)۔

عن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ قال من

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اکل ثوماً او بصلاً فلیعتزلنا او قال فلیعتزل مسجدنا او لیقعد فی بیتہ وان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی بقدر فیہ خضرات من بقول فوجد لھا ریحاً قربوھا الی بعض اصحابہ وقال کل. فانی اناجی من لا تناجی۔

(بخاری۔ مسلم)

(جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لہسن یا پیاز کھاتے ہمارے قریب نہ آئے یا فرمایا کہ ہماری مسجد میں نہ آئے یا اپنے گھر بیٹھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ہنڈیا لائی گئی تھی جس میں کئی قسم کی سبزیاں پکی تھیں۔ اس میں سے بو محسوس کر کے فرمایا کہ اسے فلاں اصحاب کے پاس لے جاؤ وہ کھالیں۔ کیونکہ میں ایسے لوگوں سے سرگوشی کرتا ہوں جن سے تم نہیں کرتے۔)

حضرت ابی سعید الخدری روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

نہیٰ عن اکل البصل والکراث والثوم

(طیالسی)

(پیاز۔ لہسن اور گندنے سے منع فرمایا)

گندنا جنگلی لہسن کی اقسام میں سے ہے اس کی بھی ساق ہوتی ہے۔

اسی مسئلہ پر ابی سعیدؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک تفصیلی روایت میں فرماتے ہیں۔

من اکل من ھذہ الشجرۃ الخبیثۃ شیئاً فلا یقربنا فی المسجد، یا ایھا الناس! انہ لیس لی تحریم ما احل اللہ ولکنھا شجرۃ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اکل لا ریحها۔ (مسند احمد۔ مسلم)

(جس نے اس خبیث پودے سے کچھ بھی کھایا ہماری مسجد میں نہ آئے۔ اے لوگو! میں کسی ایسی چیز کو جس کو اللہ نے حلال کیا حرام نہیں کرتا لیکن مجھے یہ درخت اور اس کی بدبو ناپسند ہے)

مسند احمد اور طبری نے اسے ابی ثعلبہؓ سے بھی روایت کیا ہے۔

جابرؓ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

من اکل من هذه الخضروات! البصل والثوم والکراث والفجل، فلا یقربن مسجدنا

(طبرانی)

(جس نے ان سبزیوں یعنی پیاز۔ لہسن اور کراث اور مولی کو کھایا وہ ہماری مسجد میں نہ آئے۔)

حضرت ثوبانؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من اکل من هذه البقلة المنتنة یعنی الثوم۔ فلیجلس فی بیته (النسائی)

(جو اس بدبودہ پودے یعنی لہسن کو کھائے۔ وہ اپنے گھر بیٹھا رہے)

حضرت ابی سعیدؓ لہسن کے بارے میں مشرط نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے یوں بیان کرتے ہیں

کلوه، ومن اکله منکم فلا یقربن هذا المسجد۔ حتی یذهب ریحه منه یعنی الثوم

(ابوداؤد۔ ابن حبان)

(تم اسے کھاؤ لیکن تم میں سے جس نے اسے کھایا ہو وہ اس

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مسجد کے قریب نہ آئے حتیٰ کہ اس کے منہ سے اس لہسن کی بدبو چلی نہ جائے۔)

عن امّ ایوب قالت صنعت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم طعام فیہ بعض البقول. فلم یاکل. وقال انی اکرہ ان اوذی صاحبی۔

(ابن ماجہ)

ام ایوبؓ کہتی ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیلیے کھانا تیار کیا جس میں بعض سبزیاں (لہسن وغیرہ) تھے۔ انہوں نے وہ نہ کھایا اور فرمایا کہ میں پسند نہیں کرتا کہ میرے منہ سے بدبو آئے اور لوگ پریشان ہوں)

عن معدان بن ابی طلحۃ الیعمری انّ عمر بن الخطاب قام یوم الجمعۃ خطیباً. فحمد اللہ واثنیٰ علیہ. ثم قال. یا ایھا الناس انکم تاکلون شجرتین لا اراھما الا خبیثتین. ھذا الثوم وھذا البصل. ولقد کنت اری الرجل عمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوجد ریحہ منہ. فیؤخذ بیدہٖ حتیٰ یخرج بہ الی البقیع فمن کان اکلھما لابدّ فلیمتھما طبخا

(ابن ماجہ)

معدان بن ابی طلحہ الیعمری بیان کرتے ہیں کہ ایک جمعہ والے دن حضرت عمر بن خطاب نے خطبہ دینے منبر پر کھڑے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا۔ "اے لوگو! تم ان دو سبزیوں کو کھاتے ہو جن کو میں ہر طرح سے خبیث قرار دیتا ہوں۔ یعنی کہ یہ لہسن اور یہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

پیاز۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں اگر کوئی شخص ان کو کھاتا تھا اور اس کے منہ سے ان کی بو آرہی ہوتی تھی تو اس کا ہاتھ پکڑ کر شہر کے باہر بقیع کی سمت نکال دیا جاتا تھا۔ اگر تم نے انہیں کھانا ہی ہو تو پکا کر کھاؤ کہ اس طرح ان کی بدبو کم ہو جائے)۔

عن جابرؓ ان نفراً اتوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فوجد منہم ریح الکراث فقال الم اکن نھیتکم عن اکل ھذہ الشجرۃ ان الملائکۃ تتاذی مما یتاذی منہ الانسان۔

(ابن ماجہ)

جابرؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں کچھ لوگ آئے جن کے منہ سے کراث (گندنام کی بو آرہی تھی۔ فرمایا کہ کیا میں نے تم لوگوں کو اس درخت کے کھانے سے منع نہیں کیا تھا۔؟ فرشتے بھی اس چیز سے پریشان ہوتے ہیں جس سے انسان ہوتے ہیں)

لہسن کی اجازت:۔

حضرت علیؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا الثوم و تداووا بہ۔ فان فیہ شفاء من سبعین داء ـــــ (الدیلمی)

(لہسن کھاؤ اور اس سے علاج کرو۔ کیونکہ اس میں ستر بیماریوں سے شفا ہے)۔

حضرت علیؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لولا ان الملک ینزل علی لأکلتہ یعنی الثوم۔ (الخطیب)

(اگر میرے پاس فرشتے نہ آتے تو میں اسے یعنی لہسن

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

کو کھالیتا)۔

ابو نعیم کی طب پر ایک تالیف مطبہ نولکشور لکھنؤ سے شائع ہوئی ہے جس میں اس نے متن کے بغیر ایک روایت بیان کی ہے کہ جس کے منہ سے لہسن پیاز یا مولی کی بدبو آئے وہ درود شریف پڑھے تو بدبو جاتی رہے گی۔

محدثین کے مشاہدات :۔

اس کے لگانے سے جلد پھٹ جاتی ہے اور اس پر پھوڑے نکل آتے ہیں۔ اس کے لگانے سے سانپ اور بچھو کے زہر کے اثرات زائل ہو جاتے ہیں۔ ابن القیم نے کتا کاٹے کے لیے بھی اس کا لگانا مفید قرار دیا ہے جلد پر لگانے سے مقامی طور پر حدت محسوس ہوتی ہے۔ اسے کوٹ کر سرکہ۔ شہد اور نمک ملا کر پھوڑے پھنسیوں اور چھائیوں پر لگائیں تو فائدہ ہوتا ہے۔

لہسن کھانے سے سینہ کا درد دور ہوتا ہے۔ فالج میں فائدہ ہو سکتا ہے۔ پیٹ کے سدے نکالتا ہے۔ کھانا ہضم کرتا ہے۔ پیاس کم کرتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔ جسم کو گرمی پہنچاتا ہے۔ حلق کی سرخی اور ورم دور کرتا ہے۔ سینے سے بلغم اور پیٹ سے کیڑے نکال دیتا ہے۔ اس کے مضر اثرات میں دماغ اور بصارت کو کمزور کرنا۔ صفرا میں اضافہ کرنا ہے۔ باہ کو کم کرتا ہے۔ سانس کو بدبودار کرتا ہے۔ اگر اس کے ساتھ سداب کے پتے کھائے جائیں تو اس کی اپنی بدبو بھی کم ہو جاتی ہے۔ جوڑوں کے پرانے درد پھر سے شروع کرتا ہے اور بواسیر میں مضر ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات

لہسن سرد ملکوں کے رہنے والوں کے لیے مفید ہے کیونکہ گرمی پیدا کرتا ہے۔ غلیظ اخلاط کو کاٹ دیتا ہے۔ خون کو پتلا کرتا ہے۔ زیادہ مقدار خون کو جلا کر سیاہ کر دیتی ہے۔ کھانے والے کے خون۔ پیشاب۔ پاخانہ اور پسینہ سے بھی لہسن کی بو آتی ہے۔ یاد رہے کہ جنگ میں استعمال ہونے والی زہریلی گیسوں میں MUSTARD گیس کی بو بھی لہسن کی بو سے ملتی ہے)۔ لہسن دمہ اور

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

پتی میں مفید ہے۔ تپ بلغمی۔ باؤ گولہ۔ بلغم۔ بواسیر اور ہضم کو زائل کرتا ہے۔ اس کا معجون پتھری کو توڑتا ہے۔ اس کا معجون باہ کو قوت دیتا ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ مرگی اور رعشہ میں مفید ہے۔ لہسن کو کچل کر اس کا ساڑھے سات تولہ پانی نکال کر اس میں ہم وزن گھی اور پانچ تولہ گڑ اور تھوڑا سا آٹا ملا کر حریرہ پکایا جاتا ہے۔ پہلے لہسن کا خالص پانی پی کر اوپر سے حریرہ کھا لیا جائے۔ تپ لرزہ کو آرام آجائے گا۔ ساڑھے سات تولہ لہسن کے پانی سے معدہ میں شدید جلن پیدا ہو جائیگی)

اگر اسے گھی میں بھون کر شہد ملا کر چٹائیں تو دمہ میں فائدہ ہوتا ہے۔

فالج کے لیے مریض کو پہلے روز ایک پوتھی۔ پھر دو۔ پھر تین اس طرح چالیس تک جاویں اور پھر روزانہ ایک کم کریں۔ فالج ٹھیک ہو جائے گا۔ بوعلی سینا نے لکھا ہے کہ لہسن کے جوشاندہ کے ساتھ حقنہ کرنے سے عرق النسار ٹھیک ہو جاتا ہے اگر اس کے ساتھ خون اور صفرا کے دست آئیں تو بہتر ہے۔ اس کے استعمال سے بڑھا ہوا پیٹ کم ہو جاتا ہے۔ انجیر اور اخروٹ کے ساتھ ملا کر کھانے سے فوائد میں اضافہ ہوتا ہے۔ قولنج ریحی۔ بلغمی اور آنتوں کے درد کو مٹا دیتا ہے۔ اس کو کھانے سے دست بھی آجاتے ہیں مگر ایسا ہونے سے پیٹ کے کیڑے نکل جاتے ہیں۔ بوڑھے آدمیوں میں پیشاب کی رکاوٹ دور ہوتی ہے۔

انجیر، سداب اور اخروٹ کے ساتھ لہسن اکثر زہروں اور زہریلے کیڑوں حتیٰ کہ کتے کاٹے کے لیے بھی مفید ہے۔

ویدے طبیعت کو خوش کرنے والا قرار دیتے ہیں۔ ہاضمہ اور عقل بڑھاتا ہے۔ صفرا اور خون میں اضافہ کرتا ہے۔ باؤ گولہ۔ تپ سرد۔ دم اعضا بواسیر اور جریان کے لیے مفید ہے۔ کھانے کے بعد کی سستی کو دور کرتا ہے۔ بادی کو مٹاتا ہے۔ لہسن کو نچوڑ کر یا بھبکے میں ڈال کر اس کا تیل نکالا جاتا ہے۔ جس کے خواص بالکل لہسن والے ہیں۔ گرم پانی میں لہسن کا عرق نہاری میں مفید ہے۔ اس کا علاوہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

تیار کر کے کھانے سے لقوہ دور ہو جاتا ہے۔

جنگلی لہسن

اس کی بو لہسن کی مانند ہوتی ہے۔ پتے اور ساق لمبی ہوتی ہے۔ پھول نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ پھول کے اردگرد ستاروں کی مانند پتے جمع ہوتے ہیں۔ اس کی پوتھیاں زیادہ نہیں ہوتیں۔ اس کا مزہ لہسن سے زیادہ تیز اور بو شدید ہوتی ہے۔ اسے کراث البری، بھی کہتے ہیں۔ بعض اطبا نے اسے، ثوم الحیہ، بھی قرار دیا ہے۔ البتہ اسے 'حافظ الاجساد' کا نام بھی دیا گیا ہے۔

اس کے فوائد بالکل لہسن والے ہیں بلکہ تیز ہونے کی وجہ سے سریع الاثر ہے۔

مقامی استعمال :-

لہسن کو جلا کر سرکہ اور شہد میں پیس کر لگانے سے پھوڑے پھنسیاں برص۔ بالخورہ۔ گنج۔ چھیپ اور داد ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

سرکہ اور شہد میں اس کا مرکب لگانے سے جوڑوں کا درد جاتا رہتا ہے۔ خالص لہسن کا عرق ملنے سے جوئیں مر جاتی ہیں۔ کمرے میں اس کی دھونی دینے سے بھڑ اور دوسرے ضرر رساں کیڑے بھاگ جاتے ہیں۔ جسم کے کسی حصہ میں ورم ہو تو لہسن کو سرکہ میں گھوٹ کر لگانے سے وہ تحلیل ہو جاتا ہے۔ دوسری صورت میں اسے دودھ میں پکا کر یہ دودھ پھوڑوں کو پکانے کے لیے لگائیں۔ اس کو گرم گرم چبانے سے دانت کا درد جاتا رہتا ہے۔ اس کو رائی کے تیل میں تل کر یہ تیل لگانا خشک کھجلی کے لیے مفید ہے۔ ایک پوتھی لہسن کو سوا تولہ تل کے تیل میں تل کر پھر رس نکال کر کان کے آس پاس لگانے سے بہرہ پن میں مفید ہے۔ لہسن کی دھونی سے ادھ سر کا درد جاتا رہتا ہے۔

کیمیاوی ہیئت :-

لہسن کو کوٹ کر اگر اسے کشید کیا جائے تو اس سے ایک فراری تیل نکلتا ہے جسے اس کا جزو حاصل کہہ سکتے ہیں۔ اس کا رنگ کھلتا ہوا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

زدویا براؤن ہوتا ہے۔ اور اس میں سے لہسن کی شدید بدبو آتی ہے۔ یہ تیل ۱۵۰° پر ابالنے سے اڑ جاتا ہے۔ اگر اسے درجاتی کشید کے عمل سے گزاریں تو مختلف مراحل پر اس سے چار قسم کے سیّال حاصل ہوتے ہیں جن میں سے ایک کی خوشبو پیاز کی مانند ہوتی ہے۔ امریکی محقق کاوالیٹو نے ۱۹۴۴ء میں پیاز کو کوٹ کر اسی سے ایک جراثیم کش دوائی ALLACIN نام کی حاصل کی ہے۔ یہ دوائی خالص صورت میں جلد ضائع ہو جاتی ہے۔ اس کا ۰.۲ فیصدی زیادہ دیر تک مؤثر رہ سکتا ہے۔ جبکہ لہسن میں اس کی مقدار ۰.۴ فیصدی تک ہو سکتی ہے۔ بعد میں کیمیا دانوں نے ALLACIN کا نام ترک کر دیا کیونکہ اسی نام کا ایک اور مرکب علم کیمیا میں پہلے سے موجود اور مشہور تھا۔ اس کے بعد ۱۹۴۶ء ورنکٹ رامن اور اس کے ساتھیوں نے اسے ہر قسم کے جراثیم کے خلاف مؤثر پایا۔ حتیٰ کہ تپ دق اور کوڑھ کے جراثیم بھی اس کی زد میں تھے اور یہ پھیپھوندی پر بھی مؤثر تھا۔ یہ خون اور معدہ کے جوہر کی موجودگی میں بھی مؤثر رہ سکتا ہے۔ مگر آنتوں میں موجود لبلبہ کے جوہروں PANCREATIC JUICE کی موجودگی میں بے کار ہو جاتا ہے یہ جوہر دودھ کے پھاڑنے یا ہضم کرنے والے ہاضم جوہروں کے عمل میں رکاوٹ ڈالتا ہے۔ اس کے بعد پاکستانی کیمیا دان ڈاکٹر سلیم الزمان صدیقی نے جو ۱۹۴۷ء میں گندھک سے مرکب نباتاتی ذرائع سے حاصل ہونے والی جراثیم کش ادویہ پر تحقیق کر رہے تھے۔ انہوں نے لہسن پر پھر سے توجہ دی اور دیکھا کہ اسے چھ گھنٹہ تک ایتھر میں بھگونے سے اس میں سے ۰.۴ فیصدی کی مقدار میں ایک جراثیم کش عنصر خارج ہوتا ہے۔ اس کی دو قسمیں دیکھی گئیں ایک وہ جو کلوروفارم میں حل پذیر تھا اور دوسرا غیر حل پذیر ہے۔ ان کو ALLISATIN-I اور ALLISATIN-II کے نام دیئے گئے۔ پہلا سیپ پیدا کرنے والے STAPHYLOCOCCUS — اور E-COLI کے خلاف زیادہ مؤثر پایا گیا جبکہ دوسرا

Digitized by eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

LOCOCCUS ـــــــ کے خلاف مفید رہا۔ ان دو کے علاوہ ایک دانہ دار مرکب بھی برآمد ہوا جو الکحل میں حل پذیر نہ پایا گیا۔

کاوالیٹو نے ان جراثیم کش عناصر کا تقابلی مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ ان کی استعداد پنسلین کی صلاحیت کا سواں حصہ یا ایک فیصدی سے کم ہے۔ انہوں نے مشاہدہ کیا کہ کلوروفارم میں حل ہو جانے والا حصہ مینڈک کے دل کے لیے مقوی ہے۔ جبکہ بلی کے بلڈ پریشر میں اضافہ کرتا ہے اور حرکتِ دل کی انتڑیوں میں فالج پیدا کرتا ہے۔ کلوروفارم میں حل نہ ہونے والے حصہ میں نہ تو جراثیم کش اثرات تھے اور نہ ہی اس نے مینڈک کے دل پر کوئی اثر ڈالا نہ بلی کے دل کو متاثر کیا اور نہ ہی حرکتِ دل کی آنتیں مفلوج ہوئیں۔ ان مشاہدات سے یہ ثابت ہوا کہ دل پر اس کے مفید اثرات والی بات محض خوش فہمی ہے حقیقت نہیں۔

پاکستان کونسل برائے سائنسی تحقیقات لاہور کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مظفر حسین شاہ نے اس تالیف کے لیے خصوصی طور پر لہسن کے تین کیمیائی اجزاء تلاش کر کے رپورٹ مرتب کی ہے۔ ان کی تحقیقات کے مطابق ایک سو گرام لہسن کے کیمیاوی اجزاء کا تناسب یوں ہے۔

	پانی	لحمیات	نشاستہ	کیلشیم	فاسفورس	فولاد
لہسن کی پوتھی۔	۶۳٫۱	۵٫۱	۳۰٫۳	۲۳	۱۴۶٫۱	۱٫۷
لہسن کے پتے (ساق)	۹۱٫۱	۱٫۹	۵٫۳	۱۲۰	۵۳	۱٫۱

	سوڈیم	پوٹاسیم	میگنیشم	حیاتین ب ۱	حیاتین ب ۲	حیاتین سی
	۲۷	۴۹۴	۳۳	۰٫۳۲	۰٫۰۵	۷٫۰
	۱۴	۵۸۷	×	۰٫۰۹	۰٫۰۴	۴۲٫۰

اطبائے جدید کے مشاہدات

اس کے زیادہ تر اثرات اس تیل کی وجہ سے ہوتے ہیں جو اس میں پایا جاتا ہے۔ اس کی خوراک نصف سے دو قطرے ہے۔ یہ تیل زبردست

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

جراثیم کش ہے۔ کارباک ایسڈ سے دوگنی صلاحیت کا مالک ہے۔ اس کو کھانے سے منہ سے ناگوار بو آتی ہے۔ جس کو کم کرنے کے لیے جرمنی کی فرم ڈاکٹر میڈاس نے ALIOCAP نام کے کیپسول بنائے ہیں۔ چونکہ ان میں ذائقہ اور بو نہیں اس لیے آسانی سے کھائے جا سکتے ہیں۔ سوئٹزرلینڈ کی فرم سینڈوز نے لہسن کے جوہر کے ساتھ پسا ہوا کوئلہ ملا کر تخمیر معدہ کے لیے ALLISATIN نامی گولیاں بنائی ہیں جبکہ ہمارے ملک میں LASONA فروخت ہوتی ہے۔

پاکستان کونسل برائے سائنسی تحقیق کے ڈاکٹر فرخ حسین شاہ نے لہسن کا جوہر دانے دار صورت میں تیار کیا جس میں بدبو کم ہے۔ اسے مصالحہ بنانے والی پاکستانی کمپنیاں اب "لہسن پوڈر" کے نام سے بازار میں لے آئی ہیں۔

اندرونی طور پر اس کا سفوف، جوہر، یا تیل بدہضمی، یا گولہ، جھوک کی کمی میں مفید ہیں آنتوں کے جراثیم اور کیڑے مار دیتے ہیں۔ انہی تکالیف کے لیے لہسن کا مرہم بنا کر پیٹ کی جلد پر مالش کی جاتی ہے۔

یہ دمہ اور پرانی کھانسی میں مفید ہے۔ ۱۹۱۶ء میں ماہرین نے اسے تپ محرقہ سے بچانے والا قرار دیا۔ پھر اسے تپ محرقہ کے علاج میں یوں تجزیہ کیا گیا کہ لہسن کے عرق کا ایک چھوٹا چمچہ گائے کے گوشت کی یخنی کی ایک پیالی میں ڈال کر اس میں کوئی مشربت ملا کر میٹھا کر لیا جائے۔ یہ پیالہ ہر چھ گھنٹے کے بعد دیا جائے۔ بارہ سال سے کم عمر بچوں کے لیے نصف چمچ کافی ہے۔

خناق میں لہسن کی پوتھیاں بار بار چبانا مفید ہے۔ چونکہ اس بیماری میں حس ذائقہ نہیں ہوتی اس لیے مریض آسانی سے قبول کر لیتا ہے۔ ۱۸-۱۹۱۰ء میں کراس مین نے دعویٰ کیا کہ لہسن نمونیہ کے لیے مفید ہے۔ اس نے مطبوعہ مقالہ میں بیان کیا ہے کہ اس کے ہر مریض کو پانچ روز کے اندر فائدہ ہوا۔ اس نے لہسن کی ٹنکچر ـــــ TR. FILLII استعمال کی اور سانس کی دوسری بیماریوں میں بھی افادیت کا اظہار کیا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دق اور سل کے علاج میں لہسن کو شہرت رہی ہے۔ اس کا عرق تکلیف دہ کھانسی کو ختم کر دیتا ہے۔ بھوک بڑھ جاتی ہے۔ اور بعض مریضوں میں رات کو پسینے آنے بھی بند ہو جاتے ہیں۔ ان باتوں سے مریض کا وزن بڑھتا اور بھوک میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے لیے نصف سے پورا چمچہ دن میں تین سے چار مرتبہ دیا گیا۔

ہیمبرگ (جرمنی) کی ایک دوا ساز کمپنی نے لہسن میں کیمیاوی عناصر شامل کیے بغیر لہسن کے تیل کے کیپسول تیار کیے ہیں۔ ان کا دعویٰ ہے کہ یہ خون کو پتلا کرتے ہیں۔ ہاضمہ کو درست کرتے ہیں۔ خون کی نالیوں کی وسعت کو بڑھاتے۔ دمہ کھانسی۔ گنٹھیا میں مفید ہیں۔

لہسن کے عرق میں نمک ملا کر اعصابی امراض۔ مثلاً سر درد۔ ہسٹریا میں مفید بتایا گیا ہے۔ اس کا تیل باری کے بخار (ملیریا) میں مفید پایا گیا ہے۔ اس کو پانی اور کھانڈ میں پکا کر مشربت بنا کر گنٹھیا اور جوڑوں کے دردوں میں دیا جاتا ہے۔ اسے پینے سے سردی لگنی بند ہو جاتی ہے۔

خارجی استعمال :-

داد کے زخموں پر لہسن کوٹ کر ملنے سے وہ ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اسی ملغوبہ کو ہسٹریا کے مریض کو سنگھایا جائے تو بیہوشی ٹھیک ہو جاتی ہے۔ ناریل یا سرسوں کے تیل میں ادرک کو جلائیں۔ پھر یہ تیل ایسے زخموں پر لگایا جائے جن میں کیڑے پڑے ہوں یا بدبو آتی ہو۔ یہ تیل کھجلی میں بھی مفید ہے۔ پھٹوں کی اکثرن۔ چوٹ اور درد میں اسی تیل میں نمک ملا کر لگانا مفید ہے۔ اس کی جگہ ندکارنی اور چوپڑا (SUCCUS ALLII) تجویز کرتے ہیں جس کی ترکیب یہ ہے کہ لہسن کا پانی نکال کر اسے چار گنا آب مقطر میں حل کر لیا جائے یہ لوشن زخموں سے بہنے والی پیپ کو بھی بند کرتا ہے اور انہیں بھرنے میں مددگار ہوتا ہے۔ تلی کے تیل یا سرسوں کے تیل میں لہسن کے دو ایک جوئے جلا کر تیل

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کان میں ڈالنا کان کے درد میں مفید ہے۔ اس کا جوہر اگر کان کے آس پاس روزانہ ملا جائے تو بہرا پن کو دور کرتا ہے۔ لہسن کا خالص عرق حلق کا کوا بڑھ جانے پر لگانے سے اس کی سوزش کم ہو جاتی ہے۔

ویدک طب کی جدید تحقیقات میں ۱۲ تولہ لہسن پھر۔ ہینگ۔ زیرہ سیاہ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ سونٹھ۔ مرچ سرخ۔ مرچ سیاہ میں سے ہر ایک ڈیڑھ ماشہ لے کر ان سب کو پیس لیا جائے۔ اس سفوف کے بیس گرین روزانہ صبح کھانے سے لقوہ۔ فالج۔ عرق النسار۔ ادھرنگ کو فائدہ ہوتا ہے۔ اسی قسم کا ایک اور نسخہ "سوپر سونا" کے نام سے مروج ہوا ہے جس میں ۳۲ تولہ ادرک کو چار سیر پانی اور چار سیر دودھ میں اتنی دیر پکایا جائے کہ وہ نصف رہ جائے۔ پھر اسے چھان کر رکھ لیں۔ اس کا ایک چمچ روزانہ صبح دل کی کمزوری۔ پیٹ میں نفخ۔ وجع المفاصل اور ہسٹریا میں مفید ہے۔

حیوانات میں لہسن کا استعمال

برطانوی ڈاکٹر ملٹن ڈیوہرسٹ نے لہسن کو جانوروں اور خاص طور پر کتوں کے اجسام سے کیڑے لگانے میں مفید بتایا۔ اس کے نسخہ کے مطابق لہسن کا تازہ عرق کے اونس میں تیس اونس پانی ملا کر اس کا ایک چھوٹا ایک عام جسامت کے کتے کے لیے کافی ہوتا ہے۔ اس مرکب کو اگر کسی خوردنی تیل میں ملا کر دیا جائے تو زیادہ مفید ہوتا ہے۔ ڈاکٹر ملٹن کا مشاہدہ ہے کہ لہسن کا عرق ہر مرتبہ تازہ نکالا جائے۔ پرانا عرق بیکار ہوتا ہے۔

لہسن کے بارے میں خصوصی احتیاط:۔

بھارتی ماہرین کا بیان ہے کہ لہسن کے مرکبات ایسے ادارہ وں کے بنے ہوئے خریدے جائیں جن کی شہرت اچھی ہو۔ کیونکہ السی کے السینس کی خوشبو لہسن کی طرح کی ہوتی ہے۔ اس کی قیمت لہسن کے تیل سے بیس گنا کم ہے۔ اس کی ملاوٹ عام ہوتی ہے اور یہ السینس خطرناک ہے کیونکہ اس میں سایا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

نائیڈ نہر ہوتے ہیں۔

مشاہدات :-

احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو لہسن ناپسند تھا۔ امت کے لیے انہوں نے شرط لگائی کہ کچا نہ کھایا جائے۔ عام لوگ ہنڈیا میں پکا ہوا لہسن کھا سکتے ہیں۔ حضرت ام ایوبؓ بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے لہسن میں پکا ہوا سالن کھانا بھی پسند نہ فرمایا۔ اس عمل مبارک کے بعد لہسن کے استعمال کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ جس چیز کو سرکارِ دو عالمؐ نے پسند نہ فرمایا کسی فائدہ کا باعث نہ ہوگی۔

لہسن کوئی نئی چیز نہیں لوگ اسے چھ ہزار سال سے جانتے ہیں۔ اتنی لمبی واقفیت کسی یقینی فائدے کا باعث نہیں ہو سکی۔ آجکل مشہور ہے کہ لہسن کھانے سے خون میں کولسٹرول کم ہو جاتی ہے۔ یہ بلڈ پریشر کو کم کرتا ہے۔ برصغیر ہند کے اکثر و بیشتر گھرانوں میں لہسن بڑی باقاعدگی سے سالن میں ڈالا جاتا ہے۔ وہ لوگ جو سالوں سے لہسن کھا رہے ہیں ان میں سے ہزاروں ایسے ہیں جن کو بلڈ پریشر ہوا۔ خون میں کولسٹرول بڑھی اور دل کے دورے پڑے۔ اگر لہسن اس باب میں مفید ہوتا تو یہ لوگ بیمار نہ ہوتے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علی الصبح شہد پینے والے کو کوئی بڑی بیماری نہیں ہوتی۔ اس بات پر اطباء نے اسے "حافظ الامین" کا لقب دیا کیونکہ وہ بیماریوں سے بچاتا ہے۔ ایسی کوئی صفت کسی بھی ذریعہ سے لہسن کے بارے میں معلوم نہیں ہوئی۔ ۱۹۱۶ء اور ۱۹۱۸ء میں ماہرین نے اسے تپ محرقہ اور خناق میں استعمال کیا اور بڑے اچھے نتائج بیان کیے مگر ستر سال گزر جانے کے باوجود پھر کسی نے ان مشاہدات کو قابل عمل نہ قرار دیا۔

۱۹۴۵ء میں لوگوں نے لہسن سے ALLISATIN نکال کر اسے ANTIBIOTIC قرار دیا۔ مگر ۳۲ سال میں یہ دوائی بازار میں بکنے نہ آسکی۔ بھارتی ماہرین کا خیال ہے کہ بلڈ پریشر کے لیے لہسن کو پکا کر کھایا جائے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

جرمن کہتے ہیں کہ کھائیں تو کچا مگر زیادہ چبایا جائے۔ جو یا روٹی کے لقمہ میں رکھ کر نگل لیا جائے۔ اب کراچی یونیورسٹی کی علم الادویہ کی پروفیسر زبیدہ قریشی نے اثرات کا مشاہدہ کر کے بتایا ہے کہ اس کے کاغذ کی مانند باریک قتلے بنا کر انہیں چبائے بغیر نگل لیا جائے۔ علم الغذا کے ایک ماہر سے پوچھا گیا کہ کیا ان کے خیال میں لہسن مفید ہے۔ فرمانے لگے میں دل کا مریض بھی ہوں۔ ایک دفعہ نہار منہ لہسن کھانے کی بیوقوفی کی تو کئی دن اس کی جلن نہ گئی۔

احادیث میں مذکور ہے کہ لہسن میں فوائد بھی ہیں۔ چونکہ اسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ناپسند فرمایا اس لیے یہ کبھی بھی تریاق نہ ہوگا۔ شراب میں فوائد بھی ہیں۔ اور بیسویں صدی تک یہ متعدد بیماریوں میں بطور دوا مستعمل رہی ہے۔ مگر آہستہ آہستہ اس کا استعمال متروک ہوگیا۔ کئی بیماریوں میں زخموں کو آگ سے داغا جاتا تھا۔ چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ناپسند فرمایا تھا آہستہ آہستہ لوگ بھی اس کی افادیت کے منکر ہوگئے کچھ عرصہ پہلے آگ سے گرم کئے ایسے چاقو ایجاد ہوئے تھے جن سے اپریشن کرنا بڑا آسان تھا مگر انہیں مقبولیت میسر نہ آسکی۔

ہومیوپیتھک طریقہ علاج۔

لہسن کا براہِ راست اثر انتڑیوں کی جھلیوں پر ہوتا ہے جس سے ان میں خیزش پیدا ہوتی ہے اور ان کی حرکات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ خون کی نالیوں میں وسعت پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے بلڈ پریشر میں کمی ہو جاتی ہے۔ یہ عمل مدر ٹنکچر دینے کے تیس سے پنتالیس منٹ بعد شروع ہو جاتا ہے۔

لہسن کی ہومیوپیتھک شکل ان لوگوں میں زیادہ مفید ہے جن کو پیچشیں کھانے سے بدہضمی پیدا ہوتی ہو۔ جگر اونچا ہو۔ بسیار خوری کا شوق ہو اور کولھے کے جوڑ۔ اور رانوں کے اندر کی طرف درد ہوتا ہو۔

تپ دق کی اس صورت میں جب بلغم زیادہ ہو۔ تھوک میں خون آتا ہو بخار ہوتا ہو اور جسم میں کمزوری ہو لہسن کے قطرے دینا مفید ہوتا ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

منہ میں تھوک زیادہ آئے۔ گلے میں یوں محسوس ہو جیسے کہ بال پھنس گیا ہے۔ زبان، کھردری اور زرد ہو طبیعت بار بار کھانے کو چاہے تو لہسن دینا چاہیئے۔

دل کی اس کیفیت میں جب بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ اور سانس میں سیٹیاں بجنے کی آواز محسوس ہو۔ چھاتی میں درد۔ صبح اٹھ کر شدید کھانسی اور بلغم نکالنے میں مشکل پیش آئے تو یہ علامات لہسن کے استعمال کی ہیں۔

عورتوں میں رانوں کے درمیان جلن اور خارش محسوس ہو جو کہ ایام کے بعد بڑھ جائے اور چھاتیوں میں ورم۔ بوجھ اور درد ہو تو لہسن دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مرمکی ـــــــ مر

MYRRH COMMIPHORA MYRRHA

یہ ایک قدیم اور مشہور پودا ہے جس کا ذکر اکثر مذہبی کتابوں میں بار بار آیا۔ زمانۂ قدیم میں اسے سونے کی طرح قیمتی اور برکت والا جانتے تھے۔ جب لوگوں کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا معلوم ہوا تو انجیل مقدس کے مطابق بچے کو جو تحائف پیش کیے گئے وہ مر۔ لوبان اور سونا تھے۔ اس درخت کی وجہ شہرت گوند ہے جو اس کے تنے میں سے شگاف دے کر نکالا جاتا ہے۔ یہ گوند مُر ہے۔ جبکہ بھارتی زبانوں میں یہ بول۔ بولم۔ بولا۔ ہیرابول۔ پولم وغیرہ کے ناموں سے مشہور ہے۔ سنسکرت میں یہ "گرس گندھا" ہے۔ اس کا درخت جنوبی عرب۔ شمال مشرقی افریقہ۔ ایتھوپیا۔ ایران اور بھارتی لینڈ میں پایا جاتا ہے۔ بھارتی بازاروں میں اس کی دو درآمدہ قسمیں کرم اور موتیا زیادہ مشہور ہیں۔ ورنہ بازار میں ملنے والی مُر عام طور پر خالص نہیں ہوتی۔ قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے اس میں ملاوٹ عام ہے۔ بہترین قسم وہ قرار دی جاتی ہے جو عرب یا مکہ سے آتی ہے اور اسی مناسبت سے سنائی کی طرح اس کا نام بھی مرمکی مشہور ہو گیا۔

اپنے فوائد کی اہمیت کے اعتبار سے یہ برٹش فارماکوپیا کی تسلیم کردہ معالجات کی فہرست میں شامل ہے۔ وہاں پر اس کا مسلمہ نباتاتی نام COMMIPHO-RA MYRRH قرار دیا گیا ہے۔ بعض ماہرین اسے مُر کی بجائے MOLMOL کہنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ جبکہ بھارتی ماہرین اسے BALS-AMODENDRON MYRRHA کہتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

درختوں سے حاصل ہونے والا یہ گوند پہلے گول گول دانوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ پھر یہ دانے آپس میں جڑ کر ایک بڑا ٹکڑا بنا لیتے ہیں۔ باہر سے یہ دانے بھورے سُرخ رنگ کے ہوتے ہیں اور اندر سے سفید ہوتے ہیں۔ خوشبودار ہیں اور ذائقہ تلخ۔

کتب مقدسہ

اس کی اہمیت کا اندازہ اس آیت سے ہو سکتا ہے۔

..... کچھ اس شخص کے لیے نذرانہ لیتے جاؤ۔ جیسے تھوڑا سا روغن بلسان۔ تھوڑا سا شہد۔ کچھ گوند مصالح اور مُر اور پستہ بادام۔

(پیدائش ۱۲: ۱۱ - ۴۳)

خداوند کی عبادت کے لیے ارشاد ہوا۔

(اور خداوند نے موسیٰ سے کہا تو خوشبودار مصالح۔ مراد مصطگی اور نمک اور خوشبودار مصالح کے ساتھ خالص لوبان وزن میں برابر برابر لینا۔ اور گندھی کی حکمت کے مطابق خوشبودار روغن کی طرح صاف اور پاک بخور بنانا۔)

(خروج - ۳۵ : ۳۴ - ۳۰)

اس کی خوشبو کو اہمیت دیتے ہوئے فرمایا۔

(تیرے لباس سے مراد عُود اور تج کی خوشبو آتی ہے۔)

(زبور - ۸ - ۴۵)

اس کی خوشبو کی پسندیدگی کا اظہار غزل الغزلات اور دوسرے ابواب میں کرنے کے بعد حضرت مسیح کی مفروضہ تدفین کے تذکرے میں آیا۔

..... پچاس سیر کے قریب مُر اور عود ملا ہوا لایا۔ پس انہوں نے یسوع کی لاش لے کر اسے سوتی کپڑے میں خوشبودار چیزوں کے ساتھ کفنایا۔

(یوحنا - ۱۹ — ۶۰)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مرکی

MYRRH COMMIPHORA MYRRHA

یہ ایک قدیم اور مشہور پودا ہے جس کا ذکر اکثر مذہبی کتابوں میں بار بار آیا۔ زمانۂ قدیم میں اسے سونے کی طرح قیمتی اور برکت والا جانتے تھے۔ جب لوگوں کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا معلوم ہوا تو انجیلِ مقدس کے مطابق بچے کو جو تحائف پیش کیے گئے وہ مر۔ لوبان اور سونا تھے۔ اس درخت کی وجہ شہرت گوند ہے جو اس کے تنے میں سے شگاف دے کر نکالا جاتا ہے۔ یہ گوند مُر ہے۔ جبکہ بھارتی زبانوں میں یہ بول۔ بولم۔ بولا۔ ہیرا بول۔ پولم وغیرہ کے ناموں سے مشہور ہے۔ سنسکرت میں یہ "گرس گندھا" ہے۔ اس کا درخت جنوبی عرب۔ شمال مشرقی افریقہ۔ ایتھوپیا۔ ایران اور تھائی لینڈ میں پایا جاتا ہے۔ بھارتی بازاروں میں اس کی دو درآمدہ قسمیں کرم اور موتیا زیادہ مشہور ہیں۔ ورنہ بازار میں ملنے والی مُر عام طور پر خالص نہیں ہوتی۔ قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے اس میں ملاوٹ عام ہے۔ بہترین قسم وہ قرار دی جاتی ہے جو عرب یا مکہ سے آتی ہے اور اسی مناسبت سے سنا مکی کی طرح اس کا نام بھی مرکی مشہور ہو گیا۔

اپنے فوائد کی اہمیت کے اعتبار سے یہ برٹش فارماکوپیا کی تسلیم کردہ معالجات کی فہرست میں شامل ہے۔ وہاں پر اس کا سلسلہ نباتاتی نام COMMIPHORA MYRRH قرار دیا گیا ہے۔ بعض ماہرین اسے مُر کی بجائے MOLMOL کہنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ جبکہ بھارتی ماہرین اسے BALS-AMODENDRON MYRRHA کہتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

درختوں سے حاصل ہونے والا یہ گوند پہلے گول گول دانوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ پھر یہ دانے آپس میں جڑ کر ایک بڑا ٹکڑا بنا لیتے ہیں۔ باہر سے یہ دانے بھورے سُرخ رنگ کے ہوتے ہیں اور اندر سے سفید ہوتے ہیں۔ خوشبودار ہیں اور ذائقہ تلخ۔

کتب مقدسہ

اس کی اہمیت کا اندازہ اس آیت سے ہو سکتا ہے۔

. . . . کچھ اس شخص کے لیے نذرانہ لیتے جاؤ۔ جیسے تھوڑا سا روغن بلسان۔ تھوڑا سا شہد۔ کچھ گوند مصالح اور مُر اور پستہ بادام۔

(پیدائش ۱۲ : ۱۱ - ۴۳)

خداوند کی عبادت کے لیے ارشاد ہوا

(اور خداوند نے موسیٰ سے کہا تو خوشبودار مصالح۔ مراد مصطگی اور نمک اور خوشبودار مصالح کے ساتھ خالص لوبان وزن میں برابر برابر لینا۔ اور گندھی کی حکمت کے مطابق خوشبودار روغن کی طرح صاف اور پاک بخور بنانا۔)

(خروج - ۳۵ : ۳۴ - ۳۰)

اس کی خوشبو کو اہمیت دیتے ہوئے فرمایا۔

(تیرے لباس سے مراد عُود اور بیج کی خوشبو آتی ہے۔)

(زبور - ۸ - ۴۵)

اس کی خوشبو کی پسندیدگی کا اظہار غزل الغزلات اور دوسرے ابواب میں کرنے کے بعد حضرت مسیح کی مفروضہ تدفین کے تذکرے میں آیا۔

. . . . پچاس سیر کے قریب مُر اور عود ملا ہوا لایا۔ پس انہوں نے یسوع کی لاش لے کر اسے سوتی کپڑے میں خوشبودار چیزوں کے ساتھ کفنایا۔

(یوحنا - ۶۰ — ۱۹)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

حضرت مسیح علیہ السلام کی تدفین ایک اخلافی مسئلہ ہے۔ کیونکہ قرآن مجید ان کے مصلوب کیے جانے یا قتل کیے جانے سے پوری طرح انکار کرتا ہے۔ البتہ اس آیت کی ایک تفسیر کے مطابق یہودیوں نے جس شخص کو صلیب دیا تھا وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو ہرگز نہ تھے البتہ ان کا ہم شکل کوئی شخص تھا۔ اسی ضمن میں حالیہ تحقیقات کے مطابق کچھ عیسائی مورخ بھی صلیب کے واقعہ کی تفصیل اور حقیقت پر مشتبہ ہیں۔ انجیل مقدس کے مطابق ان کا صلیب پر قیام چار گھنٹے سے زائد نہ تھا اور کسی شخص کی موت اتنے قلیل عرصہ میں واقع ہونا طبی طور پر ممکن نہیں۔

ارشاداتِ نبوی ؐ

حضرت عبداللہ بن جعفرؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بخروا بیوتکم بالشیح والمر والصعتر

(بیہقی شعب الایمان)

(اپنے گھروں میں الشیح۔ مُر اور صعتر کی دھونی دیا کرو)

یہی روایت انہی مرتبہ نے ابان بن صالح بن انس رضؓ سے بھی نقل کی ہے۔

اس حدیث میں مذکور الشیح کو WATER CRESS کہتے ہیں اطبار نے اسے درمنہ ترکی یا پودینہ کی اقسام میں سے قرار دیا ہے۔ جبکہ یہ حرف یا حب الرشاد ہے۔ عرب میں حب الرشاد کے پتوں کا قہوہ بنا کر پیٹ درد کے لیے عام استعمال ہوتا ہے

اطبار قدیم کے مشاہدات :۔

مصر قدیم کی روایات سے پتہ چلتا ہے کہ ۱۷۰۰ ق میں مر کا پودا افریقہ سے مصر لایا گیا اور اس دور کے معالج اسے زخموں کے علاج میں استعمال کرتے تھے۔

مُر کو معبدوں میں بخور کے طور پر جلایا جاتا تھا۔ فراعین مصر اسے اپنے خزانوں میں بیش قیمت خوشبو کے طور رکھتے تھے امرا کی شراب میں خوشبو کے لیے ڈالی جاتی تھی اور سر پر لگانے والے تیل کو خوشبودار بنانے کے لیے اسے ملایا جاتا تھا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

یونانی دیو مالا میں یہ پودہ اس نیک بخت بچی مرا کی یادگار ہے۔ جس کے بارے میں ان کے یہاں ایک سیہودہ داستان بیان کی جاتی ہے۔ جبکہ اپنے لفظی معانی کے اعتبار سے اس کے معنی خوشبو کے ہیں۔ حکیم دیسقوریدوس نے اسے سمرنا کے نام سے اپنے نسخوں میں استعمال کیا ہے۔

عفونت کے مادہ کو خشک کرتی ہے۔ سردی اور بلغمی اورام کو تحلیل کرتی ہے۔ پرانے دستوں کو بند کرتی ہے۔ پرانی کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ سینے اور پسلی کے درد کو دور کرتی ہے۔ مقوی معدہ اور کاسر الریاح ہے۔ خون کے سفید دانوں کو بڑھاتی ہے۔ آنتوں کے کیڑے مارنے کے لیے اسے کسٹر آئل میں ملا کر دیتے ہیں۔ مُر کو الائچی۔ طباشیر اور شہد کے ساتھ ملا کر چٹانے سے کمزوری جاتی رہتی ہے۔

مقامی طور پر مُر کا استعمال کھجلی۔ داد۔ بغلوں کی بدبو۔ رانوں کے درمیان کی خارش کے لیے مفید ہے۔ اس سلسلہ میں اسے عام طور پر سرکہ میں ملا کر لیپ کیا جاتا ہے۔ اسے سرکہ میں حل کر کے غرارے کرنے سے منہ کی بدبو جاتی رہتی ہے۔ اور دانتوں پر ملنے سے مسوڑھوں کی سوزش ٹھیک ہو جاتی ہے۔ بعض اطبا نے بغلوں کی بدبو مٹانے کے لیے اس میں پھٹکڑی ملا کر الکحل یا شراب میں حل کر کے استعمال کیا ہے۔ بیرونی استعمال کے لیے الکحل یا شراب کی بجائے پسرٹ بھی ویسی ہی مفید ہے۔ یہی نسخہ گنج پر لگانے سے بال پیدا کرنے کا باعث ہوتا ہے۔ اس کے پتوں کا پانی نکال کر اگر ناک میں ٹپکایا جائے تو نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

کیمیاوی تجزیہ :-

ابتدائی تجزیہ کے مطابق اس میں گوند کی مقدار ۶۰ - ۴۰ فیصدی کے درمیان۔ فراری تیل ۱۰ - ۲ فیصدی۔ بیروزہ ۵۰ - ۲۰ فیصدی اور اس کے علاوہ ایک کڑوا عنصر شامل ہے۔ اس میں روغن بلسان کے اجزا ۵ و ۷ فیصدی ملتے ہیں اور اس کے علاوہ خوشبودار اجزا میں BENZYL BE-NZOATE ہوتے ہے یہ وہ منفرد دوائی جو متعدی قسم کی خارش پر تریاق کا اثر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

رکھتی ہے۔ بازار میں متعدد دواساز اداروں کی طرف اس دوائی کا دس فیصدی محلول مقامی طور پر لگانے کے لیے عام دستیاب ہے۔ جسے صرف ایک مرتبہ دات کو لگانے سے خارش کی یہ قسم SCABIES جاتی رہتی ہے۔

اس کے علاوہ مُر میں BENZYL CINNAMATE ملتا ہے۔

۱۵ - ۱۲ فیصدی مقدار میں CINNAMIC ACID ملتا ہے جبکہ ۰.۵ فیصدی ایک خوشبو VANILIN ملتی ہے۔ اس میں موجود بیروزہ خالص شکل میں نہیں ہوتا بلکہ دارچینی کے اجزا کے ساتھ اس طرح مرکب ہے کہ پانی میں حل ہوجاتے۔ بیروزہ ہی کی ایک الکحل TOLURECINOTANNOL پائی جاتی ہے۔ یہ چاروں اجزاء روغن بلسان اور گوگل میں بھی ملتے ہیں۔ اس لیے اپنے جملہ اثرات کے اعتبار سے مُر ان سے قریب ترین واقع ہوئی۔ بلکہ ایک لحاظ سے یہ بلسان لوبان اور گوگل سے زیادہ موثر ہے۔ کیونکہ اس میں لوبان کے تمام اجزا کے ساتھ ساتھ دارچینی سے مرکب عناصر بھی ملتے ہیں۔ جن کا دافع تعفن اثر دوسری چیزوں سے بہتر ہے۔

اس میں گوگل کی طرح MYRCENE - DIMYRCENE

۶۴٪ ۱۱٪

POLYMYRCENE معمولی مقدار میں پائے جاتے ہیں۔

نکارنی کی اطلاع کے مطابق اس میں دو قسم کے فرازی تیل VOLA-TILE OILS پائے جاتے ہیں۔ جو حجم کے لحاظ سے مُر کی کل مقدار کا ۱۰٪ ہوتے ہیں۔ بیروزہ چوتھائی سے نصف کے برابر۔ گوند کے علاوہ ایک GLUCO-SIDE بھی پایا جاتا ہے۔ فرازی روغن میں دارچینی اور کاربالک ایسڈ کی قسم کے مرکبات ہوتے ہیں۔ جبکہ غیر نامیاتی مرکبات میں کلسیم کے فاسفیٹ اور کاربونیٹ ایلومینیم۔ سلیکا۔ فولاد بھی موجود ہوتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

جدید مشاہدات

مر اپنی کیمیادی ساخت اور اجزاء کی بنا پر دافع تعفن، مخرج بلغم مدر البول وحیض ہے۔ ان افعال کی بنا پر اسے ان تمام زخموں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جہاں سوزش اور بدبو پائی جاتی ہو۔ منہ اور زبان کے زخموں کے لیے غرارے مفید ہیں۔ اندرونی استعمال میں مزمن سعال۔ دمہ۔ مثانہ کی سوزش اور فولاد کے مرکبات کے ساتھ حیض کی کمی اور کاوٹ میں دیتے ہیں۔ خناق میں اس کے جوشاندہ کے غرارے اور ۲ گرام کی خوراک شہد کے ساتھ مفید ہے۔

طب جدید میں اس کا ٹنکچر TR. MYRRH کے نام سے غراروں اور اندرونی سوزش اور خاص طور پر مسوڑھوں کی سوزش کے لیے مستعمل ہے۔

اطبار جدید نے بھی اس کے دافع تعفن اثر۔ مخرج بلغم صلاحیت کا اعتراف کیا ہے۔ چونکہ یہ مقامی طور پر قابض ہے اس لیے مسوڑھوں پر لگانے والی ادویہ میں مر ایک اہم جزو ہوتی ہے۔

درخت سے علیحدہ کرنے کے تھوڑی دیر بعد یہ گوند سخت ہو جاتی ہے مہنگی اور درآمدی چیز ہونے کی وجہ سے بازار میں خالص مر آسانی سے میسر نہیں ہوتی۔ اس لیے اس میں گوگل کی ملاوٹ عام ہے۔ جہاں تک اس کے طبی فوائد کا تعلق ہے۔ گوگل سے کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ کیونکہ وہ بھی اپنے افعال میں اس کے قریب ترین ہے۔

منہ پکنے یا مسوڑھوں اور ہونٹوں پر زخموں کے علاج میں عرق گلاب کے ساتھ اس کا جوشاندہ یا بھارتی ماہرین کے بقول مر کے ساتھ گلاب کی پتیاں ڈال کر اسے دس منٹ پکا لینا کافی ہوتا ہے اور یہ منہ میں ہر قسم کے زخموں حتیٰ کہ آتشک کے زخموں میں بھی مفید ہے۔

اسے مرکب صورت میں پرانی کھانسی۔ دمہ۔ اور ان امراض میں جب بلغم آسانی سے نہ نکلتی ہو استعمال کیا جاتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اگرچہ اس کے اندرونی فوائد کافی ہیں۔ مگر فیلی اثرات کی بنا پر اس کا صحیح مصرف خارجی استعمال تک محدود رہنا چاہیئے۔ اس مرکب اور کبھی زیتون کے تیل میں ملا کر پرانی خارش کے لیے نہایت اچھے اثرات کے ساتھ استعمال کیا گیا۔

SCABIES کے لیے یہ بہترین مرہم ہے۔

مُر بطور جراثیم کش دھونی :۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مرکو بنیادی طور پر گھروں میں دھونی دینے کے لیے حب الرشاد اور صعتر کے ساتھ مرکب میں تجویز فرمایا ہے۔ یہ تینوں ادویہ نہایت عمدہ قسم کی جراثیم اور کرم کش ہیں۔ اس لیے جس گھر میں ان کی دھونی دی جائیگی وہاں پر موجود بیماریوں کے تمام جراثیم ہلاک ہو جائیں گے۔ جراثیم کو ہلاک کرنے کے ساتھ محفوظ دوائی ہونے کی وجہ سے اہل خانہ کو اس سے کوئی خطرہ نہیں۔ کیونکہ دھونی اور چھڑکے والی تمام ادویہ زہریلی ہوتی ہیں۔

مشہور مرکبات :۔ حب مدر۔ سفوف اربعہ۔ TR. MYRRH

ہومیوپیتھک طریقہ علاج

میں مرکے مرکب کو آلات تنفس کی سوزش میں پسند کیا جاتا ہے۔ وہ مریض جن کی بلغم زیادہ اور گاڑھی ہو اس سے فائدہ پاتے ہیں۔ ناک کے امراض میں لیس اور گاڑھا پن کے ساتھ بدبو میں مفید ہے۔ ایگزیما ٹھیک ہوتا ہے۔ سعال مزمن اور سل کے ان مریضوں کو جن کو رات میں پسینے آتے ہوں زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ پیشاب کم آئے اور اس کے نیچے تہ جم جائے تو یہ مفید ہے۔ مقامی طور پر گندے زخموں اور خارش میں لگانی مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مرزنجوش ـــــ مرزنجوش

ORIGANUM MAJORANA

فارسی میں اسے مرزنگوش کہتے ہیں۔ اصل نام مرزہ گوش بیان کیا جاتا ہے۔ علم الادویہ کی کتابوں میں اسے "دونامروا" لکھا گیا ہے۔ جو کہ دو اودیہ کے نام کے مغالطہ ہے۔ ہندی طبیب اسے "مروا" بیان کرتے ہیں۔ مرزہ فارسی میں چوہے کو کہتے ہیں۔ جبکہ گوش کا مطلب کان ہے۔ اس کے پتے چونکہ چوہے کے کان سے مشابہت رکھتے ہیں اس لیے لوگوں نے اسے چوہے کنی، یا مرزنگوش قرار دیا ہے۔ حالانکہ ان کی مشابہت چوہے کے کان سے نہیں ہوتی بلکہ یہ سداب سے مشابہ ہے اور باغوں میں بطور خوشبودار روئیدگی کے کاشت کیا جاتا ہے۔ اس کا درخت اونچائی میں دو سے تین میٹر تک ہوتا ہے۔ ہندی میں اسے سعتر کہتے ہیں۔

اس کا ایک قریبی درخت — ORIGANUM VULGARE بھی سعتر کہلاتا ہے۔ جسے انہی کاموں میں استعمال کرتے ہیں۔ بعض لوگ اسے مرزنجوش کی جنگلی قسم قرار دیتے ہیں۔

یہ درخت مغربی ایشیا۔ بھارت اور ہمالیہ کی ترائی میں واقع گرم علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔ پنجاب میں گھروں کی زیبائش کے لیے لگایا جاتا ہے۔

احادیث نبویؐ

حضرت انس بن مالکؓ روایت فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

علیکم بالمرزنجوش فانہ خبید للخشام

یہ حدیث محمد بن احمد دنیؒ نے حوالہ کے بغیر اپنی الطب النبویؐ میں بیان کی ہے۔ جبکہ امام ابن القیمؒ نے بھی اپنی الطب النبویؐ میں حوالہ اور سند کے بغیر

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اسی روایت کو انہی الفاظ میں بیان کیا ہے۔

(تمہارے لیے مرزنجوش موجود ہے۔ یہ زکام کے لیے بڑی مؤثر دوائی ہے)

محدثین کے مشاہدات

دماغ کی رکاوٹیں کھول دیتا ہے۔ زکام کو تحلیل کرتا ہوا بند ناک کو کھولنے کے بعد اسے خشک کر دیتا ہے۔ ابن القیم فرماتے ہیں کہ اس کی خوشبو زکام کی بندش کو کھول دیتی ہے۔ اسی خوشبو سے جما ہوا رطوبت پتلا ہو کر بہہ جاتا ہے پھیپھڑوں سے جمی ہوئی بلغم کا اخراج ہونے لگتا ہے۔ اس کا لیپ پرانی دردوں اور خاص طور پر جوڑوں کے درد اور سوجن میں مفید ہے۔ اس کے پتے کوٹ کر آنکھ کے نیچے لگی ہوئی چوٹ پر لگائے جائیں اگر کسی اور جگہ بھی چوٹ لگنے سے نیل پڑ گیا ہو تو اس مقام پر بھی پتوں کے لیپ سے رنگ اتر جاتا ہے۔ مرزنجوش کے پتوں کو سرکہ میں گھوٹ کر بچھو کے کاٹے پر لگایا جائے تو فوراً شفا ہو جاتی ہے۔ اس کا تیل لگانے سے کمر اور گھٹنوں کی درد کو فائدہ ہوتا ہے۔ ان کا دم اتر جاتا ہے۔ اگر کوئی اسے باقاعدہ سونگھتا رہے یا تھوڑی دیر اس کے درخت کے نیچے بیٹھا کرے تو اس کی آنکھوں میں موتیا نہیں اترتا۔

اس کے پتوں کو بادام روغن کے ساتھ گھوٹ کر پلانے سے دماغ میں اگر بیجا خون سے کہیں رکاوٹ آگئی ہو تو دور ہو جاتی ہے۔ یہی مرکب پرانے دردِ سر اور شقیقہ میں مفید ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات

یہ سدوں کو کھولتا ہے۔ رطوبتوں کو جذب کرتا ہے۔ اس کے سونگھنے سے زکام ختم ہو جاتا ہے۔ اس کا جوشاندہ کھانسی زکام کو دور کرتا ہے۔ مالیخولیا میں فائدہ کرتا ہے۔ اس کے پینے سے گردے اور مثانے کی پتھری ٹوٹ جاتی ہے۔ اسے دودھ میں ملا کر پینے سے [illegible] ہے۔ لقوہ اور مرگی میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

فائدہ ہوتا ہے۔ یہی جوشاندہ شراب کا نشہ اتار دیتا ہے۔ سینہ کے عضلاتی اور اعصابی دردوں میں فائدہ دیتا ہے۔ اس کے پتوں کا رس آنکھوں میں ٹپکانے سے ابتدائی ہتابند ٹھیک ہو جاتا ہے۔ نظر کی کمزوری دور ہوتی ہے۔

اس کے پتوں کے سفوف میں نمک ملا کر چاٹنے سے منہ سے زیادہ ٹپکنے والی رال ٹھیک ہو جاتی ہے۔ اس کا جوشاندہ دمہ کی شدت کو کم کرتا ہے اور جسم کے اندر گرمی پیدا کرتا ہے۔ بلغمی پتی میں نافع ہے۔

گیلانی کہتا ہے کہ مرزنجوش کا لیپ آنکھوں کی سوزشوں اور ورم میں مفید ہے۔ مرزنجوش کے تازہ پتوں کو گھوٹ کر ان کا رس نکال کر اس میں ہم وزن روغن زیتون ملا کر اسے ہلکی آنچ پر اتنا پکائیں کہ پانی سوکھ جائے یہ مرزنجوش کا تیل ہے۔ جسے درد۔ ورم اور نیل والی جگہوں پر لگایا جا سکتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ :-

اس میں بناتاتی جوہروں کے علاوہ ایک فرازی تیل OLEUM MARJORANAE کے علاوہ نارپین اور ایک کڑوا جوہر ہوتا ہے۔ فرازی تیل پانی کی بجائے الکحل اور ایتھر میں حل پذیر ہے۔ اس میں مقامی طور پر دوران خون کو بڑھانے۔ جلد کو گرمی پہنچانے والی تمام صفات موجود ہیں جو فرازی تیلوں VOLATILE OILS میں ہوتی ہیں۔

جدید مشاہدات :-

بھارتی پنجاب کے عمادی نشے باز بھنگ کے ساتھ مرزنجوش ملا کر اسے حقہ میں پیتے ہیں۔ اس کے دھوئیں سے پودینہ کی طرح کی خوشبو آتی ہے۔

مرزنجوش اپنے اثرات کے لحاظ سے کاسر الریاح۔ آنتوں کے جراثیم کو مارنے والا۔ محرک۔ پسینہ لانے والا۔ حیض کو جاری کرنے والا اور مقوی پودا ہے۔

مرزنجوش کا فرازی تیل خوشبو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے دو سے تین قطرے کسی چیز میں ملا کر پینے سے ریاح خارج ہو جاتے ہیں۔ سونگھنے سے دل

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ڈوبنے اور زکام میں فائدہ ہوتا ہے۔ تیل سے ماہواری کا درد جاتا رہتا ہے پیٹ سے قولنج کا درد جاتا رہتا ہے۔ مگر یہ یاد رہے کہ قولنج آنتوں میں رکاوٹ۔ انپڈکس۔ گردوں کی خرابیوں اور پتہ میں پتھری سے بھی ہو سکتا ہے۔ ایسے میں مناسب تشخیص کے بغیر مرزنجوش کا تیل یا کوئی اور محرک دوائی خطرناک نتائج کا باعث ہو سکتی ہے۔

روغن مرزنجوش میں تھوڑا سا زیتون یا تلوں کا تیل ملا کر جوڑوں کے درد میں مالش کرتے ہیں۔ مکان میں ٹپکانے سے مکان کا درد کم ہو جاتا ہے۔ پیٹ پر گرم کر کے ہلکے ہاتھ سے ملنے سے ریاح خارج ہو جاتے ہیں۔ سر کے اطراف میں اس کی مالش سے دردِ شقیقہ جاتا رہتا ہے۔ اگر خالص تیل میسر نہ ہو تو پتوں کو گھوٹ کر روغنِ زیتون کے ساتھ ابال کر چھان کر تیل حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ایک پاؤ پتوں کو اڑھائی سیر پانی میں پکا کر اس کا جوشاندہ تیار کیا جاتا ہے۔ جسے اندرونی تکالیف کے لیے ایک سے دو بڑے چمچوں کی مقدار میں کھانے کے بعد دن میں دو سے تین مرتبہ دیا جا سکتا ہے۔

ہومیوپیتھک طریقہ علاج:۔

اس میں مرزنجوش کو مختلف طاقتوں میں حلق سے پیدا ہونے والی خرابیوں میں بڑی کامیابی سے استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے استعمال سے چھاتیوں کا ورم جاتا رہتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

منقّہ ـــــ زبیب

RAISINS - VITIS VINIFERA

انگور کی دو بڑی قسمیں ہیں۔ چھوٹے انگور کو سکھائیں تو کشمش بنتی ہے۔ اور بڑا انگور سوکھ کر منقہ بنتا ہے۔ انگوروں کو سکھانے کا رواج ان ممالک میں ہے جہاں انگور کی پیداوار ان کی مقامی ضروریات سے زیادہ ہوتی ہے یا ایسے علاقوں میں جہاں پر پیدا ہونے والی فصل منڈیوں تک پہنچانا ممکن نہیں ہوتا۔ جیسے کہ ایران افغانستان اور چترال کے دور افتادہ علاقے۔ ہر علاقہ میں رنگ اور ماہیت جدا ہوتی ہے۔

یوں تو انگور دنیا کے اکثر سرد ممالک میں ہوتا ہے۔ یوروپ میں فرانس۔ جرمنی۔ سپین وغیرہ میں لاکھوں ٹن پیدا ہوتا ہے۔ مگر ان کی اکثریت بدمزا اور کھانے کے قابل نہیں ہوتی۔ اس لیے یوروپ کا انگور زیادہ طور پر شراب سازی میں استعمال ہوتا ہے۔

ہند و پاک میں بلوچستان اور صوبہ سرحد کا انگور لذیذ اور پورے ایشیا میں مقبول ہے۔ انگور کا پودا درخت کی بجائے بیل کی صورت میں ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ پھل گچھوں کی شکل میں لٹکتے ہیں۔

قرآن مجید کے ارشادات :۔

قرآن مجید میں انگور کا ذکر ۱۱ مرتبہ آیا ہے اور ہر جگہ اسے بہترین پھل۔ پرہیزگاروں کے لیے انعام کے طور پر ذکر فرمایا گیا۔

ایود احدکم ان تکون له جنة من نخیل واعناب

(البقرہ)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

تجری من تحتها الانهار له فیها من کل الثمرات۔

(تم میں سے ہر کوئی چاہے گا کہ اس کے پاس ایسے باغات ہوں جن میں کھجور اور انگور ہوں۔ نیچے نہریں چلیں اور اس میں ہر قسم کے پھل ہوں)

ینبت لکم به الزرع والزیتون والنخیل والاعناب ومن کل الثمرات ان فی ذالك لاٰیته لقوم یتفکرون (النحل)

(وہ اسی پانی سے ہر قسم کے اناج۔ زیتون۔ کھجور۔ انگور اور ہر قسم کے پھل اگاتا ہے۔ جس میں غور کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں)

ان للمتقین مفازا، حدائق واعنابا وکواعب اترابا۔ وکاساً دهاقا۔ (النباء)

(پرہیزگاروں کے لیے جنت میں بہترین دلچسپی کے لیے باغ۔ انگور ہم عمر لڑکیاں اور لبریز جام ہیں)

انگور اور دوسرے پھل قدرت کا تحفہ ہیں۔ یہ ان پھلوں میں سے ہیں جو راست بازوں کو انعام کے طور پر جنت میں دیئے جائیں گے۔ لیکن انسان کی کجروی کا عالم بیان کرتے ہوئے فرمایا گیا۔

ومن ثمرات النخیل والاعناب تتخذون منه سکرا۔ (النحل: ۶۷)

(اور پھلوں میں سے کھجور اور انگور کو تم مسکرات بنانے میں استعمال کرتے ہو)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adv. Showkat

کتب مقدسہ کے ارشادات :-

انگور کا ذکر توریت۔ اور انجیل میں مختلف مقامات پر ۸۲ مرتبہ آیا ہے۔

. . . . اور اپنے تاکستانوں کا پھل توڑا اور انگوروں کا رس نکالا اور خوب خوشی منائی۔ (قضاۃ۔ ۲۷ : ۱۱)

جب کسی اچھی چیز کا ذکر آیا یا ناقابل تلافی نقصان کی نوعیت مذکور ہوئی تو فرمایا۔

تیرے انگور اور انجیر گل جائیں گے۔ (یرمیاہ ۱۷ : ۵)

نقصان کی شدت کے بیان میں پھلوں کے نقصان کو بطور مثال عظیم ترین بتایا گیا۔

. . . . . میں اس کے انگور اور انجیر کے درختوں کو جن کی بابت اس نے کہا یہ میری اجرت ہے جو میرے یاروں نے مجھے دی ہے۔ ان کو برباد کر دونگا۔ ان کو جنگل بنا دوں گا۔

(ہوسیع ۱۲ : ۲)

جب اچھے پھلوں کی مثال دینی ہوئی تو یہی سامنے آتے ہیں۔

اے میرے بھائیو! کیا انجیر کے درخت میں زیتون اور انگور میں انجیر پیدا ہو سکتے ہیں؟ اسی طرح کھاری چشمہ سے میٹھا پانی نہیں نکل سکتا۔ (یعقوب ۱۲ : ۳)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ گرامی :-

حضرت تمیم الداری رضؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں منقہ کا تحفہ پیش کیا۔ اپنے ہاتھوں میں لے کر انہوں نے فرمایا۔

کلوا فنعم الطعام الزبیب، یذھب التعب، ویطفی الغضب، ویشد العصب، ویطیب۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

النکھۃ ویذھب البلغم، یصفی اللون "

(ابونعیم)

(اسے کھاؤ کہ یہ بہترین کھانا ہے۔ یہ تھکن کو دور کرتا ہے۔ غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے۔ اعصاب کو مضبوط کرتا ہے، سالن کو خوشبودار بناتا ہے۔ بلغم کو نکالتا ہے۔ اور چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔

حضرت علیؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

من اکل کل یوم احدی وعشرین زبیبۃً حمراء، لم یجد فی جسدہٖ مایکرہ۔

(ابونعیم)

(جس نے روزانہ منقہ سرخ کے اکیس دانے کھائے وہ ان تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا جن میں ڈر لگتا ہے)۔

سعید بن زیاد اپنے والد اور دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

نعم الطعام الزبیب یشعر العصب و یذھب بالوصب ویطیب النکھۃ ویذھب بالبلغم ویصفی اللون۔

(ابن السنی۔ ابونعیم۔ ابن عساکر۔ الدیلمی۔ والخطیب)

یہ روایت تمیم الداریؓ سے تقریباً انہی الفاظ میں ابونعیم میں بیان کی ہے۔ محدثین کی تحقیق میں سعید بن زیاد کا شجرہ بن قائد بن زیاد بن ابی ہند الداری ہے۔ انہوں نے یہ واقعہ بھی اپنے باپ اور دادا سے روایت کیا ہے۔

حضرت علیؓ سے منقہ کے بارے میں تقریباً یہی الفاظ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں کہ حضور اکرمؐ نے فرمایا۔

علیکم بالزبیب فانہ یکشف المرۃ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ویذهب بالبلغم وتشد العصب ویذهب
بالعیا ویحسن الخلق ویطیب النفس ویذهب
بالهم۔ (ابونعیم)

(تمہارے فائدہ کے لیے منقہ موجود ہے۔ یہ رنگ کو نکھارتا۔ بلغم
کو نکالتا۔ اعصاب کو مضبوط بناتا۔ کمزوری کو دور کرتا۔ مزاج کو خوشگوار
بناتا۔ سانس کو خوشبودار کرتا اور غم کو دور کرتا ہے)

احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھجور یا منقہ کو پانی
میں بھگو کر اس کا شربت نوش فرمایا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ روایت فرماتے ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ینقع له الزبیب فیشربه فی الیوم والغد او بعد
الغد ثم یامر به فیسقی (ابوداؤد)

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے منقہ بھگو یا جاتا تھا۔
وہ یہ شربت اس روز پیتے۔ اگلے روز پیتے اور بعض اوقات اس
سے اگلے روز بھی۔ بقایا دوسروں کو دے دیتے تھے۔ ایک اور روایت
میں بچا ہوا ملازمین کو دے دیا جاتا تھا)

منقہ کے استعمال کی ہدایات میں ارشاد ہوا۔ حضرت ابن عباس رضؓ روایت
کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلوا الزبیب واطرحوا عجمه، فان فی
عجمه داء، وفی لحمه شفاء۔ (ذہبی)

منقہ کھایا کرو۔ مگر اس کا چھلکا اتار دیا کرو۔ کیونکہ اس کے
چھلکے میں بیماری اور گودے میں شفا ہے۔)

غالباً اسی کی وجہ یہ ہے کہ منقہ کے چھلکوں کی غلاظت چھلکے

Digitized by eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

پرگی رہتی ہے۔ اس لیے کھانے سے پہلے اسے اتار دیا جائے

نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یجمع بین التمر والزبیب فی النقع ۔ (بخاری)

(بھگونے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی برتن میں کھجور اور منقہ کو جمع کرنے سے منع فرمایا)

محدثین کے مشاہدات :۔

امام زہری کہتے ہیں کہ جس کی کو حدیث حفظ کرنے کا شوق ہو وہ منقہ کھائے۔ وہ خود سیب نہیں کھاتے تھے۔ اور اسے بطور غذا کے کھجور سے بہتر گردانتے تھے۔ کہتے تھے کہ جو کوئی منقہ کے ساتھ پستہ لوبان کا چھلکا نہار منہ کھائے اس کا ذہن قوی ہو جاتا ہے۔

زہبی کی دانست میں منقہ پیاس لگاتا۔ جسم میں حدت پیدا کرتا۔ لاغر جسم کو موٹا کرتا اور اس کے بیج معدہ کی اصلاح کرتے ہیں۔ انار کے دانوں کے ساتھ منقہ کا خساندہ ہاضمہ کے لیے مفید ہے۔

ابن قیمؒ کی تحقیقات کے مطابق کشمش سے منقہ بہتر ہے۔ اس کا گودا پھیپھڑوں کے لیے اکسیر ہے۔ پرانی کھانسی میں فائدہ دیتا۔ گردہ اور مثانہ کے درد دور کرتا ہے۔ پیٹ کو نرم کرتا اور معدہ کو مضبوط کرتا ہے۔ جگر اور تلی کو طاقت دیتا ہے۔ ہاضمہ درست کرتا ہے۔

اگر اسے بیجوں کے بغیر کھایا جائے تو یہ بہترین غذا ہے۔ اور اگر اس کے بیج بھی کھائے جائیں تو پھر یہ معدہ۔ جگر اور تلی کو اپنے اصل حجم پر واپس لاتا ہے۔ بلغم کو نکالنے کے بعد اس کی آئندہ پیدائش کو کم کرتا ہے۔ اس کا گودا نکال کر اگر پکتے ہوئے ناخنوں پر لگایا جائے تو ان کو مضبوط کر دیتا ہے۔

اطبائے قدیم کے مشاہدات :۔

ابن ماسویہ نے انگور کو تمام میووں سے افضل قرار دینے کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بعد کہا ہے کہ جب وہ درخت پر پورا پک جائے تو اس کے بعد کھایا جائے۔ یہاں پر اطبار کا اختلاف ہے۔ بعض استاد پتلے چھلکے والے انگور کو فوراً کھانے کی تاکید کرتے ہیں جبکہ دوسرے موٹے چھلکے والے کو کچھ دن پڑا رہنے کے بعد قابل استعمال قرار دیتے ہیں۔ زونی کہتا ہے کہ روٹی کے ساتھ انگور کھانے سے تقویت حاصل ہوتی ہے اور اس کے بعد تبخیر نہیں ہوتی۔ اگر انگور کے خوشوں پر زینتون کا تیل لگا دیا جائے تو ان پر بھڑیں نہیں آتیں۔ یہی عمل آجکل بازار میں ملنے والی کھجوروں پر کیا جاتا ہے۔ رہڑیوں والے کھجوروں پر کوئی بدبودار تیل مل دیتے ہے جس سے ان پر مکھی نہیں بیٹھتی۔

انگور کا ذکر یونانی دیو مالا میں دیوی سس کے حوالہ سے اور بھارتی دیومالا میں اندر دیوتا کے ذریعہ ملتا ہے۔ جس نے لوگوں کو انگور سے شراب بنانے کا طریقہ سکھایا۔

انگور سریع الہضم ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ بوعلی سینا کہتا ہے کہ انگور سے بننے والا خون انجیر سے ہلکا اور کم ہوتا ہے۔ دوسرے اطبار کا کہنا ہے کہ انگور کا پوست اگر گل جائے تو پھر یہ انجیر سے بھی زیادہ بہتر مولد خون صالح ہے۔ جگر کو قوت دیتا ہے۔ اعضار کی سستی کو دور کرتا ہے۔ اس کا گودا نمک کے ساتھ پکا کر پیا جائے تو پیاس کو کم کرتا ہے۔

اس کے مقامی استعمال میں ویدوں نے قرار دیا ہے کہ انگور کی بیل کی لکڑی کو جلا کر اس کی راکھ پانی میں گھول کر پینے سے گردے اور مثانہ میں پتھری کی پیدائش رک جاتی ہے۔ اس کے لیپ اور پلانے سے جسم کے اکثر ورم اتر جاتے ہیں۔ بواسیر کے مسے اتر جاتے ہیں۔ اسی راکھ کو سرکہ میں ملا کر لگانے سے باؤلے کتے کے کاٹے کا زخم بے ضرر ہو جاتا ہے۔

(نوٹ:۔ یہ عمل تجربہ شدہ نہیں ہے۔ اس لیے کتا کاٹے جیسی مہلک بیماری میں تجربہ کرنا خطرناک ہوگا)

منقہ کا عرق شراب کے خمار کو رفع کرتا ہے۔ اگر اسے آگ میں پکا کر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

جوشاندہ بنالیا جائے تو اس کے غرارے حلق کی سوزش کو ختم کرتے ہیں۔ پینے سے خونی قے اور نکسیر میں فائدہ ہوتا ہے۔ اس کا لیپ بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے اور بیماری کو دور کرتا ہے۔

انگور معدہ کے لیے مقوی ہے۔ کھانسی میں مفید ہے۔ اس کا لعاب آگ پر گاڑھا کر کے اس میں میتھی اور انجیر ملا کر شہد کے ساتھ دینے میں پرانی کھانسی کا بہترین علاج ہے۔ مغز بادام کے ساتھ خفقان کو نافع ہے۔ مرگی میں مفید ہے۔ جو کے پانی کے ساتھ منقہ ابال کر دینے سے پیشاب آور ہے اور گردہ سے پتھری کو نکالتا ہے۔ مرگی میں مفید ہے۔

اطباء قدیم کے ان مشاہدات کو دیکھیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جتنے بھی فوائد ارشاد فرمائے ان میں سے ہر ایک کی تصدیق موجود ہے۔ جبکہ ان میں سے اکثر اس امر سے آشنا نہ تھے کہ سرکار نے اس کی کیا افادیت بیان فرمائی۔

کیمیاوی ترکیب :۔

حکومت ہند کے ایگریکلچرل کیمسٹ بمبئی نے اس میں قابل خوراک اجزاء کی موجودگی ۹۰ فیصدی قرار دی ہے۔ اس میں معدنی نمکوں کے علاوہ تمام وٹامین۔ گلوکوس۔ فولاد۔ فاسفورس۔ کیلسیم۔ آکسیلک اور ٹارٹرک ایسڈ پائے جاتے ہیں۔ اس کے بیجوں میں ایک تیل۔ چکنائی اور ٹینک ایسڈ ملتے ہیں۔ جبکہ چھلکے میں زیادہ جلد پر ٹینک ایسڈ ہوتا ہے۔ اس میں شکر کی مقدار ۱۸ فیصدی کے قریب ہوتی ہے مگر یہ شکر جسم میں جا کر نقصان نہیں دیتی۔

جدید تحقیقات :۔

انگور میں غذائیت اور جوہر کافی ہیں۔ اس لیے جسم کو قوی کرتا ہے۔ بہترین غذا اور جلد ہضم ہونے والا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ پیاس کو رفع کرتا ہے۔ بخاروں کو دور کرتا۔ دق۔ نزلہ۔ زکام اور کھانسی کے مریضوں کے لیے ایک مفید غذا ہے۔ تلین حکم کرتا ہے۔ مقوی قلب ہونے کی وجہ سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

خفقان اور ضعف قلب میں مفید ہے۔ اسے رات کو پانی میں بھگو کر صبح یہ پانی پینے سے پرانی قبض دور ہو جاتی ہے۔

منقہ کے پانی والا نسخہ بھارتی حکومت کے شعبہ طب یونانی نے شائع کیا ہے اور یہ امر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ منقہ کو پانی میں بھگو کر اس کا پانی نوش فرمایا کرتے تھے۔

گرجا گھروں میں پیئے جانے والے متبرک پانی میں بھی منقہ بھگو کر دیا جاتا ہے۔ طب یونانی میں منقہ جوشاندوں کا اہم جزو رہا ہے اور معجون زبیب کے نام سے ایک مشہور مرکب اب بھی دواخانوں میں ملتا ہے۔

انگور اور شراب :۔

ہندو دیومالا کے مطابق انسانوں کو شراب بنانے کا علم اندیوتا نے سکھایا تھا۔ اس لیے ان کے عقیدہ میں شراب یا سوم رس پینا اچھی بات ہے۔ یہودی تعلیمات میں بھی شراب حرام ہے۔ مگر پادریوں نے توضیحات کے ذریعہ انگور کی شراب کو مذہبی رسوم میں داخل کر لیا۔ شراب کے متعلق دنیا کے کسی مذہب نے کوئی واضح ہدایت نہیں دی۔ اس لیے ان کے ماننے والے چاہیں تو شراب نوشی کر سکتے ہیں۔

اس سلسلے میں پہلی اہم حقیقت اس طرح ہے۔

عن طارق بن سعید الحضرمی، قال" قلت یا رسول اللہ: ان بارضنا اعنابا نعتصرھا، فنشرب منھا؟ قال: لا۔ فراجعتہ، قلت: انا نستشفی للمریض. قال ان ذالک لیس بشفاء، ولکنہ داء"

(مسلم۔ ابو داؤد۔ ترمذی)

(طارق بن سوید حضرمیؓ نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ملک میں انگور ہوتے ہیں۔ کیا ہم ان کا رس نکال کر پی لیں؟

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فرمایا "نہیں" پھر کہا کہ ہم اس سے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔
حضورِ اکرم ﷺ نے فرمایا اس میں تو ہرگز شفا نہیں بلکہ یہ بذاتِ خود بیماری ہے)
ایک دوسری روایت میں ارشاد گرامی ہوا۔

من تداوی بالخمر فلا شفاہ اللہ

(ابو نعیم۔ فتح الکبیر)

(جس کسی نے شراب سے علاج کیا اس کے لیے اللہ کی طرف سے کوئی شفا نہیں۔)

اطبار قدیم کے اکثر نسخوں میں شراب سرخ اور برانڈی کا ذکر ملتا ہے۔ مگر تجربات سے یہ بات اطبار کو بھی واضح ہو گئی کہ شراب کو کسی بھی علاج میں کوئی برتری حاصل نہیں۔ قرآن مجید نے طبیب کو اس امر کی اجازت دی ہے کہ وہ علاج کے لیے کسی بھی ایسی چیز کو استعمال کر سکتا ہے جو اسلام نے حرام قرار دی ہو۔ اجازت اپنی جگہ قائم ہے۔ مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ اپنا مشاہدہ شامل فرمایا کہ حرام چیزوں میں شفا نہیں۔ شراب کسی بیماری کا علاج نہیں بلکہ بیماریوں کی پیدائش کا باعث ہوتی ہے۔

یورپ میں انگور کا زیادہ تر مصرف شراب بنانا رہا ہے۔ اس شراب کو کشید کر کے برانڈی بنتی ہے۔ برانڈی کے بارے میں یقین کیا جاتا ہے کہ یہ سردی۔ زکام۔ کھانسی اور نمونیہ کا بہترین علاج ہے۔ طب جدید میں برانڈی SPIRIT VINUM GALICI کے نام سے استعمال ہوتی رہی ہے۔ اب کی تحقیقات یہ ہے کہ برانڈی دینے کے لیے پھیپھڑوں کا دفاعی نظام مفلوج ہو جاتا ہے۔ شراب کا ایک گلاس بھی گردوں میں ورم پیدا کر سکتا ہے۔ اس کا ہر گھونٹ دماغ کے خلیوں کو ضائع کرتا ہے اور یہ خلیے دوبارہ پیدا نہیں ہوتے۔ اس لیے شراب کا ہر گھونٹ۔ دماغی صلاحیت اور یادداشت کو مستقل طور پر خراب کرتا ہے۔ شراب جگر اور معدہ کے لیے زہر ہے۔ ان نقصانات کی موجودگی میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

یہ کسی بیمار جسم کے لیے کسی فائدے کی باعث نہیں ہو سکتی۔

ایران میں منقہ سے ایک خاص قسم کی شراب کشید کی جاتی تھی جسے "عرق" کہتے تھے۔ اس کا نشہ دوسری شرابوں سے تیز اور اسی مناسبت سے اس کے نقصانات بھی دوسروں سے زیادہ ہوتے تھے۔ سنا ہے اب یہ نہیں بنتی۔

جدید تحقیقات نے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ شراب کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کتنے صحیح اور اہم اصول علاج ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

میتھی ـــــ حلبہ

TRIGONELA GRACECUE FOENUM

میتھی عام پر کاشت کی جاتی ہے۔ خودرو پودے کم ہوتے ہیں۔ گرم ممالک ہی میں نہیں بلکہ سرد ممالک میں بھی کثرت سے استعمال ہوتی ہے۔ انگریزی میں اسے FUNEGREEK کہتے ہیں۔ تازہ میتھی اتنی خوشبودار نہیں ہوتی مگر جب اسے سکھایا جاتا ہے تو خوشبو آنے لگتی ہے۔ خوشبو کا تعلق کاشت کے علاقہ سے بھی ہے۔ مثلاً پنجاب میں قصور کی میتھی اور وہ بھی ایک خاص علاقہ کی، دوسرے علاقوں کی نسبت زیادہ خوشبودار ہوتی ہے

احادیث نبویؐ

قاسم بن عبدالرحمانؓ روایات کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

استشفو بالحلبة (ابن القیم فی الطب النبوی)

(میتھی سے شفا حاصل کرو)

اس ضمن میں ایک اور حدیث بھی مذکور ملتی ہے اسے ابن القیمؒ نے اطباء کا قول قرار دیا ہے جبکہ ذہبیؒ نے اسے حدیث میں بیان کیا ہے۔

"لو تعلم امتی ما فی الحلبة لاشتروھا ولو بوزنھا ذھباً"

(میری امت اگر میتھی کے فوائد کو سمجھ لے تو وہ اسے سونے کے ہم وزن خریدنے سے بھی دریغ نہ کرے)

مکہ معظمہ کی فتح کے بعد حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیمار ہوئے تو حارث بن کلدہ حکیم نے ان کے لیے "فریقہ" تیار کرنے کی ہدایت کی جس میں کھجور، جو کا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ولیا اور میتھی پانی میں اُبال کر مریض کو نہار منہ شہد ملا کر گرم گرم پلایا جائے۔ یہ نسخہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ انہوں نے اسے پسند فرمایا اور مریض کو شفا ہوگئی۔ محدثین نے لکھا ہے کہ کھجور کی جگہ انجیر بھی شامل کی جاسکتی ہے۔ مگر دونوں کی شمولیت اس لیے ممکن نہیں کہ سرکارِ دو عالم نے کھجور اور انجیر کو ایک ہی نسخہ میں جمع کر دینے کی ممانعت فرمائی ہے۔ ایک اور روایت کے مطابق اس نسخہ میں ملھٹی بھی تھی۔

محدثین کے مشاہدات۔

میتھی کا جوشاندہ حلق کی سوزش۔ ورم اور دکھن کے لیے بہت مفید ہے۔ سانس کی گھٹن کو کم کرتا ہے۔ کھانسی کی شدت دور ہوتی ہے اور معدہ میں اگر جلن ہو تو جاتی رہتی ہے۔ میتھی کا یہ اثر بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ کھانسی کے علاج میں استعمال ہونے والی تمام دوائیں معدہ میں خیزش پیدا کرتی ہیں۔ اس لیے پرانی کھانسی کے تمام مریضوں کو معدہ میں جلن اور بدہضمی کی شکایت رہتی ہے۔ طبِ نبوی میں میتھی اور سفرجل ایسی منفرد دوائیں ہیں جو کھانسی کو ٹھیک کرنے کے ساتھ ساتھ معدہ کی اصلاح بھی کرتی ہیں۔

میتھی سے ریاح خارج ہوتے ہیں۔ بواسیر کی شدت میں کمی آتی ہے اور پھیپھڑوں کی سوزش نہ صرف کہ دور کرتی ہے بلکہ آئندہ کے لیے بھی بچاؤ کرتی ہے۔ اگر اس کے جوشاندہ سے سر دھوئیں تو سر کی خشکی کم کرتی ہے۔ ایک اور روایت کے بدِ نظر میتھی کے ساتھ جب الرشاد کو شامل کیا گیا تو نہ صرف کہ سیکری کو فائدہ ہوا بلکہ بال گرنے بھی کم ہوگئے۔

میتھی کو پیس کر موم کے ساتھ ملا کر اگر سینہ پر لیپ کیا جائے تو چھاتی کے درد میں مفید ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کیمیاوی ساخت

اس کی ساخت میں قدرت نے لحمیات اور ان کے امینو ائی ترشوں کا تناسب اس خوبصورتی سے قائم کیا ہے کہ اپنی ہیئت کے لحاظ سے یہ دودھ کے قریب ترین ہے۔ اس میں فاسفیٹ کے علاوہ فولاد کی ایک ایسی نامیاتی قسم پائی جاتی ہے۔ جو پیٹ کو خراب کیے بغیر فوراً ہی جذب ہو کر جسم کی بہتری میں کارآمد ہو جاتی ہے۔ اس میں مختلف قسم کے الکلائیڈ ہوتے ہیں ان میں سے ایک TRIGONELLINE ہے۔ جو صرف اسی میں ہوتی ہے اس کے نمکیات پیشاب آور ہیں اور اس میں ایسے لیسدار مادے پائے جاتے ہیں جو جھلیوں کی سوزش پر سکون آور اثرات رکھتے ہیں۔ اس طرح گردوں کی سوزش کو کم کرتی ہے۔

ایک امریکن محقق P. BLUM نے معلوم کیا ہے کہ اپنے اجزاء اور ہیئت ترکیب کے لحاظ سے یہ مچھلی کے تیل کا صحیح نعم البدل ہے۔

بھارتی ماہرین نے بلوم کی تائید کے ساتھ ساتھ یہ قرار دیا ہے کہ بعض اوقات اس کے اثرات مچھلی کے جگر کے تیل سے بھی بہتر ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ مچھلی کے تیل کے اہم اجزاء میں وٹامن اے اور ڈی شامل ہیں جبکہ اس میں LECITHIN کافی مقدار میں موجود ہے۔

فوائد اور استعمال

یہ بنیادی طور پر پیشاب آور مخرج بلغم ہے اس لیے گردوں کی سوزش میں جب پیشاب کم آ رہا ہو تو پیشاب لاتی ہے۔ اسی طرح بلغم نکلتی ہے۔ پھیپھڑوں کی اندرونی جھلی کی تندرستی کی نگہداشت کرتی ہے۔ بلغم نکالنے کے لیے ساتھ ساتھ جھلیوں کو توانائی دیتی ہے جس سے وہ آئندہ ملتہب ہونے سے محفوظ ہو جاتی ہیں۔

میتھی کے استعمال کے دو طریقے ہیں ایک طریقہ اس کے پتے اور شاخیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

سکھا کر کام میں لانا ہے۔ دوسرا طریقہ میتھی کے بیج استعمال کرنا ہے۔ بھارتی محقق بیجوں کو پتوں سے زیادہ مفید قرار دیتے ہیں۔ ہم نے اپنے ذاتی تجربات میں ہمیشہ بیج استعمال کیے اور یہ ہمیشہ مفید رہے۔

۵ گرام (چھوٹا چمچہ) پسی ہوئی میتھی اگر پانی کے ساتھ کھائی جائے تو اسہال اور پیچش میں مفید ہے۔ اگر اس پانی کو گرم کر کے اس میں شہد ملایا جائے تو پیشاب اور کھانسی کے لیے بھی مفید ہے۔ میتھی اشتہا آور ہے اس لیے بھوک کی کمی اور کھٹے ڈکاروں کو دور کرتی ہے۔ اس کا مسلسل استعمال خنازیر کا بہترین علاج ہے۔ چونکہ خنازیر غدودوں میں تپ دق کی قسم ہے۔ اس لیے اس مقصد کے لیے اگر اس کے ساتھ قسط۔ شہد اور روغن زیتون بھی شامل کر لیا جائے تو علاج جلد ہوگا اور مریض کی کمزوری ابتدا ہی سے دور ہو جائے گی۔

جدید تحقیقات

یہ بات تجربات سے ثابت ہے کہ میتھی کا سرالریاح اور پیشاب آور ہے جن عورتوں کو حیض کا خون بار بار آتا ہو ان کے لیے مفید ہے عورتوں کے دودھ کی مقدار میں اضافہ کرتی ہے۔ جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے میتھی میں فولاد اور وٹامن ب اس کو خون کی کمی اور اعصابی کمزوری میں مفید بنا دیتے ہیں۔

میتھی کے مسلسل استعمال سے بواسیر کا خون بند ہو جاتا ہے اور اکثر اوقات مسّے گر جاتے ہیں۔ اس نسخہ کے ساتھ اگر انجیر شامل کر لی جائے تو افادیت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

اس کے کیمیاوی اثرات کو جانے بغیر یہ بات مشاہدات سے ثابت ہوتی ہے کہ میتھی کھانے سے ذیابیطس کی شدت میں کمی آجاتی ہے چند مریضوں کو . . . . . .

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovdate Showkat

کلونجی - ایک تولہ
تخم کاسنی - ۱/۲ تولہ
تخم میتھی - ۱/۲ تولہ

کے تناسب سے ملا کر ذیابیطس کی شدت کے دوران ۳ ماشہ کی خوراک میں صبح شام دیا گیا۔ چھ ماہ کے استعمال سے اکثر لوگوں کے پیشاب میں شکر کی مقدار برائے نام رہ گئی۔

میتھی کے بیجوں میں لعاب دار اجزاء آنتوں کی جلن، گیس، پرانی پیچش اور معدہ کے السر میں سکون دیتے ہیں۔ سردی کے موسم میں کھانے کے بعد آدھا چھوٹا چمچہ لگاتار کھانے سے موسم کی اکثر بیماریوں سے بچاؤ ہو جاتا ہے۔ ماہرین نے اسے مفرح قرار دیا ہے۔ دمہ اور پرانی کھانسی کے علاج میں قسط البحری اور حب الرشاد کے ہمراہ میتھی کے بیج شامل کر دینے سے علاج زیادہ آسان ہو جاتا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَرس — ورس

MEMECYLON TINCTORIUM

عرب میں ورس کا پودا یمن کے علاوہ کہیں اور نہیں ہوتا۔ اسی بنا پر محدثین نے قرار دیا ہے کہ دنیا میں ورس صرف یمن میں ہوتی ہے۔ اس کا پیڑ تقریباً ۴ میٹر بلند ہوتا ہے۔ جس کی کاشت کی جاتی ہے۔ اگر یہ میدانی علاقہ میں ہو تو پھلیوں کے اندر گہرے سُرخ رنگ کے سخت ریشے ہوتے ہیں۔ اگر پہاڑی علاقہ میں ہو تو ان ریشوں کا رنگ سُرخی مائل سنہری ہوتا ہے یہ ریشے شکل و صورت میں زعفران کی مانند ہوتے ہیں۔ مگر جب ہاتھ لگائیں تو سخت بلکہ ان کو پیسنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ اطباء قدیم مشترکہ شکل کی بنا پر زعفران کو ورس کا بدل قرار دیا ہے۔

ورس کا مشرقی زبانوں میں یہی نام ہے۔ البتہ فارسی میں اسے کرکم کہتے ہیں۔ ان ناموں کو بھارتی ماہرین نباتات نے مخمصہ میں ڈال دیا ہے۔ کرنل چوپڑا نے ورس کو کمیلہ قرار دیا ہے۔ اس کی ناواقفیت کا افسوسناک انجام یہ ہے۔ کہ سعودی عرب میں پسا ہوا کمیلہ ورس کے نام سے فروخت ہوتا ہے۔ حالانکہ ان کی شکل و صورت اور خواص میں کوئی مماثلت نہیں۔ بدکارنی نے ہلدی کو کرکم قرار دیا ہے۔ جو کہ غلط ہے۔

محدثین نے قرار دیا ہے کہ ورس یمن میں ہوتی ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں۔ عمدہ کا رنگ سنہری یا سرخ اور گھٹیا قسم سوڈان اور حبشہ میں سیاہ رنگ کی ہوتی ہے۔ اس کی قوت چار سال تک قائم رہتی ہے۔

سر ایڈورڈ ڈیم نے اپنی لغت میں ورس کا انگریزی ترجمہ TINCTURA — MEMECYLON کیا ہے۔ بعض لوگ اسے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

قرار دیتے ہیں اور بعض نے اسے — EDULE — کا نام بھی دیا ہے۔ مگر دونوں کی شکلیں کیساں اور فوائد بھی قریب ہیں۔ جنوبی ہند اور سری لنکا میں ایک پیڑ "وی کا" یا "انجانا" پایا جاتا ہے۔ یہ درخت شکل و صورت میں ورس کے قریب ہے اور اس کے افعال اور اثرات بھی تقریباً ورس کے سے ہیں اس لیے ورس کو اگر مقامی طور پر انجانا قرار دیا جائے تو یہ غلط نہ ہوگا۔

ارشاداتِ نبویؐ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے تو ورس کو رنگنے والی چیز قرار دے کر یہ حکم صادر فرمایا کہ حج کے لیے احرام کا کپڑا ورس سے نہ رنگا جائے۔ احادیث میں دوسری مرتبہ اس کا ذکر حضرت عبدالرحمان بن عوف کی شادی کے سلسلہ میں ملتا ہے۔ یہ جب دربار رسالت میں حاضر ہوئے تو ان کے چہرے اور لباس پر پیلا رنگ لگا ہوا تھا۔ اس ضمن میں انہوں نے بیان کیا کہ انصار میں دولہا کے کپڑوں پر شادی کے بعد ورس کا رنگ ڈالا جاتا ہے۔ اس کے بعد ان کو ولیمہ کرنے کی ہدایت فرمائی گئی۔

حضرت زیدؓ بن ارقم روایت فرماتے ہیں۔

اَنَّ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان ینعّت الزیت والمورس من ذات الجنب۔

(جامع ترمذی)

(نبی صلی اللہ علیہ وسلم ذات الجنب کے علاج میں ورس اور زیتون کے تیل کی تعریف فرماتے تھے۔)

اسی مسئلہ کو زیدؓ بن ارقم ایک دوسری صورت میں یوں بیان فرماتے ہیں۔

نعتُ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ذات الجنب ورساً وقسطاً وزیتاً یلدبہ

(سنن ابن ماجہ)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذات الجنب کے علاج میں قسط ہندی۔ ورس اور زیتون کے تیل کی تعریف فرمائی)

ذات الجنب سے مراد پلورسی ہے جو کہ تپ دق کی اقسام میں سے ہے۔

حضرت جابرؓ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لاتحقن حلوق اولادکن علیکن بقسط هندی و ورس فاسعطیه ایاه۔

(مستدرک الحاکم)

(اے عورتو!۔ اپنے بچوں کے حلقوں کو سوزش سے جلایا نہ کرو جبکہ تمہارے پاس قسط ہندی اور ورس موجود ہیں۔ یہ ان کو چٹایا کرو)۔

یہی روایت الفاظ کے معمولی ردوبدل کے ساتھ دوسری کتابوں میں بھی موجود ہے۔

عن ام سلمةؓ، قالت: کانت النفساء تقعد بعد نفاسها اربعین یوما، و کانت احدانا تطلی الورس علی وجهها من الکلف

(ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ عورتوں حیض سے فراغت یا زچگی سے فراغت کے بعد ورس کے پانی میں چالیس دنوں تک بیٹھا کرتی تھیں۔ اور ہم میں سے ایک اپنے چہرے پر ورس لگایا کرتی تھیں کیونکہ ان کو چہرے پر چھائیوں کے داغ تھے۔)

محدثین کے مشاہدات۔

جامع ترمذی کی سب سے مقبول اور مفصل شرح "تحفۃ الاحوذی" علامہ عبداللہ مبارکپوری نے تصنیف کی ہے۔ وہ ورس کو یمن کے علاوہ کسی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اور جگہ تسلیم نہیں کرتے۔ ان کی تحقیقات کے مطابق ورس کا محلول چہرے سے ہر کسی قسم کے داغ اور دھبے اٹھانے کی یکتا دوائی ہے۔ انہوں نے جلد کی تکلیف کی تینوں اہم اقسام " نہق۔ بہق اور کلف کے لیے اور خارش کے لیے اسے اکسیر قرار دیا ہے۔

ابن قیم نے ام سلمہؓ کی جس حدیث کا حوالہ دیا ہے۔ علامہ عبداللہؒ اسے حضرت عائشہ صدیقہؓ کے بارے میں قرار دیتے ہیں۔ بیان کرتے ہیں کہ اگر حضرت عائشہؓ کے چہرے پر چھائیں کے داغ تھے تو وہ ورس کے استعمال کے بعد دور ہو گئے تھے۔ مگر وہ بوری زندگی نہایت باقاعدگی کے ساتھ زیتون کے تیل میں ورس ملا کر رات کو چہرے پر لگاتی رہیں۔ جس سے ان کی جلد بے عیب اور اتنی چمکدار تھی کہ لوگ انہیں " حمرا " کے لقب سے پکارتے تھے۔

ابو حنیفہ دینوری نے بیان کیا ہے کہ اسے یمن کے لوگ کاشت کرتے ہیں اور جب کبھی شاندار دعوت کا اہتمام کریں تو اسے دیگر مصالحوں کے ساتھ سالن میں ڈالتے ہیں۔

ابن قیمؒ سرخ رنگ کی ورس کو سب سے عمدہ قرار دیتے ہیں۔ وہ ایک گرام دوائی کو پانی کے ساتھ پینے کی سفارش کرتے ہیں۔ اس کے فوائد تقریباً وہی ہیں جو قسط البحری کے ہیں۔ اس کے پینے سے خارش۔ پھنسیاں۔ جسم سے آبلے اور ابلگیاں دور ہو جاتے ہیں۔ اگر کسی کپڑے کو ورس میں رنگ کر پہنا جائے تو اس سے بھی قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

اطبار قدیم کے مشاہدات

ورس کا نام اگرچہ علم الادویہ کی متعدد کتابوں میں موجود ہے مگر اکثر اطبار نے اسی کے صحیح اثرات کا ذکر نہیں کیا۔ ایک جگہ مذکور ہے کہ ورس خوشبودار گھاس ہوتی ہے۔ "مہذب الاسماء" نے اسے زعفران کی قسم قرار دیا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

یہ مختلف زہروں کا تریاق ہے۔ جسم کو قوت بخشتا اور فرحت دیتا ہے۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ سیاہ داغ زائل کرتا ہے۔ ریاح غلیظ کو تحلیل کرتا ہے گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ کر نکالتا ہے۔

کیمیاوی ساخت :-

اس میں کلوروفل ایک زرد رنگ کا —— GLUCOSIDE گوند۔ نشاستہ —— MALIC ACID اور غیر نامیاتی نمک پائے جاتے ہیں۔

جدید مشاہدات

اس کے پتوں کا جوشاندہ بنا کر اسے آشوب چشم کے لیے آنکھوں میں ڈالا جاتا ہے۔ اسی جوشاندے کا ایک گھونٹ دن میں تین چار مرتبہ پینے سے سوزاک اور لیکوریا میں فائدہ ہوتا ہے۔ اس کی جڑوں کا جوشاندہ کثرت حیض میں مفید ہے۔

نکارنی کی تحقیقات کے مطابق ورس کے درخت کی چھال کو پیس کر اس کے ساتھ کالی مرچ ۔ اجوائن ملا کر چوٹوں پر سینک دیا جائے تو ورم اتر جاتا ہے۔

ورس کے بارے میں قدیم اور جدید مشاہدات کو سامنے رکھیں تو ایک اہم چیز سامنے آتی ہے کہ ہر دو میں یہ سوزش کو رفع کرنے کے لیے استعمال ہوئی جس سے لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اس میں جراثیم کو ہلاک کرنے کی استعداد موجود ہے۔

ان مشاہدات کی روشنی میں احادیث نبوی کو دیکھیں تو حیرت ہوتی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ورس کو گلے کی سوزش اور تپ دق میں تجویز فرمایا۔ جہاں تک سوزشوں کا تعلق ہے قدیم اور جدید دونوں قسم کے اطباء اس کے دافع تعفن اثرات کے بارے میں متفق ہیں۔ جہاں تک دق کے جراثیم کا تعلق ہے۔ کسی نے اس باب میں توجہ نہیں دی۔

Digitized By eGangotri

مزمن امراض اور لوزتین کی سوزش میں ہم نے ورس کو ذاتی طور پر استعمال

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

کیا ہے اور اکثر اوقات ان مریضوں کو دی گئی جن کے گلے تمام جدید ادویہ کے باوجود ٹھیک نہ ہوتے تھے۔ ان میں درس کے استعمال سے حیرت ناک نتائج حاصل ہوئے۔ مگر اسے کافی دیر تک دینا پڑتا ہے۔

چہرے سے داغ اتارنے والی صلاحیت بلاشبہ یکتا اور بے نظیر ہے۔ درس کا مسلسل استعمال جلد کے اوپر سے ہر قسم کے داغ اتار دیتا ہے۔ اسے زیتون کے تیل میں ایک اور بارہ کی نسبت سے ملا کر ابالنے کے بعد لگایا گیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ درس وہ منفرد دوائی ہے جو جلد کو صاف کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔

ولیم لین نے بوعلی سینا کے حوالہ سے لکھا ہے کہ یہ گردوں اور مثانہ سے پتھری کو نکال دیتی ہے۔ یہ بات مشاہدات سے نہ صرف کہ درست ثابت ہوئی بلکہ اس کے جراثیم کش اثرات نے گردوں سے سوزش کو بھی دفع کر دیا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

















ADABI DUNIYA ادبی دنیا
PUBLISHER & BOOK SELLERS
510, Matia Mahal, Jama Masjid, Delhi-6
Ph.: 011-23250122
Rs. 90/-

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar